حضرت مولانا محمدؒ الیاس

اور اُن کی

دینی دعوت

مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

نام کتاب: حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور اُن کی دینی دعوت

Hazrat Maulana Muhammad Ilyas Aur Unki Dini Dawat

مصنف: مولانا سیّد ابوالحسن علی ندویؒ

مقدمہ ثانی: مولانا محمد منظور نعمانیؒ

باہتمام: محمد انس

سن اشاعت: ۲۰۰۵ء

A-022-05-XL

ISBN: 81-7101-064-4

Published by
IDARA ISHA'AT-E-DINIYAT (P) LTD.
168/2, Jha House, Hazrat Nizamuddin
New Delhi-110 013 (India)
Tel.: 2692 6832/33 Fax: +91-11-2632 2787
Email: **sales@idara.com idara@yahoo.com**
Visit us at: **www.idara.com**

فہرست عنوانات

پیغامِ بر قوم اور اسکے اصولِ دعوت

از حضرت علامہ سید سلیمان ندوی مدظلہٗ

زیرِ نظر کتاب (مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت) کا یہ دوسرا ایڈیشن جب چھپ کر تیار ہوا تو اس پر مقدمہ لکھنے کے لئے حضرت سید صاحب سے درخواست کی گئی۔ ذیل کا مقالہ اسی درخواست پر کتاب ہذا کے مقدمہ ہی کے طور پر لکھا گیا ہے جو افادیت کے اعتبار سے مستقل مقالہ کی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ ہمارے ناظرین بالخصوص دین کی دعوت و تبلیغ کا کام کرنیوالے اگر غور سے پڑھیں گے تو نہایت مفید اور بصیرت افروز ہدایات انھیں اس سے ملیں گی۔

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام ایک پیغامِ الٰہی، اور اس پیغام کی حامل امتِ مسلمہ ہے، یہ وہ حقیقت ہے جس کی طرف سے نہ صرف عام مسلمان بلکہ مسلمان علماء اور مشائخ تک نے اُس سے اعراض اور تغافل برتا اور اس حقیقت کو بالکل بھلا دیا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ مسلمان اپنے کو انھیں معنوں میں قوم سمجھنے لگے، جن معنوں میں دنیا کی قومیں اپنے کو قوم سمجھتی ہیں، ان میں سے کوئی تو وطنیت کے سہارے اپنی قومیت کی دیوار کھڑی کرتا ہے، کسی نے نسل کو قومیت کا معیار سمجھا اور ان میں سے جو سمجھ رکھتے ہیں وہ زیادہ سے زیادہ یہ سمجھتے ہیں کہ مسلمان قوم قومیت اور نسل سے نہیں بلکہ مذہب کی بنیاد پر قوم ہے حالانکہ حقیقت اس سے بھی آگے ہے اور وہ یہ کہ مسلمان وہ جماعت ہے جو اللہ

کی طرف سے ایک خاص پیغام لیکر دنیا میں آئی ہے، اس پیغام کو قائم رکھنا اور اس کو پھیلانا اور اس کی طرف لوگوں کو دعوت دینا اس کی زندگی کا تنہا فریضہ ہے۔ اس پیغام کے ماننے والوں کی ایک برادری ہے جس کے حقوق ہیں، اور یہی ان کی قومیت ہے۔

اس حقیقت کے ظاہر ہونے کے بعد مسلمان قوم کا سب سے بڑا فرض اس پیغامِ الٰہی کی معرفت، اسکی بجا آوری، اسکی تعلیم، اس کی دعوت اور اس کی اشاعت اور اس کے حلقہ بگوشوں کی ایک پوری برادری کا قیام اور اس کے حقوق کو بجا لانا ہے۔

لیکن افسوس ہے کہ مسلمانوں نے ایک ہی صدی کے اندر اندر اپنے اس فرض کو بھلا دیا۔ ہمارے سلاطین اور بادشاہوں نے ملک گیری اور کشور کشائی پر قناعت کی اور عیش و آرام اور جاگیر و خراج کی دولت کو اپنی زندگی کا ماحصل قرار دیا، علما نے درس و تدریس اور فتنوں سے عزلت نشینی کی زندگی پر کفایت کی، درویشوں اور صوفیوں نے تسبیح و سجادہ کی آرائش پر بس کی اور زندگی کے کاروبار سے اپنے کو الگ کرلیا، نتیجہ یہ ہے کہ امت رہبری اور رہنمائی کے بغیر اپنے حال سے غافل ہو کر رہ گئی اور امت مسلمہ کی زندگی کی غرض و غایت اسکے سارے طبقوں کی نگاہوں سے مخفی ہو گئی۔

امتِ مسلمہ کا فریضہ قرآن پاک اور احادیث صحیحہ کے نصوص سے یہ ثابت ہے کہ امتِ مسلمہ اپنے نبیؐ کی تبعیت میں امم عالم کی طرف مبعوث ہے۔ اس امت کو باہر ہی اسلئے لایا گیا ہے کہ وہ دعوت و تبلیغ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرض کو انجام دے جیسا کہ یہ آیت پاک کھلے لفظوں میں ظاہر کر رہی ہے۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ	تم اے مسلمانو! بہترین امت ہو جو لوگوں کیلئے ظاہر کی گئی، اچھے کاموں کو بتاتے ہو اور برے کاموں کو روکتے ہو۔

اس آیت نے بتایا کہ امتِ مسلمہ دنیا کی دوسری امتوں کیلئے باہر لائی گئی ہے! اسکی پیدائش کی غرض بھی یہی ہے کہ وہ امم عالم کی خدمت کرے اور انہیں خیر کی دعوت اور معروف

کی اشاعت اور منکر کی ممانعت کرے ایسی حالت میں اگر یہ امت اپنے اس فرض سے غفلت برتے تو وہ اپنی زندگی کے مقصد کے پورا کرنے سے عاری ہے) اس آیت سے چند آیتیں اوپر یہ تصریح ہے کہ ہر زمانہ میں امّتِ مسلمہ پر یہ فرض کفایہ ہے کہ اسکی کچھ جماعت اسی کام میں لگی رہے اور اگر اس سے مسلمانوں کی ہر جماعت نے پہلوتہی کی تو ساری امتِ مسلمہ گنہگار ٹھیر تگی اور اگر کچھ جماعتوں نے اس فرض کو انجام دیا تو یہ فرض پوری امت کی طرف سے ادا ہو جائے گا۔ ارشاد ہے:۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. (آل عمران ۱۱)	اور چاہیئے کہ تم میں ایک جماعت ایسی رہے جو لوگوں کو نیکی کی دعوت کرتی رہے اور اچھے کاموں کی تعلیم دیتی رہے اور بُری باتوں سے روکتی رہے اور یہی وہ لوگ ہیں جو فلاح پانے والے ہیں۔

پوری امت کی صلاح و فلاح اور دوا و معالجہ کے لئے یہی جماعت ذمہ دار ٹھیرائی گئی اس کے تین فرض قرار دیئے گئے۔ پوری امت بلکہ ساری انسانیت کو خیر کی دعوت معروف کی اشاعت اور منکر کی ممانعت، جبتک اور جس نسبت سے امت کے اندر اس جماعت کے افراد رہے یہ فریضہ پورا ہوتا رہا اور حدیث خیر القرون کے مطابق جماعتِ صحابہ، جماعتِ تابعین، جماعتِ تبع تابعین کے بعد جماعت گھٹ کر افراد رہ گئے۔

دولت و سلطنت مقصود اول نہیں اس راہ میں سب سے بڑی ضلالت دولت و سلطنت کے منتہائے مقصود سمجھنے سے آئی۔ اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خیال کہ اِنِّیْ لَآ اَخَافُ عَلَیْکُمُ الْفَقْرَ وَلٰکِنْ اَخَافُ اَنْ تُبْسَطَ عَلَیْکُمُ الدُّنْیَا، بالکل درست نکلا۔ دُنیا نے جب اپنی وسعتوں، عیش پرستیوں اور دولت مندیوں کے ساتھ مسلمانوں پر سایہ ڈالا تو وہ صرف کشورستانی۔ ملک گیری اور باج وخراج کو امتِ مسلمہ کی زندگی کا حاصل سمجھے اور دولتِ اسلام کے بجائے مسلمانوں کی سلطنت پر قانع ہو گئے۔

یعنی ایسی سلطنت کو اپنا مقصد سمجھ بیٹھے جسکا حاکم کوئی مسلمان نام ہو، حالانکہ مقصد یہ تھا کہ اسلام کی شریعت اور اسلام کی سیاستِ عادلہ کی حکومت قائم کیجائے اور یہ سلطنت و حکومت اس نظام و عدل کے قیام کا سب سے بڑا اور سب سے قوی ذریعہ ہو جیسا کہ اس آیت پاک کا منشا ہے۔

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ وَلِلّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ۔

وہ لوگ جنکو ہم زمین میں طاقت بخشیں تو نماز کھڑی کریں اور زکوٰۃ دیں اور اچھی بات کا حکم کریں اور بری بات سے روکیں اور اللہ ہی کیلئے ہے کاموں کا انجام

امت مسلمہ جانشین نبی ہے | امتِ مسلمہ فرائض نبوت میں سے دعوت خیر اور امرِ معروف اور نہی منکر میں نبی کی جانشین ہے، اس لئے رسولِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو کارِ نبوت کے جو تین فرض عطا ہوئے ہیں، تلاوتِ احکام، تعلیم کتاب و حکمت اور تزکیہ یہ تینوں فرض امتِ مسلمہ پر بھی بطور کفایہ عائد ہیں، چنانچہ قرناً بعد قرنٍ اکابر ائمہ امت نے ان تینوں فریضوں کی ادائیگی میں پوری توجہ اور کوشش مبذول فرمائی ہے اور انھیں کے مجاہدات کا نور ہے جس سے کاشانۂ اسلام میں روشنی ہے، نبوت کے یہ تینوں فرض اس آیت میں یکجا ہیں۔

رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ

ایک رسول انھیں میں سے جو اللہ کی آیتوں کو پڑھکر سناتا اور انکو پاک صاف کرتا اور کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے

تعلیم اور تزکیہ کی یکجائی | رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ان تینوں فرائض کو بحسن خوبی انجام دیا لوگوں کو احکام الٰہی اور آیاتِ ربانی پڑھکر سنائے۔ اور ان کو کتاب الٰہی اور حکمتِ ربانی کی باتیں سکھائیں اور اسی پر اکتفا نہ کی بلکہ اپنی صحبت، فیض تاثیر اور طریقِ تدبیر سے پاک و صاف بھی کیا۔ نفوس کا تزکیہ فرمایا۔ قلوب کے امراض کا علاج کیا اور برائیوں اور بدیوں کے زنگ اور میل کو دور کرکے اخلاقِ انسانی کو نکھارا

اور سنوارا، یہ دونوں ظاہری و باطنی فرض یکساں اہمیت سے ادا ہوتے رہے، چنانچہ صحابہؓ اور ان کے بعد تابعین اور پھر تبع تابعین کے تین قرنوں تک یہ دونوں ظاہری و باطنی کام اسی طرح توام رہے، جو استاد تھے وہ شیخ تھے، اور شیخ تھے وہ استاد تھے، وہ جو مسند درس کو جلوہ دیتے تھے وہ خلوت کے شب زندہ دار اور اپنے ہمنشینوں کے تزکیہ و تصفیہ کے بھی ذمہ دار تھے، ان تینوں طبقوں میں استاد اور شیخ کی تفریق نظر نہیں آتی۔

تعلیم اور تزکیہ میں تفریق | اس کے بعد وہ دور آنا شروع ہوا جس میں مسندِ ظاہر کے درس گو، باطن کے کورے اور باطن کے روشن دل، ظاہر سے عاری ہونے لگے اور عہد بہ عہد ظاہر و باطن کی یہ خلیج بڑھتی ہی چلی گئی، تا آنکہ علوم ظاہر کے لئے مدارس کی چہار دیواری اور تعلیم و تزکیۂ باطن کے لئے خانقاہوں اور رباطوں کی تعمیر عمل میں آئی اور وہ مسجد نبوی جس میں یہ دونوں جلوے یکجا تھے۔ اس کی تجلیات مدرسوں اور خانقاہوں کے دو حصوں میں تقسیم ہو گئیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مدارس سے علمائے دین کی جگہ علمائے دنیا نکلنے لگے اور باطن کے مدعی علم شریعت کے اسرار و کمالات سے جاہل ہو کر رہ گئے۔

فلاح دونوں کی یکجائی میں ہے | تاہم اس دور کے بعد بھی ایسی مستثنیٰ ہستیاں پیدا ہوتی رہیں جن میں نورِ نبوت کے یہ دونوں رنگ بھرے تھے اور غور سے دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ اسلام میں جن بزرگوں سے فیوض پہنچے اور پھیلے وہ وہی تھے جو ان دونوں کے جامع تھے۔ امام غزالیؒ جن سے علم معقول و منقول نے جلوہ پایا۔ علم حقیقت نے بھی انھیں کے ذریعہ ظہور پایا۔ حضرت شیخ ابوالنجیب سہروردیؒ ایک طرف شیخ طریقت ہیں تو دوسری طرف مدرسۂ نظامیہ کے مدرس حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ امام وقت اور شیخ طریقت دونوں ہیں، یہاں تک کہ وہ لوگ جنکو علمائے ظاہر سمجھا جاتا ہے جیسے حضرات محدثین امام بخاریؒ ابن حنبلؒ، سفیان ثوریؒ وغیرہ وہ بھی اس جامعیت سے سرفراز تھے متوسطین

میں علامہ ابن تیمیہ اور حافظ ابن قیم رحمہا اللہ تعالیٰ کو ناواقف باطن سے خالی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ ان کے احوال وسوانح انکی برکات باطنی سے لبریز ہیں ابن قیم کی "منازل السالکین" وغیرہ کتابیں پڑھئے تو اندازہ ہوگا کہ وہ آرائشِ ظاہر اور جمالِ باطن دونوں سے آراستہ تھے۔

ہندوستان میں جن بزرگوں کے دم قدم سے اسلام کی روشنی پھیلی وہ حقیقت میں وہی تھے جن کی ذات میں مدرسہ اور خانقاہ کے کمالات کی جامعیت تھی کہ وہ اسوۂ نبوت سے قریب تر تھے اس لئے ان کا فیض بعید سے بعید تر حصہ تک پھیلتا چلا گیا۔ آسمانِ دہلی کے مہر و ماہ اور تارے شاہ عبدالرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے لیکر شاہ اسماعیل شہیدؒ تک کو آپ ایک ایک کرکے دیکھیں تو ظاہر و باطن کے علوم والوں کی یکجائی کا نظارہ آپ کو ہوگا اور اس سے ان کے علمی و روحانی برکات کی وسعت کی حقیقت آشکارا ہو جائے گی وہ علوم کی تدریس کیوقت یُعَلِّمُھُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ کا جلوہ دکھاتے تھے اور حجروں میں بیٹھ کر "یُزَکِّیْھِمْ" کی جلوہ ریزی فرماتے تھے۔

پھر ان کے بعد ان کے فیوض و برکات کے جو حامل ہوئے جن کی نشان دہی چنداں ضروری نہیں کہ "سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ"۔ ان سے دنیا کو جو فیض پہنچا اور دین کی اشاعت و تبلیغ اور قلوب و نفوس کے تزکیہ و تصفیہ کا جو کام انجام پایا وہ بھی ظاہر و باطن کی اسی جامعیت کے آئینہ دار تھے اور آئندہ بھی سننِ الٰہیہ کے مطابق دین کا فیض جن سے پھیلے گا وہ وہی ہوں گے جن کے اندر مدرسیت اور خانقاہیت کی دو سوتیں ایک چشمہ بنکر بہیں گی "مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ" آنکھوں کا نور شب بیداری سے بڑھتا اور زبان کی تاثیر ذکر کی کثرت سے پھیلتی ہے۔ رات کے راہب ہی اسلام میں دن کے سپاہی ثابت ہوئے ہیں۔ سوانح و تراجم کا سیزدہ صد سالہ دفتر اس دعویٰ کا شاہد ہے۔ زبان کی روانی اور قلم کی جولانی دل کی تابانی کے

بغیر سراب کی نمو سے زیادہ نہیں خواہ وہ اسوقت کتنا ہی تابناک نظر آتا ہو مگر وہ مستقبل اور مستقبل وجود سے محروم ہے۔

مزاج نبوت توام ملت ہے | اس کی ایک خاص وجہ ہے اور وہ یہ کہ ہر قوم اور ہر ملت کا ایک مزاج ہوتا ہے جب تک پیش نظر اصلاح و تجدید کا کام قوم و ملت کے مزاج کے مطابق نہ ہوگا اس کو کامیابی و سرسبزی حاصل نہ ہوگی۔ اس وقت ملتِ اسلامیہ کی اصلاح و تجدید کے مدعی مختلف گروہ ہیں ایک گروہ نے تو اسکی ضرورت سمجھی کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت کا عہد پرانا ہو چکا اب ایک نئی ملکی نبوت و رسالت کی ضرورت ہے۔ چنانچہ اس نے اس کی دعوت دی۔ اور ناکام رہا اور ملت محمدیہ سے ان کا رشتہ کٹ گیا۔ دوسرے گروہ نے نبوت و رسالت محمدی کو تو قائم رکھا مگر وحیٔ محمدی کی تعبیر کی تغیر و تبدیل کی ضرورت سمجھی احادیث نبوی سے انکار کیا۔ قرآن پاک کی تعبیر کیلئے اپنے عقلی قیاسات اور زمانۂ حال کی تاثیرات کو موجب قرار دیا۔ یہ گویا ایک نئے قرآن کا طالب ہے۔ اس جماعت کا رشتہ بھی ملت محمدیہ سے کمزور پڑ گیا اور اب انکا ہر مجتہد "حسبنا کتاب اللہ" کہکر کتاب اللہ کی نئی تعبیر کرتا اور نئی نماز، نیا روزہ، نیا طریق حج اور نئی شریعت نکال رہا ہے، تیسری جماعت کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ کو یاد کرتی ہے مگر ہر آیت و حدیث کو اپنی عقلیت کے معیار پر جانچنا چاہتی ہے اور اسی لئے معجزات کی منکر، جنت و دوزخ کی حقیقت سے منحرف، ربا کے جواز کی قائل اور بہت سے ان مسائل کو جن کا زندگی سے تعلق ہے دین شریعت کے بجائے "عقل" اور "اصولِ فطرت" سے طے کرنا چاہتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کا شمار دینِ محمدی کے مؤولین میں ہوا مومنین و قانتین میں نہیں۔

ایک نیا گروہ ہے جو نئی نبوت نہیں چاہتا۔ نیا قرآن نہیں مانگتا۔ نئی نماز

اور نئے روزہ کا مبلغ نہیں لیکن وہ ایک نئی امامت کا خواستگار ہے جو اسلام کا نیا نظام مرتب کرے۔ کفر و ایمان و نفاق اور اطاعتِ امیر کے نئے نقشے بھرے اور یورپ کی ازم' والی تحریکوں کی طرح مسلمانوں میں ایک نئی تحریک کا آغاز کرے اور اس "اسلام ازم" کو اسی "ازم" والے عزم اور جوش و خروش سے نوجوانوں میں پھیلائے اور مسائلِ کلامی و فقہی کا فیصلہ ایک نئے مجتہدانہ انداز سے کرے۔ ممکن ہے کہ یہ گروہ اس موجودہ انقلابی دور میں نوجوانوں کیلئے تسلی و تشفی کا پیغام ثابت ہو اور اقتصادی و سیاسی راہ سے الحاد کا جو سیلاب آرہا ہے اس کے روکنے کا کام کرے۔ لیکن اس کا طریقِ فکر اور طریقِ کار امت کے جمیع طبقات کے مطابق نہیں۔ وَلَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا

حاصل یہ ہے کہ امتِ محمدیہ کے مزاج کے مطابق یہ ضروری ہے کہ داعی، دعوت اور طریقِ دعوت تینوں چیزیں ٹھیک ٹھیک طریقِ نبوت اور اسوۂ نبوت کے مطابق ہوں، داعی خود بھی قلباً اور قالباً داعیٔ اول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت رکھتا ہو جس حد تک یہ نسبت قوی ہوگی دعوت میں تاثیر اور کشش پیدا ہوگی پھر ضروری ہے کہ دعوت وہی ہو یعنی خالص اسلام اور ایمان اور عمل صالح کی دعوت ہو۔ پھر دعوت کا طریق بھی وہی اختیار کیا جائے جو داعیٔ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اختیار فرمایا تھا۔ جس حد تک ان تینوں امور میں عہدِ رسالت و نبوت کے ساتھ قرب و مناسبت جتنی زیادہ ہوگی اتنی ہی زیادہ دعوت کی قوت میں تاثیر اور دعوت کے دائرہ میں وسعت پیدا ہوگی اور راہ کی ضلالت سے حفاظت اور صراطِ مستقیم کی طرف رہبری کی طاقت میں اضافہ ہوگا۔ گذشتہ صدیوں کے جن داعیانِ امت کے تجدیدی کارناموں کو امت نے تسلیم کیا ہے ان کی تاریخ سے بھی ان اصولوں کی سچائی ثابت ہوتی ہے۔

الغرض ضرورت یہ ہے کہ داعی اپنے علم و عمل، فکر و نظر، طریقِ دعوت اور ذوق و حال میں انبیاء علیہم السّلام اور خصوصاً محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک

خاص مناسبت رکھتا ہو صحت ایمان اور ظاہری عمل صالح کیساتھ اسکے باطنی احوال بھی منہاجِ نبوت پر ہوں۔ محبت الٰہی خشیۃ الٰہی، اخلاق للّٰہ تعلق مع اللّٰہ کی کیفیت ہو۔ اخلاق و عادات و شمائل میں اتباعِ سنن نبوی کی کیفیت ہو۔ حُب للّٰہ بغض للّٰہ رأفت و رحمت بالمسلمین اور شفقت علی الخلق اس کی دعوت کا محرک ہو اور انبیاء علیہم السّلام کے بار بار دہرائے ہوئے اصول کے مطابق سوائے اجرِ الٰہی کی طلب کے کوئی مقصود نہ ہو۔ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ اور اس کی طلب کی ایسی دُھن ہو کہ جاہ و منصب، مال و دولت، عزت و شہرت اور نام و نمود اور ذاتی آرام و آسایش کا کوئی خیال راہ میں مانع نہو، اسکا بیٹھنا، اٹھنا، بولنا، چالنا غرض اسکی زندگی کی ہر جنبش و حرکت اسی ایک سمت میں سمٹ کر رہ جائے۔
اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

صاحبِ سوانح اس معیار سے | آئندہ اوراق میں جس داعیِ حق اور دعوتِ حق کی تصویر کھینچی گئی ہے میری آنکھوں نے اس کے چہرہ کے ہر خد و خال کا مشاہدہ کیا تھا، اس کے ظاہر و غائب کے حالات دیکھتا اور سنتا رہا۔ جن کو یہ سعادت حاصل نہیں ہوئی ان کو ان اوراق کے پڑھنے سے اس کی پوری کیفیت معلوم ہو جائے گی اور اسی ضمن میں اس کے اصول و طریقِ دعوت اور خود حقیقت دعوت کے سارے حالات واضح ہو جائیں گے۔

سلسلہ ولی اللّٰہی | ہندوستان کے آخر عہد میں اللہ تعالےٰ نے خاندانِ ولی اللّٰہی کو اس ملک کی قطبیت مرحمت فرمائی تھی۔ چنانچہ ہندوستان میں آل تیمور کی غلط سیاست سے دین اسلام کو جو نقصان پہونچے انکے تدارک اور اصلاح کیخدمت اس خانوادہ کے علماء اور انکے منتسبین کے سپرد ہوئی اور اسوقت سے آج تک یہ سلسلہ قائم ہے۔ اس دعوت کے مورثِ اوّل بھی اسی سلسلۃ الذہب سے مربوط ہیں۔

صاحب سوانح کا سلسلہ نسب | صاحب سوانح کے پرنانا مولنٰنا مظفر حسین صاحبؒ حضرت شاہ محمد اسحٰق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے عزیز شاگرد اور حضرت شاہ محمد یعقوب صاحب دہلویؒ کے مجاز تھے۔ اور مولنٰنا مظفر حسین صاحبؒ کے حقیقی چچا مفتی الٰہی بخش صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ کے ممتاز شاگرد اور مرید با اخلاص تھے اور پھر اپنے شیخ کے خلیفہ حضرت سید احمد شہید بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ سے بیعت ہوئے، یہ دونوں بزرگوار اپنے وقت کے نامور صاحب تدریس وفتویٰ اور صاحب زہد و تقویٰ تھے جنکے برکات اس خاندان کے اکثر افراد میں پھیلے جس کی تفصیل اہل کتاب سے معلوم ہوگی۔

صاحبِ سوانح کے والد اور دو بھائی صاحب زہد و ورع اور صاحبِ ارشاد تھے۔ مولنٰنا کے والد پہلے شخص ہیں جنسے اہل میوات کو خلوص اور محبت پیدا ہوا اور پھر ان کی وفات پر ان کے بڑے بھائی مولنٰنا محمد صاحبؒ فقر و فاقہ اور زہد و توکل کے ساتھ اس مسند ارشاد پر بیٹھے اور صاحبِ سوانح مولنٰنا محمد الیاس صاحبؒ اس سلسلہ کے تیسرے بزرگ تھے۔

اس عہد میں تبلیغی ناکامی کے وجوہ | ۱۹۲۱ء کی بات ہے کہ ہندوستان میں آریوں کی کوشش سے جاہل نومسلم دیہاتی علاقوں میں ارتداد کی آگ پھیلی، اس آگ کے بجھانے کے لئے ہر چہار طرف مسلمان کھڑے ہوئے۔ بہت سی تبلیغی انجمنیں بنیں، ہزاروں روپے کے چندے ہوئے۔ مبلغین نوکر رکھ کر جگہ جگہ پھیلائے گئے۔ مناظرینِ اسلام نے بحث و مناظرہ کے میدان گرم کئے اور کئی سال تک بڑے دھوم دھام سے یہ کام ہوتا رہا، آخر آہستہ آہستہ جوش و خروش کم ہوتا گیا۔ ایک ایک انجمن ٹوٹ گئی، چندوں کی کمی سے مبلغین برطرف ہوتے گئے۔ مناظرین کے بلاوے بھی گھٹنے لگے، اور بالآخر سمندر میں بالکل سکون پیدا ہوگیا۔ اس ناکامی کے وجوہ کیا تھے؟ یہ سارا تماشا کام کرنیوالوں کی دلی لگن کا نتیجہ نہ تھا،

اور نہ مبلغین و مناظرین و داعیان کے دلوں میں دین کی دھن تھی، بلکہ جو کچھ تھا وہ داد و ستد کا مبادلہ اور نفع عاجل کی حرص و طمع تھی، اور دینی دعوت اور باطنی ارشاد و تبلیغ بازار کی قیمت سے خریدی نہیں جاتی۔

انبیاء کے اصولِ دعوت | (۱) انبیا علیہم السّلام کے اصولِ دعوت کی بنیادی چیز یہی ہے کہ وہ اپنے کام کی اجرت و مزدوری کسی مخلوق سے نہیں چاہتے۔ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ ان کا متحدہ و متفقہ فیصلہ ہے انتہا یہ ہے کہ وہ اپنے کام کی کسی بندہ سے تحسین و آفرین بھی نہیں چاہتے ان کی دعوت کی کشش اور تاثیر دو قوتوں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ مخلوق کے ہر اجر سے استغنا و بے نیازی اور انکی ذاتی پاکیزہ زندگی "سورہ یٰسین" میں چند داعیانِ حق کا ذکر ہے جس میں ایک کی تکذیب کے بعد دوسرے رسول کی آمد اور اس کی تائید کا بیان ہے۔ بالآخر اقصائے شہر سے ایک سعید ہستی آتی ہے اور اپنے ہم قوموں سے خطاب کر کے کہتی ہے:۔

يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○ اے میرے لوگو! ان پیغمبروں کی پیروی کرو۔ انکی پیروی کرو جو تم سے مزدوری نہیں چاہتے اور راہ ہدایت پائے ہوئے ہیں

معلوم ہوا کہ مبلغ کے لئے پاکیزگی اور خلق سے بے نیازی اور اخلاص و للہیت ان کی تاثیر کا اصل سرچشمہ ہے۔ (۲) انکی تبلیغ و دعوت کا دوسرا محرک بندگانِ الٰہی پر رحمت و شفقت اور خیر خواہی کا جذبہ ہے۔ بندوں کی اس تباہ حالت کو دیکھ کر ان کا دل جلتا ہے اور خیر خواہی سے ان کا دل چاہتا ہے کہ کسی طرح ان کی حالت سدھر جائے ٹھیک اس طرح جس طرح باپ بیٹے کی اصلاح اور رشد و ہدایت کا طالب محض پدرانہ شفقت اور خیر خواہی کی بنا پر ہوتا ہے۔ اسی طرح مبلغ و داعی کے اندر بھی یہی جذبہ ہو۔ دینی خیر خواہی اور مسلمانوں پر رحمت و شفقت کی تاثیر اس کے دل کو بے چین رکھے۔ حضرت ہود علیہ السّلام اپنی امت کو کہتے ہیں:۔

يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ (اعراف ۹)

اے میرے لوگو! میں بیوقوف نہیں لیکن میں پروردگار عالم کا بھیجا ہوا ہوں۔ میں تمکو اپنے پروردگار کا پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا خیرخواہ ہوں، معتبر۔

حضرت صالح علیہ السلام اپنی امت کو خطاب کرکے فرماتے ہیں:۔

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ (اعراف)

اے میرے لوگو! میں نے تمکو اپنے پروردگار کا پیغام پہنچادیا اور میں تمہاری خیرخواہی کی لیکن تم اپنے خیرخواہوں کو نہیں چاہتے

حضرت نوح علیہ السلام پر ان کی قوم گمراہی کی تہمت لگاتی ہے اسکے جواب میں فرماتے ہیں:۔

يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ (اعراف ۸)

اے میرے لوگو! میں بہکا نہیں ہوں لیکن پروردگار عالم کا بھیجا ہوا ہوں، تمھیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہارا بھلا چاہتا ہوں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغی احوال وکیفیات کا ذکر قرآن پاک میں بار بار ہے اور ہر بار یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو امت کا کتنا غم تھا، ایسا غم جس کے بوجھ سے پشت مبارک ٹوٹی جارہی تھی۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ

کیا ہم نے تمہارے سینہ کو نہیں کھولدیا اور تم سے اس بوجھ کو نہیں اتارلیا جسنے تمہاری پیٹھ کو توڑ دیا تھا۔

امت کے غم سے یہ حال تھا کہ حضورؐ کو اپنا جینا بھی دوبھر معلوم ہوتا تھا اللہ تعالیٰ نے تسلی دی اور فرمایا:۔

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (شعراء ۱)

کیا اس بات پر آپ اپنی جان گھونٹ ڈالیں گے کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔

یہی مفہوم سورۂ کہف کی ایک آیت میں بھی ہے۔

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ

تو کیا آپ انکے پیچھے اگر وہ ایمان نہ لائیں اپنی جان

يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَسَفًا (کہف) افسوس کر کر کے گھونٹ ڈالیں گے۔

اسی محبت ورحمت کا اقتضا تھا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر مسلمانوں کی ہر تکلیف شاق گذرتی تھی اور چاہتے تھے کہ ہر بھلائی اور خیر کا دروازہ ان پر کھل جائے، ارشاد ہوا:۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (توبہ) تمہارے پاس تمہیں میں سے ایک رسول آیا جس پر تمہارا تکلیف میں پڑنا شاق ہوتا ہے تمہاری بھلائی کا حریص ہے اور ایمان والوں پر مہربان اور رحیم ہے۔

(۳) دعوت وتبلیغ کا تیسرا اصول یہ ہے کہ نرمی، سہولت، آہستگی، دانشمندی اور ایسے اسلوب سے گفتگو کی جائے کہ جس سے مخاطب پر داعی کے خلوص ومحبت اور شفقت کا اثر پڑے اور بات مخاطب کے دل میں اتر جائے فرعون جیسے خدائی کے مدعی کافر کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم نبی بھیجے جاتے ہیں تو ان سے کہا جاتا ہے:۔

فَقُوْلَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا (طٰہ) تم دونوں (حضرت موسیٰ وہارونؑ) فرعون سے نرم گفتگو کرنا۔

منافقین نے اسلام کو نقصان پہنچانے چاہے اور جس طرح اسلام کی دعوت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو ناکام کرنا چاہا، وہ بالکل ظاہر ہے، بایں ہمہ آپ کو یہی حکم دیا جاتا ہے۔

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْ أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا تو آپ ان سے درگذر کیجئے اور ان کو نصیحت کیجئے اور ان سے ان کے معاملے میں ایسی بات کہیے جو انکے دلمیں اتر جائے

اس سے اندازہ ہوگا کہ جب اس نرمی اور سہولت اور دلمیں گھر کر لینے والی بات کا طریق منافقوں سے برتنے کا حکم ہوتا ہے تو عام نادان مسلمانوں کو سمجھانے اور بتانیکا کیسا طریقہ ہونا چاہیئے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دعوت کے اس اصول کو آیت ذیل میں تفصیل سے ظاہر فرمادیا ہے، ارشاد ہوتا ہے:۔

أُدْعُ إِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ آپ اپنے پروردگار کیطرف لوگوں کو دانشمندی

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (بنی اسرائیل)
اور اچھی نصیحت کے ذریعہ سے دعوت دیں اور بحث و مباحثہ کریں تو وہ بھی خوبی سے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یمن کی سمت دو صحابیوں کو اسلام کا داعی بناکر بھیجا تو ان کو چلتے وقت یہ نصیحت فرمائی :۔

یَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا (صحیح بخاری)
تم لوگوں کو آسانی کی راہ بتانا ان کو دقت میں نہ ڈالنا۔ انھیں خوشخبری سُنانا اور نفرت نہ دلانا۔

دیکھنے میں تو یہ ارشاد نبوی دو دو لفظ کے دو فقرے ہیں، مگر ان میں طریقِ تبلیغ کا ایک دفتر بند ہے۔ داعی اور مبلغ کو چاہیئے کہ جس جماعت کو دعوت دے اس میں آسان سے آسان طریقے سے دین کو پیش کرے اور شروع ہی میں سختی نہ کرے۔ انکو خوش خبری اور اعمال کی بشارت اور رحمت و مغفرتِ الٰہی کی وسعت کا تذکرہ کرے ان کو دین کا حوصلہ دلائے۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ عقائد اور فرائض میں مداہنت کیجائے۔ یہ تو کسی حال میں جائز نہیں بلکہ یہ مقصد ہے کہ طریقِ کار میں سہولت بھی اور نرمی بھی برتی جائے فرائض کے علاوہ دوسرے اعمال جو فرض کفایہ یا مستحبات ہوں یا جن کے سبب سے دین میں فتنہ پیدا ہونے کا اندیشہ نہو ان میں زیادہ سخت گیری نہ کیجائے۔ یا جن امور میں فقہاء اور مجتہدین نے مختلف راہیں اختیار کی ہیں ان میں سے کسی ایک ہی راہ کے قبول میں شدت نہ کی جائے یا مسائل کے بیان میں جس حد تک اللہ تعالیٰ نے وسعت پیدا کر رکھی ہے اس میں عزم و تقویٰ کے لئے تنگی نہ کی جائے۔

ان امور کی مثالیں سیرت و سنن نبوی میں بکثرت ملتی ہیں۔ چنانچہ عقائد و فرائض میں مداہنت کرنے کی ممانعت قرآن پاک کی کئی آیتوں میں ہے۔ کفار اسلام کے عقائد میں کچھ نرمی چاہتے ہیں۔

وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ (قلم) کفار چاہتے ہیں کہ آپ کچھ نرمی کریں تو وہ بھی نرمی کریں
مگر اس کی اجازت نہیں دی گئی۔

(۴) اس اصول کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ دعوت و تبلیغ میں الاہم فالاہم کی ترتیب مدنظر ہے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ شروع فرمائی تو سب سے پہلا زور صرف توحید اور
رسالت پر صرف فرمایا لاالہ الا اللہ یعنی کلمۂ اسلام کی دعوت شروع کی۔ قریش پوچھتے ہیں
کہ آپ ہم سے کیا چاہتے ہیں۔ فرمایا فقط ایک کلمہ (بات) اگر تم اسکو مان لوگے تو سارا
عرب و عجم تمہارا زیر فرمان ہو جائیگا اللہ تعالیٰ کی الوہیت اور رسول کی رسالت حقیقت
میں وہ تخم ہے جسکے اندر سے سارے احکام کا برگ و بار نکلتا ہے۔ سب سے پہلے اسی
کی تخم ریزی چاہیئے اسکے بعد احکام کا دور آتا ہے۔

قرآن پاک کا طریقِ نزول خود اس طریق دعوت کی صحیح مثال ہے حضرت عائشہؓ
فرماتی ہیں کہ قرآن پاک میں پہلے دلوں کو نرم کرنیوالی آیتیں نازل ہوئیں جن میں جنت
اور دوزخ کا ذکر ہے۔ یعنی جن میں ترغیب و ترہیب ہے۔ پھر جب لوگ اسلام کی طرف
مائل ہوئے تو حلال وحرام کی آیتیں نازل ہوئیں، اور اگر پہلے یہی اترتا کہ شراب مت
پیو تو کون مانتا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآن پاک کے نزول میں بھی یہ تبلیغی
ترتیب ملحوظ رہی ہے۔

طائف کا وفد جب بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا تو اس نے اپنے اسلام کی یہ شرط پیش
کی کہ ان سے نماز معاف کر دیجائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس دین میں
خدا کے سامنے جھکنا نہ ہو وہ کس کام کا (لَا خَیْرَ فِیْ دِیْنٍ لَا رُکُوْعَ فِیْہِ) پھر انھوں نے
یہ شرط پیش کی کہ ان سے عشر وصول نہ کیا جائے اور نہ مجاہدین کی فوج میں انکو بھرتی
کیا جائے۔ آپؐ نے یہ دونوں شرطیں قبول کرلیں اور ارشاد فرمایا کہ جب یہ مسلمان
ہو جائیں گے تو عشر بھی دیں گے اور جہاد میں بھی شریک ہوں گے۔ محدثین لکھتے ہیں

کہ نماز چونکہ فوراً واجب ہوتی ہے اور دن میں پانچ دفعہ واجب ہوتی ہے اس لئے اسمیں نرمی نہیں برتی گئی اور جہاد کی شرکت چونکہ فرض کفایہ ہے اور کسی وقت خاص پر فرض ہوتی ہے اور زکوٰۃ وعشر کے وجوب کے لئے چونکہ ایک سال کی مدت کی وسعت تھی اور بعد کو بھی وہ بتاخیر ادا ہو سکتی ہے اس لئے ان دونوں باتوں میں نرمی ظاہر فرمائی۔ اس سے تبلیغ کے حکیمانہ اصول پر پوری روشنی پڑتی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن بھیجا تو ارشاد فرمایا "تم ایسے لوگوں میں جا رہے ہو جہاں اہل کتاب بھی ہیں۔ جب تم وہاں پہنچو تو ان کو سب سے پہلے یہ بتاؤ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ جب وہ یہ مان لیں تو انھیں یہ بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے اُن پر دن میں پانچ وقت کی نمازیں فرض کی ہیں۔ جب وہ تمھاری یہ بات بھی مان لیں تو انھیں یہ بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر زکوٰۃ بھی فرض کی ہے جو دولتمندوں سے لیجائے اور غریبوں کو دی جائے اور جب وہ اسکو مان لیں تو زکوٰۃ میں چن چن کر ان کے اچھے مال چھانٹ کرنہ لو اور مظلوم کی بد دعا سے بچنا کہ اُس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں۔

اس حدیث سے بھی دعوت کی حکیمانہ ترتیب کا اظہار ہوتا ہے۔

(۵) تبلیغ ودعوت کے ان اصولوں میں سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت میں نمایاں معلوم ہوتے ہیں۔ ایک عرض ہے یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اس کا انتظار نہیں فرماتے تھے کہ لوگ آپؐ کی خدمت میں خود حاضر ہوں، بلکہ آپؐ اور آپکے داعی لوگوں تک خود پہنچتے تھے اور حق کی دعوت دیتے تھے۔ یہاں تک کہ کبھی کبھی لوگوں کے گھروں تک خود پہنچ جاتے تھے، اور کلمۂ حق کی دعوت پیش فرماتے تھے۔ مکۂ معظمہ سے سفر کرکے طائف تشریف لے گئے اور وہاں عبد یالیل رئیسوں کے گھروں پر

جاکر تبلیغ کا فرض ادا فرمایا حج کے موسم میں ایک ایک قبیلہ کے پاس تشریف لے جاتے اور ان کو حق کا پیغام پہنچاتے اور ان کے ترش و تند جوابوں کی پروانہ فرماتے تھے۔ آخر اسی تلاش میں یثرب کے وہ سعادت مند ملے جن کے ہاتھوں سے ایمان و اسلام کی دولت مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو منتقل ہوئی۔

صلح حدیبیہ کے بعد جب ملک میں امن و امان و اطمینان ہوا تو اسلام کے سفیر مصر و ایران و حبش کے بادشاہوں اور عمان و بحرین اور یمن اور حدودِ شام کے رئیسوں کے پاس اسلام کا پیغام لے کر پہنچے اور مختلف صحابہؓ نے عرب کے مختلف صوبوں اور قبیلوں میں جاکر اسلام کی تبلیغ کی حضرت مصعب بن عمیرؓ مدینہ منورہ گئے۔ حضرت علیؓ اور معاذ بن جبلؓ نے یمن کا رخ کیا یہی حال ہر دور کے علمائے حق اور ائمۂ دین کا رہا۔

اس سے معلوم ہوا کہ داعی و مبلغ کا تو فرض ہے کہ وہ لوگوں تک پہنچے اور حق کا پیغام پہنچائے بعض صاحبوں کو خانقاہ نشینوں کے موجودہ طرز سے یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ ان خاصانِ حق کا ہمیشہ سے یہی طریقہ رہا ہے حالانکہ یہ سراسر غلط ہے۔ ان بزرگوں کی سیرتوں اور تذکروں کو کھولکر پڑھیں تو معلوم ہوگا کہ یہ کہاں کے رہنے والے تھے۔ فیض کہاں پایا اور جو پایا اسکو کہاں کہاں بانٹا اور کہاں جاکر زیرِ زمیں آرام کیا اور یہ اس وقت کیا جب دنیا ریلوں، لاریوں، موٹروں اور سفروں کے دوسرے سامانِ راحت سے محروم تھی۔ معین الدین چشتیؒ سیستان میں پیدا ہوئے۔ چشت واقع افغانستان سے دولت پائی اور راجپوتانہ کے کفرستان میں آکر حق کی روشنی پھیلائی فرید شکر گنجؒ سندھ کے کناروں سے دہلی تک اور دہلی سے پنجاب تک آئے گئے اور ان کے مریدوں در مریدوں میں حضرت نظام الدین سلطان الاولیاءؒ اور پھر ان کے خلفاء کے احوال اور ان کے سفر کے مقامات اور ان کے مزارات کی جائے وقوع کو دیکھیے کہ وہ کہاں کہاں ہیں۔ کوئی دکن میں

ہے، کوئی مالوہ میں ہے، کوئی بنگال میں ہے، کوئی صوبجات متحدہ میں ہے۔

(۶) اسلامی دعوت و تبلیغ کا ایک بڑا اصول نفیر ہے، یعنی دین کی طلب اور تبلیغ کے لئے ترک وطن کرکے ایسے مقامات پر جانا جہاں دین حاصل ہو سکے اور پھر وہاں سے لوٹ کر اپنے وطن میں آکر اپنے قبیلوں اور ہم قوموں کو اس فیض سے مستفید کرنا۔ سورۂ نساء کی حسب ذیل آیت اگرچہ اپنے شانِ نزول کے لحاظ سے جنگ کے موقع کی ہے مگر الفاظ کے عموم کی بنا پر ہر اس نفیر کو شامل ہے جو کسی کارِ خیر کے لئے کی جائے۔ جیسا کہ قاضی بیضاوی نے بھی اپنی تفسیر میں اسکی طرف اشارہ کیا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ انْفِرُوا جَمِيعًا (نساء)	اے ایمان والو! اپنا بچاؤ کرو۔ اور الگ الگ یا جتھا بنا کر گھروں سے نکلو۔

ایک دوسری آیت خاص اسی مفہوم کی سورہ براءۃ میں ہے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝ (براءۃ)	یہ تو نہیں ہو سکتا کہ سارے مسلمان گھروں سے نکلیں تو کیوں ہر گروہ سے کچھ لوگ اس غرض کیلئے گھروں سے نہیں نکلتے کہ وہ دین کا علم حاصل کریں اور جب وہ اپنے گھر لوٹ کر آئیں تو اپنے لوگوں کو اللہ سے ڈرائیں تاکہ وہ بھی برائیوں سے بچنے لگیں۔

عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں اسی طرح وفود بنا بنا کر الگ الگ قبیلوں سے لوگ مدینہ منورہ آتے تھے اور ہفتہ عشرہ بعض دو عشرے رہ کر دین کا علم اور عمل حاصل کرکے اپنے اپنے گھروں کو لوٹتے تھے اور بقیہ لوگوں کو دین سے واقف کرنے کا کام کرتے تھے۔

(۷) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں مسجد نبوی کے چبوترہ پر اصحاب

صفہؓ کا حلقہ تھا جن کا کہیں گھر نہ تھا۔ گذر بسر کی صورت یہ تھی کہ یہ لوگ دن کو جنگل سے لکڑیاں کاٹ کاٹ کر لاتے اور بازار میں بیچتے اور رات کو کسی معلم کے پاس دین کا علم سیکھتے اور ضرورت کیوقت مختلف مقاموں میں بھی مبلغ بنا کر بھیجے جاتے۔ ضروری مشاغل کے علاوہ دین کی تعلیم، اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے فیضیابی اور عبادت میں انہماک ان کے کام تھے۔

اس سے معلوم ہوا کہ ایک ایسے گروہ کا انتظام رکھنا بھی نظمِ جماعت سے ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ گروہ خاص تربیت کے ماتحت پیدا ہوتا تھا اور صحبت نبوی کی برکت سے ظاہری و باطنی فیوض سے مالا مال رہتا تھا اور تبلیغ و دعوت کے کاموں کو انجام دیتا تھا۔

(۸) تعلیم کا طریقہ زیادہ تر فیضِ صحبت۔ زبانی تعلیم و احکام و مسائل کا ذکر اور مذاکرہ اور ایک دوسرے سے پوچھنا اور سیکھنا اور بتانا تھا۔ ان کی راتیں عبادتوں سے معمور رہتی تھیں اور دن کاروبارِ دین میں مصروف۔

یہ دعوت اصل سے قریب تر ہے اوپر کی سطروں میں تبلیغ و دعوت کے اصول پر جو کچھ آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے اس سے معلوم ہو گا کہ اسلام کے تبلیغی اصول اور دعوت کے طریق کیا ہیں اور جہاں تک ہم سمجھ سکتے ہیں آیندہ اوراق میں جو کچھ کہا گیا ہے اور جس دعوت و تبلیغ کے علمی و عملی اصول و آئین کا تذکرہ ہے وہ موجودہ ہندوستان کی تمام دینی تحریکوں میں اصل اوّل سے زیادہ قریب ہے۔

تبلیغ کی اہمیت حکیمانہ تبلیغ و دعوت، امر بالمعروف، نہی عن المنکر اسلام کے جسم کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس پر اسلام کی بنیاد اسلام کی قوت، اسلام کی وسعت اور اسلام کی کامیابی منحصر ہے اور آج سب زمانوں سے بڑھ کر اس کی ضرورت ہے اور غیر مسلمانوں کو مسلمان بنانے سے زیادہ اہم کام مسلمانوں کو مسلمان، نام کے مسلمانوں

کو کام کا مسلمان اور قومی مسلمانوں کو دینی مسلمان بنانا ہے، حق ہے کہ آج مسلمانوں کی حالت دیکھ کر قرآن پاک کی یہ ندا

یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا — اے مسلمانو! مسلمان بنو

کو پورے زور شور سے بلند کیا جائے۔ شہر شہر، گاؤں گاؤں اور دَر دَر پھر کر مسلمانوں کو مسلمان بنانے کا کام کیا جائے۔ اور اس راہ میں وہ جفاکشی، وہ محنت کوشی، اور وہ ہمت اور وہ قوتِ مجاہدہ صَرف کی جائے جو دنیا دار لوگ دنیا کے عز وجاہ اور حصولِ طاقت میں صَرف کر رہے ہیں، جس میں حصولِ مقصد کی خاطر ہر متاعِ عزیز کو قربان کرنے اور ہر مانع کو بیچ سے ہٹانے کے لئے ناقابلِ تسخیر طاقت پیدا ہوتی ہے۔ کشش سے، کوشش سے، جان و مال سے، ہر راہ سے اس میں قدم آگے بڑھایا جائے اور حصولِ مقصد کی خاطر وہ جنون کی کیفیت اپنے اندر پیدا کی جائے جس کے بغیر دین و دنیا کا نہ کوئی کام ہوا ہے اور نہ ہوگا۔

اس جنون کی اس عہد میں مثالیں آپ دیکھنا چاہتے ہیں تو اصل کتاب کو شروع کریں۔

والسّلام

ہیچمداں سیّد سلیمان ندوی

مئی ۱۹۴۷ء ، بھوپال

از محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذی قعدہ ۱۳۵۸ھ (دسمبر ۱۹۳۹ء) کا ذکر ہے کہ تین دوست اپنی اپنی جگہ سے چل کر سہارنپور میں جمع ہوئے تاکہ چند دینی مرکزوں کو دیکھیں اور وہاں جو کچھ دینی و اصلاحی کام ہو رہا ہے اس کو دیکھ کر کچھ اپنے متعلق بھی فیصلہ کریں۔

ان مرکزوں کی مختصر سی فہرست میں ایک نظام الدین کا تبلیغی مرکز بھی تھا جس کو اس سفر کے آخر میں رکھا گیا تھا۔

دوستوں کے اس مختصر سے قافلے میں (جس کو شاید دینی طلایہ (طلیعہ) کہنا بے محل نہ ہوگا) یہ راقم حروف اس آخری مرکز کے روح رواں حضرت مولٰنا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے سب سے زیادہ واقفیت رکھتا تھا اور یاد آتا ہے کہ رفقا میں مولانا کی اس تصنیف کے مؤلف (مولٰنا سید ابوالحسن علی صاحب) کو اس مرکز میں حاضر ہونے اور مولانا سے ملنے کا ہم میں سب سے زیادہ اشتیاق تھا۔

میری واقفیت کی بنیاد تو یہ تھی کہ اجمالی طور پر اس سلسلے کے تمام اکابر و مشاہیر سے عموماً واقفیت رکھتا ہوں، دیوبند میں طالب علمانہ قیام ہی کے زمانہ سے اس جماعت کے ساتھ جو دینی و فکری رابطہ اور عقیدت و محبت کی جو دولت مجھے

نصیب رہی اس کی بنا پر اس حلقہ کی کوئی ممتاز شخصیت میرے لئے بیگانہ نہ تھی، اس کے علاوہ میوات کے ایک تبلیغی جلسہ میں مجھے حاضری اور شرکت کا اتفاق بھی ہو چکا تھا جس میں حضرت مولانا مرحوم بھی تشریف رکھتے تھے۔

لیکن مجھے اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ میری واقفیت مولانا سے بالکل سطحی اور سرسری تھی، میں ان کو بس ایک مخلص بزرگ اور حقانی عالم سمجھتا تھا جو اخلاص کے ساتھ تبلیغ کا کام کر رہے ہیں اور اس تبلیغ کا خاکہ میرے ذہن میں بس یہ تھا کہ وہ جاہل وغافل دیہاتی مسلمانوں کو کلمہ سکھاتے اور نماز روزہ پر لگاتے ہیں۔ جزاہ اللہ خیراً۔

میرا اب خیال ہوتا ہے کہ ایسی ادھوری اور سطحی واقفیت اکثر استفادہ سے مانع اور اچھا خاصا حجاب ثابت ہوتی ہے، آدمی سمجھتا ہے کہ میں تو واقف ہوں لیکن اس ادھوری واقفیت اور اس سے پیدا شدہ پست تصوّر کی وجہ سے اس کے دل میں وہ اشتیاق اور طلب کا وہ جوش پیدا نہیں ہوتا جو اس ناواقف کے دل میں ہوتا ہے جو تحقیق وتلاش کے لئے نکلتا ہے، میرا خیال ہے کہ اپنے زمانہ کے اکابر اور اپنے شہر کی عظیم المرتبت ہستیوں سے اکثر قریب کے لوگوں کی محرومی کا سبب شاید زیادہ تر یہی رہا ہے۔

ہمارے دوست (مؤلف سوانح) مولانا سے صرف اس تقریب سے واقف تھے کہ ان کے والد مغفور کے دوست (منشی محمد خلیل صاحب) نے ایک آدھ بار ان کے سامنے مولانا کا تذکرہ کیا تھا، اور کرنال کے ایک سفر میں (جو مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی ہمراہی میں ہوا تھا) ایک مجلس میں ایک واقف کار نے مولانا کی تبلیغی سرگرمیوں کا ذکر کیا تھا۔ اس کے بعد انھوں نے مولانا کی دینی دعوت کے متعلق سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی کا ایک مضمون

پڑھا تھا جو موصوف نے میوات کے ایک مختصر سے سفر سے متاثر ہو کر "ایک اہم دینی تحریک" کے عنوان سے اپنے رسالہ "ترجمان القرآن" بابت ماہ شعبان ۵۹ھ میں لکھا تھا۔

وہ مجھ سے مولانا کے متعلق پوچھتے تھے اور میں جتنا کچھ جانتا تھا بتلاتا تھا، اس خیال سے کہ پہلے سے وہ کوئی ایسا تصور قائم نہ کرلیں جس کو نہ پاکر انھیں مایوسی ہو، میں یہ ضرور کہتا تھا کہ مولانا کی زبان میں ایک طرح کی لکنت ہے اور وہ بعض اوقات اپنا مدعا بھی پورے طور پر ظاہر نہیں کر پاتے ہیں۔

خدا کا کرنا، دہلی پہنچکر یہ عاجز ایک شدید ضرورت اور طلبی کی بنا پر اپنے دونوں رفیقوں کو چھوڑ کر بریلی آگیا، اور مولٔف کتاب اور ان کے بلاواسطہ اور میرے بالواسطہ دوست مولوی عبدالواحد صاحب ایم۔اے۔ نظام الدین اور وہاں سے میوات گئے اور وہاں سے واپسی پر مولانا کی ملاقات سے مشرف ہوئے جس کی مفصل روداد مولانا سید ابوالحسن علی صاحب ہی کے قلم سے ذی الحجہ ۱۳۵۸ھ کے الفرقان میں ایک ہفتہ چند دینی مرکز دل میں کے عنوان سے شائع ہو چکی ہے۔

اس کے بعد مولانا سید ابوالحسن علی صاحب کے خطوط سے معلوم ہوتا رہا کہ وہ مولانا کے پاس جاتے رہتے ہیں اور ان کا تاثر مولانا کی دعوت سے اور ان کی مناسبت مولانا کے ارشادات سے بڑھ رہی ہے، یہاں تک کہ مجھے بھی ان کی معیت میں مولٰنا کی خدمت میں حاضر ہونے کے مواقع حاصل ہوئے۔ اس سلسلہ کے واقعات و تاثرات وقتاً فوقتاً "الفرقان" میں شائع ہوتے رہے ہیں اور اس وقت ان کی تفصیل مقصود نہیں۔

یہاں صرف یہ کہنا ہے کہ مولانا کے یہاں جب بار بار حاضری ہوئی اور

بعض سفروں میں بھی یکسوئی کے ساتھ حاضرِ خدمت رہنے اور ان کے ارشادات کو تفصیل سے سننے کا موقع ملا تو قلب و دماغ پر دو اثر ہوئے۔

ایک تو یہ کہ مولانا کی دعوت بڑی عمیق اور اصولی دعوت ہے جو محض غلبۂ حال کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خاص اعانت و توفیق کے ساتھ اصول دین میں بہت گہرے غور و تدبر، قرآن و حدیث کے عمیق مطالعہ و تفکر دین کے مزاج و طبیعت سے واقفیت اور صحابۂ کرامؓ اور قرنِ اوّل کے طرزِ زندگی کے وسیع اور گہرے علم پر مبنی ہے اور وہ چند منتشر اور غیر مربوط اجزاء کا نام نہیں ہے بلکہ مولانا کے ذہن میں اسکا ایک مرتب خاکہ ہے البتہ اس کیلئے ان کے نزدیک ترتیب و تدریج بہت ضروری ہے۔

اس حقیقت کے انکشاف کے بعد قلب میں شدت کے ساتھ اس کا تقاضا پیدا ہوا کہ یہ چیزیں کاغذ پر بھی مرتب شکل میں آجائیں اور اس دعوت کے اصول و مبادی اور طریقِ کار اور اس کی ذہنی اساس اور دینی بنیاد اہلِ علم کے لئے اس زمانہ کی زبان اور علمی پیرایۂ بیان میں سامنے آجائے۔

رجب ۱۳۶۲ھ میں مولانا لکھنؤ تشریف لے گئے اور خاکسار راقم کو بھی آپ کی معیت میں کئی روز رہنے کی سعادت اور کبھی کبھی ترجمانی کی عزت بھی حاصل ہوئی ہمارے دوست مؤلف کتاب نے ایک مجلس میں مولانا کی ترجمانی کا فرض ادا کیا، اور آپ کی اس دینی دعوت کے جن نہایت عمیق اور رطافتور پہلوؤں کو سرسری نظر سے دیکھنے والے نہیں سمجھ سکتے، مولانا ابوالحسن علی نے اپنی اس تقریر میں انکو ایسی مفکرانہ ترتیب کے ساتھ اس قدر دل نشین انداز میں اسوقت پیش کیا کہ خود راقم سطور کے لئے بھی اس تحریک کے متعلق علم کا ایک نیا دروازہ کھل گیا چنانچہ خاکسار نے اسی وقت بہ اصرار ان سے کہا کہ آپ تمام کام چھوڑ کر اس تقریر کو قلمبند کرلیں یا اس کو تحریری شکل میں از سرِ نو مرتب کریں یہ آپ پر

اس دعوت کا سب سے بڑا حق اور بڑی ذمہ داری ہے۔ مولاناؒ نے بھی میری فرمائش کی تائید کی اور غالباً اسی سے متاثر ہو کر مولف کتاب نے وہ رسالہ مرتب کیا جو "ایک اہم دینی دعوت یا مسلمانوں کی عمومی تعلیم و تربیت کا نظام" کے نام سے ادارۂ الفرقان سے شائع ہو چکا ہے۔

اس کے بعد راقم الحروف نے حضرت مولانا کی علالت کے زمانہ میں حضرت ہی کے ارشادات سے اخذ کر کے "نصرت دین اور اصلاح مسلمین کی ایک کوشش" کے عنوان سے ایک مقالہ مرتب کیا اور اس میں ایک خاص عنوان سے اس دعوت کی ترجمانی اور توضیح کی کوشش کی، اس طرح جہاں تک دعوت کے اصول و اساس کا تعلق ہے، اگرچہ کوئی تحریر کسی انسان کی قائم مقام نہیں ہو سکتی مگر اس سلسلہ میں دل پر اب اتنا بوجھ نہیں رہا۔ اور کسی حد تک اس کا اطمینان ہو گیا ہے کہ دل و دماغ کی امانت کاغذ کے سپرد کر دی گئی ہے اور اگرچہ کاغذ بہت ضعیف ہے مگر اس کے امین ہونے میں شک نہیں؛

قلب پر دوسرا اثر مولانا کی شخصیت کا تھا۔ ہماری آمد و رفت، سفر و حضر کی رفاقت اور ذاتی واقفیت جتنی بڑھتی گئی، مولانا کی شخصیت کا اثر بھی ہمارے اوپر بڑھتا گیا۔ ہم اور ہمارے بعض دوسرے صاحب بصیرت احباب اس بارہ میں ہم خیال و یک زبان تھے کہ اس زمانہ میں ایسی شخصیت اللہ تعالیٰ کی قدرت کی ایک نشانی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک معجزہ ہے جس کو دین کے مؤثر اور زندۂ جاوید ہونے کے ثبوت کے طور پر اور صحابۂ کرامؓ کے عشق اور خیر القرون کے دینی جنون و بے قراری اور اس دور کی خصوصیات کا ایک اندازہ کرنے کے لئے اس زمانے میں ظاہر کیا گیا ہے۔

انسان کی فطرت ہے کہ جب وہ اس طرح کی کسی غیر معمولی شخصیت کو دیکھتا

اور اس سے متاثر ہوتا ہے تو چاہتا ہے کہ اس کے دوست احباب بھی دیکھیں اور نعمت و سعادت میں اپنا اپنا حصہ لیں، اس لئے طبعی طور پر ہمارا بھی جی چاہتا تھا کہ ہمارے احباب اور معاصر اس ہستی کو دیکھیں جو قرونِ اولیٰ کے خزانۂ عامرہ کا ایک بچا کھچا موتی ہے لیکن کسی کو کسی پر اختیار نہیں، بہت سے احباب جو بآسانی پہنچ سکتے تھے اور جن کی نظر دوررس اور حقیقت شناس تھی اور جو اپنی مناسبت اور صلاحیتوں کی بنا پر مولانا کے موردِ لطف ہو سکتے تھے اور پھر بے اندازہ روحانی برکتوں اور دینی سعادتوں کے خود سرمایہ دار ہو کر دوسروں میں بھی ان کے پھیلانے کا ذریعہ بن سکتے تھے افسوس وہ اپنے مشاغل کی بنا پر یا کسی دوسری وجہ سے ان کی زندگی میں نہ آسکے اور اُن کو اِن کی شخصیت کے مطالعہ اور ان کی خصوصیات و امتیازات کے ادراک اور ان کی دعوت کو اچھی طرح سمجھ سکنے کا موقع نہ مل سکا۔

ہم آپس میں اکثر تذکرہ کرتے تھے کہ اگر ہم مولانا کے حالات کسی کے سامنے بیان کریں تو وہ مبالغہ پر محمول کرے گا اور دیکھنے والا ہمارے بیان کی تقصیر اور کوتاہی سمجھے گا۔ واقعہ یہ ہے کہ الفاظ کی بڑی سے بڑی مقدار ذاتی مطالعہ اور عینی مشاہدہ کے قائم مقام نہیں ہو سکتی، الفاظ یا تو آگے بڑھ جاتے ہیں یا پیچھے رہ جاتے ہیں۔ کاغذی لباس جو بھی تیار کیا جائیگا وہ جسم پر پورے طور پر راست نہیں آئیگا یا ڈھیلا رہے گا یا تنگ، اگر کوئی چیز کسی کا کچھ صحیح تصوّر قائم کرا سکتی ہے اور اسکو کسی حد تک اس کی صحیح شکل میں پیش کر سکتی ہے تو وہ صرف واقعات یا اسکی اپنی تحریریں (خصوصًا خطوط) اور اسکی روزمرہ کی بے تکلف گفتگو ہے۔

مولانا کے ساتھ رہنے اور اُن کو قریب سے دیکھنے سے ہم پر ایک اہم علمی نکتہ منکشف ہوا کہ بزرگانِ دین اور اکابر سلف کے جو حالات کتابوں میں جمع کئے گئے ہیں ان میں خواہ کتنے ہی استقصا سے کام لیا گیا ہو وہ ان کی شخصیت

اور ان کے اصلی کمالات سے کوئی نسبت نہیں رکھتے اور واقعات کا بھی وہ بہت تھوڑا سا حصہ ہوتے ہیں جن میں مؤلف و سوانح نگار کی نظر انتخاب اور اسکے ذوق کو بڑا دخل ہوتا ہے اور بعض مرتبہ تو جس شخص کی وہ سیرت ہوتی ہے اس سے زائد خود سوانح نگار کی اپنی سوانح اور اسکا ذہنی مرقع ہوتی ہے۔

پھر کیفیات و جذبات اور بیسیوں ادائیں ہیں قلم سے جن کی تصویر کشی محال ہے شاعر نے سچ کہا ہے :۔

گر مصور صورتِ آں دلستاں خواہد کشید
حیرتے دارم کہ نازش را چساں خواہد کشید

اور غریب سوانح نگار کرے بھی کیا بہت سی کیفیات و حقائق کیلئے شاعری کی لطیف اور وسیع زبان میں بھی لفظ نہیں۔ ع

بسیار شیوہا ست بتاں را کہ نام نیست

ہمیں بعض زندہ ہستیوں کے ساتھ رہنے ہی سے معلوم ہوا کہ اگرچہ محدثین کرام اور اہلِ سیر سے زیادہ کسی نے امانتِ نقل اور استقصار سے کام نہیں لیا، لیکن بہرحال وہ اتنا ہی بیان کر سکے جتنا الفاظ میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

پھر بھی کوئی شبہ نہیں کہ تاریخ اور کتب سوانح نے جو کچھ محفوظ کر دیا اور ہم تک پہونچا دیا، حافظے اور زبانی نقل و روایت کے سلسلے اس کا ایک حصہ بھی نہ پہنچا سکتے، اور جن لوگوں کے لئے اس کا کوئی اہتمام نہیں ہوا، اکثر ان کے نام کے سوا دنیا میں کچھ باقی نہیں۔

مولانا رح کی سیرت و سوانح کے سلسلہ میں ہم عرصے تک متامل رہے مولانا اس کی ہمیشہ تاکید فرماتے رہے کہ ان کی دعوت کو ان کی شخصیت کیساتھ وابستہ نہ کیا جائے۔ وہ کسی طرح اس کے روادار نہ تھے کہ اُن کی شخصیت

کی طرف دعوت دی جائے اور آخر میں اس کو بھی پسند نہیں کرتے تھے کہ دعوت
کے تعارف کے سلسلہ میں ان کا نام بھی لیا جائے یہ احتیاط، تواضع، بے نفسی اور
اخلاص کے علاوہ اہم دینی مصالح پر مبنی تھی، لیکن اس کام کے داعیوں اور
کارکنوں کو (جن میں مؤلف کتاب ومقدمہ نگار بھی ہیں) اس کا اقرار ہے کہ
اسمیں کامیابی نہ ہو سکی، اکثر دعوت کے مصالح کا اقتضا ہوتا تھا کہ اس کے
داعیٔ اوّل کا ذکر کیا جائے تاکہ ان لوگوں میں جو اس کی شخصیت، اخلاص اور
للّٰہیت سے واقف ہیں، اس دعوت کی طرف سے اعتماد اور حسنِ خیال پیدا ہو پھر
دعوت کے اصول کی تشریح وتفصیل اور اس کے نتائج کے ظہور کے سلسلہ میں خود
اسکے داعی کے ذاتی تجربات اور اس دعوت کے ان منازلِ ارتقا کا ذکر کرنا ضروری
ہوتا تھا جن سے یہ دعوت گزری ہے اور اس سلسلہ میں مولانا رح کا نام اور انکی
مساعی کا ذکر بالاضطرار زبان پر آجاتا تھا اور وہ اکثر اوقات مفید ہوتا تھا۔

خاکسار راقم کو اچھی طرح یاد ہے کہ ایک مرتبہ وہ اور مؤلف کتاب دہلی میں
ایک صاحبِ علم وصاحبِ قلم دوست سے نظام الدین نہ جانے پر دوستانہ
شکایت کر رہے تھے اور اس دعوت کی دینی اہمیت اور عظمت کا اظہار کر کے
ان کو اس کی طرف متوجہ کر رہے تھے، اس ضمن میں جب مولانا کی بلند
شخصیت، روحانیت اور ان کے متعلق ان کے بعض نامور معاصرین کی رائے
سنائی گئی تو ہم نے صاف صاف محسوس کیا کہ دعوت کا وزن ان کی نگاہ میں کہیں سے
کہیں پہنچ گیا اور ان کے لئے کوئی چیز اس سے زیادہ مؤثر ثابت نہیں ہوئی۔

بعض انھیں تجربات اور دوسرے دینی مصالح کے پیش نظر مولانا کی
مایوس کن علالت کے دوران میں اس عاجز کو بار بار خیال ہوا کہ مولانا کی سیرت
کی ترتیب اور اس دعوت کی مفصل تاریخ بہت ضروری ہے، مولانا سید ابوالحسن علی صاحب

کا مولانا کی علالت کے آخر زمانہ میں وہیں قیام تھا، میں نے ان سے اپنا خیال ظاہر کیا تو معلوم ہوا کہ وہ خود اس خیال سے فارغ نہیں ہیں اور کچھ چیزیں انھوں نے نوٹ کرنی شروع کر دی ہیں، اسی عرصہ میں مولانا کی وفات کا حادثہ پیش آگیا۔ اور اس تجویز میں جان پڑ گئی، مولانا کی آخری خدمت و زیارت کے لئے تقریباً تمام پرانے کام کرنے والے دیرینہ رفیق، نیز خاندان کے بزرگ اور اعزہ جمع تھے اور عنقریب یہ سبھا اُجڑنے والی تھی اور کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ "یہ بنات النعش" پھر کہیں ایک جگہ ملیں گے۔ علی صاحب نے اس موقع سے پورا فائدہ اٹھایا، مولانا کے باخبر اعزہ اور دیرینہ رفقا سے ضروری معلومات یکجا کئے جن کے بغیر کوئی سوانح مرتب نہیں ہوسکتی، ان سے سوالات کرکے بہت سی کار آمد باتیں اور جزئیات فراہم کیں، صحیح سنہ معلوم کئے اور دعوت کے مختلف مراحل و مدارج کو منضبط کیا۔

اس کے علاوہ پرانے خطوط کا ایک قیمتی ذخیرہ وہ نظام الدین سے اپنے ساتھ لے گئے جن سے سیرت و سوانح کے بعض ضروری خلا پُر کئے، دعوت کے مبادی و اصول کے متعلق خطوط کا سب سے بیش قیمت سرمایہ خود ان کے پاس موجود تھا، مولانا نے دعوت اور اپنے پیام کی تشریح میں (ہمارے علم میں) سب سے زیادہ واضح اور مفصل خطوط خود مؤلف کتاب کو لکھے تھے جن سے انھوں نے پورا فائدہ اٹھایا، بعض دوسرے دوستوں نے بھی یہ سنکر کہ وہ مولانا کی سیرت کی تالیف کا کام کر رہے ہیں اپنے خطوط ان کے پاس بھیجدیئے جو بہت کار آمد ثابت ہوئے۔

سب سے بڑی اور سب سے قیمتی مدد اس سلسلہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مدظلہ، سے ملی، آپ نے بڑی جانفشانی اور بڑی تلاش و تحقیق سے معلومات فراہم کئے، بعض مرتبہ ایک سنہ اور تاریخ کی تحقیق میں کئی کئی دن اور کئی کئی راتیں صَرف ہوئیں، اپنے روزنامچہ اور پرانے کاغذات اور تحریروں سے یہ کھوئی ہوئی

چیزیں برآمد کیں اور اس طرح کتاب کی تکمیل کی، آخر میں (کتاب کی دوسری طباعت کے وقت) مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے خطوط کا ایک بہت بڑا ذخیرہ آپ کی توجہ اور کرم سے ہاتھ آیا اس ذخیرہ کے تقریباً ۸۰ اقتباسات اس اشاعت کا قیمتی اضافہ ہیں، جس سے کتاب میں نئی روح اور نئی طاقت پیدا ہوگئی ہے اسطرح اول سے آخر تک اللہ تعالیٰ نے اس کام میں بڑی مدد فرمائی۔ اور ہماری ابتدائی توقع سے بڑھ کر مواد فراہم ہوگیا۔

مسودہ کی تکمیل کر لینے کے بعد یہ مناسب معلوم ہوا کہ خصوصی واقف کار اور دیرینہ رفیقوں کے سامنے یہ کتاب گزر جائے تاکہ واقعات کی صحت اور بیانات کی پختگی کے متعلق پورا اطمینان ہو جائے۔ چنانچہ دسمبر ۱۹۴۴ء میں میوات کے ایک سفر میں کئی مجلسوں میں یہ کتاب سُنی گئی، اور کتاب کی مزید تنقیح کی گئی۔

ہمارے دوستوں میں مؤلف کتاب کو بزرگوں اور دینی شخصیتوں کی سیرت نگاری اور دینی واصلاحی تحریکات کی تاریخ نویسی سے خاص مناسبت ہے اور اسکا خاص ذوق اللہ نے انکو بخشا ہے۔ اس سلسلہ میں مستقل کتاب کی شکل میں "سیرت سید احمد شہید" انکا پہلا نقش تھا اور مولانا محمد الیاسؒ کی یہ سوانح نقش ثانی ہے۔

اہلِ علم واہلِ دین کی سوانح نگاری اور تذکرہ نویسی مؤلف کتاب کی آبائی سعادت ہے اور یہ موضوع ان کے لئے بہت سے لوگوں سے زیادہ محبوب دلچسپ اور سہل ہے، مؤلف کتاب کے دادا مولانا حکیم سید فخر الدین رحمۃ اللہ علیہ (فارسی کے ایک جلیل القدر مؤرخ اور دبیر تھے۔ جن کے رواں اور سیال قلم کی یادگار "مہر جہاں تاب" (قلمی) (فارسی کا انسائیکلوپیڈیا جس کی پہلی جلد فلسکیپ سائز کے تیرہ سو صفحات میں تمام ہوئی ہے) اور "سیرت السادات" "اور تذکرہ علمیہ" جیسی کتابیں ہیں۔

مؤلف کے والد نامدار مولانا سید عبد الحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سابق ناظم ندوۃ العلماء ہندوستان کے ابن خلکان اور ابن الندیم تھے جو "نزہۃ الخواطر" (عربی) کی سی جلیل القدر تصنیف کے مصنف ہیں جو ہندوستان کے مسلمان مشاہیر واعیان علماء ومشائخ اور اہل علم وتصنیف کا آٹھ جلدوں میں سب سے مبسوط تذکرہ ہے۔

اس آبائی مناسبت اور خود اپنے ستھرے علمی ذوق کے علاوہ انھوں نے امیر المومنین حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ اور (مکتوبات امام ربانی کے سلسلہ میں) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت، تعلیم اور اصلاح وتجدید کا گہرا مطالعہ کیا ہے اس لئے اس دعوت کے بہت سے گوشوں اور اس کے بہت سے محاسن وخصوصیات سمجھنے میں ان کو مقابلۃً آسانی ہوئی اور اس سلسلہ میں ان کا اعتراف اہمیت سے خالی نہیں۔

ان خصوصیات کے علاوہ خوش نصیب مؤلف کو اللہ کی بخشی ہوئی کچھ اور خاص صلاحیتیں بھی حاصل ہیں، جن کا جوہر تو غالباً ان کی فطرت میں پہلے سے موجود تھا، لیکن ان کا نشو ونما میرے خیال میں مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں آمد ورفت اور ان کیساتھ قلبی تعلق سے ہی ہوا ہے اور ان ہی اندرونی خصوصیات نے حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت کی معرفت کو ان کے لئے زیادہ آسان کیا جس کا اندازہ ناظرین کرام انشاء اللہ اس سیرت کے مطالعہ سے کرسکیں گے۔

مقدمہ نگار، قارئین کرام سے رخصت ہونے سے پہلے مختصر مختصر چند باتیں اور بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ہے۔

(الف) مؤلف کتاب اپنی خاص صلاحیتوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے اگرچہ اپنی اس محنت میں یقیناً بہت زیادہ کامیاب ہوئے ہیں، اور بلاشبہ

اگر کوئی دوسرا اس کام کو کرتا تو میرے خیال میں وہ ہرگز اس درجہ میں کامیاب نہ ہو سکتا، تاہم یہ حقیقت ہے کہ جنھوں نے صاحبِ سوانح رحمۃ اللہ علیہ کو قریب سے اور غور سے نہیں دیکھا وہ اِس کتاب سے جو کچھ اندازہ کریں گے وہ اصلیت اور حقیقت سے بہت کم ہوگا۔ خود راقم سطور کو بھی زیادہ قریب سے اور زیادہ غور سے مولٰنا مرحوم کو دیکھنے کا موقع اُن کی آخری علالت ہی میں ملا اور یہ واقعہ ہے کہ ہر اگلے دن یہ محسوس ہوتا تھا کہ کل ہم نے مولانا کے متعلق جو کچھ سمجھا تھا مولانا اس سے بھی بہت بلند ہیں، عصرِ حاضر کے ایک بڑے عارف، بلکہ یقین و معرفت کے ایک امام نے حضرت مولٰناؒ کی وفات سے قریباً ساڑھے چار مہینے پہلے ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا تھا کہ: "یہ (مولانا) آج کل ہزاروں میل روزانہ کی رفتار سے جا رہے ہیں۔" اُس وقت تو میں اِن الفاظ کا مطلب کچھ نہیں سمجھ سکا لیکن بعد میں حضرتؒ کے احوال کے مُطالعہ سے کچھ سمجھ میں آیا کہ ان کا اشارہ کس ارتقائی پرواز کی طرف تھا۔

مولانا مرحوم اپنی دعوت و تحریک کے متعلق کبھی کبھی فرمایا کرتے تھے کہ یہ "قرنِ اول کا ہیرا ہے"۔ مگر مجھے یہ کہنے میں کوئی مُبالغہ محسوس نہیں ہوتا کہ مولٰنا خود اس چودھویں صدی میں قرنِ اول کے خزانۂ عامرہ کا ایک موتی تھے بعض سلف کے متعلق بہت سی چیزیں ہم کتابوں میں ایسی پڑھتے ہیں جن کو باور کرنے میں مادیت سے مغلوب طبیعتوں پر بڑا بوجھ پڑتا ہے۔ لیکن مولانا مرحوم کے اندر اسی قسم کی چیزیں آنکھوں سے دیکھ کر بحمد اللہ ایسا انشراح اور اطمینان نصیب ہوا جو شاید صدہا دلیلوں سے نصیب نہ ہوتا۔ روم کے عارف نے ایسوں ہی کے حق میں کہا ہے ؎

اے لقائے تو جوابِ ہر سوال　　　مشکل از تو حل شود بے قیل و قال

(ب) مولانا مرحوم یا ان کے بعض اکابرِ خاندان کے کچھ ایسے احوال بھی

اس کتاب میں ناظرین کرام ملاحظہ فرمائیں گے جن کو آج کل کی تنگ ذہنیتیں اور کوتاہ نظریں شاید بعید از عقل و قیاس سمجھیں، لیکن اس قسم کے جو احوال و واقعات اس کتاب میں مؤلف نے درج کئے ہیں یہ عموماً وہی ہیں جو موجب یقین و اطمینان ذرائع علم سے معلوم ہوئے ہیں۔

(ج) یہ حقیقت بھی ناظرین کرام کے پیش نظر رہنی چاہئے کہ مؤلف کتاب کسی قدر تفصیل کے ساتھ مولانا مرحوم کی زندگی کے صرف وہی واقعات و سوانح لکھ سکے ہیں جو کبھی کبھی کسی سفر کی ہمرکابی یا نظام الدین کی حاضری کے موقع پر خود ان کے سامنے پیش آئے۔ اسی بنیاد پر آخری مرض کے اخیر ایام کے حالات اور سفر لکھنؤ کے واقعات وہ اچھی خاصی تفصیل سے لکھ سکے ہیں حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ مولانا مرحوم کی زندگی کا بڑا حصہ ایسا ہی گزرا ہے۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اگر مؤلف کتاب کو اس پورے زمانہ میں رفاقت حاصل رہی ہوتی تو کتاب کی ضخامت کتنی ہوتی اور اس قسم کے وقائع و معلومات کا کس قدر مفید اور قیمتی مواد اس میں ہوتا، تاہم جو کچھ اس میں آگیا ہے غور و فکر اور اللہ کی دی ہوئی بصیرت سے کام لینے والوں کے لئے بہت کچھ ہے۔

(د) جیسا کہ ناظرین کرام کو کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوگا یہ کتاب صاحب سوانح کی شخصیت کے تعارف سے زیادہ ان کی دعوت کی توضیح اور تاریخ پر مشتمل ہے اور ایسا ہونا بھی ناگزیر تھا۔ کیوں کہ جب کسی ایسے شخص کی سوانح لکھی جائے گی جس نے اپنی شخصیت کو اپنی دعوت میں اس طرح فنا کر دیا ہو تو لامحالہ وہ شخصی احوال سے زیادہ دعوت کے متعلقات پر مشتمل ہوگی نیز مؤلف کا اصلی اور اولین مقصد بھی اس محنت و کاوش سے یہی ہے کہ ہمارے ناظرین کی دنیا مولانا مرحوم کی تجدیدی دعوت اور ان کے حیات بخش پیغام سے

آشنا ہو۔

مقدمہ نگار نے ناظرین کا بہت وقت لے لیا، لیکن کتاب و صاحب کتاب کے متعلق یہ چند لفظ ضروری تھے، مقدمہ نگار سامنے سے ہٹا جاتا ہے۔ کتاب آپ کے سامنے ہے، لیکن یہ کتاب صرف پڑھ کر رکھ دینے کی نہیں یہ سراپا دعوت ہے ناظرین اگر سامعین بن جائیں تو سروش غیب کی آواز کانوں میں آئے گی۔

گوئے توفیق و سعادت درمیاں افگندہ اند

کس بمیداں در نمی آید سواراں راچہ شد

یہ خالص دینی جد و جہد کے ایک نئے دور کا آغاز ہے کام مدتوں کا چھوٹا ہوا ہے، جو لوگ ہمت کر کے آگے بڑھیں گے ان کی سعادت کا کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا، صرف وقت اور اللہ کی دی ہوئی قوت کے صرف و استعمال کا سوال ہے اور سودا ایسا ہے کہ جان کی قیمت میں بھی سستا ہے۔ بقول حضرت مفتی صدرالدین خاں آزردہ:۔

اے دل تمام نفع ہے سودائے عشق میں

ایک جان کا زیاں ہے سو ایسا زیاں نہیں

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

۹ر جمادی الثانیہ ۱۳۶۴ھ

طبع دوم کے لئے نظر ثانی اور ترمیم کی تاریخ

۲۷ر ربیع الثانی ۱۳۶۵ھ

(۳۰ر مارچ ۱۹۴۶ء)

تاریخ کتابت عکسی یکم جنوری ۱۹۸۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

خاندان، ماحول، نشوونما، تعلیم و تکمیل

مولانا محمد اسمٰعیل صاحبؒ آج سے[1] ۱۰۰ برس پہلے کی بات ہے، دہلی کے باہر حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مرقد کے قریب جو نسٹھ کھمبے کے نام سے جو تاریخی عمارت ہے، اُس کے سُرخ پھاٹک پر ایک عمارت میں ایک بزرگ رہا کرتے تھے جن کا نام مولانا محمد اسمٰعیل صاحب تھا۔

آپ کا قدیم آبائی وطن جھنجھانہ ضلع مظفر نگر تھا، لیکن پہلی بیوی کے انتقال کے بعد آپ نے مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلویؒ کے خاندان میں (جو آپ کے یک جدی تھے) عقد ثانی کر لیا تھا جس کی وجہ سے کاندھلہ برابر آمد و رفت رہتی تھی اور وہ بھی وطن کی طرح ہو گیا تھا۔

جھنجھانہ اور کاندھلہ کا یہ خاندان صدیقی شیوخ کا معتبر گھرانہ تھا جس میں

[1] تقریباً ۱۸۶۷ء

علم اور دین داری پشتہا پشت سے چلی آرہی تھی، اور ان اطراف میں خاص عزت واعتبار کی نظر سے دیکھا جاتا تھا، چھ پشت اوپر (مولوی محمد شریف پر) مولانا محمد اسمٰعیل صاحبؒ اور مفتی صاحبؒ کا نسب مل جاتا ہے۔ سلسلۂ نسب اس طرح ہے:۔

مولانا اسمٰعیل بن غلام حسین بن حکیم کریم بخش بن حکیم غلام محی الدین بن مولوی محمد ساجد بن مولوی محمد فیض بن مولوی محمد شریف بن مولوی محمد اشرف بن شیخ جمال محمد شاہ بن شیخ بابن شاہ بن شیخ بہاء الدین شاہ بن مولوی شیخ محمد بن شیخ محمد فاضل بن الشیخ قطب شاہ [1]

مفتی الٰہی بخش صاحبؒ اور ان کا خاندان

مفتی الٰہی بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ عبد العزیز علیہ الرحمۃ کے ممتاز ترین تلامذہ میں سے تھے، اپنے زمانہ کے نامور صاحبِ فتویٰ و تدریس اور صاحبِ تصنیف تھے، کامل طبیب تھے اور علومِ عقلیہ ونقلیہ میں اعلیٰ دستگاہ اور عربی فارسی اور اردو نظم پر اُستادانہ قدرت رکھتے تھے جس کی شاہد اُن کی شرح بانت سعاد ہے، جس میں حضرت کعبؓ کے ہر عربی شعر کا ترجمہ عربی فارسی اور اردو شعر میں کیا ہے۔ عربی فارسی کی تقریباً چالیس تصانیف یادگار ہیں، شیم الحبیب اور مثنوی مولانا روم کا تکملہ سب سے زیادہ مشہور ہے۔

مفتی صاحبؒ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ سے بیعت تھے، اخلاص وللّٰہیت کی کھلی ہوئی دلیل یہ ہے کہ شیخِ وقت ہونے کے باوجود ۶۰، ۶۵ برس

---

[1] نسب نامہ خاندانی رسالہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی۔

کی عمر میں اپنے شیخ کے جواں سال خلیفہ حضرت سید احمد شہید سے بیعت ہوئے جو مفتی صاحب سے تقریباً ۳۸ سال چھوٹے تھے اور اس سن و سال اور بزرگی اور شہرت کے باوجود آپ سے استفادہ کرنے میں تامل نہیں کیا[1]

مفتی صاحبؒ کی ولادت ۱۱۶۲ھ میں ہوئی اور ۱۲۴۵ھ میں ۸۳ سال کی عمر میں انتقال فرمایا، آپ کے صاحبزادے اور پوتے سب ذہین و ذکی ذی علم و باکمال اور صاحب وجاہت تھے، ذہن و ذکاوت علم و ادب سے فطری مناسبت اور خدا کی طرف رجوع و انابت اس خاندان کی خصوصیات ہیں، مولوی ابوالحسن صاحبؒ جن کی مثنوی گلزار ابراہیم (جو ان کی مشہور تالیف بحر حقیقت کا ایک جز ہے) بڑی مقبول عارفانہ مثنوی ہے جو ابھی کچھ مدت پہلے گھر گھر پڑھی جاتی تھی[2] ان کے صاحبزادے مولوی نور الحسن صاحبؒ اور ان کے چاروں صاحبزادے مولوی ضیاء الحسن صاحب مولوی اکبر صاحب، مولوی سلیمان صاحب، حکیم مولوی ابراہیم صاحب اس خانوادے کے نامور فرزند ہیں۔

مولانا مظفر حسینؒ مفتی صاحب کے حقیقی بھتیجے مولانا مظفر حسینؒ جو حضرت شاہ اسحٰق صاحبؒ کے نہایت عزیز شاگرد، حضرت شاہ محمد یعقوبؒ کے مجاز اور حضرت سید صاحبؒ اور ان کے رفقاء کے دیکھنے والے تھے، اپنے زمانے کے بڑے صلحاء

---

[1] مفتی صاحب نے سید صاحبؒ کے طریقہ و اذکار میں ایک کتاب بھی لکھی ہے جس کا نام ملہمات احمدیہ ہے۔

[2] حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ مجھے اس طریق (معرفت و سلوک) کا شوق اسی مثنوی سے پیدا ہوا۔ (بروایت حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

میں سے تھے تورع وتقویٰ آپ کا خاص جوہر تھا، مشہور و مسلم بات ہے کہ اُنکے
معدہ نے کبھی کوئی مشتبہ چیز قبول نہیں کی، ان کی تواضع، استقامت اور نماز
کے واقعات اِس جوار واطراف میں ابھی تک لوگوں کو یاد ہیں اور وہ قرونِ اولیٰ
کی یاد تازہ کرتے ہیں [1]

مولانا مظفر حسین صاحبؒ کی نواسی مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کے عقد میں
تھیں، یہ آپکا نکاح ثانی تھا جو ۱۳ رجب ۱۲۸۵ھ (۳۰ اکتوبر ۱۸۶۸ء) کو ہوا تھا۔

مولانا اسمٰعیل صاحبؒ کی زندگی

مولانا اسمٰعیل صاحب مرزا الٰہی بخش صاحب (جو بہادر شاہ کے سمدھی تھے) کے بچوں کو پڑھاتے تھے، پھاٹک کے اوپر کے مکان
میں رہتے تھے۔ متصل ہی ایک چھوٹی سی مسجد تھی جسکے سامنے مرزا الٰہی بخش صاحب
کی نشستگاہ تھی جس پر ٹین پڑا ہوا تھا۔ اسی بنا پر اس کو بنگلہ والی مسجد کہتے تھے۔
مولانا اپنی زندگی عزلت و گمنامی اور عبادت میں گزار رہے تھے، خود مرزا
الٰہی بخش صاحب کو ان کے مرتبہ کا احساس اُس وقت ہوا جب مولٰنا کے
مستجاب الدعوات ہونے کا ان کو ذاتی تجربہ ہوا۔

ذکر، عبادت، آئے گئے مسافروں کی خدمت اور قرآن مجید و دین کی تعلیم،
شب وروز کا مشغلہ تھا، خدمت و تواضع کا یہ عالم تھا کہ جو مزدور بوجھ لادے ہوئے
پیاسے اُدھر آنکلتے اُن کا بوجھ اتار کر رکھتے، اپنے ہاتھ سے ڈول کھینچکر اُن کو
پانی پلاتے۔ پھر دو رکعت نماز شکرانہ ادا کرتے کہ اے اللہ تو نے مجھے اپنے بندوں
کی اس خدمت کی توفیق دی، میں اس قابل نہ تھا، عام اجتماع و

---

[1] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ارواحِ ثلثہ صفحہ ۱۴۷ - ۱۵۵، و تذکرۃ الخلیل

ہجوم کے زمانہ میں پانی اور لوٹوں کا خاص اہتمام رکھتے اور رضاء الٰہی اور قربت خداوندی کا ذریعہ سمجھ کر خلق خدا کی راحت رسانی اور خدمت میں مشغول رہتے[1]

مولانا ہر وقت ذاکر و باخدا رہتے تھے، مختلف اوقات و حالات کے متعلق حدیث میں جو اذکار و اوراد آئے ہیں اُن کی پابندی کرتے تھے اور آپ کو اس طرح مرتبۂ احسان حاصل تھا[2]

ایک مرتبہ آپ نے حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے طریق سلوک کے حصول کی خواہش کی، مولانا نے فرمایا کہ آپ کو اسکی حاجت نہیں۔ جو اس طریق اوران ذکر و اذکار کا مقصود ہے وہ آپکو حاصل ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص قرآن مجید پڑھنے کے بعد یوں کہے کہ قاعدۂ بغدادی میں نے نہیں پڑھا اُس کو بھی پڑھ لوں[3]

مولانا کو قرآن مجید کی تلاوت اور ورد سے خاص شغف تھا، بڑی تمنا تھی کہ بکریاں چراتا رہوں اور قرآن پڑھتا رہوں۔

رات کو اس کا خاص اہتمام تھا کہ گھر والوں میں سے کوئی نہ کوئی جاگتا رہے۔ ۱۲-۱ بجے تک منجھلے صاحب زادے مولانا یحییٰ صاحبؒ مطالعہ میں مشغول رہتے اسوقت مولانا اسمٰعیل صاحبؒ بیدار ہوجاتے اور مولانا یحییٰ صاحبؒ سوجاتے پچھلے پہر بڑے صاحبزادے مولانا محمد صاحبؒ کو بیدار کر دیتے۔

عام مقبولیت | طبیعت اتنی صلح کل واقع ہوئی تھی کہ کسی کو آپ سے کوئی شکایت

---

[1] روایت مولٰنا محمد الیاس صاحبؒ [2] ایضاً شلشہ۔ [3] روایت مولٰنا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ

نہ تھی، بے ہمہ ایسے تھے کہ اللہ نے باہمہ بنادیا تھا، آپ کی للّٰہیت، خلوص و بے نفسی ایسی آشکارا تھی کہ دہلی کی مختلف الخیال جماعتیں جو اس زمانہ میں ایک دوسرے سے سخت متوحش و متنفر تھیں اور ان میں سے ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے کا روادار نہ تھا اور ان کے پیشواؤں کو آپ پر یکساں اعتماد، اور آپ کی ذات سے بلا اختلاف عقیدت تھی [1]

میوات سے تعلق کی ابتدا میوات سے تعلق بھی آپ کی حیات میں شروع ہوا، اس کی تاریخ یہ ہے کہ ایک مرتبہ آپ تلاش و فکر میں نکلے کہ کوئی مسلمان آتا جاتا نظر پڑے تو اس کو مسجد میں لے آئیں اور اس کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھ لیں۔ چند مسلمان نظر آئے اُن سے پوچھا کہاں جاتے ہو؟ انہوں نے کہا مزدوری کے لئے! کہا کیا مزدوری ملے گی؟ انھوں نے بتایا، فرمایا اگر اتنی مزدوری یہیں مل جائے تو پھر جانے کی کیا ضرورت؟ انھوں نے منظور کر لیا، آپ ان کو مسجد میں لے آئے اور نماز سکھانے اور قرآن پڑھانے لگے، یومیہ مزدوری انکو دیدیتے اور ان کو پڑھنے سیکھنے میں مشغول رکھتے، کچھ دنوں کے بعد نماز کی عادت پڑگئی اور مزدوری چھوٹ گئی، یہ بنگلہ والی مسجد کے مدرسہ کی بنیاد تھی، اور یہ پہلے طالب علم تھے، اس کے بعد ۱۰-۱۲ میواتی طالب علم برابر مدرسہ میں رہتے، اور ان کا کھانا مرزا الٰہی بخش مرحوم کے یہاں سے آتا [2]

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کی وفات اور آپ کی مقبولیت ۴ر شوال ۱۳۱۵ھ ر ۲۶ر فروری ۱۸۹۸ء میں مولانا محمد اسمٰعیل صاحب نے انتقال فرمایا غفر لہٗ، تاریخ

---

[1] روایت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ [2] روایت مولانا احتشام الحسن صاحب کاندھلوی

وفات ہے، آپ نے دہلی شہر میں بہرام کے تراہے کی کھجور والی مسجد میں وفات پائی، مقبولیت عامہ کا اندازہ اس سے ہوگا کہ جنازہ کے ساتھ چلنے والوں کا اتنا ہجوم تھا کہ اگرچہ جنازہ میں دونوں طرف بلّیاں بندھی ہوئی تھیں تاکہ لوگوں کو کاندھا دینے میں سہولت ہو مگر اس کے باوجود بہت سے لوگوں کو دہلی سے نظام الدین تک (جو تقریباً ساڑھے تین میل ہے) کاندھا دینے کا موقع نہیں ملا [1]

جنازہ میں مختلف جماعتوں کے بکثرت لوگ شریک تھے اور مختلف العقیدہ اور مختلف الخیال مسلمان جو کم ایک جگہ جمع ہو سکتے تھے۔ اس موقع پر مجتمع تھے مولانا کے منجھلے صاحب زادے مولانا محمد یحییٰ صاحبؒ فرماتے تھے کہ میرے بڑے بھائی، مولانا محمد صاحبؒ بڑے نرم مزاج اور متواضع بزرگ تھے، مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ کسی بزرگ کی تواضع فرمائیں اور نماز پڑھانے کے لئے اُن کو اشارہ کر دیں اور دوسری جماعت کے لوگ اور ان کے پیشوا ان کے پیچھے نماز نہ پڑھیں، اس طرح اس موقع پر ایک نامناسب صورت پیش آئے اس لئے میں خود آگے بڑھ گیا اور میں نے کہا کہ میں خود نماز پڑھاؤں گا۔ سب نے اطمینان کیساتھ میرے پیچھے نماز پڑھی اور کوئی اختلاف وانتشار نہیں پیدا ہوا [2]

جنازہ میں اتنا ہجوم اور ایسی کثرت تھی کہ لوگوں نے بار بار نماز پڑھی جس کی وجہ سے دفن میں کچھ تاخیر ہوئی، اس عرصہ میں ایک صاحب ادراک

---

[1] از حضرات نظام الدین [2] از شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا فرزند مولانا محمد یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ

بزرگ نے دیکھا کہ مولانا اسمٰعیل صاحب فرماتے ہیں کہ مجھے جلدی رخصت کردو، میں بہت شرمندہ ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کے ساتھ میرے انتظار میں ہیں [1]

مولانا کے صاحبزادے مولانا محمد اسمٰعیل صاحبؒ کے تین صاحبزادے تھے۔ پہلی بیوی سے مولانا محمدؐ صاحب جو سب سے بڑے بھائی تھے اور اپنے والد کے جانشین ہوئے۔ دوسری بیوی سے (جو مولانا مظفر حسین صاحبؒ کی نواسی تھیں اور جن سے پہلی بیوی کے انتقال کے بعد نکاح کیا تھا) دو صاحبزادے مولٰنا محمد یحییٰ صاحب اور مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہم۔

مولانا محمد الیاس صاحب کی ولادت آپ کا خاندانی ماحول اور بچپن مولانا محمد الیاس صاحب کی ولادت ۱۳۰۳ھ میں ہوئی، اختر الیاس تاریخی نام ہے۔

آپ کا بچپن اپنے ننہال کاندھلہ اور اپنے والد صاحب مرحوم کے پاس نظام الدین میں گزرا۔ اس وقت کاندھلہ کا یہ خاندان دین داری کا گہوارہ تھا۔ مرد تو مرد عورتوں کی دین داری، عبادت گزاری، شب بیداری ذکر و تلاوت کے قصے اور ان کے معمولات اس زمانے کے پست ہمتوں کے تصور سے بلند ہیں۔

گھر میں بیبیاں عام طور پر نوافل میں اپنے اپنے طور پر قرآن مجید پڑھتی تھیں اور عزیز مردوں کے پیچھے تراویح و نوافل میں سنتی تھیں۔ رمضان المبارک میں

---

[1] روایت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

قرآن مجید کی عجیب بہار رہتی، گھروں میں جا بجا قرآن مجید ہوتے اور دیر تک اس کا سلسلہ جاری رہتا۔[1]

عورتوں کو اتنا علم اور ذوق تھا کہ قرآن مجید پڑھ پڑھ کر مزہ لیتیں اور نماز کے بعد اپنے مقامات کا ذکر کرتی تھیں، نماز میں ایسی محویت اور استغراق تھا کہ بسا اوقات بعض بیبیوں کو گھر میں پردہ کرانے اور کسی حادثہ وغیرہ میں لوگوں کے آنے جانے تک کا احساس نہ ہوتا۔[2]

قرآن شریف معہ ترجمہ و اردو تفسیر، مظاہر حق، مشارق الانوار، حصن حصین یہ عورتوں کا منتہیانہ نصاب تھا جس کا خاندان میں عام رواج تھا۔ اس وقت گھر کے باہر اور اندر کی مجلسیں اور صحبتیں حضرت سیّد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے قصّوں اور چرچوں سے گرم تھیں، ان بزرگوں کے واقعات مردوں اور عورتوں کی زبانوں پر تھے مائیں اور گھر کی بیبیاں بچّوں سے طوطے مینا کے قصّوں کے بجائے یہی روح پرور واقعات سُناتیں، اور یہ کچھ بہت زیادہ پرانی باتیں نہ تھیں مولانا مظفر حسین صاحب کی آنکھوں دیکھی باتیں اور ان کی صاحبزادی اور عزیزوں کی کانوں سنی حکایات تھیں۔ سننے والوں کو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کل کی باتیں ہیں۔[3]

---

[1] روایت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، [2] مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ، مولانا نے ایک روز اس قسم کے حالات بیان کرنے کے بعد فرمایا یہ وہ گودیں ہیں جن میں ہم نے پرورش پائی اب وہ گودیں دنیا میں کہاں سے آئیں گی [3] مولانا الیاس صاحبؒ نے ایک روز مجھ سے فرمایا کہ آپ کو مجھ سے زیادہ سیّد صاحبؒ کے حالات کا علم نہ ہوگا۔ آپ کی کتاب "سیرۃ سیّد احمد شہیدؒ" سے میری معلومات میں اضافہ نہیں ہوا۔

اُمی بی | مولانا کی نانی بی اَمۃ الرحمٰن جو مولانا مظفر حسین رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی تھیں اور جن کو خاندان میں عام طور پر "اُمی بی" کے نام سے یاد کرتے تھے، ایک رابعہ سیرت بی بی تھیں، ان کی نماز کا یہ حال تھا کہ مولانا نے ایک مرتبہ فرمایا کہ اُمی بی کی نماز کا نمونہ میں نے مولانا گنگوہی کی نماز میں دیکھا[1] (اور مولانا گنگوہی کی نماز اپنے طبقہ میں بھی ممتاز تھی) اخیر زمانہ میں اُن کا یہ حال تھا کہ خود کھانا کبھی طلب نہیں فرماتی تھیں، کسی نے لاکر رکھدیا تو کھالیا، گھر بڑا تھا اگر کام کی کثرت اور زیادتی مشغولیت کی وجہ سے خیال نہ آیا تو بھوکی بیٹھی رہیں، ایک مرتبہ کسی نے کہا کہ آپ ایسے ضعف کی حالت میں کیسے بے کھائے رہتی ہیں؟ فرمایا الحمد للہ میں تسبیحات سے غذا حاصل کرلیتی ہوں ![2]

مولانا کی والدہ ماجدہ | مولانا کی والدہ محترمہ بی صفیہ بڑی جیّد حافظہ تھیں انہوں نے قرآن مجید شادی کے بعد مولانا یحییٰ صاحب کی شیر خوارگی کے زمانہ میں حفظ کیا تھا، اور ایسا اچھا یاد تھا کہ معمولی حافظ ان کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتا تھا معمول تھا کہ رمضان میں روزانہ پورا قرآن مجید اور دس پارے مزید پڑھ لیا کرتی تھیں۔ اس طرح ہر رمضان میں چالیس قرآن مجید ختم کرتی تھیں[3] روال اتنا تھا کہ گھر کے کام کاج اور انتظامات میں فرق نہ آتا۔ بلکہ اہتمام تھا کہ تلاوت کے وقت ہاتھ سے کچھ نہ کچھ کام کرتی رہتیں، رمضان کے علاوہ امور خانہ داری کے ساتھ روزانہ کے معمولات یہ تھے:۔

---

[1] مولانا محمد یوسف صاحب بواسطہ مولانا محمد الیاس صاحبؒ [2] مولانا محمد الیاس صاحبؒ۔ [3] تذکرۃ الخلیل

درود شریف پانچ ہزار[۵۰۰۰]، اسم ذات اللہ۔ پانچ ہزار[۵۰۰۰]، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم انیس سو[۱۹۰۰]، یا مغنی گیارہ سو[۱۱۰۰]، لا الٰہ الا اللہ بارہ سو[۱۲۰۰]، یا حیّ یا قیوم دو سو[۲۰۰]، حسبی اللہ ونعم الوکیل پانچسو[۵۰۰]، سبحان اللہ دو سو[۲۰۰]، الحمد للہ دو سو[۲۰۰]، لا الٰہ الا اللہ دو سو[۲۰۰]، اللہ اکبر دو سو[۲۰۰]، استغفار پانچ سو[۵۰۰]، افوض امری الی اللہ سو[۱۰۰]، حسبنا اللہ ونعم الوکیل سو[۱۰۰]، رب انی مغلوب فانتصر سو[۱۰۰]، رب انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین سو[۱۰۰]، لا إلٰہ الا انت سبحانک اِنی کنتُ من الظالمین سو[۱۰۰]،

اِس کے علاوہ قرآن مجید کی ایک منزل روزانہ تلاوت کا معمول تھا[۱]

مکتبی تعلیم اور بچپن کا رنگ خاندان کے دوسرے عزیز بچّوں کی طرح آپ بھی قرآن شریف اور مکتب کی ابتدائی تعلیم حاصل کرتے رہے، اور خاندانی دستور کے مطابق قرآن شریف حفظ کر لیا۔ قرآن شریف کے حفظ کا، خاندان میں ایسا عام رواج تھا کہ خاندان کی مسجد کی ڈیڑھ صف میں مؤذن کے سوا کوئی غیر حافظ نہ ہوتا۔

امی بی مولانا پر بہت شفیق تھیں، فرمایا کرتی تھیں کہ اختر مجھے تجھ سے صحابہؓ کی خوشبو آتی ہے، کبھی پیٹھ پر محبت سے ہاتھ رکھکر فرماتیں کیا بات ہے کہ تیرے ساتھ مجھے صحابہؓ کی سی صورتیں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں[۲]

مولانا محمد الیاس صاحب میں ابتدا سے صحابۂ کرامؓ کی والہانہ شان کی ایک ادا اور ان کی دینی بے قراری کی ایک جھلک تھی جس کو دیکھ کر مولٰنا محمود حسن

---

[۱] تذکرۃ الخلیل بحوالہ مولٰنا محمد یحیٰی صاحب۔ [۲] مولٰنا محمد الیاس صاحب۔

صاحب رحمۃ اللہ علیہ (شیخ الہندؒ) بھی فرمایا کرتے تھے کہ میں جب مولوی الیاس کو دیکھتا ہوں تو مجھے صحابہؓ یاد آجاتے ہیں [1]

دین کی حمیت جس نے آگے چل کر منظم شکل اختیار کرلی، آپ کی فطرت میں ودیعت تھی۔ دینی ماحول اور بزرگوں کے واقعات و روایات نے اس چنگاری کو ہوا دی۔ بچپن ہی میں آپ سے بعض اوقات ایسی چیزوں کا اظہار ہوتا تھا کہ عام بچوں کی سطح سے اونچی ہیں۔ آپ کے ہم عمر و ہم مکتب ریاض الاسلام صاحب کاندھلوی بیان کرتے ہیں کہ جب ہم مکتب میں پڑھتے تھے، ایک دن آپ لکڑی لے کر آئے اور کہا آؤ میاں ریاض الاسلام چلو بے نمازیوں پر جہاد کریں۔

گنگوہ کا قیام | شوال ۱۳۱۱ھ میں آپ کے منجھلے بھائی مولانا محمد یحییٰ صاحب حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کی خدمت میں گنگوہ چلے گئے اور وہیں کا قیام اختیار کیا [2]

مولانا محمد الیاس صاحب اپنے والد ماجد کے پاس نظام الدینؒ اور

---

[1] مولانا محمد الیاس صاحب۔ [2] مولانا گنگوہیؒ نے مولانا خلیل احمد صاحب کی خاص سفارش اور مولانا یحییٰ صاحب کی خاطر سے عرصے کے بعد درس حدیث جاری کیا یہ مولانا کا آخری درس تھا جسکی رونق اور روح رواں مولوی یحییٰ صاحب ہی تھے، جبتک باہر رہتے درس رکا رہتا۔ مولانا کا ایسا اعتماد اور دل میں جگہ حاصل کی کہ پیشکار ہوگئے تھوڑی دیر کے لئے کہیں جاتے تو مولانا بے چین ہوکر فرماتے کہ مولوی یحییٰ نابینا کی لاٹھی ہیں۔ (ملاحظہ ہو تذکرۃ الرشید و تذکرۃ الخلیل)

کبھی کبھی ننہال کاندھلہ میں رہا کرتے تھے۔ نظام الدین میں والد صاحب کی شفقت اور اپنی عبادات میں مشغولی کی کثرت کی وجہ سے تعلیم جیسی ہونی چاہیئے تھی نہیں ہو رہی تھی۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب نے والد صاحب سے عرض کیا کہ بھائی کی تعلیم معقول نہیں ہو رہی ہے۔ میں ان کو اپنے ساتھ گنگوہ لیجاتا ہوں والد صاحب نے اجازت دیدی اور آپ بھائی کے ہمراہ ۱۳۱۴ھ یا شروع ۱۳۱۵ھ میں گنگوہ آگئے اور بھائی سے پڑھنا شروع کر دیا [1]

گنگوہ اس وقت صلحاء و فضلاء کا مرکز تھا، ان کی اور خود حضرت مولانا رشید احمد صاحب کی صحبت اور مجالس کی دولت مولانا محمد الیاس صاحب کو شب و روز حاصل تھی، دینی جذبات کی پرورش، نیز دین کی سمجھ اور اس کا سلیقہ پیدا کرنے میں ان کیمیا اثر صحبتوں اور مجالس کو جو دخل ہے وہ اہل نظر سے پوشیدہ نہیں، مولانا کی دینی اور روحانی زندگی میں اس ابتدائی ماحول کا فیض برابر شامل رہا، انسان کی زندگی میں مقام و ماحول کا اثر قبول کرنے کا جو بہترین زمانہ ہو سکتا ہے مولانا محمد الیاس صاحب کا وہ زمانہ گنگوہ میں گزرا۔ جب گنگوہ آئے تو دس گیارہ سال کے بچے تھے۔ جب ۱۳۲۳ھ میں مولٰنا گنگوہی نے وفات پائی تو بیس سال کے جوان تھے۔ گویا دس برس کا عرصہ مولٰنا کی صحبت میں گزرا [2]

مولٰنا محمد یحییٰ صاحب کامل استاد اور مُربی تھے۔ وہ اس بات کا خاص

---

[1] شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب۔ [2] ایضاً۔

اہتمام رکھتے تھے کہ ہونہار بھائی ان صحبتوں اور مجلسوں کے فیوض سے پورے طور پر مستفید ہو، مولانا محمد الیاس صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جب حضرت گنگوہیؒ کے خاص فیض یافتہ اور تعلیم یافتہ، علماء گنگوہ آتے تو بعض اوقات بھائی میرا درس بند کر دیتے اور کہتے اب تمہارا درس یہ ہے کہ تم ان حضرات کی صحبت میں بیٹھو اور ان کی باتیں سنو!

مولانا گنگوہیؒ سے بیعت و تعلق

مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ بالعموم بچوں اور طالب علموں کو بیعت نہیں کرتے تھے فراغت اور تکمیل کے بعد اسکی اجازت ہوتی تھی مگر مولانا الیاس صاحب کے غیر معمولی حالات کی بنا پر ان کی خواہش و درخواست پر بیعت کر لیا [1]

مولانا کی فطرت میں شروع سے محبّت کی چنگاری تھی۔ آپ کو حضرت مولانا رشید احمد صاحب سے ایسا قلبی تعلق پیدا ہو گیا تھا کہ آپ کے بغیر تسکین نہ ہوتی فرماتے تھے کہ کبھی کبھی رات کو اٹھ کر صرف چہرہ دیکھنے کے لئے جاتا، زیارت کرکے پھر آکر سو رہتا، حضرت کو بھی آپ کے حال پر ایسی ہی شفقت تھی، فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ میں نے بھائی سے کہا کہ اگر حضرت اجازت دیدیں تو میں حضرت کے قریب بیٹھ کر مطالعہ کیا کروں مولانا محمد یحییٰ صاحب نے حضرت مولانا سے ذکر کیا فرمایا مضایقہ نہیں، الیاس کی وجہ سے میری خلوت میں فرق اور طبیعت میں انتشار نہیں پیدا ہوگا۔

---

[1] روایت شیخ الحدیث

مولانا فرماتے تھے کہ جب میں ذکر کرتا تھا تو مجھے ایک بوجھ سا محسوس ہوتا تھا حضرت سے کہا تو حضرت متغیر ہو گئے اور فرمایا کہ مولانا محمد قاسم صاحب نے بھی شکایت حاجی صاحب سے فرمائی تو حاجی صاحب نے فرمایا کہ اللہ آپ سے کوئی کام لیگا۔

مولانا محمد یحییٰ صاحبؒ کا طرزِ تعلیم | مولانا محمد یحییٰ صاحب تعلیم میں مجتہدانہ طرز رکھتے تھے، ابتدائی تعلیم میں درسی کتب اکثر نہیں پڑھاتے تھے بلکہ خود اصول و قواعد لکھوا کر سہ حرفی دو حرفی لفظ بتاتے تھے کہ ان کی گردانیں اور تعلیلیں بناؤ، ادب پر ابتدا ہی سے زور تھا، ابتدا شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی چہل حدیث اور پارۂ عم سے کرتے تھے، فرماتے تھے کہ مسلمان بچّہ کو پارۂ عم تو یاد ہوتا ہی ہے، لفظ یاد کرنے نہ پڑیں گے صرف معنی یاد کرنے ہوں گے، فرماتے تھے کہ ویسے بھی قرآن وحدیث کے الفاظ میں برکت ہے۔

استعداد آفرینی اور قوتِ مطالعہ کی طرف مولانا کی اصل توجہ تھی، کتابوں کے اختتام کی بھی پابندی نہ تھی، عموماً بے حاشیہ اور شرح کی کتاب طالب علم کو پڑھنے کے لئے دیتے اور درمیان میں سہارا نہ دیتے جب اس کا اطمینان ہو جاتا کہ طالبعلم بے اُستاد کے ٹوکے کتاب کے کئی صفحے اچھی طرح سمجھ اور سمجھا سکتا ہے تب دوسری کتاب شروع کراتے۔ عربیت اور استعداد کی پختگی کی طرف خاص توجہ تھی، مولانا کے شاگردوں میں "اتقان" پیدا ہو جایا کرتا تھا[1]

علالت، تعلیم کا انقطاع اور دوبارہ اجراء | آپ ابتدا سے نحیف و لاغر تھے۔ اسی گنگوہ کے قیام میں آپ کی صحت خراب ہو گئی، دردِ سر کا ایک خاص قسم کا دورہ پڑا جسکی

---

[1] شیخ الحدیث

وجہ سے مہینوں سر کا بھی جھکانا حتیٰ کہ تکیہ پر سجدہ کرنا بھی ناممکن تھا۔[1] مولانا گنگوہی کے صاحبزادے حکیم مسعود احمد صاحب معالج تھے۔ اور ان کا خصوصی طرز یہ تھا کہ بعض امراض میں پانی بہت دنوں کے لئے چھڑا دیتے۔ بہت کم لوگ اس پرہیز کو برداشت کرسکتے اور زیادہ مدت کے لئے پانی چھوڑ سکتے تھے۔ مگر مولانا نے اپنے مخصوص مزاج (اصول کی پابندی اور اطاعت) کے مطابق معالج کی پوری اطاعت کی، اور اپنی خداداد قوت ارادی اور عزیمت سے (جو انکی پوری زندگی میں جلوہ گر رہی ہے) پانی سے پورا پرہیز کیا اور سات برس کامل پانی نہیں پیا،[2] اس کے بعد بھی پانچ برس تک برائے نام پانی پیا۔

اس شدید علالت اور خاص طور پر دماغی کمزوری کیوجہ سے سلسلۂ تعلیم منقطع ہوگیا، اس کے دوبارہ جاری ہونے کی امید نہ تھی، لیکن مولانا کو تعلیم کے نامکمل رہ جانے کا بڑا غم تھا اور اس کی بیکلی رہتی تھی، آپ کا پڑھنے کیلئے اصرار تھا اور ہمدردوں کا مشورہ تھا کہ مسلسل آرام کریں۔ مولانا فرماتے تھے کہ ایک روز بھائی نے کہا کہ آخر پڑھ کر ہی کیا کروگے؟ میں نے کہا جی کرکیا کرونگا! اسی اصرار وطلب کی بنا پر آپکو پڑھنے کی اجازت ہوگئی اور سلسلۂ تعلیم پھر جاری ہوگیا۔

مولانا گنگوہیؒ کی وفات ۱۳۲۳ھ میں حضرت مولانا رشید احمد صاحب نے انتقال فرمایا۔ مولانا محمد الیاس صاحب بالیں پر موجود تھے اور سورۂ یٰسین پڑھ رہے تھے[3]

---

[1] شیخ الحدیث۔ [2] یہ بات میں نے خود مولانا کی زبان سے سُنی ہے اور شیخ الحدیث اور ان کے خاندان کے تمام بزرگوں سے بتواتر سننے میں آیا ہے۔ [3] مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ۔

اس حادثہ کا آپ کے اثر پذیر قلب پر جو اثر ہوا، اس کا اندازہ اس سے ہوگا کہ فرماتے تھے کہ دو ہی غم میری زندگی میں سب سے بڑھ کر ہوئے ایک والد کا انتقال، ایک حضرت کی وفات، اور فرمایا "حضرت ہم تو ساری عمر کا رونا اسی روز رو لیے جس روز حضرت دُنیا سے رخصت ہوئے۔"

حدیث کی تکمیل ۱۳۲۶ھ میں آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حلقۂ درس میں شرکت کے لئے دیوبند تشریف لے گئے اور ترمذی اور بخاری شریف کی سماعت کی [۱]

دیوبند کی شرکت درس کے کئی سال بعد، چار مہینے میں آپ نے اپنے بھائی مولانا محمد یحییٰ صاحب سے پھر حدیث کا دورہ کیا [۲]

مولانا خلیل احمد صاحب سے رجوع اور تکمیل سلوک حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ کی وفات کے بعد آپ نے شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب سے درخواست

---

[۱] روایت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی (جو مولانا کے رفیق درس ہیں)

[۲] اس کی دل چسپ تاریخ جو شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نے سنائی، یہ ہے کہ ایک سرحدی عالم مولوی شیر محمد نام مولانا ماجد علی صاحب وغیرہ سے معقولات کی تکمیل کر کے وطن گئے تھے، وہاں عین انکی شادی کے روز کسی طالب علم نے ان سے ابن ماجہ پڑھنے کی درخواست کی انھوں نے شرمندگی کے ساتھ کہا کہ بھائی میں نے سارا وقت معقولات کی تحصیل میں صرف کیا اور حدیث کی تعلیم بالکل حاصل نہیں کی۔ البتہ حدیث کا ایک اُستاد (مولوی محمد یحییٰ صاحب مراد ہیں) دیکھکر آیا ہوں اب واپس جاکر ان سے پڑھ کر آؤں تو تم کو پڑھاؤں! بیوی سے اُنھوں نے چار مہینے کا وعدہ کیا اور گنگوہ روانہ ہوگئے، یہاں آکر انھوں نے مولانا محمد یحییٰ صاحب سے پڑھنا شروع کیا۔ مولانا محمد الیاس صاحب ان کے رفیق درس تھے، عبارت بھی اکثر مولانا محمد یحییٰ صاحب اور مولانا الیاس صاحب پڑھتے تھے، رات بھر درس ہوتا تھا اور حضرات تو دن کو سوتے مگر ولایتی مولوی صاحب کو بہت کم سوتا دیکھا گیا، مطالعہ کے انہماک و استغراق کا حال یہ تھا کہ کھانا لانے والے سے کہدیا تھا کہ روٹی رکھ جایا کرو اور سالن لیجایا کرو، مولوی صاحب کتاب کا مطالعہ کرتے جاتے اور روٹی کا لقمہ توڑ کر منہ میں رکھ لیتے۔

کی، آپ نے مولانا خلیل احمد صاحب سے رجوع کا مشورہ دیا[1]۔ چنانچہ آپ نے مولانا سہارنپوری سے اپنا تعلق قائم کر لیا اور آپ کی نگرانی و رہنمائی میں منازل سلوک طے کئے۔

عبادت و نوافل کا انہماک | گنگوہ کے قیام کے دوران میں حضرت مولانا رشید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد زیادہ سکوت اور مراقبہ طاری رہتا تھا، شاید سارے دن میں کوئی ایک بات کرتے ہوں، شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب فرماتے ہیں کہ ہم لوگ اسی زمانہ میں ان سے ابتدائی فارسی پڑھتے تھے ان دنوں ان کا دستور یہ تھا کہ حضرت شاہ عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ کے پیچھے ایک بوریہ پر بالکل خاموش دوزانو بیٹھے رہتے تھے، ہم لوگ حاضر ہوتے اور کتاب ان کے سامنے رکھکر انگلی کے اشارہ سے سبق کی جگہ ان کو بتلا کر سبق شروع کر دیتے تھے اور فارسی شعر پڑھتے تھے اور ترجمہ کرتے تھے، جہاں ہم نے غلط پڑھا انگلی کے اشارہ سے انھوں نے کتاب بند کر دی اور سبق ختم، اس کا مطلب یہ ہوتا کہ دوبارہ مطالعہ دیکھکر لاؤ۔

نیز اس زمانہ میں نوافل کا بھی بیحد زور تھا، مغرب کے بعد عشا سے کچھ پہلے تک نوافل میں مشغول رہتے، اس وقت آپ کی عمر ۲۰-۲۵ سال کے درمیان تھی۔

جذب و شوق کی ایک مثال | جذب و شوق مولانا کے خمیر میں تھا اور اس کے بغیر ترقی مشکل ہے۔ اسی جذب و خود فراموشی نے جسم کی لاغری اور قویٰ کی کمزوری کے باوجود اتنا عظیم الشان اور حیرت انگیز کام کرا دیا جو ان کی جسمانی حالت سے

---

[1] مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ذرا مطابقت نہیں رکھتا۔

ایک مرتبہ آخری علالت میں یہ واقعہ بیان کیا[1] کہ ایک مرتبہ میں ایسا بیمار تھا اور اتنا کم زور ہو رہا تھا کہ بالاخانہ سے نیچے نہیں اتر سکتا تھا، اتنے میں یہ خبر سنی کہ حضرت سہارنپوری دہلی تشریف لائے ہیں، بس بے اختیار اسی وقت پیدل دہلی روانہ ہوگیا۔ یہ یاد بھی نہیں رہا کہ میں اس قدر بیمار اور کمزور تھا کہ بالاخانہ سے اُترنا دشوار تھا۔ دہلی کے راستہ میں مجھے یاد آیا۔

دوسرے مشائخ اور بزرگوں سے تعلق اس عرصہ میں دوسرے مشائخ اور مولانا گنگوہی کے دوسرے خلفاء سے عقیدت مندی اور صحبت واستفادہ کا تعلق برابر قائم رہا، شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری، مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی سے ایسا تعلق تھا کہ فرماتے تھے یہ حضرات میرے جسم وجان میں بسے ہوئے تھے اور ان حضرات کو بھی مولانا کی امتیازی خصوصیت کی وجہ سے خصوصی محبت اور لحاظ تھا۔

مجاہدانہ جذبات ذکر واشغال، نوافل وعبادات کے ساتھ شروع سے مجاہدانہ جذبات سینہ میں موجزن تھے اور جاننے والے جانتے ہیں کہ اس جذبۂ شوق اور اس عزم ونیت سے آپ کی زندگی کا کوئی دور خالی نہیں رہا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر بیعتِ جہاد کی۔

---

[1] واقعہ بیان کرنے کی تقریب یہ ہوئی کہ قاری اسحٰق صاحب دہلوی (جو جناب مفتی عزیزالرحمٰن صاحب نقشبندی دیوبندی کے خلیفہ ہیں) مرض وفات میں عیادت کے لئے آئے اور فرمایا کہ میں بالکل آنے کے قابل نہ تھا ایک محبت اور شوق تھا جو یہاں لے آیا۔ فرمایا حضرت جذبۂ شوق میں بڑی قوت ہے اس پر اپنا یہ واقعہ بیان فرمایا۔

بزرگوں کی نگاہ میں آپ کی وقعت | ابتدا ہی سے خاندان کے بزرگوں اور مشائخ وقت کی نگاہ میں خاص عزت رکھتے تھے اور کم سنی کے باوجود بڑے بڑے معمر بزرگ آپ کا وقار و لحاظ کرتے تھے۔ مولانا محمد یحییٰ صاحب باپ کی جگہ پر تھے۔ مگر آپ کا برتاؤ بھی چھوٹے بھائی کے ساتھ ایسا تھا جیسا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عثمانؓ کے ساتھ تھا۔

شروع سے چونکہ نحیف و زار تھے اس لئے جسمانی مشقت کے کاموں میں حصہ نہ لے سکتے تھے اور مطالعہ و ذکر و عبادت ہی میں زیادہ وقت صرف ہوتا تھا، مولانا یحییٰ صاحب اس کے برعکس بیحد مشغول و جفاکش تھے، آپکا تجارتی کتب خانہ تھا جس کے تمام کام بڑی دلچسپی اور انہماک سے انجام دیتے اور یہ ان بھائیوں کا ذریعہ معاش بھی تھا، ایک روز کتاب خانہ کے منتظم نے جو مولانا یحییٰ صاحب کے بڑے مخلص اور ہمدرد تھے، ازراہِ ہمدردی کہا کہ مولوی الیاس کتاب خانہ کے کاموں میں کچھ ہاتھ نہیں بٹاتے۔ کوئی خدمت ان کے ذمہ بھی کر دینی چاہیئے اس لئے کہ یہ بھی اس سے منتفع ہوتے ہیں مولانا یحییٰ صاحب نے سنا تو بہت تکدر کا اظہار فرمایا اور کہا کہ حدیث میں آتا ہے هَلْ تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ[1] (تم کو جو رزق ملتا ہے اور تمہاری خدا کی طرف سے جو مدد کی جاتی ہے وہ تمہارے کم زور افراد ہی کی برکت سے تو ہوتی ہے) میرا اعتقاد ہے مجھے اسی بچہ کی برکت سے رزق مل رہا ہے آئندہ اس سے کچھ نہ کہا جائے جو کچھ کہنا ہو مجھ سے کہا جائے[2]

---

[1] بخاری (مرسلا) صحیح حافظ ابو بکر البرقانی (متصلا) [2] شیخ الحدیث صاحب

شیوخ واکابر کے حلقہ میں بھی خاص امتیاز واعزاز کی نظر سے دیکھے جاتے آپ کا خشوع وتقویٰ سب کو معلوم تھا اس لئے کبھی کبھی اکابر کی موجودگی میں امامت کے لئے آپ ہی کو بڑھایا جاتا۔

ایک مرتبہ کاندھلہ میں شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری، مولٰنا خلیل احمد صاحب سہارن پوری اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی موجود تھے، نماز کا وقت آیا تو امامت کے لئے آپ کو بڑھایا۔ مولوی بدرالحسن صاحب خاندان کے ایک بزرگ موجود تھے انھوں نے ازراہِ ظرافت کہا کہ اتنی بڑی بڑی گاڑیاں اور ایسا ہلکا پھلکا انجن جوڑ دیا۔ حضرات میں سے کسی نے کہا کہ یہ تو انجن کی طاقت پر ہے [1]

مظاہر العلوم میں خدمت تدریس

شوال ۱۳۲۸ھ میں سہارنپور سے ایک بڑا قافلہ حج کو روانہ ہوا جس میں مدرسۂ مظاہر العلوم کے اکثر بڑے بڑے حضرات مدرسین تھے، اس موقع پر متعدد نئے اساتذہ کا تقرر ہوا، اسی سلسلہ میں مولانا بھی مدرسہ کے نئے مدرسین میں شامل ہوئے اور متوسط کتابیں آپ کو دی گئیں، حضرات حجاج کی واپسی کے بعد دوسرے جدید اساتذہ سبکدوش ہو گئے مگر مولانا بدستور تدریس کی خدمت انجام دیتے رہے [2]

مظاہر العلوم کی تدریس کے زمانہ میں اکثر کتابیں ایسی پڑھائیں جو پہلے پڑھی نہیں تھیں، اِس لئے کہ مولانا محمد یحییٰ صاحب کے درس میں کتابوں کے

---

[1] روایت مولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی۔ [2] شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب۔

پورا کرنے کا معمول نہ تھا۔ اور بیماری کی وجہ سے بھی بعض درمیانی کتابیں رہ گئیں تھیں[1] لیکن زمانۂ تدریس میں آپ نے یہ بے پڑھی کتابیں بھی پڑھائیں[2] لیکن پڑھانے کے زمانہ میں مطالعہ کی طرف بڑی توجہ تھی چنانچہ کنز الدقائق کے لئے بحرالرائق، شامی اور ہدایہ دیکھتے تھے اور نورالانوار کے لئے حسامی کی شروح و توضیح تلویح تک مطالعہ میں رہتی تھیں[3]

نکاح ۶ ذی قعدہ ۱۳۲۰ھ (۷ اکتوبر ۱۳۱۲ھ) کو جمعہ کے دن بعد نماز عصر آپ کے حقیقی ماموں مولوی رؤف الحسن صاحب کی صاحبزادی سے آپ کا عقد ہوا۔ مولانا محمد صاحب نے نکاح پڑھایا، مجلس عقد میں مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری۔ شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوریؒ اور مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ تینوں حضرات موجود تھے، مولانا تھانوی کا مشہور وعظ "فوائد الصحبت" جو بارہا طبع ہو چکا ہے اسی تقریب میں کاندھلہ تشریف لیجانے پر اسی دن ہوا[4]

[1] شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب۔ [2] انتقال سے چند سال قبل ایک مرتبہ مولانا ہدایت علی صاحب مہتمم مدرسہ ہدایت المسلمین کرہی (ضلع بستی) مولانا کی خدمت میں دہلی آئے خاکسار بھی ساتھ تھا۔ مولانا ہدایت علی صاحب نے مولانا کو یاد دلایا کہ میں نے اس زمانہ میں مدرسہ کی جماعت میں آپ سے قطبی پڑھی تھی اور کئی بار بڑی سادگی سے کہا کہ حضرت ایسی بلند باتیں تو آپ اس زمانہ میں نہیں کرتے تھے اور ایسے معارف و علوم نہیں بیان کرتے تھے مولانا نے تبسم فرمایا، کسی دوسرے موقع پر مجھ سے فرمایا کہ مولوی ہدایت علی صاحب قطبی پڑھنے کا ذکر کرتے ہیں۔ میں نے قطبی خود نہیں پڑھی تھی مدرسہ میں پڑھائی ہے ۱۲۔

[3] شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب۔ [4] ایضاً

پہلا حج ۱۳۳۳ھ میں مولانا خلیل احمد صاحب اور مولانا محمود حسن صاحب نے حج کا ارادہ فرمایا، مولانا کو جب اس کا علم ہوا تو حج کے لئے بہت بے قرار ہوئے فرماتے تھے کہ مجھے ان حضرات کے بعد ہندوستان تاریک ہوتا نظر آیا اور یہاں کا رہنا مشکل معلوم ہونے لگا لیکن اجازت کا مرحلہ درپیش تھا، عجیب کش مکش کی حالت تھی، ہمشیرہ (والدۂ مولوی اکرام الحسن صاحب) نے یہ بے قراری دیکھی تو کہا کہ میرا زیور لیلو اور چلے جاؤ، امید نہ تھی کہ والدہ صاحبہ آسانی سے اجازت دیں گی اور اتنی طویل مفارقت اور اتنا دور دراز کا سفر گوارا کریں گی مگر الحمد للہ انھوں نے بھی اجازت دیدی۔ دوسرا مرحلہ بھائی مولانا محمد یحییٰ صاحب کی اجازت کا تھا۔ انھوں نے یہ سمجھکر کہ والدہ اجازت نہ دیں گی ان کی اجازت پر محول کیا، وہ اجازت دے چکی تھیں، آخری مرحلہ مولانا خلیل احمد صاحب کی اجازت کا تھا۔ ان کی خدمت میں خط لکھا اور سامانِ سفر کی سب صورتیں لکھدیں کہ ایک صورت یہ ہے کہ ہمشیرہ کا زیور لے لیا جائے۔ دوسرے قرض تیسرے بعض اعزہ روپیہ دے رہے ہیں، مولانا نے سفر کی اجازت دی اور آخری صورت کو ترجیح دی[1] خلافِ امید مولانا محمود حسن صاحبؒ کی ہمرکابی ہوگئی مولانا خلیل احمد صاحب پہلے جہاز سے تشریف لیجا چکے تھے۔ آپ دوسرے جہاز سے شوال ۱۳۳۳ھ میں مولانا کے ہمراہ روانہ ہوئے اور ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ میں واپس آکر مدرسہ میں فرائضِ تدریس میں بدستور مشغول ہوگئے[2]

---

[1] از مولوی اکرام الحسن صاحب و مولوی انعام الحسن صاحب۔ [2] شیخ الحدیث

مولانا محمد یحییٰ صاحب کی وفات حج کے دوسرے سال ۱۰/ ذی قعدہ سنہ ۳۴ھ میں مولانا محمد یحییٰ صاحب نے انتقال کیا، یہ سانحہ مولانا کے لئے بڑا صبر آزما تھا[1] مولانا محمد یحییٰ صاحب مربی بھی تھے، استاد بھی تھے، شفیق بھائی بھی تھے۔ اپنی امتیازی خصوصیات[2] اور محبوبیت و مقبولیت کی وجہ سے پورے حلقۂ احباب کو مولانا کی مفارقت کا سخت صدمہ ہوا لیکن مولانا محمد الیاس صاحب کے دل پر اس صدمہ کی چوٹ لگی اس کا درد آخر تک محسوس ہوتا تھا۔ معمول تھا کہ جب مرحوم بھائی کا ذکر کرتے تو ایک محویت سی طاری ہو جاتی اور سب کچھ بھول جاتے ان کے اوصاف و کمالات اور ان کے واقعات کا مزہ لے لے کر ذکر کرتے اور فرماتے، حضرت میرے بھائی ایسے تھے۔ خصوصیت کے ساتھ ان کی جامعیت مصالحانہ روش، اعتدال طبیعت، مختلف عناصر اور بظاہر اضداد کو جمع کرنے اور جمع رکھنے کی خداداد قابلیت غیر معمولی ذکاوت اور سلامت فہم کے واقعات بڑی تفصیل اور دلچسپی سے سناتے اور علوم میں آپ کے بعض تحقیقی کلمات اور کلیات کا حوالہ دیتے۔

---

[1] مولانا محمد یحییٰ صاحب عجب باغ و بہار طبیعت لیکر آئے تھے بکاء باللیل بسام بالنہار۔ (رات کو بہت رونے والے دن کو بہت مسکرانے والے) آپ کی صفت تھی۔ ادھر گریہ طاری ہے ادھر دوستوں کو اپنے نکتوں اور بذلہ سنجیوں سے ہنسا رہے ہیں، دیدہ گریاں، روئے خنداں اور زبان گل فشاں کا پورا مجموعہ دل کے سوز و گداز اور راتوں کے راز و نیاز کی خبر بہت کم لوگوں کو تھی۔ معمولی آدمیوں کی طرح رہتے مدرسہ میں پڑھاتے اور تنخواہ نہ لیتے، معاش کے لئے ایک تجارتی کتاب خانہ قائم کر رکھا تھا جس کا کام اپنے ہاتھ سے کرتے۔ ادب کی کوئی کتاب اپنے حفظ سے پڑھا رہے ہیں اور پارسل بھی بناتے جا رہے ہیں۔ علوم سے اعلیٰ مناسبت رکھتے تھے اور محققانہ نظر تھی ادب و حدیث کی کتابیں خاص طور پر مستحضر تھیں مفصل تذکرہ کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۃ الخلیل۔

باب دوم

بستی حضرت نظام الدینؒ کا قیام تدریس اور اہتمام

مولانا محمد صاحبؒ کی وفات | مولانا یحییٰ صاحب کی وفات کے دو سال بعد ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۲۶ھ شب جمعہ کو بڑے بھائی مولانا محمد صاحب نے انتقال کیا۔

مولانا محمد صاحبؒ ایک فرشتہ سیرت انسان تھے، حلم و تواضع، رحمت و شفقت، اور خشیت و انابت کی مجسم تصویر اور (عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا الآیات) کا ایک نمونہ، کم گو، بے آزار، عزلت پسند اور اپنے کام سے کام رکھنے والے بزرگ تھے۔ متوکلانہ و زاہدانہ بسر کرتے تھے، نظام الدینؒ کی بنگلہ والی مسجد میں اپنے والد ماجد کی جگہ قیام تھا، ایک مدرسہ تھا جو ان کے والد مرحوم کا جاری کیا ہوا تھا جس میں ابتدائی تعلیم ہوتی تھی اور زیادہ تر میوات کے بچے پڑھتے تھے، توکل و قناعت پر مدرسہ کا کام چلتا تھا، دہلی اور میوات میں آپ سے بہت لوگ ارادت و عقیدت رکھتے تھے اور دونوں جگہ آپ سے فیض تھا[1] مولانا محمد صاحب کی صورت سے تقویٰ کا سبق ملتا تھا انوار

[1] از حاجی عبد الرحمٰن صاحب (شاگرد مولانا محمد صاحب) وغیرہ

کی چہرہ پر نہایت کثرت تھی، اکثر وعظ بھی فرماتے تھے مگر بیٹھ کر جیسے کہ کوئی باتیں کرتا ہو، مسلسل تقریر کی صورت نہیں ہوتی تھی، بلکہ اخلاق اور زہد کی احادیث سُناتے اور ان کا سادہ ترجمہ اور مطلب بیان فرما دیتے۔

کسی زمانہ میں آنکھ کے قریب کوئی پھنسی نکلی تھی جس پر یکے بعد دیگرے سات شگاف آئے۔ ڈاکٹروں نے کلورا فارم ضروری بتایا، مگر انھوں نے شدت سے انکار کیا، اور یونہی بحِس و حرکت لیٹے رہے، ڈاکٹر متحیر تھے کہ ہم نے عمر بھر اس کی نظیر نہیں دیکھی۔

مولانا محمد صاحب نہایت ذاکر شاغل اور خوش اوقات بزرگ تھے حدیث مولانا گنگوہی سے پڑھی تھی۔ انتقال سے پہلے ۱۶ رسال تک انکی تہجد فوت نہیں ہوئی، آخر وقت تک نماز جماعت سے پڑھی، عشا کی نماز کے بعد وتر کے سجدہ میں انتقال ہوا [1]

نظام الدین منتقل ہونے کی تجویز مولانا الیاس صاحب بڑے بھائی صاحب کی تیمار داری کے لئے پیشتر سے دہلی تشریف لائے ہوئے تھے، علاج کی غرض سے قصاب پورہ میں نواب والی مسجد میں قیام تھا، وہیں مولانا محمد صاحب کا انتقال ہوا، جنازہ حسب سابق نظام الدینؒ آیا، جنازہ میں بڑا ہجوم تھا۔

دفن کے بعد اس خاندان کے محبین و معتقدین نے مولانا محمد الیاس صاحب سے اصرار کیا کہ اب یہیں قیام اختیار فرمائیں اور والد اور بھائی کی جگہ کو جو اُن کی وفات سے خالی ہوگئی ہے آباد کریں، حاضرین نے مدرسہ کی اعانت

---

[1] تحریر مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی۔

خدمت کا وعدہ بھی کیا۔ اور مصارف کے لئے کچھ ماہوار رقمیں مقرر کیں جو مولانا نے اپنے اصول اور خاص شرائط (جن کا آخر تک التزام رہا) کے ساتھ منظور کیں[1] لیکن اپنی آمد کو حضرت سہارنپوری کی اجازت پر معلق کیا، انھوں نے کہا کہ ہم خود جا کر اجازت لے آئیں، فرمایا کہ اس طرح اجازت نہیں ہوتی میں تنہا اجازت لوں گا۔

بھائی صاحب کی تجہیز و تکفین اور مدرسہ کے عارضی انتظام سے فرصت پاکر آپ سہارنپور آئے اور مولٰنا سے ساری کیفیت بیان کی' اہلِ تعلق کے پیہم اصرار اور اس چشمۂ فیض کے جاری رہنے کے خیال سے جو دونوں قدسی سیرت باپ بیٹے کی ذات سے فیض رساں تھا، مولانا نے نظام الدین منتقل ہونے کی اجازت دی اور از راہ احتیاط فرمایا کہ فی الحال تجربہ کے لئے مدرسہ سے ایک سال کی رخصت لیجائے۔ اگر وہاں کا قیام راس آئے اور مستقل سکونت کی رائے قرار پا جائے تو مستقل علیحدگی ہر وقت ممکن ہے[2]

اس اجازت اور مشورہ کے مطابق آپ نے مہتمم صاحب مدرسۂ مظاہر العلوم کی خدمت میں ضابطہ کی درخواست پیش کر دی جو بجنسہٖ درج ذیل ہے۔

بحضرت مہتمم صاحب

بعد سلام مسنون آنکہ سانحۂ انتقال اخوی جناب مولانا مولوی محمد صاحب کی وجہ سے بندہ کو نظام الدین کے مدرسہ کا انتظام و خبر گیری کے واسطے وہاں کچھ قیام کرنے کی ضرورت ہے،

---

[1] مولانا محمد الیاس صاحب رہ۔ [2] شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب۔

چونکہ اکثر اہلِ شہر و محبان بندہ و خیر خواہان علم متقاضی ہیں کہ بالفعل بندہ وہاں اقامت کرے اور جو منافع و اشاعت علوم حضرت والد صاحبؒ و برادر مرحوم کی سعی اور تعلیم سے ان کوردہ اور گنوار لوگوں میں اور علوم سے نہایت بعید اور ناآشنا لوگوں میں ہوئی ہے۔ اس کو دیکھ کر اپنے دل میں بھی حرص پیدا ہوتی ہے کہ کچھ دنوں وہاں قیام کرکے اس کے اجرا کا بندوبست کرسکوں اور اس دینی حصہ میں بھی کچھ حصہ لے لوں، لہٰذا عارض ہوں کہ ایک سال کے لئے بندہ کی رخصت منظور فرمائی جاوے۔

فقط والسلام، بندہ محمد الیاس اختر عفی عنہ

تشویشناک علالت، اور زندگی سے مایوسی

ابھی نظام الدین جانے کی نوبت نہیں آئی تھی یکلخت علیل ہوگئے۔ ۲۰ رجمادی الاولیٰ ۱۳۳۶ھ کو بیماری کی حالت میں سہارنپور سے کاندھلہ پہنچے وہاں جاکر مرض نے شدت اختیار کی اور ذات الجنب کا دورہ شدید ہوا، ایک رات (جو جمعہ کی رات تھی) سب مایوس ہوگئے، نبضیں ساقط ہوگئیں، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوگئے۔ لوگوں کی زبان پر اناللہ تھی، لیکن اللہ تعالیٰ کو تو ابھی کام لینا تھا، تیمارداروں کی توقع اور ظاہر حالت کے بالکل خلاف طبیعت سنبھلنے لگی۔ صحت کے آثار شروع ہوگئے اور چند دنوں میں اچھے ہوکر بستر سے اٹھ گئے، گویا زندگی دوبارہ ہوئی[1]

---

[1] شیخ الحدیث و مولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی

نظام الدین منتقلی

کا ندھلہ سے تندرست ہو کر آپ نظام الدین آگئے۔ اس وقت نظام الدین کے اس جانب کوئی آبادی نہ تھی اور مسجد کے قرب و جوار میں جنگل ہی جنگل تھا۔ مولانا احتشام الحسن صاحب جو کچھ مدت بعد مولانا کے ساتھ بچپن ہی میں نظام الدین آگئے تھے بیان کرتے ہیں کہ میں باہر نکل کر اس شوق میں کھڑا رہتا کہ کسی انسان کی صورت نظر آجائے۔ اگر کوئی آدمی نظر آجاتا تو ایسی خوشی ہوتی جیسے کسی نادر و تحفہ چیز کو دیکھ کر ہو۔

ایک مختصر سی پختہ مسجد اور ایک بنگلہ اور ایک حُجرہ اور درگاہ کے جنوب میں درگاہ کے متعلق لوگوں کی آبادی تھی۔ کچھ تھوڑے سے میواتی اور غیر میواتی غریب طالب علم، بس یہ مدرسہ و مسجد، اس کی عمارتوں، اور اس کی آبادی کی کل کائنات تھی۔

مدرسے کی کوئی ایسی آمدنی نہ تھی جس سے آسانی کے ساتھ اس کے اخراجات پورے ہوں، توکل علی اللہ قناعت اور اس کے مہتمم کی ہمت عالی اصل سرمایہ تھا۔ بڑی تنگی اور سختی کے ساتھ گزران ہوتی تھی۔ کبھی کبھی فاقہ کی نوبت آجاتی بگر مولنا کی ابرو پربل نہ آتا۔ بعض اوقات اعلان فرما دیتے کہ آج کھانے کو نہیں ہے جس کا جی چاہے رہے اور جس کا جی چاہے چلا جائے۔ اور اپنا کہیں اور انتظام کرلے طلبہ کی بھی ایسی روحانی تربیت ہو رہی تھی کہ کوئی جانے کے لئے تیار نہ ہوتا بعض اوقات جنگلی پھلوں (گولر وغیرہ) سے پیٹ بھر لیا جاتا۔ طلبہ خود جنگل سے لکڑیاں لاکر روٹی پکاتے اور چٹنی سے کھاتے، مولانا اس سختی سے ذرا ہراساں نہ تھے بلکہ اس فارغ البالی اور کشائش سے ڈرتے اور اپنے ساتھیوں کو ڈراتے رہتے

تھے جس کی مولانا کو امید تھی اور اللہ کی سنت کے مطابق اس امتحان و آزمائش کے بعد آنے والی تھی لہ

مولانا کو مدرسہ کی ظاہری حالت اور تعمیر کی طرف بالکل توجہ نہ تھی۔ آپ کے رفیق قدیم مدرسہ کے سابق طالب علم حاجی عبدالرحمٰن صاحبؒ کی سعی پر مولانا کی طبیعت کے خلاف دہلی کے بعض حضرات نے کچھ حجرے تعمیر کرا دیئے۔ مولانا واپس تشریف لائے تو سخت ناراض ہوئے مدّت تک حاجی صاحب سے نہیں بولے اور فرمایا کہ اصل چیز تعلیم ہے ...... کہ مدرسہ کے عمارت جب سے پکی ہوئی تعلیم کچی ہو گئی۔

لہ از حاجی عبدالرحمٰن صاحب۔ ۲ یادش بخیر حاجی عبدالرحمٰن صاحب (ٹاوڑ (میوات) کے ایک غیر مسلم بنیا گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں خواب میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اور مولانا محمد صاحب کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ نظام الدین کے مدرسہ میں مولانا محمد صاحب سے قرآن اور دین کی تعلیم حاصل کی، مولانا خلیل احمد صاحب سے بیعت کی مولانا محمد صاحب کے زمانہ میں اُن کے معتمد خاص اور اُن کے دستِ راست رہے۔ مولانا محمد الیاس صاحب کے تمام دینی کاموں میں ان کے قدیم ترین رفیق و معاون تھے۔ مولانا ان کے متعلق نہایت بلند کلمات فرماتے تھے اور اپنی تحریک کا روح رواں سمجھتے تھے۔ آپ میوات کے حکیم و عارف تھے، اللہ تعالیٰ نے دین کی بڑی دولتیں نصیب فرمائی تھیں۔ آپ کا اصلی ذوق غیر مسلموں میں تبلیغ تھا جس میں آپ کو ملکہ خاص تھا۔ ہزار سے اوپر آدمی آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ سنگار میں نو مسلموں کا ایک مدرسہ قائم کیا جس سے اولاد کی طرح تعلق تھا۔ میوات کے رسوم کی اصلاح آپ کا کارنامہ ہے۔ ربیع الثانی ۱۳۶۴ھ میں انتقال فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ایک مرتبہ دہلی کے ایک بڑے تاجر نے کسی اہم معاملہ میں دعا کی درخواست کی اور ایک معقول رقم نذر کی، آپ نے دعا کا وعدہ کیا اور رقم قبول کرنے سے عذر کیا مگر حاجی عبدالرحمٰن صاحب نے مدرسہ کی ضرورت کے خیال سے لے لیا آپ برابر بے چین رہے اور بہ اصرار وہ رقم واپس کرائی۔

حاجی صاحب سے فرماتے تھے کہ دین کا کام پیسوں سے نہیں چلتا۔ اگر دین کا کام پیسوں سے چلتا تو حضورؐ کو بہت کچھ مال و دولت ملتی۔

مجاہدہ وعبادت | یہ زمانہ مولانا کے بڑے مجاہدہ وریاضت کا تھا، یہ ذوق موروثی اور فطری تھا، نظام الدین کے قیام میں اس کا زیادہ ظہور ہوا، خلوت و ریاضت کی طرف اس زمانہ میں خاص میلان تھا، حاجی عبدالرحمٰن صاحب راوی ہیں کہ عرب سرا کے پھاٹک حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی قدیم عبادت گاہ (ہمایوں کے مقبرہ کے جنوب میں، عبدالرحیم خان خاناں کے مقبرہ اور حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ حضرت سید نور محمد بدایونی کے مزار کے قریب) پہروں خلوت میں رہتے، کھانا دوپہر کا عموماً وہاں چلا جاتا، رات کا مکان پر آکر کھاتے، نماز سب وقتوں کی جماعت کے ساتھ پڑھتے، ہم لوگ جماعت کرانے وہیں چلے جاتے۔ طلبہ سبق پڑھنے کبھی وہیں پہنچ جاتے۔ کبھی چکر والی مسجد میں آکر پڑھاتے۔

حدیث کا درس دیتے تو پہلے وضو کرتے پھر دو رکعت نماز پڑھتے اور فرماتے کہ حدیث کا حق تو اس سے زیادہ ہے یہ اقل درجہ ہے۔ حدیث پڑھاتے وقت کسی سے بات نہ کرتے، کوئی معزز آدمی آجاتا تو درس چھوڑ کر اس کی طرف التفات

نہ فرماتے۔

متعلقین ساتھ تھے کبھی کھانے کے وقت سے بے وقت ہو جانے پر خفا نہ ہوتے، کھانے میں کبھی عیب نہ نکالتے۔

درس کا انہماک و محنت | مدرسہ کے اسباق اور طلبہ کی طرف ہمہ تن متوجہ رہتے بڑی جانکاہی اور جانفشانی کے ساتھ طلبہ کو چھوٹے بڑے سبق خود پڑھاتے، بعض ایام میں ۸۰، ۹۰ طلبہ خود پڑھائے یا طالب علموں سے پڑھوائے۔ مشغولیت اور انہماک کا اندازہ اس سے ہو گا کہ کسی زمانہ میں مستدرک حاکم کا درس صبح کی نماز سے پہلے ہوتا تھا۔ ؎

مولانا طریق تعلیم اور کتب درس میں اپنا مخصوص طرز اور ذاتی رائے رکھتے تھے، مطالعہ پر بیحد زور تھا، چاہتے تھے کہ سبق ایسا تیار کر کے لایا جائے کہ ٹھوں کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے، عبارت کی صحت، عربیت اور صرف و نحو کے قواعد کے عملی اجراء کی طرف خاص توجہ تھی، کتابوں میں عام مدارس کے نصاب و نظام کی پابندی نہ تھی، بہت سی ایسی کتابیں زیر درس تھیں جن کی تعلیم کا مدارس میں رواج نہیں ہے۔ مسائل کے ذہن نشین اور مستحضر کرنے اور طلبہ میں تفہیم کی قدرت پیدا کرنے کے لئے نئی نئی صورتیں اختیار فرماتے جو بہت موثر اور کارگر ہوتیں۔

؎ روایت مولانا سید رضا حسن صاحب۔

باب سوم

میوات میں اصلاح وتعلیم کے کام کی ابتدا

میوات | دہلی کے جنوب کا وہ علاقہ جس میں قدیم زمانہ سے میو قوم آباد ہے میوات کہلاتا ہے۔ اس علاقہ میں اسوقت گوڑگانوہ (انبالہ کمشنری صوبۂ پنجاب) کا انگریزی ضلع، الور اور بھرت پور کی ہندو ریاستیں اور صوبجات متحدہ کے ایک ضلع متھرا کا کچھ حصہ شامل ہے، تمام علاقوں کی طرح اس علاقہ کے حدود اور رقبہ میں بھی تغیرات پیش آئے۔ قدیم اور اصلی میوات کا رقبہ موجودہ علاقہ سے ضرور کچھ مختلف تھا۔

ایک انگریز مصنف[1] نے قدیم میوات کی حد بندی اس طرح کی ہے۔

"قدیم علاقۂ میوات اندازاً اُس منحنی خط کے اندر واقع ہے جو شمالاً

---

[1] MAJOR P.W. POWLETT LATE, SETTLEMENT OFFICER OF ALWER.

ڈیگ سے (جو بھرت پور میں ہے) ریواڑی کے عرض البلد کے کسی قدر اوپر تلک پھیلا ہوا ہے۔

غرباً ریواڑی کے نیچے طول البلد کے اس نقطہ تک جو شہر الور سے چھ میل کے فاصلہ پر مغرب میں اور الور کے اندر بارہ چشمہ کے جنوب میں واقع ہے۔

یہ خط پھر شرقاً گھوم کر ڈیگ سے مل جاتا ہے اور قریب قریب اس خط کی جنوبی سرحد بنا تا ہے۔

میو قوم | انگریز مورخین کا خیال ہے کہ میو آرین نسل کے بجائے ہندوستان کی قدیم غیر آرین نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور اس طرح ان کی تاریخ آرین نسل کے راجپوت خاندانوں سے زیادہ قدیم ہے۔ میوات کے خان زادوں کے متعلق ان کا بیان ہے کہ وہ نسلاً راجپوت ہیں۔ فارسی تاریخوں میں میواتی کا لفظ جہاں آتا ہے اُس سے مُراد یہی خان زادے ہیں۔ آئین اکبری سے معلوم ہوتا ہے کہ جادو راجپوت مسلمان ہونے کے بعد میواتی کہلائے۔

تاریخ فیروز شاہی میں میوات کا نام سب سے پہلے شمس الدین التمش کے تذکرہ میں آتا ہے۔ دہلی کی مسلمان سلطنت کے ابتدائی دور میں میواتی بہت ہی تکلیف دہ عنصر بن گئے تھے، بڑے بڑے گھنے جنگلوں کی مدد سے جو دہلی تک چلے گئے تھے، انھوں نے دہلی پر تاخت کرنی شروع کر دی تھی، اور ان کے خوف سے دار السلطنت کے دروازے سر شام بند ہو جاتے تھے شام کو شہر پناہ کے کوئی باہر نکلنے کی ہمت نہیں کر سکتا تھا۔ رات کو بھی وہ

کسی نہ کسی طرح شہر کے اندر داخل ہوجاتے اور لوٹ کی تلاش وجستجو میں پھرتے رہتے تھے۔ اہل شہر بہت بے امنی محسوس کرتے تھے۔ غیاث الدین بلبن نے انکے خلاف ایک بڑی مہم بھیجی، میواتیوں کی ایک بہت بڑی تعداد قتل ہوئی، نیز شہر میں افغانوں کی چوکیاں نصب کی گئیں، اور دہلی کے آس پاس کا جنگل بھی فوج کے ذریعہ صاف کیا گیا اور زرعی زمین بنا دیا گیا[1] اس کے بعد تقریباً ایک صدی تک تاریخوں میں میوات کا ذکر نہیں آتا۔

اس وقفہ کے بعد میوات کے جنگجو حوصلہ مند مرکزی سلطنت کو وقتاً فوقتاً پریشان کرتے رہے اور سلطنت کو اُن کے خلاف تادیبی کارروائیاں کرنیکی ضرورت پیش آتی رہی۔ اس سلسلہ میں بہادر ناہر اور اس کے بعض جانشینوں کا نام تاریخ میں خصوصیت کے ساتھ آتا ہے۔ جنھوں نے اپنی دلیری اور قابلیت سے میوات میں حکومت قائم کرلی تھی جو مرکزی سلطنت کی لشکرکشی کے بعد ایک علاقہ اور جاگیر کی صورت میں رہ گئی۔

خانزادوں میں سے ایک دوسرے نامور لکھن پال کا قبضہ پورے میوات اور مضافات پر تھا۔ فیروز شاہ کے زمانہ میں اس نے اسلام قبول کیا۔

میو قوم نے اسلام کب قبول کیا اور کون سے واقعات اور اثرات اس کا باعث اور محرک ہوئے، پوری قوم یا اس کی اکثریت نے دفعتہً اسلام قبول کیا، یا تدریجی طور پر صدیوں میں یہ قوم اسلام کی طرف منتقل ہوئی؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب متعین اور یقینی طور پر دینا اب ممکن نہیں۔ اس قوم

---

[1] تاریخ فرشتہ۔

کی ابتدائی تاریخ اور خصوصاً اس کے مسلمان ہونے کی تاریخ بالکل تاریکی میں ہے۔ سوائے روایات اور بیانات کے (جن میں خود تعارض اور اضطراب ہے) کوئی تاریخی ماخذ نہیں [1]

میواتیوں کی دینی اور اخلاقی حالت

مسلمانوں کی طویل اور مسلسل غفلت اور اس قوم کی بے توجہی اور جہالت سے میو قوم کی دینی حالت اس درجہ پر پہونچ گئی تھی جس کے بعد قومی ارتداد کے سوا کوئی درجہ نہ تھا۔ غیر مسلم مورخین کو بھی (جن کی حس اس بارے میں ایک مسلمان کی حس سے یقیناً کم ہونی چاہیئے) میواتیوں کی اسلام سے دوری اور بیگانگی کا احساس ہے۔ مندرجہ ذیل اقتباسات سے اندازہ ہوگا کہ میو قوم کا دینی تنزل اور اخلاقی انحطاط اور اسلام سے بیگانگی کس حد کو پہنچ گئی تھی۔

میجر پاؤلٹ جو انیسویں صدی کے آخر میں ریاست الور کا افسر بند وبست رہا ہے۔ الور کے گزیٹیر شائع شدہ ۱۸۷۸ء میں لکھتا ہے:-

"میو اب تمامتر مسلمان ہیں لیکن برائے نام اُن کے گاؤں کے دیوتا

---

[1] لاکھوں کی قوم کا اس طرح کلیۃً مسلمان ہوجانا بہت مہتم بالشان واقعہ تھا جس کا تاریخ میں ذکر نہ ہونا ایک تعجب انگیز امر ہے، لیکن اگر اس حقیقت کو سامنے رکھا جائے کہ ہماری فارسی اور اردو تاریخیں اور سوانح، یا تو بادشاہوں کی کشور کشائی اور خانہ جنگی کی تاریخیں ہیں یا بزرگوں اور اولیاء اللہ کی کرامات اور واقعات غریبہ کی روداد ہیں، اور یہ واقعہ ان دونوں میں سے کسی موضوع سے تعلق نہیں رکھتا تو تعجب باقی نہیں رہتا۔

وہی ہیں جو ہندو زمیں داروں کے ہیں، وہ ہندوؤں کے کئی ایک تہوار مناتے ہیں، ہولی میواتیوں میں مذاق اور کھل کھیلنے کا زمانہ ہے اور اتنا ہی اہم اور ضروری تہوار سمجھا جاتا ہے جتنا محرم، عید اور شب برات۔ اسی طرح وہ جنم اشٹمی، دسہرا اور دوالی بھی مناتے ہیں۔ ان کے یہاں "پیلی چھٹی" لکھنے کے لئے یا شادی کی تاریخ مقرر کرنے کے لئے برہمن پنڈت بھی ہوتے ہیں، ایک رام کے لفظ کو چھوڑ کر وہ ہندوانہ نام بھی رکھتے ہیں، اگرچہ خان جتنا اِنکے ناموں کے اخیر میں ہوتا ہے اتنا نہیں لیکن پھر بھی بکثرت سنگھ ان کے ناموں کا اخیر جز ہوتا ہے۔

اماوس میں میو بھی ہندو اہیروں اور گوجروں کی طرح چھٹی مناتے اور کام کاج بند کر دیتے ہیں، جب وہ نیا کنواں تعمیر کرتے ہیں تو سب سے پہلے بیروجی یا ہنومان کے نام کا چبوترا بناتے ہیں البتہ جب ان کو مالِ غنیمت حاصل کرنا ہوتا ہے تو وہ ہندو استھانوں اور مندروں کی زیادہ تعظیم و تقدیس نہیں کرتے اور جب اس موقع پر ان استھانوں اور مندروں کا تقدس ظاہر کیا جاتا ہے تو وہ بے تکلف کہہ دیتے ہیں کہ "تم تو دیو ہم میو" میو اپنے مذہب (اسلام) سے بہت ناواقف ہیں، خال خال کوئی کلمہ جانتا ہے اور پابندی سے نماز پڑھنے والے اس سے بھی کم ہیں اور ان کے اوقات و مسائل سے تو وہ بالکل ہی ناواقف ہیں۔

یہ سب الور کے میواتیوں کے متعلق کہا گیا ہے، انگریزی علاقہ (ضلع گوڑگانوہ) میں مدرسوں کی وجہ سے مذہبی فرائض کی پابندی کی حالت کچھ بہتر ہے، الور کے بعض مقامات میں بھی جہاں مسجدیں ہیں مذہبی فرائض کی پابندی کچھ زیادہ ہے اور کچھ لوگ کلمہ بھی جانتے ہیں، بعض نماز بھی پڑھتے ہیں اور مدرسہ کا بھی کچھ شوق پایا جاتا ہے۔

جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے شادی کی ابتدائی رسوم میں برہمن حصہ لیتے ہیں لیکن اصل رسم قاضی انجام دیتے ہیں۔

مرد دھوتی اور کمری پہنتے ہیں۔ پیجامہ کا رواج نہیں۔ انکا لباس حقیقتاً ہندوانہ ہے۔ مرد سونے کے زیورات بھی استعمال کرتے ہیں ؎

دوسرے مقام پر لکھتا ہے:۔

میو اپنے عادات میں آدھے ہندو ہیں۔ ان کے گاؤں میں شاذ و نادر ہی مسجدیں ہوتی ہیں۔ تحصیل تجارہ میں میوؤں کے باون گاؤں میں صرف آٹھ مسجدیں ہیں، البتہ مندروں کو چھوڑکر میوؤں کی عبادت کی ویسی ہی جگہیں بنی ہوتی ہیں جیسی ان کے ہمسایہ ہندؤں کے یہاں ہوتی ہیں مثلاً پانچ پیرا بھیسا اور چاہنڈ، چاہنڈ یا کھیڑا دیو مہادیوی کے نام ہوتا ہے۔ جس پر قربانیاں چڑھائی جاتی ہیں۔

شب برات میں سید سالار مسعود غازیؒ کا جھنڈا ابھی ہر میو گانوں میں پوجا جاتا ہے۔ [1]

ضلع گوڑ گانوہ کے گزیٹیر شائع شدہ ۱۹۱۰ء میں ہے:-

میو ابھی تک بہت ڈھیلے اور لاپرواہ قسم کے مسلمان رہے ہیں وہ اپنی ہمسایہ قوم کے اکثر رسم و رواج میں شریک ہیں خصوصاً اُن رسوم میں جو ذرا دلچسپ اور پُر لطف ہوتی ہیں۔ ان کا اصول یہ معلوم ہوتا ہے کہ مذہبی جشن اور تہوار تو دونوں قوموں کے مناؤ اور فرائض اور مذہبی پابندیاں کسی ایک کی بھی پوری نہ کرو۔

کچھ عرصہ سے میوات میں کچھ مذہبی معلم پیدا ہو گئے ہیں اور کچھ میو رمضان کے روزے بھی رکھنے لگے ہیں۔ گانوں میں مسجدیں بنانے لگے ہیں، نمازیں بھی پڑھنے لگے ہیں، ان کی عورتیں ہندوانہ گھیگروں کی بجائے پیجامے بھی پہننے لگی ہیں۔ یہ سب مذہبی بیداری کی علامات ہیں۔

بھرت پور کے گزیٹیر میں ہے:-

میوؤں کے رسوم ہندؤں اور مسلمانوں کے رسم و رواج کا معجون مرکب ہے، وہ ختنہ کرتے ہیں، نکاح کرتے ہیں اور اپنے مُردوں کو دفن کرتے ہیں، سید سالار مسعود غازیؒ کے مزار کی زیارت کے لئے بہرائچ جاتے ہیں اور ان کے جھنڈے کے نیچے

---

[1] GAZETTEIR OF ULWURR 1878 LONDON

جو قسم کھائی جاتی ہے اس کو بہت پکی قسم سمجھتے ہیں اور اس کا پورا کرنا بہت ضروری جانتے ہیں، وہ ہندوستان کے دوسرے متبرک مقامات کی زیارت کے لئے بھی جاتے ہیں مگر کبھی حج کو نہیں جاتے ہندوؤں کے رسوم میں سے وہ ہولی اور دوالی مناتے ہیں ایک گوت میں کبھی شادی نہیں کرتے۔ لڑکیوں کو ترکہ نہیں ملتا وہ بچوں کے ملے جلے اسلامی اور ہندوانہ نام رکھتے ہیں۔

وہ تمام تر جاہل اور غیر تعلیم یافتہ ہیں، ان میں بھاٹ اور گویئے بھی ہوتے ہیں جن کو وہ بڑی بڑی رقمیں اور انعامات دیتے ہیں، دیہاتی زندگی اور کاشتکاری کے موضوع پر بہت سی چوپائی نظمیں بنی ہوتی ہیں جو وہ مزے لے لیکر پڑھتے ہیں۔ بولی ذرا درشت اور سخت ہے جس میں عورت اور مرد سے یکساں طریقہ پر خطاب ہوتا ہے۔

ان میں محرک اور نشہ آور چیزوں کے استعمال کا بھی رواج ہے وہ بہت ضعیف الاعتقاد اور توہم پرست واقع ہوئے ہیں شگون بہت لیتے ہیں۔ مردوں اور عورتوں کا لباس ہندوانہ ہے پہلے زمانہ میں ان میں نوزائیدہ بچوں کے مار ڈالنے کی بھی رسم تھی لیکن یہ رسم اب بالکل جاتی رہی ہے۔ غارت گری اور رہزنی ان کا پیشہ رہ چکا ہے۔ اب اگرچہ ان کی اصلاح اور ترقی ہوگئی ہے پھر بھی جانور اڑا کر اور گائے بیل کھول کر لیجانے میں اب بھی وہ بہت مشہور ہیں"۔

میواتیوں کی قومی صفات | اس دینی انحطاط اور اخلاقی تنزل کے باوجود (اس قوم میں)
بعض اعلیٰ اخلاق و صفات اور شریف قوموں کی نسلی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔
اور جو نقائص اور اخلاقی کمزوریاں اس قوم میں پیدا ہوئیں وہ اسی نوع کی ہیں
جو بے تربیتی، جہالت، متمدن دنیا سے بے تعلقی اور مذہب سے بے خبری کے
باعث شریف اور بہادر قوموں میں پیدا ہو جاتی ہیں، اور خود زمانۂ جاہلیت میں عربوں
میں پیدا ہو گئی تھیں، محاسن اور فطری صلاحیتوں کا رخ ماحول کی خرابی سے غلط ہو گیا
تھا۔ قومی دلیری اور بے باکی نے لوٹ مار اور غارتگری کی شکل اختیار کر لی تھی شجاعت
اور فطری بہادری نے کوئی اور مناسب میدان نہ پاکر خانہ جنگی اور خونریزی
کو اپنا مظہر بنایا، فطری غیرت اور حمیت کا کوئی جائز استعمال نہ رہا تو حمیتِ جاہلیت
اور فرضی عزت و ناموس اور خود تراشیدہ معیارِ شرافت کی حفاظت میں صرف
ہوئی، عالی حوصلگی اور بلند ہمتی کا کوئی شایانِ شان مصرف نہ رہا تو برادری کے
چھوٹے چھوٹے کاموں میں اس نے اپنے جوہر دکھائے، ذہانت چستی و چالاکی
کو شریفانہ مواقع نہ ملے تو مجرمانہ واردات اور خلافِ قانون کاموں میں اس نے
ہاتھ کی صفائی اور ہنرمندی دکھائی۔ غرض محاسن اور فطری صلاحیتوں کا رخ
غلط تھا اور مصرف حقیر تھا مگر قوم فطری جوہر سے محروم نہ تھی۔

سادگی اور جفاکشی، عزم اور قوتِ عمل، پختگی اور صلابت اس قوم کے
خاص جوہر تھے جس میں میواتی، مسلمانوں کی شہری آبادی سے بہت ممتاز تھے
یہ پختگی اور صلابت اور حمیت ہی کا نتیجہ تھا کہ عملاً اسلام سے اتنے دور ہو جانے کے باوجود
اس علاقہ میں انتہائی طغیانی کے زمانہ میں بھی ارتداد کا سیلاب کبھی نہیں آنے پایا

اور باوجود اس کے کہ اُس کے ہمسایہ ملکانے اس عام سیلاب میں گلے گلے پانی میں تھے۔ مگر میوات اس کی زد سے باہر رہا۔ اور اس وسیع علاقہ میں ارتداد کے واقعات پیش نہیں آئے۔

اس قوم کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ صدیوں تک جہالت اور گمنامی کے حصار میں محفوظ رہی ہے اور گویا بیرونی دنیا سے بے تعلق اور ایک فراموش شدہ قوم رہی ہے اس حیثیت سے کوئی دوسری قوم جو اتنی بڑی تعداد میں ہو اور سلطنت کے مرکز سے اتنی قریب ہو اور پھر اتنی گمنام اور مہجور ہو، ہندوستان کی تاریخ میں مشکل سے ملے گی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی ذہنی اور عملی قوت بہت کم ضائع ہوئی اور بہت زیادہ محفوظ رہی اور اس کی لوح جس طرح اچھے نقوش سے سادہ رہی اسی طرح ان غلط نقوش سے بھی جو ایک مرتبہ نقش ہو جانے کے بعد مشکل سے مٹتے ہیں اس زمین پر دراصل کوئی کھیتی ہوئی ہی نہیں، غلط رسوم و عادات اور جاہلانہ اوہام و خیالات محض خس و خاشاک تھے، جو صدیوں کی افتادہ زمین میں اُگ آئے تھے۔ یہ قوم ہندوستان میں اس چودھویں صدی میں بہت کچھ عرب جاہلیت کا نمونہ تھی۔

وہی اپنی فطرت پہ طبع بشر تھی خدا کی زمیں بن جُتی سرسبز تھی

میواتیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ اوپر گزر چکا ہے کہ میوات سے اصل تعلق مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کی حیات میں شروع ہوا۔ یہ محض اتفاقی بات نہ تھی بلکہ ایک غیبی انتظام تھا کہ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کو بستی نظام الدین میں یعنی میوات کے دہانہ پر ٹھیرایا گیا اور مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی آمد سے بہت پہلے میوات کی سرزمین

مین اس خاندان کی عقیدت و محبت کا بیج بو دیا گیا۔ اور اس کی آبیاری سے کبھی غفلت نہیں کی گئی، میوات کے اس آہوئے وحشی کو جو سلاطین دہلی کی جہانگیری کا بھی کبھی صید نہیں ہوا، دو دلپشتوں کے رشتۂ عقیدت مندی وارادت سے اس طرح پابند کر دیا کہ وہ مطلوب کے بجائے طالب بنکر آیا۔

میوات میں مولانا محمد اسمٰعیل صاحب اور مولانا محمد صاحب کے مریدین اور مخلصین کو جب معلوم ہوا کہ نظام الدین کی خالی مسند پھر آباد ہے اور دونوں بزرگوں کے صحیح جانشین مولانا اسمٰعیل صاحب کے فرزند اور مولانا محمد صاحب کے بھائی تشریف رکھتے ہیں تو انھوں نے نظام الدین کی آمد و رفت پھر شروع کی اور وہاں حاضر ہو کر درخواست کی کہ قدیم تعلقات کی بنا پر آپ میوات تشریف لے چلیں اور اپنے خاندانی نیاز مندوں کو اس کا موقع دیں کہ وہ اپنے بزرگوں کے صحیح جانشین کی زیارت سے اپنی آنکھیں روشن کریں اور ارادت و اخلاص کا پرانا رشتہ پھر مستحکم کریں۔

اصل علاج دینی تعلیم | مولانا کے نزدیک میوات کی اصلاح کی تدبیر صرف یہ تھی کہ ان میں دین کا علم پھیلایا جائے، شریعت کے احکام و مسائل سے وہ واقف ہوں اور جہالت و وحشت دُور ہو۔

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب اور ان کے بعد مولانا محمد صاحب نے بھی یہی طریقۂ علاج اختیار کیا تھا۔ میوات کے بچوں کو انھوں نے اپنے یہاں رکھکر اور اپنے مدرسہ میں تعلیم دیکر میوات میں اصلاح و ارشاد کے لئے بھیجدیا تھا اور اس ملک میں جو تھوڑی بہت روشنی اور خال خال دین داری تھی وہ انھیں اشخاص

کی بدولت تھی جو انھیں دو بزرگوں کے تربیت یافتہ اور ان کے مدرسہ کے فیض یافتہ تھے۔

مولانا نے اس سلسلہ میں ایک قدم آگے بڑھانا چاہا آپ نے خود میوات میں دینی مکاتب و مدارس کا قیام ضروری سمجھا تاکہ دین کا حلقہ وسیع ہو اور اس ملک میں ذرا بڑے پیمانے پر اصلاح اور تبدیلی پیدا ہو۔

میوات چلنے کی شرط | آپ مریدین اور معتقدین کے حلقہ میں کسی شیخ اور اس کے جانشین کے جانے کے وہ معنی بھی سمجھتے تھے جو بلانے اور لیجانے والوں کے ذہن میں عام طور پر ہوتے ہیں اور ان طریقوں اور صورتوں کو بھی جانتے تھے جن میں عام طور پر اہل ارادت اپنے تعلق و عقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور اس کو کافی سمجھتے ہیں لیکن آپ اس پر قطعاً تیار نہ تھے کہ وہاں جا کر اہلِ محبّت کی پُرخلوص دعوتیں قبول کر کے اور کلمۂ خیر کہہ کر واپس چلے آئیں۔ آپ صرف اسی صورت میں وہاں جانا چاہتے تھے کہ آپ کے جانے سے وہاں کوئی ایسی پائیدار شکل پیدا ہو جائے جس سے ملک کی اس حالت میں تبدیلی پیدا ہو اور وہ اسلام سے قریب ہو جائیں اور اس کی شکل اُس وقت آپ کے ذہن میں صرف یہی تھی کہ میوات میں دینی مکاتب اور مدارس قائم ہوں اور میوات کی کم سے کم نئی نسل دین سے واقف ہو۔

آپ نے خود بیان کیا کہ جب پہلی مرتبہ چند مخلصوں نے بڑے جوش و اخلاص کے ساتھ مجھ سے میوات چلنے کی خواہش کی تو میں نے کہا کہ میں صرف اس شرط پر چل سکتا ہوں کہ تم وعدہ کرو کہ اپنے یہاں مکتب قائم کرو گے۔

مکتبوں کو اہلِ میوات اس وقت اتنا دشوار اور ناقابلِ عمل سمجھتے تھے کہ
ان کے لئے اس شرط سے زیادہ کوئی اور مشکل شرط نہیں تھی، سب سے مشکل بات
یہ تھی کہ بچوں کو کام سے ہٹا کر پڑھنے بٹھایا جائے۔ مکتبوں کی شرط سنتے ہی دعوت
دینے والوں کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا اور ان پر اوس سی پڑ گئی اُنہوں نے اس کی ہامی
نہیں بھری اور مولٰنا چلنے پر رضامند نہیں ہوئے، دو تین مرتبہ ایسا ہی ہوا،
ایک مرتبہ ایک سمجھدار میواتی نے اس بنا پر اس کا وعدہ کر لیا کہ یے تو چلنا چاہیئے
پھر وہاں جا کر دیکھا جائے گا۔

مکاتب کا آغاز | مولانا میوات تشریف لے گئے اور آپ نے اپنی شرط کا مطالبہ
کیا آپ کے بڑے تقاضے و اصرار اور لوگوں کی بڑی جد و جہد سے ایک مکتب قائم
ہوا اور اس طرح اس کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

مولٰنا اہلِ میوات سے فرماتے تھے کہ تم بچے دیدو معلّمین کی تنخواہ میں
لاؤں گا۔ میواتی جو اکثر کاشتکار ہیں اس کے روادار نہیں تھے کہ انکے بچے
کھیتی باڑی کا کام اور جانور چھوڑ کر کتابیں لیکر بیٹھیں اور ان کے کام سے جائیں،
ان میں دین کی نہ طلب تھی نہ قدر کہ وہ اس کے لئے تھوڑی سی بھی تکلیف
اور ایثار گوارا کریں، بڑی حکمت اور تالیفِ قلب سے ان کو اس پر راضی کیا گیا اور
بہت کہہ سنکر اور خوشامد در آمد سے ان کے بچّوں کو پڑھنے بٹھایا گیا۔

اس سفر میں دس مکتب قائم ہوئے۔ بعض مرتبہ ایک ایک دن میں کئی
کئی مکتب قائم ہوئے اور پھر بکثرت مکاتب قائم ہونے لگے یہاں تک کہ
کچھ مدت بعد میوات میں کئی سو مکتب قائم ہو گئے جن میں قرآن مجید

وغیرہ کی تعلیم ہوتی تھی۔

مکاتب کے اخراجات | مولانا نے دین کی خدمت کو ایک "قومی کام" کی حیثیت سے نہیں شروع کیا تھا، جس کا بار اور جس کی ذمہ داری تنہا قوم پر ہوتی بلکہ اپنا کام سمجھ کر شروع کیا تھا، جس میں اُن کو اپنی کسی چیز کے لگا دینے میں دریغ نہیں تھا۔ ان کے نزدیک دین کے کام کی حقیقت یہ تھی کہ آدمی بالکل اپنے ذاتی کام کی طرح اس میں اپنا عزیز وقت اور محبوب مال خرچ کرے، وہ اس تقسیم کے قائل نہیں تھے کہ یہ اپنا ہے اور یہ قومی۔ ایک صاحب نے ایک مرتبہ کچھ رقم یہ کہہ کر پیش کی کہ یہ آپ بالکل اپنے کام میں لائیں، مولانا نے فرمایا کہ حضرت! اگر ہم نے اللہ کے کام کو اپنا نہ سمجھا تو ہم اپنے کب ہوئے۔ یہ کہہ کر آنکھوں میں آنسو بھر لائے اور فرمایا کہ آہ ہم نے حضورؐ کی قدر نہ کی [1]

بس یہی مولانا کا اُصول تھا انھوں نے میوات کے دینی کاموں میں سب سے پہلے اپنا سرمایہ اور اپنا روپیہ (جو آبائی جائداد کی آمدنی یا ہدایا کی شکل میں آتا تھا) لگایا پھر لوگوں کی مدد کو قبول کیا۔

---

[1] از حاجی عبدالرحمٰن صاحبؒ

باب چہارم

میوات میں ایمان اور طلبِ دین کی عمومی تحریک!

مکاتب اور جزئی اصلاح سے ناامیدی مولانا کی زندگی کا اصلی جوہر جس نے ان کو خدمتِ دین کے اس بلند مقام تک پہونچایا بلند ہمتی ہے، خدمتِ دین اور اصلاح کی کسی ابتدائی منزل پر مولانا کی بیقرار طبیعت نے قرار نہ پایا، جب تک اسکو اپنی اصل منزل نہ مل گئی اس نے کہیں دم نہیں لیا اور کہیں آرام نہیں کیا۔

مکاتب کے ذریعہ جو معمولی انفرادی اصلاح اور تعلیم ہو رہی تھی مولانا رفتہ رفتہ اس سے غیر مطمئن ہوتے گئے۔ آپ نے محسوس کیا کہ ماحول کی بے دینی اور ملک کی عمومی جہالت اور ظلمت کا اثر مکاتب پر بھی ہے۔ اول تو طلبہ کی پوری اصلاح اور ان کی دینی تربیت نہیں ہونے پاتی، دوسرے جو طلبہ ان مکاتب سے دین کی تعلیم اور تھوڑی بہت اسلامی تربیت حاصل کر کے نکلتے بھی ہیں وہ بھی جہالت اور بے دینی کے اس بحرِ ظلمات میں جو ان کے چاروں طرف سیکڑوں میل تک پھیلا ہوا ہے ایسے غرق ہو جاتے ہیں کہ پھر ان کا پتہ نہیں چلتا۔

قوم میں دین کی کوئی طلب نہیں جس سے وہ اپنے بچوں کو شوق سے پڑھنے بھیجے اور مکتبوں میں بٹھائے، نہ دین کی قدر ہے کہ ان کے پڑھ لینے کے بعد ان کے علم کی عزت اور ان کی بات کی وقعت ہو۔ ایسی حالت میں یہ مکاتب ان کی زندگی پر کچھ اثر انداز نہیں ہو سکتے۔

تیسرے، یہ سارے انتظامات ان کے لئے ہیں جو سرے سے غیر مکلف و نابالغ بچے ہیں اور جو عاقل بالغ احکام الٰہی کے براہ راست مخاطب ہیں اور جو دینی لاعلمی اور بے عملی کی وجہ سے موردِ غضب بن رہے ہیں ان کے لئے اس میں کوئی انتظام نہیں۔

نیز ساری قوم کو ان مکاتب اور مدارس کے ذریعہ (خواہ ان کی تعداد کتنی ہی زیادہ ہو) دین کی ضروری تعلیم اور اسلامی تربیت نہیں دی جا سکتی نہ سب ان مکاتب کے طالبِ علم بن سکتے ہیں، نہ اپنے مشاغلِ زندگی اور وسائلِ معاش چھوڑ سکتے ہیں۔

اسی عرصے میں ایک سفر میں مولانا کے سامنے بڑی تعریف کے ساتھ

---

[1] ایک عرصے کے بعد مولانا نے ایک گرامی نامہ میں اس بارہ میں اپنا جو خیال ظاہر فرمایا اس کو ان الفاظ میں ادا کیا جا سکتا ہے۔ "مکاتب جذبات کی جس مقدار سے چل سکتے ہیں وہ ابھی بہت بعید ہے۔ ابھی ایک طویل مدت صرف تبلیغ پر اقتصار کر کے استقامت اور ترقی فرماتے رہیں۔ جب عمومی استعداد پیدا ہو جائے گی اور اسلام کی رغبت پر کچھ ترقی کرنے لگیں گے تو اللہ چاہے تھوڑی کوشش سے بہت سے مدارس ہو سکیں گے۔"

ایک نوجوان پیش کیا گیا کہ یہ میوات کے فلاں مکتب سے قرآن پڑھ کر نکلے ہیں، مولانا فرماتے تھے کہ اس کی ڈاڑھی مونڈی ہوئی تھی، چہرہ شکل اور لباس سے بھی کسی قسم کی اسلامیت نہیں ظاہر ہوتی تھی، اس کو دیکھ کر مولانا کی حساس اور غیور طبیعت کو دھکا لگا اور خیال ہوا کہ یہ تو کوہ کندن وکاہ برآوردن کا مرادف ہے اس واقعہ سے مکاتب کی طرف سے مولانا کا دل اور پھیکا ہوگیا۔

مکاتب کے علاوہ آپ نے اپنے سفروں میں جا بجا نزاعات اور پرانے جھگڑے چکلے جس کا میوات میں بڑا زور رہا کرتا ہے، فریقین میں صلح تصفیہ کرایا۔ آپ اپنی موقع شناسی، حکمت اور روحانیت سے اس میں بھی بہت کامیاب ہوئے، میوات کے لوگ کہتے تھے کہ یہ شخص دیکھنے میں تو ایک مشتِ استخواں ہے مگر جس معاملہ میں پڑ جاتا ہے چٹکیوں میں اسے سلجھا دیتا ہے اور معلوم نہیں کیا بات ہے کہ بڑے بڑے ضدی اور اپنی بات پر اڑنے والے اس کے کہنے سے فوراً مان جاتے ہیں۔

اُسی زمانہ میں اور بھی بعض علماء نے میوات میں وعظ و اصلاح کا کام شروع کیا تھا اور جیسا سارے ہندوستان میں علمائے حق کا طریقہ ہے خلافِ شرع امور کی روک تھام اور مسائلِ دین کی اشاعت کی کوشش شروع کی، اسی سلسلہ میں انھوں نے بعض خاص رسوم کی مخالفت کی تحریک بھی اٹھائی۔

لیکن مولانا یہ محسوس کر رہے تھے کہ دین کی حالت اس وقت بھڑوں

کے گلے کی سی ہے کہ چوپان ایک طرف سے ان کو سمیٹتا ہے تو دوسری طرف سے کچھ بھیڑیں نکل جاتی ہیں، دوسری طرف سے سمیٹتا ہے تو تیسری طرف سے نکل جاتی ہیں، ایک جزئی کی اصلاح کی جائے تو دوسری صدہا جزئیات قابلِ اصلاح رہتی ہیں، زندگی کی چول اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہے وہ چول ہے ایمان اور دین کی طلب اور قدر جو صدیوں پہلے دلوں سے نکل چکی ہے۔

آپ مختلف تجربوں سے اس نتیجہ پر پہنچے تھے کہ خواص وافراد کی اصلاح اور دینی ترقی مرض کا علاج نہیں آپ کے اس تاثر کو ایک میواتی نے اپنے سیدھے سادھے الفاظ میں یوں بیان کیا کہ "جب تک عام آدمیوں میں دین نہ آئے کچھ نہیں ہو سکتا"

اس کے بعد عرصے تک آپ کی میوات میں آمد ورفت رہی اور اہلِ میوات کو آپ سے دینی وروحانی فیض پہنچتا رہا۔ لوگ بکثرت آپ کے سلسلہ میں منسلک ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ ربیع الاول سنہ ۴۴ ہجری میں آپ کی اور معتقدین کی درخواست اور خواہش پر علماء اور صلحاء کی ایک جماعت کے ساتھ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی میوات تشریف لائے فیروزپور نمک میں تشریف آوری رہی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انسانوں کا ایک جنگل تھا جو ان بزرگوں کی زیارت اور شوقِ ملاقات میں مجتمع تھا۔ بکثرت لوگ بیعت میں داخل ہوئے۔

دوسرا حج اور کام کے رُخ کی تبدیلی | شوال ۴۴ھ میں آپ دوسرے حج کیلئے روانہ ہوئے۔ مولانا خلیل احمد صاحب کی ہمرکابی حاصل تھی، ایک ہفتہ مولانا

کی معیت میں حیدر آباد دکن میں قیام رہا، کیونکہ حیدر آباد کے احباب کا مولانا سہارنپوری سے اصرار تھا۔

مدینہ منورہ کے قیام کا زمانہ جب ختم ہوا اور رفقا چلنے کے لئے تیار ہوئے تو انھوں نے مولانا کو عجب بے چینی و اضطراب میں پایا۔ آپ کسی طرح مدینہ منورہ سے جدا ہونے پر راضی نہ تھے۔ کچھ دن توقف کے بعد رفقا نے مولانا خلیل احمد صاحب سے ذکر کیا، آپ نے مولانا کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ تم ان سے چلنے کے لئے اصرار نہ کرو ان پر ایک حالت طاری ہے۔ یا تو تم اتنا انتظار کرو کہ یہ از خود تمھارے ساتھ چلے جائیں یا تم خود چلے جاؤ یہ بعد میں آجائیں گے۔ چنانچہ رفقا ٹھہر گئے۔

مولانا فرماتے تھے کہ مدینہ طیبہ کے اس قیام کے دوران میں مجھے اس کام کے لئے امر ہوا اور ارشاد ہوا کہ ہم تم سے کام لیں گے، کچھ دن میرے اس بے چینی میں گزرے کہ میں ناتوان کیا کر سکوں گا؟ کسی عارف سے ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا کہ پریشانی کی کیا بات ہے، یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کروگے، یہ کہا گیا ہے کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ بس کام لینے والے کام لے لیں گے۔

اس سے بڑی تسکین ہوئی اور آپ نے مدینہ منورہ سے مراجعت فرمائی ۵ مہینے حرمین میں قیام رہا۔ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۴۵ھ ہجری کو کاندھلہ واپسی ہوئی۔

تبلیغی گشت کی ابتدا | حج سے واپسی پر مولانا نے تبلیغی گشت شروع کر دیا

آپ نے دوسروں کو بھی دعوت دی کہ عوام میں نکل کر دین کے اوّلین اصول وارکان (کلمۂ توحید اور نماز) کی تبلیغ کریں، لوگوں کے کان اس دعوت سے ناآشنا تھے۔ دین کی تبلیغ کے لئے عامیوں کا زبان کھولنا بڑا پہاڑ معلوم ہوتا تھا چند آدمیوں نے بڑی شرم وحیا اور رکاوٹ کیساتھ یہ خدمت انجام دی۔

ایک بار نوح میں اجتماع ہوا آپ نے مجمع میں اپنی یہ دعوت اور مطالبہ پیش کیا کہ جماعتیں بنا کر علاقہ میں نکلا جائے اور تبلیغ کی جائے حاضرین نے ایک مہینہ کی مہلت طلب کی، ایک مہینہ کے بعد جماعت بن گئی، آٹھ دن کے لئے ۸ گاؤں طے ہو گئے جن کا اس جماعت کو دورہ کرنا تھا، اور یہ طے ہوا کہ یہ دورہ کرتی ہوئی آئندہ جمعہ سوہنے (ضلع گوڑگانوہ) میں پڑھے گی، وہیں آئندہ ہفتہ کا پروگرام طے ہوگا۔

چنانچہ پہلا جمعہ جماعت نے سوہنے میں پڑھا، مولانا بھی تشریف لائے آئندہ ہفتہ کا نظام طے ہوا۔ جماعت پھر دورے پر روانہ ہوئی اور دوسرا جمعہ تاوڑو پڑھا گیا، تیسرا جمعہ نگینہ تحصیل فیروز پور پڑھا گیا، مولانا نے ہر جمعہ میں شرکت فرمائی اور آئندہ کا نظام طے ہوا۔

عرصے تک میوات میں اسی طرز پر کام ہوتا رہا اور دینی وعلمی مرکزوں کے لوگوں کو میوات کے جلسوں میں ان جماعتوں کے اجتماع کے موقع پر دعوت دی جاتی رہی اور کئی سال تک یہ سلسلہ جاری رہا۔

تیسرا حج | ۱۳۵۱ھ ہجری میں آپ تیسری بار حج کو گئے۔ رمضان کا چاند نظام الدین میں نظر آ گیا تھا، تراویح دہلی کے اسٹیشن پر ہوئی، تراویح سے

فراغت پر کراچی کی گاڑی میں سوار ہو گئے۔ مولانا احتشام الحسن اس سفر میں آپ کے ساتھ تھے وہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے نام ایک خط میں مولانا کے مشاغل و اوقات کے متعلق لکھتے ہیں:۔

"حضرت والا کا اکثر وقت حرم میں گزرتا ہے تبلیغی جلسے اور چرچے برابر رہتے ہیں اور ہر جگہ اس کے متعلق ضرور حضرت والا کچھ نہ کچھ ذکر فرماتے ہیں"

مکہ معظمہ سے روانہ ہو کر ۲ محرم سنہ ۵۲ ہجری (مطابق ۲۷ اپریل سنہ ۳۳ عیسوی) مدینہ طیبہ پہونچے اور زیارت سے مشرف ہوئے۔ ۲ رجمادی الاولیٰ سنہ ۵۲ھ کو ہندوستان واپسی ہوئی۔

اس حج سے آپ اپنے کام اور نظام کے متعلق مزید وثوق و اطمینان اور یقین لے کر آئے اور کام کی رفتار کو بڑھا دیا۔

میوات کے دو دورے

حج سے واپس تشریف لا کر مولانا نے بڑی جماعت کے ساتھ میوات کے دو دورے کئے، کم سے کم سو آدمی اس سفر میں ہر وقت ساتھ رہتے تھے، باقی جا بجا مجمع بہت ہو جایا کرتا تھا، ایک دورہ ایک مہینہ کا تھا، دوسرا دورہ کچھ کم ایک مہینہ کا، سفر کے وقت جماعتوں کو گانوؤں میں تقسیم کر دیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ گشت لگا کر آؤ۔

تبلیغی جماعتیں دینی مرکزوں کی طرف

مولانا نے اپنے طویل تجربہ اور بالغ نظری سے یہ سمجھ لیا تھا کہ اپنے ماحول اور مشاغل میں گھرے رہ کر ان غریب میواتی کاشتکاروں کا دین سیکھنے کے لئے وقت نکالنا اور اس تھوڑے سے وقت

ہیں جس میں ان کو کامل یکسوئی حاصل نہیں ہو سکتی دین کے ایسے اثرات کو قبول کر لینا جن سے ان کی زندگی میں انقلابی اصلاح اور تغیر پیدا ہو جائے ممکن نہیں، ان سے یہ مطالبہ کرنا بھی صحیح نہیں کہ سب کے سب اس عمر میں مکاتب اور مدارس کے طالب علم بن جائیں اور یہ توقع بھی غلط ہے کہ وعظ و پند ہی سے ان کی زندگی میں انقلاب ہو جائے گا اور وہ اس جاہلی زندگی سے نکل کر اسلامی زندگی میں قدم رکھیں گے، ان کے عادات و اخلاق، مزاج و طبائع، شوق و رغبت اور جذبات بدل جائیں گے۔

لیکن مولانا کے نزدیک ایسا ہونا ضروری تھا! مگر اس کی کیا تدبیر ہو سکتی تھی؟ مولنا کے نزدیک اس کی تدبیر صرف یہ تھی کہ ان کو کچھ مدت کے لئے جماعتوں کی شکل میں دین اور علم کے مرکزوں کی طرف نکلنے پر آمادہ کیا جائے وہ وہاں کے عوام و جہلا میں کلمہ اور نماز کی تبلیغ کریں اور اس طرح اپنا پڑھا ہوا سبق پختہ کریں، اور وہاں کے اہلِ علم و دین کی مجلسوں میں بیٹھ کر ان باتوں کو بغور سنیں اور ان کی زندگی، نشست و برخاست اور عمل کو بغور دیکھیں۔ اور اس طرح بالکل فطری طریقہ پر جس طرح بچہ زبان سیکھتا ہے اور آدمی تہذیب و شائستگی حاصل کر لیتا ہے وہ دین و علم دین حاصل کریں۔

نیز اس نکلنے کے زمانہ میں جس سے زیادہ یکسوئی و توجہ کا اہل کا زمانہ انکو بظاہر نصیب نہیں ہو سکتا۔ قرآن پڑھنے، مسائل و فضائل معلوم کرنے اور صحابۂ کرامؓ کے حالات و حکایات سننے میں مشغول رہیں اور اس طرح اس گشتی مدرسہ سے بہت کچھ سیکھ کر اور لیکر اپنے گھر واپس ہوں۔

لیکن یہ کام بہت مشکل تھا کسی شیخِ طریقت نے (الا ماشاء اللہ) اپنے مریدین و معتقدین پر ایسا بوجھ کم ڈالا ہوگا، اپنے مشاغل سے چھڑانا بیوی بچوں سے علیحدہ کرنا اور گھر سے نکالنا آسان کام نہیں، پھر اس قوم کے افراد کو جس کو بڑی کوششوں کے بعد کچھ مانوس کیا گیا تھا۔

ایک دوسری دقت یہ تھی کہ اس کا بھی اطمینان نہیں تھا کہ جہاں یہ لوگ جائیں گے وہاں ان کے ساتھ ہمدردانہ سلوک ہوگا۔ ان کی جہالت، سادہ لوحی اور شہروں کے معیار سے بعض اوقات ناشائستگی پر ترحم و شفقت کا سلوک ہوگا یا قہر و عتاب اور طنز و تعریض کا۔

مولانا کا خیال تھا کہ یوپی کا مغربی حصہ (ضلع مظفر نگر و سہارنپور جس کے لئے کبھی دوآبہ کی اصطلاح استعمال فرماتے تھے اور کبھی مطلق یوپی کے لفظ سے ادا کرتے تھے) دین و علم دین کا معدن اور اہلِ حق کا خاص مرکز ہے اہلِ دین کی صحبت و اختلاط اور آنکھوں اور کانوں کے ذریعہ سے دین کے تعلم و اکتساب کے لئے اس خطہ سے زیادہ کوئی موزوں و مناسب زمین نہیں۔

مولانا کے نزدیک ملک کی جہالت و غفلت، دینی بے حمیتی اور جذبات کی خرابی، تمام فتنوں کی جڑ اور ساری خرابیوں کا سرچشمہ تھی اور اس کا علاج صرف یہ تھا کہ میوات کے لوگ اپنی اصلاح و تعلیم اور دین کو دنیا پر مقدم رکھنے اور اس کے لئے جد و جہد کرنے کی طاقت اور جذبات پیدا کرنے کے لئے باہر اور خصوصاً یوپی کے ان شہروں میں جائیں۔

مولانا ایک میواتی کو لکھتے ہیں:-

"میرے دوست آدمی کا جاہل اور غافل ہونا اور حق کی کوشش میں سُست ہونا یہ ہر فتنہ کی کنجی ہے اور طبائع اور جذبات کے ان نامبارک اور گندہ صفتوں پر رہنے سے خدا جانے کتنے فتنے اُٹھتے ہوئے تم دیکھو گے اور کچھ نہ کر سکو گے، اٹھتے ہوئے فتنوں کو میٹنے اور آئندہ کے فتنوں سے روکنے کے لئے تمہارے ملک میں پیش آئی ہوئی اسکیم کی مشق کرنے کے لئے یو، پی کے لئے نکلنے پر زور دینے کے سوا اور کوئی علاج نہیں"۔ [1]

مولانا کو اس کی بھی امید تھی کہ آپ کی یہ دعوت و تحریک اس طرح اس علاقہ کے اہلِ حق اور اہلِ علم کے سایہ تلے آجائے گی۔ اور اس بہانے سے ان حضرات کو میوات کے ان غریب و دور افتادہ مسلمانوں کی پس ماندگی و زبوں حالی سے واقفیت کا موقع ملے گا۔ شاید ان کے دل میں اس کا درد پیدا ہو جائے اور ان کی نگاہِ شفقت اُٹھے، مولانا کے نزدیک ان حضرات کا تعلق اور ان کی سرپرستی نہایت ضروری تھی جس کے بغیر وہ اس تحریک کو خطرہ اور آزمائش سمجھتے تھے۔

غالباً انہی مصلحتوں کی بنا پر مولانا نے پہلی جماعت کے سفر کے لئے اپنے وطن کاندھلہ کا انتخاب فرمایا کہ وہ بہرحال اپنا وطن ہے، عزیزوں سے سابقہ ہے اور یوں بھی وہ ایک علمی اور دینی مرکز ہے۔ اسلئے اس سفر کی

---

[1] بنام میاں جی محمد عیسیٰ صاحب فیروز پور نمک۔

غرض بھی حاصل ہے۔

پہلی جماعت کاندھلہ کیلئے | ایک رمضان میں مولانا نے فرمایا کہ کاندھلہ کے لئے آدمی تیار کرو، علماء و مشائخ کے مرکز، پھر اپنے مرشد و شیخ کے وطن میں تبلیغ کے لئے عامیوں اور جاہلوں اور میوات کے دہقانیوں کا جانا سننے والوں کو بہت ہی عجیب اور دشوار معلوم ہوا اور چونکہ یہ غلط تخیل تھا کہ ہم کو اصلاح اور دوسروں میں تبلیغ کے لئے بھیجا جا رہا ہے اس لئے اور بھی انوکھی سی بات معلوم ہوتی تھی۔ لوگوں کی سب پہلوؤں پر نظر نہیں تھی (اور اب بھی بہ یک وقت اس کام کے سب پہلو اچھے اچھے اہلِ نظر کے سامنے نہیں آتے) اسلئے لوگوں نے تعمیل میں جوش و سرگرمی کا اظہار نہیں کیا، حاجی عبدالرحمٰن جیسے مخلص و محب نے کہہ دیا کہ "میں تو نہ جا سکوں وہ میرے استاد (مولٰنا محمد صاحب) کا گاؤں ہے"۔

مگر مولٰنا کوئی سنجیدہ بات سرسری طریقہ سے اور رواروی کے ساتھ نہیں فرماتے تھے کہ بات آئی گئی ہو جائے، اس کے لئے وہ اپنی شخصیت کا پورا بوجھ ڈال دیتے تھے اور اپنی ساری طاقتوں کو کام میں لے آیا کرتے تھے وہ جس چیز کو ضروری سمجھتے تھے اس کی طرف سے مطمئن ہوئے بغیر ان کے لئے کھانا پینا اور سونا مشکل تھا، زندگی بھر کا یہ معمول تھا، اس لئے انکی بات کا ٹالنا ان سے تعلق رکھنے والوں کے لئے آسان نہ تھا۔

چنانچہ دس آدمیوں کی ایک جماعت کاندھلہ کے سفر کے لئے تیار ہو گئی، اور عید کی نماز پڑھتے ہی حافظ مقبول حسن صاحب کی امارت میں

دہلی سے روانہ ہوگئی، اس جماعت میں چیدہ چیدہ لوگ تھے اور تقریباً سب وہ تھے جو اعتکاف کرچکے تھے، اس جماعت کو ذکر کے اہتمام کی خاص تاکید تھی۔

کاندھلہ کے لوگوں نے بڑے اعزاز واکرام سے اُمی بی کے گھر میں ان کو ٹھہرایا اور بڑی خاطر کی۔

دوسری جماعت رائے پور کیلئے اس کے بعد رائے پور (ضلع سہارنپور) جماعت کے جانے کی تحریک کی اور شوال ہی میں دس گیارہ آدمیوں کو اپنے ساتھ لے گئے۔

رائے پور بھی اطمینان کی جگہ تھی اور ایک دینی دروحانی مرکز تھا، نیز مولنا عبدالقادر صاحب (جانشین شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوریؒ) سے یک جہتی اور یگانگت کی بنا پر وہاں سے بھی کوئی تکلف اور اجنبیت نہیں تھی۔

نمبردار محراب خاں کو نمونیا تھا۔ فرمایا آج نہیں کل چلے آنا، آپ نے رات کو ان کے لئے دُعا کی نمونیا اچھا ہوگیا، اور وہ رائے پور کے لئے روانہ ہوگئے۔

قاری داؤد صاحب کا بچہ قضا کرگیا تھا وہ بچے کو دفن کرتے ہی گھر واپس ہوئے بغیر روانہ ہوگئے۔

میوات کے منظم دورے آپ نے میوات کی تحصیلوں کے نقشے اور پورے ضلع گوڑگانواں کا نقشہ تیار کرایا، سمتیں اور لائنیں قائم کی گئیں اور آپ نے ہدایت کی کہ تمام مبلغین کارگزاری قلم بند کریں، گاؤں کی آبادی اور ایک گاؤں کا دوسرے سے فاصلہ لکھا جائے۔ آس پاس کے بڑے بڑے گاؤں اور انکے

نمبرداروں کے نام لکھے جائیں اور بتلایا جائے کہ کون لوگ زیادہ آباد ہیں۔

چھتوڑا تحصیل فیروز پور میں ایک جلسہ ہوا جس میں سولہ جماعتیں بنیں، ہر جماعت پر ایک امیر اور ہر چار جماعتوں پر ایک امیر الامراء کا تقرر ہوا، سارے ملک میوات میں ان جماعتوں کے ایک مرتبہ دورہ کرجانے کا انتظام کیا گیا۔ اور اس کی شکل یہ اختیار کی گئی کہ چار جماعتیں پہاڑ کے اوپر دورہ کرنے کے لئے نامزد ہوں اور چار جماعتیں ان گانوؤں میں جو سڑک اور پہاڑ کے درمیان واقع ہیں، اور چار جماعتیں اس سڑک کے جو ہوڈل سے دہلی کو جارہی ہے اور اس سڑک کے درمیان جو الور سے دہلی کو جارہی ہے، اور چار جماعتیں اُس سڑک کے جو ہوڈل سے دہلی کو جاتی ہے اور جمنا کے درمیان کام کریں۔

ہر جگہ نظام الدین سے ایک آدمی خیر خبر لینے اور تقریر کرنے کے لئے آتا فرید آباد میں سب جماعتیں اکٹھا ہوئیں، مولانا بھی تشریف لائے جلسہ ہوا، فرید آباد کی سولہ جماعتیں مختلف راستوں سے چار جماعتوں میں منقسم ہوکر جامع مسجد دہلی میں جمع ہوئیں، جلسہ ہوا اور وہاں سے جماعتیں پانی پت، سونی پت اور دوسرے مقامات کی طرف بڑھیں۔

اس عرصہ میں میوات میں تبلیغی گشتوں اور دین سیکھنے کے لئے سفر و ہجرت کی تحریض و ترغیب اور تذکیر کا سلسلہ برابر جاری رہا، مولانا کا اب یہی مطالبہ اور یہی دعوت تھی، جو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پیش کرتے رہتے تھے، اس سلسلہ میں میوات کے بکثرت دورے اور مختلف مقامات پر جلسے ہوئے ہر جگہ نئے نئے عنوانات اور فضائل و ترغیبات کے ساتھ یہی ایک مضمون پیش فرماتے

رہے اور قوم سے اسی کا مطالبہ کرتے رہے اور اسی میں اُس کے دینی و دنیاوی فروغ کا یقین دلاتے رہے، یہاں تک کہ اس مشکل کام سے وحشت کم ہوگئی۔

میوات کے اندر و باہر دورہ کرنے کے لئے جماعتیں بکثرت بننے لگیں، اس پر ہمیشہ زور دیا جاتا رہا کہ ملک میں دوسری چیزوں کی طرح اس کا بھی عام رواج ہو جائے اس کے لئے مناسب مقامات میں جلسے اور اجتماعات بھی کئے جاتے تھے ہر جلسے سے کچھ نئی جماعتیں تیار ہو کر اطراف و جوانب یا یوپی کا گشت کرنے کے لئے نکلتیں، لوگ اپنے اپنے وقتوں کی پیش کش کرنے لگے روپے پیسے کے چندے کا رواج تو دنیا میں تھا ہی، دین کے واسطے اوقات (ہفتوں اور مہینوں) کے چندے کا پہلی مرتبہ میوات میں رواج شروع ہوا۔

مولانا کام کرنے والوں میں دین کے لئے ایثار و قربانی کی روح پیدا کرنا چاہتے تھے اور ان کو اللہ کے لئے کھیتی باڑی کا نقصان اور اپنے کاروبار کا حرج برداشت کرنے کا عادی بنانا چاہتے تھے۔ میوات میں ایک مدت کے بعد اس کا آغاز ہوا کہ دین کے لئے دنیاوی کاموں کا نقصان برداشت کیا جائے اور دنیا کا خطرہ مول لیا جائے، یہ الگ بات ہے کہ اکثر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس کی نوبت نہیں آنے دی اور نکلنے والوں کو واپس آکر معلوم ہوا کہ ان کی غیبی مدد ہوئی اور ان کی کھیتی باڑی اور دوکانداری کو اس عرصہ میں زیادہ فروغ ہوا۔

میوات میں دین کی عام اشاعت | ان رضا کار مبلغین کی وجہ سے جو بہت بڑی تعداد

میں اپنا سامان اپنی پیٹھ پر اٹھائے ہوئے، اپنا ضروری خرچ یا خوراک ساتھ باندھے ہوئے، ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں، اور میوات کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پھرتے رہتے تھے، تھوڑی مدت میں اس وسیع علاقہ میں دین اور دین داری کی ایسی عام اشاعت ہوئی اور اس تاریک خطہ میں جو صدیوں سے تاریک چلا آرہا تھا ایسی روشنی پھیلی جس کی نظیر دور، دور نہیں مل سکتی، اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ اگر کوئی اسلامی سلطنت اپنے پورے وسائل استعمال کرتی اور لوگوں کو دین سے قریب کرنے کے لئے اور دین سے واقف کرنے کے لئے بہت بڑا تنخواہ دار عملہ رکھتی یا سیکڑوں کی تعداد میں مدارس و مکاتب قائم کرتی تو وہ اپنی سلطنت کے کسی علاقہ میں اس خوبی کے ساتھ دین نہیں پھیلا سکتی تھی اور زندگی کا انقلاب تو مادی وسائل کے قابو سے بالکل ہی باہر ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ دین کے کام کا صحیح طرز وہی ہے جو قرنِ اوّل میں تھا، اسلام کے سپاہی لڑنے کے ہتھیار اور کھانے کے لئے سامان خوراک اپنے گھر سے لاتے تھے اور شہادت کے شوق اور رضائے الٰہی کی طلب میں جہاد کرتے تھے، اسی طرح اس کے مبلغ اور داعی، اس کے محتسب اور واعظ اللہ کا حکم اور اپنا فرض سمجھتے ہوئے اپنے فرائض دل چسپی اور دیانت داری سے ادا کرتے تھے، میوات کی اس دینی نقل و حرکت میں اس مبارک دور کی اک ہلکی سی جھلک تھی، اگر کوئی ان مبلغین کے قافلوں کو اس حالت میں گزرتا ہوا دیکھتا کہ کاندھوں پر کمبل پڑے ہوئے ہیں بغل میں سیپارے دبے ہوئے ہیں،

چادر کے پلو میں چنے یا چند روٹیاں بندھی ہوئی ہیں، زبانیں ذکر و تسبیح میں مشغول ہیں، آنکھوں میں شب بیداری کے آثار، پیشانیوں پر سجدے کے نشانات ہاتھ پاؤں سے جفاکشی اور مشقت کا اظہار ہو رہا ہے تو دیکھنے والے کے سامنے بیئر معونہ کے ان شہید صحابیوں کی ایک دھندلی سی تصویر پھر جاتی جو قرآن اور احکام دین کی تعلیم کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے جا رہے تھے اور شہید کر دیئے گئے تھے۔

فضا کی تبدیلی | رفتہ رفتہ میوات کی فضا بدلنے لگی اور موسم کے تغیر کے اثرات جا بجا ظاہر ہونے لگے، زمین میں ایسی روئیدگی اور قابلیت پیدا ہونے لگی کہ دین کی چیزوں کے نشو و نما پانے اور سرسبز اور بار آور ہونے کی امید پیدا ہو گئی، اب دین کی ہر چیز کے لئے مستقل جہاد کی ضرورت نہیں رہی، (اگرچہ کام بہت باقی تھا اور بعض رسمیں قابل اصلاح اب بھی باقی ہیں) مگر ان مقامات میں جہاں کام زیادہ ہو چکا تھا صرف اتنا کہنا اور بتلانا کافی تھا کہ یہ دین کی چیز ہے اور اللہ و رسول کا حکم ہے۔

مولانا کے نزدیک کام کی یہی صحیح ترتیب تھی کہ پہلے لوگوں میں حقیقی ایمان، دین کی طلب اور قدر اور آخرت کے لئے دنیا میں اپنے جان و مال کا نقصان گوارا کرنے کی قابلیت پیدا ہو جائے پھر پورے دین کی صلاحیت از خود پیدا ہو جائے گی۔

چنانچہ میوات میں دین داری کے وہ اثرات ظاہر ہونے لگے جن میں سے ایک ایک کے لئے اس سے پہلے اگر برسوں جد و جہد کی جاتی تو شاید

کامیابی نہ ہوتی بلکہ اُلٹی ضد پیدا ہو جاتی، ملک میں دین کی رغبت پیدا ہو گئی اور اس کے آثار نظر آنے لگے، جس علاقہ میں کوسوں مسجد نظر نہیں آتی تھی، وہاں گاؤں، گاؤں مسجدیں بن گئیں اور دیکھتے دیکھتے اس ملک میں ہزاروں مسجدیں بن کر کھڑی ہو گئیں، صدہا مکتب اور متعدد عربی کے مدرسے[1] قائم ہو گئے۔ حفاظ کی تعداد سیکڑوں سے متجاوز ہے، فارغ التحصیل علماء کی بھی ایک خاصی بڑی تعداد پیدا ہو گئی[2] ہندوانہ وضع و لباس سے نفرت پیدا ہونے لگی اور اسلامی و شرعی لباس کی وقعت دلوں میں پیدا ہو گئی، ہاتھوں سے کڑے اور کانوں سے مرکیاں اترنے لگیں، بے کہے آدمیوں نے ڈاڑھیاں رکھنی شروع کر دیں، شادیوں سے مشرکانہ اور خلاف شرع رسوم کا خاتمہ ہونے لگا، سود خواری کم ہو گئی، شراب نوشی تقریباً ختم ہو گئی، قتل و غارت گری کی واردات میں بہت کمی ہو گئی، جرائم، فسادات اور بداخلاقیوں کا تناسب پہلے کے مقابلے میں بہت گھٹ گیا، بے دینی، بدعات و رسوم اور فسق و فجور کی باتیں اور عادتیں موافق ہوا و فضا نہ پانے کی وجہ سے خود بخود مضمحل ہونے لگیں۔

---

[1] میوات میں عربی کا مرکزی مدرسہ نوح کا مدرسہ معین الاسلام ہے جس کی بنیاد مولانا کے ہاتھوں سے ۱۳۶۲ھ میں رکھی گئی۔ خان بہادر شیخ عزیز الدین صاحب دہلوی مرحوم کو اس کی تعمیر و ترقی سے بڑی دلچسپی تھی اور انھوں نے اس میں بڑی فراخ حوصلگی سے حصہ لیا۔ آپ نے ۲۴؍ دسمبر ۱۹۴۰ء کو انتقال فرمایا۔

[2] اس سلسلہ میں سب سے بڑا احسان مولانا عبدالسبحان صاحب کا ہے جو علمائے میوات کے استاد و مربی ہیں آپ کے درس اور آپ کے مدرسہ واقع قرول باغ دہلی سے بکثرت میواتی طلبہ عالم اور فارغ التحصیل ہو کر نکلے۔

اس حقیقت کو ایک سن رسیدہ تجربہ کار میواتی نے بڑی بلاغت کے ساتھ بیان کیا جس پر کسی اضافے کی گنجائش نہیں، قاری داؤد صاحب نے ایک بوڑھے میواتی سے اس کا عندیہ لینے کے لئے پوچھا کہ تمھارے ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ بوڑھے میواتی نے کہا "اور تو میں کچھ جانتا نہیں اتنا جانوں کہ جن باتوں کے لئے پہلے بڑی کوششیں کی جاتی تھیں اور ایک بات بھی نہیں ہوتی تھی وہ اب آپ ہی آپ ہو رہی ہیں۔ اور جن باتوں کو بند کرنے کے لئے پہلے بڑی بڑی لڑائیاں لڑی جاتی تھیں اور بڑا زور لگایا جاتا تھا اور ایک بات بھی نہیں بند ہوتی تھی وہ اب بے کہے سُنے خود بخود بند ہوئی جا رہی ہیں۔"

مولانا کے نزدیک اس اصلاح و تغیر کا سب سے بڑا سبب اہلِ میوات کا باہر نکلنا اور خصوصاً یوپی کے دینی مرکزوں میں جانا تھا۔ ایک میواتی کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"جماعتوں کے یوپی کے خطہ میں نکلنے کی کچھ ایسی تاثیرات ہیں کہ باوجود (افراد کی) صرف تھوڑی سی مقدار کے نکلنے کے جو دو سو کو بھی نہیں پہونچی اور (وقت کی) تھوڑی سی مقدار کے جو اپنے گھروں کے مقابلہ میں کچھ بھی شمار ہونے کی حیثیت نہیں رکھتی، اتنے قلیل زمانہ کا اتنا اثر ہوا کہ انقلاب عظیم کا لفظ زبانوں پر آنے لگا اور تمھارے ملک کی ٹھوس اور کاملِ جہالت والے لوگوں کے ناپاک جذبات، دین پھیلانے کے مبارک جذبات سے بدلنے لگے۔"[1]

---

[1] بنام میاں جی محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

لیکن مولانا کے نزدیک اگر باہر نکلنے کو قوم جزوِ زندگی نہ بنائے گی اور دین کے لئے جد وجہد کرنا چھوڑ دے گی تو قوم پہلے سے زیادہ گر جائے گی اب مذہبی بیداری کی وجہ سے دنیا کی نگاہیں میوات کی طرف ہیں، ان ہزاروں نگاہوں کے ساتھ ہزاروں فتنے ہیں، جہالت و مجہولیت و گمنامی کا حصار ٹوٹ چکا ہے، اب زیادہ چوکنا اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے ایک گرامی نامہ میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"جب تک تبلیغ کے لئے چار چار مہینے ملک در ملک پھرنے کو اپنی قوم میں جزوِ زندگی بنانے کی کوشش کے لئے پورے اہتمام کے ساتھ آپ لوگ کھڑے نہیں ہوں گے اس وقت تک قومیت صحیح دینداری کا مزہ نہیں چکھے گی اور حقیقی ایمان کا ذائقہ کبھی نصیب نہیں ہوگا۔ اب تک جو مقدار ہے ایک عارضی ہے اگر کوشش چھوڑ دوگے تو قوم اس سے زیادہ گرے گی، اب تک جہالت اس کی حفاظت کر رہی تھی اور شدتِ جہالت کی وجہ سے دوسری قومیں ان کو ہستی میں شمار نہ کرنے کی وجہ سے توجہ نہیں کرتی تھیں، اب تاوقتیکہ دین کی قلعہ بندی سے اپنی حفاظت نہیں کریں گے دوسری قوموں کا شکار ہو جاویں گے۔"[1]

دہلی کے مبلغین | دہلی اور دوسرے مقامات پر تبلیغ کرنے کے لئے کچھ عرصہ سے پانچ تنخواہ دار مبلغین رکھے ہوئے تھے جو قریب قریب تبلیغ کے مروجہ عام

---

[1] مکتوب بنام میاں جی محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

طریقوں پر کام کرتے تھے انھوں نے تقریباً ڈھائی سال کام کیا لیکن ان سے مولانا کا مقصود حاصل نہیں ہوتا تھا۔ اور مولانا اس سست اور بے روح کام سے بہت اکتا گئے تھے، ان لوگوں کے کام سے وہ دینی اور اصلاحی نتائج حاصل نہیں ہو رہے تھے اور وہ حرکت و زندگی نہیں پیدا ہو رہی تھی جو میوات کے رضا کار طالب اجر اور ایثار پیشہ مبلغین سے پیدا ہو گئی تھی، مولانا اس طریقۂ کار سے بالکل غیر مطمئن ہو گئے تھے اور اس کو ختم کر دینا چاہتے تھے۔

آخری حج اور حرمین میں دعوت مولانا کو اس کی بڑی آرزو تھی جو آخر وقت تک قائم رہی کہ اگر ہندوستان کا کام کچھ جم جائے تو آپ اپنے چند مخصوص رفقا کے ساتھ اسلام کے مرکز میں جا کر اس کام کی دعوت دیں اور وہاں اسکو شروع کریں کہ یہ وہیں کی سوغات ہے۔ اور وہاں کے رہنے والے اس کے سب سے زیادہ مستحق ہیں کہ "بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا" کہہ کر اس کا استقبال کریں اور پھر ان کے ذریعہ سے یہ دولت عالم اسلام میں گھر گھر بٹے۔

سنہ ۵۶ھ میں آپ کے دل میں بڑی شدت سے اس کا داعیہ پیدا ہوا اور آپ ۱۸ رذی قعدہ کو حج کے لیے روانہ ہو گئے [۱]

---

[۱] آپ کے رفقاء سفر میں مولانا احتشام الحسن صاحب صاحبزادہ مولوی محمد یوسف صاحب، مولوی انعام الحسن صاحب، مولوی نور محمد صاحب، حاجی عبدالرحمٰن صاحب، مولوی ادریس صاحب حبیبا، مولوی جمیل صاحب اور دوسرے ہمراہیوں میں متولی طفیل احمد صاحب، مولوی ظہیر الحسن صاحب، اور ماسٹر محمود الحسن صاحب تھے، نظام الدین اور میوات کا تبلیغی کام اور مکاتب مولوی سید رضا حسن صاحب کے اور دہلی کا کام حافظ مولوی مقبول حسن صاحب کے سپرد تھا۔ کام کی نگرانی اور مختلف معاملات و مسائل کی سربراہی شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کے ذمہ تھے جملہ مدات کی تنخواہیں دینا۔ جلسوں میں جانا، ترقیاں، نئے مدارس کا قیام اور مشورہ طلب امور شیخ حاجی رشید احمد صاحب کی رائے سے انجام پاتے تھے۔

جہاز میں تبلیغ اور مناسک حج کا بہت کافی چرچا رہا، جدہ سے مکہ مکرمہ جاتے ہوئے بحرہ کے قیام میں وہاں کے رؤسا کو جمع کر کے مولانا نے تقریر فرمائی اور ان سب نے تحسین کی، ایام حج چونکہ قریب تھے اور رہائش وغیرہ کا سامان بھی کرنا تھا اس لئے مکہ معظمہ میں تبلیغ کے متعلق کسی سے کچھ تذکرہ کرنے کی نوبت نہیں آئی، البتہ منیٰ کے قیام میں مختلف اطراف کے حجاج سے گفتگو ہوئی، مولانا نے ایک اجتماع میں تقریر فرمائی جس کا اچھا اثر ہوا[1]

حج سے فراغت کے بعد بعض ہندی اہل الرائے اصحاب سے مشورہ ہوا انھوں نے حجاز کے حالات و مصالح کے پیش نظر تبلیغ کے ارادہ کی سخت مخالفت کی پھر مولانا شفیع الدین صاحب[2] سے تذکرہ آیا، حضرت موصوف نے بڑے زور سے تائید کی اور فرمایا مجھے غیبی امداد و اعانت کی قوی امید ہے، ایک جمعہ کو محمد سعید باسلامہ مکی کے یہاں دعوت تھی، کھانے کے بعد مولانا نے کچھ تقریر فرمائی جسکے بعض فقروں پر وہ برافروختہ ہو گئے، بمشکل انکو سنبھالا گیا اور پھر انھوں نے بہت سے مفید مشورے دئے۔

بحرین کی ایک جماعت حجاج سے گفتگو ہوئی اور کافی دیر تک تبادلۂ خیالات ہوتا رہا۔ انھوں نے عہد کیا کہ ہم ضرور اس کام کو جا کر شروع کرینگے ان میں دو شخص ذی علم تھے، سب کے بشرہ سے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ بات کی

---

[1] مکتوب مولانا احتشام الحسن بنام شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب [2] مولانا محمد شفیع الدین صاحب نگینہ ضلع بجنور کے رہنے والے حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ کے خلفاء میں سے تھے۔ ہندوستان سے ہجرت کر کے مکہ معظمہ میں مقیم تھے۔ بزرگان دیوبند اور حاجی صاحبؒ کے سلسلے کے حضرات سے خصوصی تعلقات تھے۔ صاحب احوال و کمالات بزرگ تھے۔

قدر کر رہے ہیں اور بہت زیادہ اس کام کے لئے آمادہ ہیں، حجاز کے بعض سربر آوردہ ہندوستانی تجار سے گفتگو ہوئی، پہلے وہ مولانا کی تقریر سے کچھ چونکے مگر دوبارہ بات چیت کرنے پر بہت حد تک آمادہ ہوگئے ان کی اور سب کی رائے ہوئی کہ پہلے سلطان سے اجازت حاصل کی جائے، چنانچہ قرار پایا کہ پہلے اغراض و مقاصد کو عربی میں قلم بند کر لیا جائے۔ پھر سلطان کے سامنے پیش کیا جائے، مولانا احتشام الحسن، عبداللہ بن حسن شیخ الاسلام اور شیخ بن بلیہد سے اپنے طور پر ملے۔[۱]

دو ہفتہ کے بعد (۲۳ مارچ ۱۹۳۸ء) کو مولانا، حاجی عبداللہ دہلوی، عبدالرحمن مظہر شیخ المطوفین اور مولوی احتشام الحسن صاحب کی معیت میں سلطان کی ملاقات کے لئے تشریف لے گئے۔ جلالۃ الملک نے بہت اعزاز کے ساتھ مسند سے اتر کر استقبال کیا اور اپنے قریب ہی معزز ہندی مہمانوں کو بٹھایا ان حضرات نے تبلیغ کا معروضہ پیش کیا جس پر سلطان نے تقریباً چالیس منٹ تک توحید و کتاب و سنّت اور اتباعِ شریعت پر مبسوط تقریر کی اس کے بعد بہت اعزاز کے ساتھ مسند سے اُتر کر رخصت کیا۔ اگلے روز سلطان نے نجد کا قصد کیا اور ریاض کے لئے روانہ ہوگئے۔[۲]

مولوی احتشام الحسن صاحب نے مقاصد تبلیغ کو اختصار کے ساتھ نوٹ کر کے شیخ الاسلام رئیس القضاۃ عبداللہ بن حسن کے یہاں پیش کیا، مولانا اور مولوی احتشام صاحب ان کے یہاں خود بھی گئے، انھوں نے بہت اعزاز

---

[۱] مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۳۸ء [۲] ایضاً مورخہ ۳۰ مارچ ۱۹۳۸ء

واکرام کیا اور مہربانی کی خوب تائید کی اور زبانی پوری ہمدردی واعانت کا وعدہ کیا لیکن اجازت کو نائب عام امیر فیصل کے مشورہ پر محول کیا[1]

مکہ معظمہ کے دوران قیام میں صبح شام دونوں وقت جماعت تبلیغ کے لئے جاتی تھی اور حسب استطاعت انفرادی طور پر لوگوں کو تبلیغی باتوں پر آمادہ کرتی تھی، چند جلسے بھی ہوئے جن میں مولوی ادریس اور مولوی نور محمد صاحبان نے اردو میں تقریر کی سننے والے مانوس اور قدر دان ہونے لگے[2]

رفقاء حج کو مولانا کی تاکید تھی کہ عمرہ اور دوسری عبادات سے زیادہ تبلیغ کا اہتمام کریں کہ اس زمانہ اور اس مقام مقدس میں بالخصوص اس سے افضل کوئی عبادت اور عمل نہیں[3]

خواص وعلماء کے ایک اجتماع میں آپ نے یہ سوال پیش کیا کہ مسلمانوں کے تنزل کا سبب کیا ہے؟ حاضرین نے اپنے اپنے طرز کے مطابق اس کا جواب دیا۔ آخر میں آپ نے خود اظہار خیال فرمایا اور دعوت پیش کی جس سے لوگوں نے اتفاق کیا اور متاثر ہوئے۔

ایک عارف کی توثیق صاحب زادہ مولوی محمد یوسف صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم لوگ اپنے قیام گاہ پر جو باب العمرہ کے برابر والے مکان میں تھی، بیٹھے ہوئے تھے، حضرت کچھ فرما رہے تھے اور ہم سب سن رہے تھے، کہ ایک شخص دروازہ کے سامنے آکر کھڑے ہوگئے اور خطاب کرکے کہا کہ جو کام تم کر رہے ہو اس میں مشغول رہو اس کا اجر وانعام اتنا بڑا ہے کہ اگر

---

[1] مکتوب مولانا احتشام الحسن مورخہ ۳۰ مارچ ۱۹۳۸ء [2] ایضاً [3] مکتوب مولوی انعام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث

تمہیں بتلا دیا جائے تو برداشت نہ کر سکو شادیٔ مرگ ہو جائے، یہ کہہ کر وہ وہاں سے چلے گئے اور ہمیں کچھ معلوم نہ ہوا کہ وہ کون بزرگ تھے، مولانا بدستور اپنی گفتگو میں مشغول رہے اور ادھر التفات بھی نہ کیا۔

۲۵ صفر ۵۷ھ ہجری کو مکہ معظمہ سے موٹر پر روانہ ہو کر ۲۷ کی صبح کو مدینہ منورہ پہنچے اور وہاں بھی تبلیغی سعی شروع ہوئی، معلوم ہوا کہ امیر مدینہ کو اجازت دینے کا کوئی اختیار نہیں، وہ کاغذات مکہ مکرمہ بھیجدیں گے وہاں سے جیسا حکم آئے گا تعمیل کی جائے گی۔ مولانا، مولوی سید محمود صاحب اور مولوی احتشام الحسن صاحب کی معیت میں امیر مدینہ سے ملے اور ان سے اپنے مقصد کا بھی اظہار کیا جسکو انھوں نے پسند فرمایا اور زبانی کافی تحسین کی[۱]

انفرادی طور پر مختلف قسم کے لوگوں سے گفتگو اور مذاکرے رہے اس مقصد کو لے کر دو مرتبہ قبا بھی جانا ہوا، وہاں ایک اجتماع میں مولانا نے تقریر بھی فرمائی، چند آدمی آمادہ بھی ہوئے[۲]

دو مرتبہ اسی مقصد کے لئے احد بھی جانا ہوا، ایک اجتماع میں مولوی نور محمد اور مولوی یوسف صاحب نے عربی میں اظہار خیال بھی کیا اور لوگوں نے ترغیب و تحسین کی[۳]

بدوؤں سے بھی بات چیت ہوتی تھی۔ بچوں کے کلمے بھی سنے جاتے تھے اور رباط میں بھی جانا ہوتا تھا کام کی طرف سے کبھی امید پیدا ہوتی کبھی

---

[۱] [۲] مکتوب مولانا احتشام الحسن صاحب بنام شیخ الحدیث مورخہ ۱۲ ربیع الاول ۵۷ھ مطابق ۱۳ مئی ۳۸ء

[۳] مکتوب مولوی محمد یوسف صاحب بنام شیخ الحدیث ۱۲ ربیع الاول ۵۷ھ ہجری۔

ناامیدی، لیکن اس سفر سے اس قدر اندازہ ہو گیا کہ ہندوستان کے مقابلہ میں عرب میں تبلیغ کی زیادہ ضرورت ہے [۱]

ہندوستان واپسی آپ قیام حجاز کے دوران میں میوات و دہلی کے کام اور کام کی رفتار سے بے خبر اور بے تعلق نہیں رہے ہندوستان سے برابر خطوط جاتے تھے جن سے کام کی رفتار اور تفصیلات معلوم ہوتی رہتی تھیں، آپ ان خطوط کے برابر جوابات دیتے تھے جن میں کام کے متعلق ہدایت و ترغیب ہوتی تھی۔

مدینہ منورہ کے پندرہ روزہ قیام کے بعد اہل الرائے کے مشورہ سے آپ نے ہندوستان کی واپسی کا قصد فرما لیا۔ یہاں پہنچکر آپ نے مکۂ مکرمہ کے ایک صاحب کو ان کے استفسار پر ایک خط لکھا تھا جس سے اسکی کچھ تفصیل معلوم ہوگی۔

محترم بندہ دام مجدکم۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،
آنے کا باعث یہ ہوا کہ مدینہ منورہ میں پندرہ روز قیام کے بعد میں نے صبح کو چائے پیتے ہوئے کام کو بڑے زور استقلال اور محکم بنیاد کے ساتھ شروع کرنے کے بعض طریقوں کی طرف توجہ دلائی تو ہمارے جملہ اہل الرائے نے استحکام کے ساتھ کام جاری ہونے کے لئے کم از کم دو سال کے قیام کو ضروری بتایا جو صحیح تھا۔ میری رائے نے اتفاق کیا۔ لیکن اتنے قیام

---

[۱] مکتوب مولانا احتشام الحسن بنام شیخ الحدیث ۱۲ ربیع الاول ۵۷ھ سنہ ہجری۔

سے ہندوستان میں جو کام تھا اس کے ضائع ہو جانے کا قومی
خطرہ تھا۔ اس لئے یہاں کے کام کو ایسے انداز پر ڈالنے کی نیت
ہے کہ جس میں وہاں استقلال سے کام کر سکوں، عارضی قیام
کی نیت سے واپس ہوا ہوں، آپ صاحبوں کو دین محمدی کی
اگر حفاظت و بقا کا صحیح درد ہے اور آپ کے مشاغل سے دینِ
محمدیؐ زیادہ کام کی چیز و کارآمد ہے اور میرا یہ طریقہ آپ کے
نزدیک ٹھیک بھی ہے تو میرے اصول کو براہِ راست خود
سمجھتے ہوئے اور وہاں کی جماعت کے لوگوں کو براہ راست
خود اصول کے سمجھنے کی ترغیب دیتے ہوئے اس کام میں اپنی
جانبازی و جاں نثاری کے ذریعہ اپنے ایمان کو مضبوط
فرمائیں۔ فقط

والسلام

ازبندہ محمدؐ الیاس

نظام الدینؒ۔ دہلی

باب پنجم

میوات میں کام کا استحکام اور میوات کے باہر شہروں میں دعوت وتبلیغ

ہندوستان واپس آکر آپ نے میوات میں اپنی تبلیغی سرگرمی بہت بڑھادی، بکثرت دورے، اور جلسے اور گشت ہوئے، دوبارہ جماعتوں کی آمد شروع ہوئی اور میواتی جماعتیں یوپی کے شہروں اور قصبات میں پھرنے لگیں، شہری مسلمانوں کی طرف بھی دعوت کا رخ ہوا اور میوات کی طرح دہلی میں بھی خالص تحریض وترغیب کے ذریعہ اجر ورضائے الٰہی کے شوق میں کام کرنے کا سلسلہ شروع ہوا، محلوں میں جماعتیں بنیں اور ہفتے وار گشت کی ابتدا ہوئی۔

مولانا کے قلبی تاثرات اور دعوت کا محرک شہروں کی حالت دیکھکر مولٰنا کی حساس اور ذکی طبیعت پر چند تاثرات غالب تھے جن کی وجہ سے دل میں ایک درد اور بے کلی سی رہتی تھی۔

۱. شہروں میں دینداری ضرور موجود تھی مگر وہ برابر سمٹتی اور سکڑتی چلی

جارہی تھی، پہلے دینداری جمہور سے نکل کر مسلمانوں کی ایک معتدبہ تعداد میں محدود ہو گئی، اس کے بعد دین کا دائرہ اور تنگ ہوا اور دین عوام سے نکل کر صرف خواص کے دائرہ میں رہ گیا۔ دیکھتے دیکھتے خواص سے اخص الخواص میں سمٹ کر آگیا۔ اب دینداری افراد میں رہ گئی تھی اور ان افراد میں بھی برابر کمی آتی چلی جارہی تھی، اس میں شبہ نہیں کہ کہیں کہیں دینداری کی بہت بڑی مقدار بھی ایک جگہ جمع ہو گئی تھی، اور بعض اوقات اس کو دیکھ کر آدمی کا دل باغ باغ ہوتا کہ الحمدللہ اس زمانہ میں بھی دینداری کے ایسے بلند نمونے موجود ہیں، مگر دین کا پھیلاؤ جاتا رہا تھا اور دین سرعت کے ساتھ انحطاط کی طرف جارہا تھا اس سے یہ خطرہ تھا کہ ان افراد کے اٹھ جانے سے دین داری ہی دنیا سے نہ اٹھ جائے اور سمٹتے سمٹتے مسلمانوں کے صفحۂ زندگی میں یہ دینداری کہیں صرف ایک نقطہ بن کر نہ رہ جائے۔

مولانا کی آنکھوں کے سامنے دین داری میں سخت انحطاط و تنزل ہو گیا تھا۔ جو خاندان اور قصبات رشد و ہدایت کا مرکز تھے اور جہاں صدیوں سے علم و ارشاد کی شمع روشن چلی آرہی تھی اور دیئے سے دیا جلتا چلا آرہا تھا، وہ بے نور ہوتے چلے جا رہے تھے، جو اٹھتا تھا اپنی جگہ خالی چھوڑ جاتا تھا، اور پھر وہ جگہ تاریک ہو جاتی تھی۔ ضلع مظفر نگر و سہارنپور و دہلی کے مردم خیز قصبات کے دینی انحطاط سے مولانا ذاتی واقفیت رکھتے تھے اور اس کا ان کو بڑا قلق رہتا تھا۔ مولانا نے ایک تعزیت نامہ میں یہ الفاظ لکھے تھے "افسوس کہ حق جل و علا کے نام کے ساتھ ذائقہ لینے والے دنیا میں پیدا تو ہوتے نہیں اور

جو صحبتوں کی برکتوں سے کچھ ہو چکے ہیں وہ اُٹھتے چلے جاتے ہیں اور کچھ بدل نہیں چھوڑتے۔"

مولانا اس نقصان کی تلافی اس طرح کرنا چاہتے تھے کہ دین عام طور پر مسلمانوں میں پھیلے اور دین داری عام ہو، پھر ان میں خواص اہلِ دین پیدا ہوں یہی پہلے بھی ہوا ہے اور اسی طرح اب بھی ہو تو کام چلے۔

علم دین کا حال دینداری سے بھی بدتر تھا، وہ تو بہت پہلے خاص الخاص لوگوں کے گھرانوں سے مخصوص ہو کر رہ گیا، عام مسلمان دین سے بالکل بے بہرہ ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ مولانا کا رجحان اس بارہ میں بھی یہی تھا کہ علم دین مسلمانوں میں پھیل جائے اور کوئی مسلمان ایسے ضروری علم دین سے جس کے بغیر بحیثیت مسلمان کے زندگی گزارنا مشکل ہے بے بہرہ نہ رہے۔ پھر ان میں خواص اہلِ علم، ماہرفن اور صاحب فضیلت پیدا ہوں۔

۲۔ دین کو شہری مشغول مسلمانوں نے نہایت مشکل سمجھ لیا ہے، اور اسکو ہوّا بنا رکھا ہے، ان کے نزدیک دین نام ہے ترکِ دنیا کا اور چونکہ ترکِ دُنیا مشکل ہے اس لئے دین بھی ناممکن العمل ہوا اور وہ اس بنا پر دین کی طرف سے مایوس ہو کر دنیا میں ہمہ تن منہمک ہو گئے اور غضب یہ ہوا کہ اپنی زندگی کو خالص دُنیاوی اور غیر اسلامی زندگی سمجھتے ہوئے اس پر راضی اور مطمئن ہو گئے، انکی زندگی کی نسبت اور رشتہ خدا سے کٹ کر نفس سے جڑ گیا اور ان کی دنیاوی زندگی کی حقیقت وہ ہو گئی جس کو حدیث میں خدا سے بے تعلق ہونے کی وجہ سے خدا کی رحمت سے دُور کہا گیا ہے۔" اَلدُّنْيَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا

إِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ أَوْ عَالِمٌ أَوْ مُتَعَلِّمٌ۔ (خالص دنیا اور خالص دنیا کی چیزیں (جو خدا سے علاقہ نہ رکھتی ہوں) خدا کی رحمت سے دُور ہیں صرف اللہ کا ذکر (وسیع معنیٰ میں) اس کے متعلقات اور علم و تعلم کا سلسلہ اس سے مستثنیٰ ہے (کیونکہ اس کی نسبت اللہ سے ہے) نوبت یہاں تک پہونچی کہ اگر دین کی طرف توجہ بھی دلائی جاتی ہے تو بعض مسلمان بے تکلف کہہ دیتے ہیں کہ ہم تو دنیا دار لوگ ہیں اور بعض تو یہاں تک تواضع اور صاف گوئی سے کام لیتے ہیں کہ کہہ دیتے ہیں "صاحب ہم تو پیٹ کے بندے اور دنیا کے کتے ہیں"۔

مولانا کے نزدیک حقیقت اس کے بالکل خلاف تھی، اپنے دُنیاوی مشاغل اور تعلقات کو شریعت کے احکام کے ماتحت اور دین کے سایہ میں گذارنا دین ہے اور یہ ایسی چیز ہے جو ہر مسلمان اپنی دنیاوی مشغولیت اور تعلقات کے ساتھ کر سکتا ہے۔ لیکن اس کے لئے تھوڑی سی توجہ اور معمولی سے علم دین کی ضرورت ہے، مولٰنا کے نزدیک اس حقیقت کی تبلیغ کی بڑی ضرورت تھی، اس کے نہ معلوم ہونے اور اس کی طرف توجہ نہ ہونے ہی سے مسلمانوں کا سواد اعظم دین کی دولت سے محروم ہوا جا رہا ہے، اور دنیا پرستی اور نفس پروری پر قانع ہوتا چلا جا رہا ہے۔

مولانا ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:۔

"دُنیا کا مفہوم نگاہ میں بہت غلط ہے معیشت دُنیا کے اسباب میں مشغول ہونے کا نام دنیا ہرگز نہیں ہے، دنیا پر لعنت ہے اور لعنت کی چیز کا خدائے پاک کی طرف سے حکم نہیں ہو سکتا

لہٰذا جس چیز کا حکم ہے اُس کا حکم سمجھکر اُس کے اندر سرگرمی کرنا یعنی حکم کو تحقیق کرنا اور حکم کی عظمت کے ماتحت اُس کے حلال وحرام کا دھیان کرنا اسی کا نام دین ہے۔ اور حکم سے قطع نظر کرکے خود اپنی ضرورتوں کو محسوس کرنا اور حکم کے علاوہ کوئی اور وجہ اسکے ضروری ہونے کی قرار دینا اس کا نام دنیا ہے لہ

مولانا دین کی مثال اس لعاب دہن سے دیا کرتے تھے جسکی تھوڑی سی مقدار کی شمولیت کے بغیر نہ کسی چیز میں ذائقہ پیدا ہوتا ہے اور نہ وہ چیز ہضم ہوتی ہے، یہ مقدار ہر انسان کے پاس موجود ہے اسی طرح دین کی یہ ضروری مقدار ہر مسلمان کے پاس موجود ہے صرف اس کو اپنے دنیاوی مشاغل اور تعلقات میں شامل کرنے کی ضرورت ہے جس سے اسکی ساری دنیا دین بن جائے۔

۳۔ عرصۂ دراز سے علم دین کے متعلق یہ خیال قائم ہو گیا ہے کہ وہ صرف کتابوں اور نصاب اور خاص اساتذہ کے ذریعہ عربی مدارس میں کئی برس کی سخت محنت سے حاصل ہو سکتا ہے اور چونکہ ہر شخص مدرسہ کا طالب علم نہیں بن سکتا اور آٹھ، دس سال نہیں صرف کر سکتا اس لئے عام مسلمانوں نے یہ فیصلہ کر لیا کہ علم دین ان کی قسمت میں نہیں اور طے کر لیا کہ ان کی زندگی جہالت ہی میں گذرے گی۔

یہ صحیح ہے کہ علم دین عربی مدرسوں میں حاصل ہوتا ہے مگر یہ دین کا تکمیلی علم اور درجۂ فضیلت ہے لیکن ہر مسلمان کیلئے یہ علم اور یہ درجہ نہ ضروری

لہ بنام میاں جی محمد عیسیٰ فیروز پور نمک

ہے نہ ممکن ہے، دین کا ضروری علم ہر مسلمان اپنے کاروبار، دنیاوی علائق و مشاغل کے ساتھ حاصل کرسکتا ہے، صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم (اصحاب صفہ کی محدود اور اک مختصر جماعت کے سوا) سب اپنے اپنے مشاغل اور تعلقات زن و فرزند رکھتے تھے۔ وہ تاجر بھی تھے اور کاشتکار بھی تھے اور اہلِ حرفہ بھی، ان کے ساتھ بھی گھر کا بار اور زندگی کا جنجال تھا۔ مدینہ منورہ میں علوم دینیہ کا کوئی مدرسہ بھی نہ تھا، اگر ہوتا بھی تو وہ اس کے باقاعدہ طالب علم نہیں بن سکتے تھے اور اپنے آٹھ، دس برس صرف اسکی طالب علمی میں صرف نہیں کرسکتے تھے، مگر سب جانتے ہیں کہ وہ ضروری علم دین رکھتے تھے۔ اور دین کی ضروریات، مسائل واحکام اور فضائل کے علم سے بے بہرہ نہیں تھے، یہ علم ان کے پاس کہاں سے آیا؟ محض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں شرکت و حضوری زیادہ جاننے والوں کے پاس بیٹھنے اور اہلِ دین کی صحبت و اختلاط اور ان کے حرکات و سکنات کو بغور دیکھنے، سفروں اور جہاد میں رفاقت اور بر وقت اور بر موقع احکام معلوم کرنے اور دینی ماحول میں رہنے سے، اس میں شبہ نہیں کہ اس درجہ اور معیار کی بات آج حاصل نہیں ہوسکتی۔ لیکن اس سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا کہ اس کی کچھ نہ کچھ صورت انھیں راستوں سے آج بھی پیدا کیجا سکتی ہے۔

مولانا کے نزدیک اس کی تدبیر یہ تھی کہ مشغول اور کاروباری مسلمانوں کو اور عام اہلِ شہر کو دین کا ضروری علم حاصل کرنے کے لئے اپنے اوقات کا کچھ حصہ فارغ کرنے کی دعوت دیجائے اور دین کے لئے مال کی طرح وقت کی زکوٰۃ نکالنے پر آمادہ کیا جائے۔ ان کو اس ماحول سے نکلنے کی دعوت دیجائے

جس کے متعلق ان کا عمر بھر کا تجربہ ہے کہ وہ اُس میں رہتے ہوئے اپنی زندگی میں کوئی محسوس تبدیلی پیدا نہ کر سکے اور دین کے ابتدائی اور ضروری مسائل (ان کی ضرورت کا اقرار اور بعض اوقات عزم رکھنے کے باوجود) حاصل نہیں کر سکے، جہالت و ناواقفیت کے جس مقام پر جو شخص ۲۰-۲۵ برس پہلے تھا، آج بھی ٹھیک اسی مقام پر ہے، جس کی نماز غلط تھی اُس کی نماز ۱۵ برس سے غلط ہی چلی آرہی ہے، جس کو دعار قنوت یا نماز جنازہ کی دعا یاد نہیں تھی اس کو سیکڑوں وعظ سننے اور برسوں علمار کے پڑوس میں رہنے کے باوجود اور ہزاروں کتابوں کے بازار میں بکنے کے باوجود ابھی تک وہ یاد نہیں ہے، اس سے ثابت ہو گیا کہ اس ماحول میں اس کے لئے تبدیلی اور ترقی کا صرف عقلی امکان اگرچہ ہے۔ لیکن تجربہ اس کے بالکل برخلاف ہے۔

پس اس کا ذریعہ صرف یہ ہے کہ اُن کو عارضی طور پر اس غیر دینی اور جامد ماحول سے نکال کر کسی زندہ اور بیدار دینی ماحول میں رکھا جائے تاکہ وہ کچھ دنوں کے لئے اپنے قدیم ماحول کے اثرات سے آزاد ہوں، اپنے مشاغل سے فرصت پائیں۔ ان کی دینی عزیمت اور قوت ارادی جو ماحول کی ناموافقت اور مشاغل کی مزاحمت سے شکست کھا کر افسردہ اور کمزور ہو چکی ہے پھر زندہ اور بیدار ہو، سویا ہوا دینی احساس اور طلب ان کے دلوں میں انگڑائی لے، اور ان میں دین حاصل کرنے کا پھر حوصلہ پیدا ہو،

۴۔ مولانا کے نزدیک مسلمان کی زندگی کی اصلی ساخت یہ تھی کہ وہ اسلام کی نصرت و خدمت اور اس کے عملی کاموں میں شخصاً شریک ہو، یا جو لوگ ان کاموں

میں مشغول ہیں ان کے لئے پشت پناہ بنے۔ لیکن اس کے ساتھ بھی ان کاموں میں خود عملاً شریک ہونے کا عزم اور جذبہ رکھتا ہو، اور صرف کسی معذوری یا دینی مصلحت کی وجہ سے ہی وقتی طور پر اس سے علحدہ ہو۔ شہروں کی پرسکون اور کاروباری زندگی جس کو مولانا مہاجرانہ اور مجاہدانہ زندگی کے مقابلہ میں سکونی زندگی فرماتے تھے، اسلام کی راہِ راست سے ہٹی ہوئی اور بگڑی ہوئی زندگی ہے۔

شہروں کی زندگی مدت ہائے دراز سے خالص کاروباری، کمانے اور کھانے کی زندگی رہ گئی ہے، مولانا اس طرزِ زندگی کو دیکھکر کڑھتے رہتے تھے اور چاہتے تھے کہ اہلِ شہر بھی "ہجرت ونصرت" کی زندگی اختیار کریں اور شہروں میں بھی اس کا رواج ہو۔

مولانا اس تقسیم کے قائل نہ تھے کہ کچھ لوگ دین کی خدمت کریں اور کچھ لوگ اطمینان سے اپنا کاروبار کریں اور دنیاوی ترقی میں مشغول رہیں، اور کبھی کبھی اہلِ دین کی مالی اعانت وخدمت کردیا کریں اور سمجھ لیں کہ تقسیم عمل کے اصول سے علماء اور اہلِ دین کے ذمہ دین کی خدمت ہے اور ان کے ذمہ دنیاوی ترقی اور اہل دین کی حسب توفیق بس مالی امداد ہے۔

مولانا فرماتے تھے کہ جس طرح زندگی کے ضروری کاموں میں تقسیم عمل نہیں، اس پر کوئی راضی نہیں کہ ایک کھالیا کرے، دوسرا پی لیا کرے اور تیسرا پہن لے بلکہ ہر شخص ان میں سے ہر کام فرداً فرداً اپنے لئے ضروری سمجھتا ہے اسی طرح مذہب کے فرائض کی پابندی، دین کا ضروری علم حاصل کرنا اور فی الجملہ دین کی

نصرت اور اعلاء کلمۃ اللہ کی تھوڑی بہت کوشش ہر شخص کے لئے کسب معاش کے ساتھ ضروری ہے۔

دہلی میں میواتیوں کا قیام | ان تمام وجوہ کی بنا پر مولانا شہروں کے مسلمانوں کے لئے اپنی یہ دعوت بہت ضروری سمجھتے تھے، اور بہت زور کے ساتھ انکے سامنے یہ دعوت پیش کرنا چاہتے تھے، مگر مولانا اس کے لئے محض مواعظ اور تقریر و تحریر کافی نہیں سمجھتے تھے، بلکہ عملی نمونہ اور عملی آغاز کے بغیر اُس کو مُضر سمجھتے تھے، ایک گرامی نامہ میں ارشاد فرمایا :۔

"جب تک عوام کے سامنے عملی نمونہ نہ ہو، محض منبروں پر کی تقریر عمل پر پڑنے کے لئے کافی نہیں ہوسکتی، اگر تقریر کے بعد عمل پر پڑنے کی تجویز و تشکیل نہ ہو تو عوام کے اندر ڈھٹائی اور بے ادبی کے لفظ بولنے کی عادت پڑ جائے گی۔"

چنانچہ آپ نے دہلی شہر اور دوسرے بڑے بڑے مرکزوں میں میواتیوں کی جماعتیں بھیجنی شروع کیں اور انھوں نے دہلی میں طویل قیام کرنا شروع کیا، ابتدا میں ان کو دہلی میں بڑی دقتیں پیش آئیں۔ ان کو مسجدوں میں اکثر جگہ دینے سے انکار کر دیا جاتا۔ کسی مسجد میں اگر ٹھیر بھی گئے تو ضروریات پوری کرنے میں بڑی تکلیف ہوتی، لوگ ان کی شکایتیں کرتے اور بُرا بھلا کہتے وہ شہر کی تکلیفوں سے دِق ہوکر اور اہلِ شہر کی بے مہری سے تنگ آکر اپنے امرا اور ذمہ داروں سے شکوہ کرتے، وہ غریب کبھی اہلِ محلّہ کی خوشامد کرتے کبھی اپنے میواتی بھائیوں کو سمجھا بجھا کر خاموش کرتے، مگر یہ ایک مستقل جہاد اور

آزمایش تھی جو روزانہ پیش آتی تھی[1] رفتہ رفتہ یہ دقتیں دُور ہوئیں، لوگوں کی نگاہیں اور سلوک بدل گئے اور اپنے جوش واخلاص اور قربانی کی وجہ سے میواتی محبت کی نظر سے دیکھے جانے لگے۔

اہلِ علم کی طرف توجہ آپ نے اپنے نزدیک اس کا فیصلہ کر لیا تھا کہ جب تک اہلِ حق اور اہلِ علم اس کام کی طرف متوجہ نہ ہوں گے اور اس کی سرپرستی نہ کریں گے، اس وقت تک اس اجنبی دعوت اور اس نازک اور لطیف کام کی طرف سے (جس میں بڑی دقیق رعایتیں اور نزاکتیں ملحوظ ہیں) اطمینان نہیں کیا جا سکتا۔ آپ کو اس کی بڑی آرزو تھی کہ اہل اشخاص اس کام کی طرف توجہ کریں اور اپنی قابلیتوں اور خداداد صلاحیتوں کو اس کام کے فروغ میں لگائیں جس سے اسلام کے درخت کی جڑ شاداب ہوگی پھر اس سے اس کی تمام شاخیں اور پتیاں سرسبز ہو جائیں گی۔

اس سلسلہ میں آپ علماء سے صرف وعظ و تقریر ہی کے ذریعہ اعانت نہیں چاہتے تھے، بلکہ آپ کی خواہش اور آپ کا مطالبہ علماء عصر سے سلف اوّل کے طرز پر اشاعت دین کے لئے عملی جدوجہد اور دربدر پھرنے کا تھا۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

"عرصہ سے میرا اپنا خیال ہے کہ جب تک علمی طبقہ کے حضرات

---

[1] مولانا نے کسی بار ذکر فرمایا کہ ایک روز میانجی داؤد جو اکثر میواتیوں اور اہلِ شہر کے درمیان واسطہ ہوتے) دو طرفہ شکایت اور غم و غصہ سنکر اور عاجز آکر بہت روئے۔ مولانا فرماتے تھے کہ ان کے اس رونے سے راستہ کھل گیا اور کام میں بڑی برکت ہوئی۔

اشاعت دین کے لئے خود جاکر عوام کے دروازوں کو نہ کھٹکھٹائیں اور عوام کی طرح یہ بھی گانوں گاؤں اور شہر شہر اس کام کے لئے گشت نہ کریں اس وقت تک یہ کام درجۂ تکمیل کو نہیں پہونچ سکتا، کیونکہ عوام پر جو اثر اہل علم کے عمل و حرکت سے ہوگا وہ ان کی دھواں دھار تقریروں سے نہیں ہو سکتا اپنے اسلاف کی زندگی سے بھی یہی نمایاں ہے جو کہ آپ حضرات اہل علم پر بخوبی روشن ہے۔"

درس و تدریس سے تعلق رکھنے والے بعض بزرگوں کو شبہ تھا کہ تبلیغ و اصلاح کی اس کوشش میں مدرسین اور طلبۂ مدارس کا اشتغال انکے علمی مشاغل اور علمی ترقی میں حارج ہوگا لیکن آپ جس طرح اور جس منہاج پر علماء مدارس اور طلبہ سے یہ کام لینا چاہتے تھے وہ درحقیقت علماء اور طلبہ کے علوم کی ترقی اور پختگی کا ایک مستقل انتظام تھا۔ ایک گرامی نامہ میں لکھتے ہیں:۔

"علم کے فروغ اور ترقی کے بقدر اور علم ہی کے فروغ اور ترقی کے ماتحت دین پاک فروغ اور ترقی پا سکتا ہے۔ میری تحریک سے علم کو ذرا بھی ٹھیس پہونچے یہ میرے لئے خسرانِ عظیم ہے میرا مطلب تبلیغ سے علم کی طرف ترقی کرنے والوں کو ذرا بھی روکنا یا نقصان پہنچانا نہیں ہے بلکہ اس سے بہت زیادہ ترقیات کی ضرورت ہے اور موجودہ جہاں تک ترقی کر رہے ہیں یہ بہت ناکانی ہے۔"

مولانا چاہتے تھے کہ اس تبلیغی کام ہی کے ضمن میں طلبہ اپنے اساتذہ ہی

کی نگرانی میں اپنے علوم کے حق کے ادا کرنے اور مخلوق کو ان سے فائدہ پہنچانے کی مشق کرلیں تاکہ ان کے علوم خلق اللہ کے لئے نافع ہوں۔ ایک گرامی نامہ میں لکھتے ہیں :۔

"کاش تعلیم ہی کے زمانہ میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی استادوں کی نگرانی میں مشق ہو جایا کرے تو علوم ہمارے نفع مند ہوں ورنہ افسوس کہ بیکار ہو رہے ہیں، ظلمت اور جہل کا کام دے رہے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

بہر حال اپنی اس دعوت کو اعلیٰ علمی و دینی حلقوں میں پہنچانے کیلئے آپ نے جماعتوں کا رُخ دینی مرکزوں کی طرف کیا۔

دینی مرکزوں میں کام کے اصول | آپ نے میواتیوں کو دیوبند، سہارنپور، رائے پور اور تھانہ بھون کی طرف بھیجنا شروع کیا اور ہدایت فرمائی کہ بزرگوں کی مجلسوں میں تبلیغ کا ذکر نہ کریں، ۵۰، ۶۰ آدمی ماحول کے دیہاتوں میں گشت کریں اور آٹھویں روز قصبہ میں جمع ہو جائیں، پھر وہاں سے دیہات کیلئے تقسیم ہو جائیں۔ حضرات اکابر کی طرف سے اگر کچھ پوچھا جائے تو بتلا دیا جائے از خود کچھ ذکر نہ کیا جائے۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"میری ایک پرانی تمنا ہے کہ خاص اصول کے ساتھ مشائخِ طریقت کے یہاں یہ جماعتیں آداب خانقاہ کی بجا آوری کرتے ہوئے خانقاہوں میں فیض اندوز ہوں اور جس میں باضابطہ خاص وقتوں میں

حوالی کے گاؤں میں تبلیغ بھی جاری رہے، اس بارے میں ان
آنیوالوں سے مشاورت کر کے کوئی طرز مقرر فرمارکھیں، یہ بندہ
ناچیز بھی اس ہفتہ بہت زیادہ اغلب ہے کہ چند روز کیلیا
حاضر ہو۔ دیوبند اور تھانہ بھون کا بھی خیال ہے۔"

اہل بصیرت کا اطمینان | اس طریقہ سے بعض اہل بصیرت کو کام کی طرف سے
اطمینان ہونے لگا اور ان کے شکوک وشبہات جو اس کام کے متعلق تھے
زائل ہوئے۔

تھانہ بھون میں بھی اسی طرح ہوا، جماعتیں تھانہ بھون کے ماحول اور
آس پاس کام کرتی رہیں، اطراف واکناف سے آنیوالے مولانا اشرف علی
صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے جماعتوں کی کارگزاری ان کے طرز و اصول اوران
برکات کا ذکر کرتے جو ان کے گشت وقیام سے ان مقامات میں نظر آنے
لگے تھے۔ مولانا کو پہلے بڑا شبہ اس میں تھا کہ جب اُن علماء کو جنھوں نے
آٹھ آٹھ دس دس سال مدرسوں میں تعلیم پائی تھی، تبلیغ میں پوری کامیابی
نہیں ہوتی بلکہ صدہا اور نئے نئے فتنے کھڑے ہوجاتے ہیں تو یہ جاہل میواتی
بغیر علم وتربیت کے اتنا نازک کام کیسے کریں گے، مولانا کی محتاط اور دُور
رس طبیعت اس کی طرف سے غیر مطمئن تھی کہ کہیں اس طریقہ سے کوئی بڑا فتنہ
نہ پیدا ہو، لیکن ان میواتیوں کے عملی کام اور قرب وجوار کی متواتر خبروں اور
تصدیقوں سے اور پھر اُن کی آمد کے برکات کو خود ملاحظہ فرمانے سے آپ کو
اس کا اطمینان ہوا۔ چنانچہ ایک موقعہ پر جب مولانا محمد الیاس صاحب نے

اس طرز کے متعلق کچھ گفتگو کرنی چاہی تو مولانا نے فرمایا کہ دلائل کی ضرورت نہیں، دلائل تو کسی چیز کے ثبوت اور صداقت کے لئے پیش کئے جاتے ہیں، میرا تو اطمینان عمل سے ہو چکا ہے، اب کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں آپ نے تو ماشاء اللہ یاس کو آس سے بدل دیا۔"

مولانا کو ایک بے اطمینانی یہ تھی کہ علم کے بغیر یہ لوگ فریضۂ تبلیغ کیسے انجام دے سکیں گے؟ لیکن جب مولانا ظفر احمد صاحب نے بتلایا کہ یہ مبلغین ان چیزوں کے سوا جن کا ان کو حکم ہے کسی اور چیز کا ذکر نہیں کرتے اور کچھ اور نہیں چھیڑتے تو مولانا کو مزید اطمینان ہوا۔

مولانا کا جوش و یقین اور اہلِ علم کی کم توجہی | مولانا کا اپنے کام پر یقین بیحد بڑھ چکا تھا اور جوش حد سے فزوں تھا مگر اہل علم اس کام کے شایانِ شان توجہ نہیں کر سکے تھے جسکا مولانا کو بڑا قلق اور بے چینی رہا کرتی تھی۔ روز بروز یہ یقین بڑھتا ہی جاتا تھا کہ وقت کے تمام فتنوں کا علاج اور زمانے کے ہر تقاضے کا جواب اصل دین کی یہی کوشش ہے۔ جب کوئی نیا فتنہ پیدا ہوتا تو دل کا یہ جوش زبان اور قلم پر آجاتا۔ ایک ایسے ہی موقع پر ایک دینی مدرسے کے ایک ذمہ دار کو تحریر فرمایا:۔

"میں کونسی قوت سے سمجھاؤں اور کونسی زبان سے بیان کروں اور اس کے علاوہ کو کونسی قوت سے اپنے دماغ میں بساؤں اور متیقن اور بدیہی امرِ معلوم کو مجہول اور مجہول کو معلوم کیونکر بناؤں، میرے نزدیک صاف صاف ان فتنوں کے دریائے اٹک اور ان ظلمات کی جمنا کے سیل کے روکنے کی سد سکندری سوا

میری والی تحریک میں قوت کے ساتھ اپنی قوت جہد کو اندرونی
جذبات کو اور ہمت کے ساتھ جملہ مساعی کو متوجہ کر دینے کے
علاوہ کوئی صورت نہیں، غیب سے اس تحریک کی صُورت کا نمایاں
ہوجانا ہی صرف اس وبار کا علاج ہے جیسا کہ عادت ازلیہ ہے کہ
حق تعالیٰ شانہٗ وبار کے مناسب علاج بھی پیدا فرمایا کرتے ہیں،
حق تعالیٰ شانہٗ کے یہاں کے پیش کئے ہوئے علاج اور نعمت
کا توجہ سے استقبال نہ کرنا کچھ بہتر نہیں ہوا کرتا۔"

اسی یقین، اسی درد اور اسی خطرہ اور خوف کو ایک دوسرے گرامی نامہ میں
اس طرح ظاہر فرماتے ہیں:۔

از بندۂ حقیر فقیر ناکارۂ دوجہاں محمد الیاس غفرلہٗ
الحمد للہ الذی بعزتہ وجلالہ تتم الصالحات اللھم لک الحمد شکرا ولک المن فضلاً
السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، میں آپ سے کن الفاظ کے ساتھ
ظاہر کروں کہ میں آپ کو اس وقت کس بیکلی کے ساتھ خط لکھ رہا
ہوں میرے عزیز دوست بات یہ ہے کہ اس تحریک میں کھڑے ہونے
سے جس قدر اللہ جل جلالہٗ کی رضا اور اس کے قرب اور اس کی نصرت
اور اس کا فضل وکرم کھلا اور کثرت سے نظر آتا ہے وہیں مجھے
یہ ڈر پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے اس قدر بڑے مہان کا استقبال اور
اکرام و تشریف اس کے مناسب نہ ہو کر موجب حرمان و
خسران و بدنصیبی نہو۔"

مگر مولانا اس غم اور سوز سے اندر ہی اندر گھلتے تھے، حتی الامکان شکایت زبان پر نہیں لاتے تھے، کسی کو الزام دینا مولانا کے مسلک اور اصول کے خلاف تھا، بلکہ اگر غیر علماء میں سے کوئی ان حضرات کی سرد مہری کی شکایت کرتا تو فرماتے کہ "جب تم سے اس کام کے لئے اپنے وہ مشاغل اور دلچسپیاں نہیں چھوڑی جاتیں جن کے متعلق خود تمہارا خیال ہے کہ وہ دنیاوی ہیں تو یہ حضرات اپنے وہ مشاغل اور دلچسپیاں کیسے چھوڑ دیں جن کے متعلق ان کا یقین ہے اور حق ہے کہ وہ دینی ہیں، تم سے اگر دوکان نہیں چھوڑی جاتی تو ان سے مسندِ درس کے چھوڑ دینے کی توقع کیوں کرتے ہو۔ اور اس پر تمھیں ان سے کیوں شکایت ہے۔"

بے التفاتی کے اسباب | اس دعوت کی طرف پوری توجہ نہ ہو سکنے کے چند اسباب تھے:۔

۱۔ یہ زمانہ عام تحریکات کا تھا، اور ذہن و دل عام طور پر ان میں مشغول تھے۔ مولانا کی خاموش اور تعمیری تحریک کی طرف توجہ کرنا اس ہنگامہ خیز زمانہ میں مشکل تھا، نیز تحریکات کا عام تصور اور مسلسل تلخ تجربہ بھی اس کے متعلق کوئی بڑا حسنِ ظن قائم کرنے سے مانع تھا۔

۲۔ اس کام کے متعلق لوگوں کو بہت کم معلوم تھا اور سوائے قریبی تعلق رکھنے والوں کے عام اہلِ علم اور خصوصاً دور افتادہ لوگوں کو کچھ خبر نہ تھی، کام اور اس کے اثرات و نتائج کی کوئی اشاعت نہیں کی گئی تھی۔

۳۔ لفظ تبلیغ جو اس دعوت کا عمومی اور مشہور عنوان ہے۔ اس تحریک کی

گہرائی اور اصلیت سمجھنے سے بڑا حجاب بنتا تھا۔ لوگ اس کو ایک سطحی تبلیغی تحریک سمجھ کر توجہ نہیں کرتے تھے یا فرض کفایہ سمجھکر اپنے ذمہ کوئی فرض نہیں سمجھتے تھے۔

۴۔ اس دعوت و تحریک کو اہلِ علم کے سامنے پیش کرنیوالے خود مولٰنا ہی تھے اور ان کا حال یہ تھا کہ نئے نئے مضامین کے ورود اور جوشِ بیان اور کچھ لکنت کی وجہ سے اکثر اوقات گفتگو اُلجھ جاتی تھی اور مفہوم واضح نہیں ہوسکتا تھا بلکہ کبھی کبھی اس وجہ سے نووارد کے ذہن میں انتشار اور طبیعت میں توحش پیدا ہوجاتا تھا۔ اور وہ تحریک کا مغز نہیں سمجھنے پاتا تھا۔

نیز بعض مضامین ایسے بلند ہوتے تھے جو عام درسی اور متداول کتابوں میں نہیں پائے جاتے، اور غیر اصطلاحی زبان میں ادا ہوتے جس کی وجہ سے بہت سے علماء کو پہلی مجلس میں مناسبت نہ پیدا ہوتی اور زیادہ وقت صرف کرنا ان حضرات کے لئے مشکل تھا۔

۵۔ لوگ سیدھے سادے میواتیوں کو دیکھ کر مولانا کی نسبت کوئی بلند خیال قائم نہیں کر سکتے تھے وہ مولانا کو میواتیوں کے شیخ و مرشد کی حیثیت سے جانتے تھے جنھوں نے ان سادہ لوح میواتیوں میں ایک دینی روح پیدا کردی ہے۔

لیکن بعض حیثیتوں سے یہ اچھا بھی ہوا کہ اس تحریک کو گمنامی کے محفوظ حصار میں اپنی طبعی نشو و نما حاصل کرنے کا موقع ملا، شاید اللہ تعالیٰ نے اسکا خاص انتظام فرمایا کہ وقت سے پہلے اس کی طرف عام توجہ نہ ہو۔

سوزِ دروں لیکن اب طبیعت کا چشمۂ رواں اُبلنے اور بہنے کے لئے بے تاب تھا اور طبعی ارتقا کے لحاظ سے اس کا وقت آگیا تھا کہ یہ دعوت عام ہو، ہاتفِ غیب کی زبان پر بھی بہت دنوں سے تھا

ایک[1] سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند
اب مناسب ہے ترا فیض ہو عام اے ساقی

اُدھر مولانا کی طبیعت پر دعوت کا غلبہ روز بروز بڑھتا جارہا تھا مضامین و علوم کا شدّت سے قلب پر ورود تھا، دعوت اور نظام کے مختلف گوشے اور پہلو نظر کے سامنے آتے جاتے تھے اور ان کے نصوص اور مآخذ کتاب و سنّت سیرتِ رسول اور صحابۂ کرامؓ کی زندگی میں مل رہے تھے، دوسری طرف ان علوم و معارف کو سننے کے لئے مولانا ہی کے ساختہ پرداختہ دو چار نو عمر اہل علم کے علاوہ بس سیدھے سادے میواتی تھے جو مولانا کی علمی زبان (جس میں بکثرت تصوّف کے اصطلاحات اور شرعی الفاظ ہوتے تھے) تک سے نامانوس تھے۔ اس وقت زبان حال اگر اس طرح گویا ہوتی ہو تو عجب نہیں۔

من مثالِ لالۂ صحرا ستم   درمیانِ انجمن تنہا ستم
شمع را تنہا تپیدن سہل نیست   آہ یک پروانۂ من اہل نیست

---

[1] علامہ اقبالؒ کے پہلے مصرعہ "تین سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند" میں یہ ترمیم اس لئے کی گئی ہے کہ خاکسار راقم کے نزدیک سو سال پہلے ہندوستان میں اسلام کا درِ میخانہ اس طرح کھلا تھا کہ مشکل سے کوئی تشنہ لب رہا حضرت سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ و شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی تحریک اصلاح و تجدید ہندوستان کی آخری عمومی تحریک تھی جو خالص دینی بنیادوں پر اٹھائی گئی تھی۔

انتظارِ غم گسارے تا کجا   جستجوئے رازدارے تا کجا؟

در جہاں یارب ندیم من کجاست

نخلِ سینایم کلیم من کجاست

میواتی اگرچہ ان بلند اور دقیق علوم سے علمی مناسبت نہیں رکھتے تھے مگر اس کام سے روحی مناسبت رکھتے تھے، قوت عمل میں اہل شہر اور اہلِ علم سے بہت بڑھے ہوئے تھے۔ پندرہ بیس برس کی لگاتار جد وجہد کا حاصل اور تحریک کا سرمایہ تھے۔ مولانا اس حقیقت سے خوب واقف تھے اور آپ نے اِس کا بارہا اعتراف فرمایا۔ چند میواتی احباب کو ایک خط میں اپنے دل کی بات لکھتے ہیں:۔

"میں اپنی قوت اور ہمّت کو تم میواتیوں پر خرچ کرچکا۔ میرے پاس بجز اس کے کہ تم لوگوں کو اور قربان کردوں کوئی اور پونجی نہیں، میرا ہاتھ بٹاؤ"[1]

ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

"دنیاوی کاروبار میں مصروف رہنے والے بہتیرے ہیں، دین کے فروغ کے لئے گھر بار چھوڑنا اس وقت اللہ نے میوؤں کو نصیب کیا ہے"[2]

سہارن پور میں تبلیغی جماعتوں کا تسلسل مولانا سہارن پور کے دینی اور علمی مرکز کو نظر انداز نہیں کرنا چاہتے تھے۔ وہاں کے اہلِ علم اور اہلِ دین کو اور عام مسلمانوں

---

[1] بنام میواتی احباب و مخلصین خصوصاً مولوی سلیمان [2] بنام میاں جی محمد عیسیٰ فیروز پور نمک

کو اپنے کام میں زیادہ سے زیادہ شریک کرنا چاہتے تھے، زبانی دعوت اور تحریک تو برابر فرمایا ہی کرتے تھے اور مدرسہ مظاہر العلوم کے اساتذہ اور معلمین مولانا سے شخصی طور پر سب سے زیادہ واقف اور آپ سے مانوس و قریب تر بھی تھے نیز میوات کے جلسوں میں شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب اور جناب مولانا حافظ عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کے علاوہ بھی مدرسہ کے اساتذہ و مدرسین برابر شرکت کرتے تھے اور مولانا کی دعوت و طلب پر ہمیشہ نظام الدین پہنچ جاتے تھے لیکن اب مولانا نے اس مقدار کو بڑھانے کے لئے سہارن پور کیطرف تبلیغی جماعتوں کا خاص رُخ کر دیا۔

سہارن پور و مظفر نگر کے اطراف میں تبلیغی دورے

مولانا نے مدرسۂ مظاہر العلوم کے اساتذہ کیساتھ سہارنپور کے نواح بہٹ، مرزا پور، سلیم پور اور دوسرے دیہاتوں اور مواضعات میں تبلیغی دورے فرمائے اور جلسے کئے۔

۱۳ر جمادی الثانی ۵۶ھ سے ۲۰ر جمادی الثانی تک ایک بڑی جماعت کے ساتھ کاندھلہ کے نواح کے دیہاتوں میں دَورے کئے اور جماعتیں قائم کیں، شیخ الحدیث صاحب بھی اس سفر میں ہمراہ تھے، اس سفر میں مولانا پر حقوق الوطن کا بہت غلبہ تھا۔ مولانا کے نزدیک ان حقوق کی ادائیگی کی کوئی اور صورت اور اہلِ وطن کے لئے اس تبلیغ سے بہتر کوئی اور سوغات اور تحفہ نہیں تھا۔

۵۹ھ میں قرار پایا کہ میوات کی جماعتوں کا تسلسل سہارن پور میں رہنا چاہئے اور پہلی جماعت جب جائے تو دوسری آجائے۔ ایک سال تک مدرسہ کے مکانات میں قیام رہا، محرم ۶۰ھ سے مستقل مکان اس کے لئے

کرایہ پر لیا گیا۔ مگر چند ماہ بعد وہ مکان چھوٹ گیا اخیر سنہ ۶۲ ہجری تک مسلسل چار سال تک یہ دور رہا۔ ان شہروں اور قصبات میں جو علم و دین سے بڑی حد تک معمور ہیں ان دیہاتی ناخواندہ میواتیوں کو کبھی کبھی نا قدرانہ نظر سے دیکھا جاتا اور اس پر تعجب کا اظہار کیا جاتا کہ ان بے علم میواتیوں سے جو خود تعلیم و اصلاح کے محتاج ہیں تبلیغ و اصلاح کا کام لیا جاتا ہے۔ مولانا نے اس پر تنبیہ فرمایا کہ یہ ان کا موضوع ہی نہیں ہے۔ ایک خط میں مقصد کی وضاحت فرماتے ہوئے تحریر فرمایا:۔

"ان لوگوں (میواتیوں) کو مصلح نہ سمجھیں بلکہ اس ایک چیز کے علاوہ یعنی دین پھیلانے کے لئے گھر بار چھوڑ کر باہر نکلنا اس چیز کو تو ان سے سیکھیں اور دیگر تمام اشیاء میں ان لوگوں کو اپنا محتاج سمجھیں، اپنے ذہن میں ان کو مصلح سمجھ کر پھر اعتراض کرتے ہیں۔"

باہر سے لوگوں کی آمد| ۰۵-۹۰۵ھ میں اس تحریک و دعوت کے متعلق رسائل میں بعض مختصر مضامین شائع ہوئے، اور میوات و دہلی کے باہر اتنا ذکر شروع ہوا کہ جن لوگوں کو اسی نوع کے کام کی یا مبہم طریقہ پر دین کے کام کی طلب و جستجو تھی انھوں نے سفر کیا، مولانا سے ملے اور میوات گئے، اس خوش نصیب گروہ میں دار العلوم ندوۃ العلماء کے بعض مدرسین بھی تھے، اُن کے مشاہدات و تاثرات نے کچھ اور لوگوں کو کھینچا۔ بعض باخبر آدمیوں نے اس کو ایک "انکشاف" سے موسوم کیا اور اس پر حیرت کی کہ یہ کام کس طرح اتنی مدت تک گمنامی کیساتھ ہوتا رہا۔

مولانا نے اپنی عادت اور تواضع کے مطابق ان نئے آنے والوں کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار کیا اور ان کی بڑی قدردانی فرمائی۔ علمی اور درسی حلقوں کی توجہ منعطف ہونے لگی اور لوگ باہر سے آنے لگے۔ مولانا نے ان نو واردوں کا ایسا اکرام فرمایا جس پر اُن کو بھی حیرت ہوئی، اور کام سے لگاؤ پیدا ہونے کا سبب ہوا۔

دہلی کے کام کی تنظیم دہلی کے کام کو منظم کرنے اور اس کو ترقی دینے کے لئے آپ نے حافظ مقبول حسن صاحب کو شہر دہلی کی تمام تبلیغی جماعتوں کا امیر اور ذمہ دار بنایا۔ حافظ صاحب کی مستعدی اور جناب حافظ فخرالدین صاحب کی توجہات سے جماعتوں میں زیادہ باقاعدگی اور انضباط پیدا ہو گیا۔

کارکنوں میں ایک دوسرے سے ربط اور کام میں روح اور سرگرمی پیدا کرنے کے لئے جمعہ کی رات نظام الدین میں قیام کرنے کے لئے اور مہینہ کا آخری چہارشنبہ تمام جماعتوں کے جامع مسجد میں جمع ہونے، اپنی کارگزاری سُنانے اور کام کے لئے مشورہ کرنے کے لئے تجویز کیا، مولانا خود بھی اس اجتماع میں بڑے اہتمام سے شریک ہوتے اور دوسرے علماء وصلحاء کے بھی شریک کرنے کی کوشش کرتے شب جمعہ کو نظام الدین آنے کی عمومی دعوت دیتے، جو لوگ چند بار وہاں رات گزارتے ان کو اکثر اس کام سے روحانی مناسبت پیدا ہو جاتی، اکثر رات کا کھانا سب لوگ اکٹھا کھاتے، عشاء کی نماز سے پہلے اور اس کے بعد مولانا اپنے موضوع پر گفتگو فرماتے رہتے اور تحریض و ترغیب کا سلسلہ جاری رہتا کبھی نہایت جوش و تأثر کے ساتھ

تقریر فرماتے کبھی اتنی محویت و استغراق طاری ہو جاتا کہ وقت کے گزرنے کا احساس باقی نہ رہتا اور عشا کی نماز بہت مؤخر ہو جاتی، ایک مرتبہ نومبر کی تاریخوں میں عشار کی نماز میں گھڑی نے بارہ بجائے۔ صبح کی نماز کے بعد اکثر مولانا مجمع سے خطاب فرماتے، کبھی حاضرین میں سے کسی دوسرے عالم یا مقرر کو جس کی ترجمانی پر اعتماد ہوتا کچھ کہنے کے لئے حکم ہوتا۔ صبح کی نماز میں کچھ ایسے اصحاب بھی تشریف لے آتے جو رات کو نہیں تھے۔ اکثر نئی دہلی کے بعض معززین اور نو تعلیم یافتہ، اور جامعہ ملیہ کے بعض اساتذہ خصوصاً ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب صبح کی نماز میں شرکت کرتے اور تقریر کے بعد واپس ہوتے، اس رات کے اجتماع میں حاضرین کی تعداد روز افزوں تھی۔ اور اس سے کارکنوں میں رُوح و تازگی اور نو واردوں میں کام سے انس اور لگاؤ پیدا ہوتا جاتا تھا۔

دہلی کے سوداگروں میں دین کی رَو دہلی کے سوداگر مولانا سے بڑا تعلق رکھتے تھے، معمر اور سن رسیدہ لوگ تو مولانا کے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور بھائی صاحب مرحوم و مغفور کے زمانہ سے آمد و رفت اور عقیدت و محبّت رکھتے تھے نوجوانوں نے اپنے بزرگوں سے یہ عقیدت و محبت میراث میں پائی اور بہت سے نوجوان سوداگروں نے از خود تعلق پیدا کیا، میوانیوں کے علاوہ دوسرا طبقہ جس کے دل میں مولانا کا پورا وقار اور ان کی بات کا احترام تھا اور جس کو سب سے زیادہ خدمت و اطاعت کی توفیق ملی وہ دہلی کے یہ تاجر تھے جو مولانا کی خدمت میں مختلف اوقات میں اور خصوصیت کے ساتھ شب جمعہ کو حاضر ہوتے۔ اکثر

رات وہیں گذارتے، میوات کے اہم جلسوں میں پوری پوری لاریاں کر کے اور کھانے کا سامان کبھی کبھی دہلی سے تیار کر کے، اپنے ساتھ لے کر جاتے اور میواتی جماعتوں کے ساتھ قریب کے مقامات پر گشت پر جاتے۔

مولانا دہلی میں ان کی تقریبوں میں بڑی محبت و عنایت سے تشریف لے جاتے لیکن اپنا پیغام اور اپنی بات نہ بھولتے، ان کے چھوٹوں پر اولاد کی سی شفقت فرماتے، ان کی خوشی سے خوش ہوتے اور ان کے فکر سے ملول ہوتے لیکن ان کی تربیت و اصلاح سے غافل نہ ہوتے اور ان کو دین کے اصلی کام میں لگانے کی ہر وقت فکر رکھتے، بڑوں سے (خصوصاً اپنے والد اور بھائی صاحب کے ملنے والوں سے) بڑے احترام سے ملتے، لیکن ان کے تعلقات کی قوت کی بنا پر ان کی طرف سے تبلیغ میں اگر کوتاہی یا بے توجہی ہوتی تو عتاب فرماتے اور وہ اس کو اپنی عقیدت اور محبت میں برداشت کرتے اور ان کے تعلق میں فرق نہ آتا۔

تبلیغ میں حصہ لینے سے، علماء اور دین داروں کے ساتھ سفروں میں رہنے سے اور سب سے بڑھ کر مولانا کے یہاں کی آمد و رفت اور تعلق و محبت کے اثر سے ان سوداگروں میں دینداری بہت زیادہ ترقی کرنے لگی اور ان کی زندگی و معاشرت اور معاملات و اخلاق میں محسوس تغیر ظاہر ہونے لگا۔ مولانا جزئی اور تفصیلی باتوں کو بہت کم چھیڑ کر کہتے۔ لیکن دین سے عمومی تعلق پیدا ہو جانے کی وجہ سے دین اور شعائرِ دین کی عظمت اور شریعت کا احترام ان کی نگاہوں میں پیدا ہو گیا اور دینی ماحول اور اہلِ دین سے زیادہ انس اور قرب پیدا ہونے لگا۔ اور ان سقواللہ

یجعل لکم فرقانا) کے مصداق وہ اپنے ہم جنسوں اور ہم چشموں سے ایسے ممتاز ہوگئے کہ پہچانے جانے لگے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو مولانا سے تعلق رکھتے ہیں اور تبلیغ میں حصہ لیتے ہیں۔

حتیٰ کہ بعضے وہ تجار جو ڈاڑھی رکھنے والے آدمی کو اپنی دُوکان پر ملازم رکھنا پسند نہیں کرتے تھے انھوں نے خود داڑھیاں رکھیں، جو نمازی آدمی کے ملازم ہونے سے اپنی دوکان کا حرج سمجھتے تھے وہ عین کاروباری مشغولیت کے وقت دوکان چھوڑ کر جماعت اور تبلیغی گشت میں شرکت کرنے لگے بے سواری چلنے اور اپنا سامان اٹھا کر بازاروں میں پھرنے میں ذلت، فرش زمین پر سونے میں تکلف، ساتھیوں کا بدن دابنے، کھانا پکانے اور غریبوں کے محلے میں دروازے دروازے پھرنے میں ان کو عار نہ رہا، غرض ماحول کے بدل جانے اور ذہنیت کے تبدیل ہو جانے سے کتنوں ہی کی زندگیاں بدل گئیں۔

اہلِ ثروت کا رجوع اور مولانا کا اُصول

دہلی اور باہر کے تجار اور اہلِ خیر نے اس کام کی شہرت سنکر اور اس کے گراں قدر مصارف کو دیکھ کر بارہا مولانا کی خدمت میں مالی اعانت کی پیش کش کی اور بڑی بڑی رقمیں پیش کرنی چاہیں۔ لیکن مولانا کا اس بارہ میں ایک خاص اصول تھا، وہ مال کو جان کا فدیہ، وقت کا بدل اور آدمی کا قائم مقام کبھی نہیں سمجھتے تھے، آپ کے نزدیک روپیہ آدمی کے ہاتھ کا میل تھا وہ آدمی جیسی قیمتی چیز کا بدل نہیں ہوسکتا چنانچہ مالی امداد پیش کرنے والوں سے ہمیشہ فرماتے تھے کہ ہمیں تمہارا روپیہ نہیں چاہیئے تمہاری ضرورت ہے۔ انھیں لوگوں کی مالی امداد قبول فرماتے جن کی کام میں عملی شرکت

اور رفاقت ہوتی، آپ کے نزدیک انفاق (راہ خدا میں خرچ کرنے) کی صحیح شکل یہی تھی اور صدر اسلام میں یہی شکل رائج تھی کہ جو لوگ اللہ کے دین کے کاموں میں روپیہ خرچ کرتے تھے اور جن کے نام راہِ خدا میں مال لٹانے والوں کی فہرست میں ہم خاص طور پر دیکھتے ہیں۔ یہ وہی لوگ تھے جو اسلام کی نصرت میں عملاً شریک تھے، بلکہ صفِ اول میں تھے۔

بہرحال احیارِ دین کی اس جد وجہد میں جو لوگ عملی حصہ لیتے تھے اور مولانا کو ان کے اخلاص، تعلق اور محبت پر پورا اطمینان تھا، ان کی اعانت کو بے تکلف قبول فرماتے اور دین کی خدمت کی سعادت میں ان کو خوشی سے شریک کرتے حاجی نسیم صاحب بٹن والے (صدر بازار) اور محمد شفیع صاحب قریشی کے حصّہ میں خاص طور پر یہ دولتِ عثمانی آئی۔ مولانا کو ان سے کوئی تکلف اور اجنبیت باقی نہیں رہی تھی، دین کے کاموں اور ضرورتوں میں ان کے مال اور سامان کو بے تکلف استعمال کرتے۔ انکے علاوہ چند اور مخلصین کے ساتھ بھی ایسا ہی معاملہ تھا

میوات کے جلسے | اکثر مہینہ میں ایک مرتبہ میوات کے کسی مقام پر اور سال میں ایک مرتبہ نوح کے مدرسہ میں جلسہ ہوتا تھا، دہلی کی تبلیغی جماعتیں، اور تجار اور نظام الدین کے مقیم حضرات، نیز مدرسہ مظاہر العلوم، دار العلوم دیوبند اور دار العلوم ندوۃ العلمار اور مدرسہ فتحپوری دہلی کے بعض علمار اور مدرسین شرکت کرتے، مولٰنا رفقار جماعت کے ساتھ تشریف لیجاتے، راستہ بھر اپنی تحریک کی دعوت دیتے جاتے، اور اس کے اصول وآداب پر پُر جوش اور پُر از حقائق تقریر فرماتے اور لاری کے مسافر یا ریل کے ہم سفر (جن میں بڑی تعداد مبلغین اور ہمراہیوں کی ہوتی)

مستفید ہوتے گویا یہ ایک متحرک جلسہ ہوتا تھا جو نظام الدین سے ہی شروع ہوجاتا تھا۔

اہلِ قصبہ مولانا کی آمد سُنکر جوق جوق اور گروہ در گروہ پیشوائی کیلئے نکل آتے اور پروانہ وار مصافحہ کے لئے ہجوم کرتے، مولانا اپنی سواری پر بیٹھے بیٹھے مصافحہ کرتے اور بچوّں، جوانوں اور بوڑھوں کا مجمع سواری کے ساتھ ساتھ قصبہ میں داخل ہوتا۔ سیکڑوں آدمیوں کا مجمع آپ کو گھیر لیتا۔ آپ ہر ایک سے بڑی محبّت کے ساتھ مصافحہ کرتے۔ کسی سے معانقہ فرماتے، کسی کے سر پہ ہاتھ رکھتے اور انہیں کے حلقہ میں بیٹھ کر گفتگو شروع فرما دیتے۔

مولانا ان جلسوں کے ایام میں غریب میواتیوں ہی کے بیچ میں رہتے رات کو اکثر مسجد ہی کے کسی حجرے میں یا صحن کے سامنے آرام فرماتے، سارا دن اور رات کا بڑا حصہّ انھیں سے گفتگو میں گزرتا، میوات میں قدم رکھتے ہی مولانا کا جوش و نشاط اور طبیعت کی تازگی و شگفتگی بہت بڑھ جاتی، علوم و معارف ابرنیساں کی طرح برستے اور دین کے اصول و حقائق چشمے کی طرح اُبلتے، میواتی سمجھتے یا نہ سمجھتے لیکن متاثر ہوتے۔ وہاں مولانا بہت کم خاموش رہتے۔ اور بہت کم آرام کرتے، اس کا نتیجہ یہ تھا کہ میوات سے آکر بہت تھک جاتے اور اکثر آواز گلوگیر ہوجاتی اور کبھی بخار کی حالت میں واپس ہوتے۔

ان اجتماعات کے موقع پر ایسا دینی اور روحانی ماحول ہوتا، اور فضا میں ایسی روحانیت و نورانیت محسوس ہوتی کہ قلب پر اثر پڑتا اور قاسی القلب بھی رقت و تاثیر محسوس کرتا، ذکر سے فضا اور اہلِ ذکر سے مسجدیں معمور ہوتیں۔ مسجد

جانے میں اگر ذرا سی دیر ہو جاتی تو مسجد میں جگہ پانی محال تھی، سڑکوں اور راستوں پر بھی نماز کی صفیں ہوتیں، پچھلے پہر کا سماں خاص طور پر دیکھنے کے قابل ہوتا۔ سردیوں کے ایام میں جفاکش اور دین کے حریص میواتی صحن مسجد میں زیر آسمان یا درختوں کے نیچے اپنی سوتی چادریں اور کمبل اوڑھے پڑے رہتے۔ جاڑے وال کی بارش میں برستے پانی، رستے ہوئے شامیانے اور ٹپکتے ہوئے درختوں کے نیچے گھنٹوں صبر و سکون کے ساتھ علماء کا وعظ سنتے رہتے اور اپنی جگہ سے حرکت نہ کرتے۔

ان جلسوں میں تقریریں اور مواعظ بالکل ضمنی تھے، اصل مقصود، اور اصل کوشش نئی جماعتیں بنانے اور ان کو باہر نکالنے کی ہوا کرتی تھی، اور یہی جلسہ کی کامیابی کا معیار تھا کہ کتنی جماعتیں اپنے علاقے سے باہر جانے اور یوپی کے گشت کے لئے آمادہ ہوئیں، اور کتنے آدمیوں نے کتنا وقت دیا، مولانا اسی کا مطالبہ اور تقاضہ کرتے رہتے، اور سارے جلسہ پر اسی حیثیت سے خود نگرانی کرتے تھے اور خبر لیتے رہتے تھے کہ اس کا اہلِ جلسہ سے کتنا تقاضہ کیا جا رہا ہے، تجربہ کار میواتی اور نظام الدین کے مبلغین عام اجتماع کے علاوہ برادریوں کے چودھریوں، میانجی صاحبان، علماء اور اہلِ اثر کو علیحدہ جمع کرکے اپنی اپنی برادری اور اپنے اپنے حلقۂ اثر میں اس کی کوشش کراتے تھے اور ان کے ذریعہ سے نئی جماعتیں بناتے تھے۔

مولانا کو جب تک اس کام کی طرف سے اطمینان نہ ہوتا ان کو کھانا پینا اور سونا دوبھر ہو جاتا، اور اس کا اطمینان کئے بغیر اس قصبہ سے جانا اور نظام الدین

واپس ہونا مشکل ہوتا، اس کا اطمینان ہوجانے اور اسکی صورت بن جانیکے بعد واپسی کا قصد فرما دیتے۔ اور پھر کسی کا اصرار کسی مخلص کی ضیافت یا آرام کا خیال سفر سے مانع نہ آسکتا تھا۔

دہلی اور نظام الدین کے مبلغین اکثر جلسے سے کچھ پہلے جاکر زمین ہموار کرتے اور تبلیغی گشت کرکے جلسے اور علماء کے مواعظ سے فائدہ اُٹھانے کی استعداد اور طلب پیدا کرتے اور اکثر جلسہ کے ختم ہوجانے کے بعد جلسہ میں نئے آمادہ ہونے والوں کی آمادگی اور تاثر سے فائدہ اٹھانے اور اس کو ٹھکانے لگانے کے لئے کچھ بعد تک قیام کرتے۔

مولانا کے قیام کے دوران میں میواتی بکثرت بیعت میں داخل ہوتے لیکن مولانا بیعت لیتے وقت ان کے سامنے اپنی تقریر فرماتے، اپنے کام کا ان سے عہد لیتے اور اسی کی اُن کو تعلیم کرتے، یہ نئے بیعت کرنیوالے گویا تبلیغی اور دینی فوج کے لئے رنگروٹ تھے۔

اہلِ قصبہ مہمانوں کی (جو اکثر بڑی تعداد میں ہوتے) دل کھولکر ضیافت کرتے اور بڑی بلند حوصلگی اور ہمت سے ان کو اور آنے والے میواتی مہمانوں کو جو سیکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں ہوتے کئی کئی وقت مہمان رکھنے اور پھر بھی حسرت کرتے سنا گیا کہ دل کی حسرت نہ نکلی، میواتیوں نے اپنی مہمان نوازی اور عالی حوصلگی سے قدیم عربوں کی روایات کو زندہ کردیا۔[1]

---

[1] نوح میں حاجی عبدالغفور صاحب مرحوم ہمیشہ مولانا اور ان کے کثیر التعداد رفقاء کے میزبان ہوتے تھے اور بڑی عالی حوصلگی سے ضیافت ہوتی تھی۔ بعض اوقات نوح سے باہر بھی بڑے اہتمام سے کھانا لیکر جاتے انھوں نے اپنا حق ضیافت کبھی نہیں چھوڑا، خواہ مہمانوں کی تعداد کتنی زائد ہو، حاجی صاحب مرحوم حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ سے بیعت تھے ۱۱ رجب ۱۳۶۱ھ ہجری کو وفات پائی۔

عام اہلِ اسلام کی عزت و توقیر اور اہلِ علم و اہلِ دین کے احترام و تعظیم کی ایسی عادت ڈالی گئی تھی اور اس کی ایسی تربیت کی گئی تھی کہ ہر میواتی ہر آنے والے شخص سے ایسا ملتا جیسے کسی بزرگ و شیخ سے۔ باہر کے ہر شخص کو اپنا دینی محسن سمجھتا گویا اسی سے اُس کو ایمان کی دولت اور دین کی یہ نعمت حاصل ہوئی ہے، ان دیہاتی میواتیوں کے دینی جوش، خلوص، محبت و تواضع، عبادت و ذکر کی حرص، رقت و سوز اور دینی مناظر کو دیکھکر بہتیروں کو اپنی حالت پر سخت تاسف اور اپنی زندگی پر نفرین ہوتی اور اپنے اوپر نفاق کا شبہ ہونے لگتا۔

ایک مرتبہ مولانا نے ایک صاحب سے جو ایک جلسہ سے واپس آئے تھے فرمایا کہ کہو کچھ اپنی حالت پر افسوس بھی ہوا اُنہوں نے عرض کیا کہ جو کچھ دیکھا اس کے بعد تو اپنے کو مسلمان کہتے ہوئے شرم آنے لگی ہے۔

<u>نوح کا بڑا جلسہ</u> ۸۔۹۔۱۰۔ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۲۸۔۲۹۔۳۰۔ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء کو نوح (ضلع گوڑگانواں) میں ایک عظیم الشان تبلیغی جلسہ ہوا۔ میوات کی سر زمین نے انسانوں کا اتنا بڑا اجتماع ایک جگہ کبھی نہیں دیکھا تھا، شرکائے جلسہ کی تعداد کا تحقیقی اندازہ ۲۰۔۲۵ ہزار کیا جاتا تھا۔ ان شرکاء میں بڑی تعداد اُن لوگوں کی بھی تھی جو ۳۰۔۳۰۔۴۰۔۴۴ کوس سے پیدل چلکر اپنا سامان کندھے پر لادکر اور اپنا کھانا باندھ کر آئے تھے، خصوصی مہمانوں کی تعداد بھی جو بیرونِ میوات سے تشریف لائے تھے اور دونوں وقت مدرسہ معین الاسلام کی عمارت میں پر تکلف کھانا کھاتے تھے ایک ہزار کے قریب تھی۔

جلسے کے وسیع شامیانے کے نیچے مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے جمعہ کی نماز پڑھائی، جامع مسجد میں اور قصبے کی تقریباً سب مسجدوں میں نماز ہوئی، پھر بھی ہجوم اتنا تھا کہ چھتوں اور بالاخانوں پر آدمی ہی آدمی تھے۔ سڑکوں پر بھی نمازیوں کی صفیں تھیں اور آمد و رفت بند ہوگئی تھی۔

نماز کے بعد جلسہ شروع ہوا، صبح سے رات تک اجلاس ہوتے تھے۔ لیکن نہ کوئی صدر جلسہ تھا، نہ مجلس استقبالیہ اور صدر استقبالیہ، نہ رضاکار، لیکن تمام انتظامات خوش اسلوبی سے ہو رہے تھے، کام کرنے والوں میں ایسی مستعدی اور فرض شناسی تھی جو وردی پوش رضاکاروں کی منظم جماعتوں میں نہیں دیکھی گئی، اس اجتماع میں دہلی کے عوام و خواص اور ہر طبقہ کے حضرات بکثرت شریک تھے۔ خان بہادر حاجی رشید احمد صاحب، حاجی وجیہہ الدین صاحب، جناب محمد شفیع صاحب قریشی وغیرہ حضرات اپنی اپنی کاروں میں تشریف لے گئے، جن سے مہمانوں اور علمار کی آمد و رفت میں بڑی سہولت رہی۔

مفتی کفایت اللہ صاحب نے اس جلسہ کے متعلق اپنے تاثر کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ میں ۴۵ سال سے ہر قسم کے مذہبی اور سیاسی جلسوں میں شریک ہو رہا ہوں لیکن میں نے اس شان کا ایسا بابرکت اجتماع آج تک نہیں دیکھا۔

یہ اجتماع اور انسانوں کا یہ جنگل ایک جلسہ سے زیادہ ایک زندہ خانقاہ تھی، دن کے سپاہی رات کے راہب بنجاتے تھے اور رات کے عبادت گزار دن کے خدمت گزار نظر آتے تھے، اِن دونوں چیزوں کا جمع کرنا اس دعوت

کے مقاصد میں سے تھا۔

اس جلسہ کے باضابطہ اجتماعات کے علاوہ خود مولانا اٹھتے بیٹھتے اور ہر نماز کے بعد اپنی بات کہتے رہتے۔ ہر نماز کے بعد کی خود فراموشانہ دُعا بھی ایک پُر جوش اور اثر آفریں تقریر سے کم نہ تھی۔

تبلیغی جماعتیں باہر کو میواتیوں اور دہلی کے تجار اور مدارس کے طلبہ کی جماعتیں اطراف اور یوپی اور پنجاب کے شہروں کی طرف جانے لگیں۔ خورجہ، علی گڈھ آگرہ، بلند شہر، میرٹھ، پانی پت، سونی پت، کرنال، رہتک کا دورہ اور بعض بعض جگہ بار بار دورے ہوئے۔ وہاں جماعتیں قائم ہوئیں اور وہاں کے بعض بعض لوگ نظام الدین آنے لگے۔

کراچی کو جماعتیں حاجی عبد الجبار صاحب، حاجی عبد الستار صاحب (ایس جے اینڈ جی فضل الٰہی کراچی) کی دعوت و خواہش پر (جنکو تھوڑے دن پہلے اس کام سے گہری دل چسپی اور مولانا سے تعلق پیدا ہوا تھا) ایک جماعت صفر ۶۲ھ مطابق فروری ۴۳ء) کو اور دوسری جماعت اپریل کی ابتدا میں مولوی سید رضا حسن صاحب کی امارت میں کراچی گئی اور سندھ میں کام شروع ہوا۔ کراچی میں متعدد جماعتیں مختلف محلوں میں قائم ہوئیں۔

مولانا کو سواحل پر کام پھیلانے کی بڑی آرزو تھی اور اس میں یہ آرزو مضمر تھی کہ ان بندرگاہوں سے یہ دعوت سواحل عرب تک پہونچے اور وہاں سے اُس ملک میں پھیلے، ان بندرگاہوں پر بکثرت عرب اور دوسرے ممالک کے لوگ آباد ہیں، اس لئے آپ ان ساحلی مقامات پر دعوت کے پھیل جانے

سے اس کی توقع رکھتے تھے کہ ان ممالک کے لوگ اس کو قبول کرکے اپنے
اپنے ملکوں میں لیجائیں گے۔

لکھنؤ کا سفر | لکھنؤ میں ۵۹ھ (۴۰ء کی ابتدا رہے) دارالعلوم ندوۃ العلماء کے مدرسین اور طلبہ مولانا کے اصول اور آپ کی ہدایت کے مطابق لکھنؤ کے قرب وجوار اور دیہاتوں میں کچھ کام کر رہے تھے اور تعطیلات اور مختلف جلسوں اور تقریبات کے موقع پر مولانا کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے تھے، مولانا کو بھی اس جماعت سے بڑا تعلق پیدا ہو گیا تھا، یہاں کے کام کی روداد کو بڑی دلچسپی سے سنتے اور اس جماعت کے افراد پر خاص شفقت فرماتے۔

رجب ۶۲ھ میں آپ نے لکھنؤ کے سفر کی دعوت قبول فرمائی آپکے تشریف لانے سے ایک ہفتہ پہلے دہلی کے تجار اور میواتیوں کی ۳۰ - ۴۰ آدمیوں کی ایک جماعت لکھنؤ آگئی تاکہ مولانا کی تشریف آوری سے پہلے شہر میں کام کرے۔ جماعت کا قیام دارالعلوم ندوۃ العلماء کی عمارت میں ہوا،

جماعت کا نظام اوقات یہ تھا کہ روزانہ عصر کی نماز کے بعد جماعت دارالعلوم سے نکلتی، نمازِ مغرب کے بعد کسی محلہ میں گشت ہوتا، عشا کے بعد اپنے اصول ومقاصد کی تشریح اور دو ایک تقریر دل کے بعد جماعت بنا کر قیام گاہ واپس آجاتے اور کھانا کھاتے اس میں رات کے ۱۱ - ۱۲ بج جاتے۔

صبح کی نماز کے بعد ان کی تعلیم کا (جو ان تبلیغی سفروں کا اہم جز رہے) نظام الاوقات شروع ہو جاتا۔ کچھ وقت تجوید وتصحیح مخارج کے لئے تھا۔ کچھ وقت ضروری فضائل ومسائل کی تعلیم کے لئے۔ کچھ وقت صحابۂ کرامؓ کے حالات اور

واقعاتِ جہاد کے سننے کے لئے، کچھ اپنے اصول بیان کرنے کی مشق اور دعوت و تبلیغ کا طریقہ سیکھنے کے لئے، پھر کھانا کھانے اور آرام کرنے کا وقت آجاتا۔ عصر کے بعد بدستور روزانہ کا معمول شروع ہوجاتا۔

۱۸ر جولائی کو خود مولانا، جناب حافظ فخرالدین صاحب، مولانا احتشام الحسن صاحب، جناب محمد شفیع صاحب قریشی اور حاجی نسیم صاحب کی معیت میں تشریف لے آئے۔ موتی محل کے پل سے پہلے سبزہ پر آپ نے نوافل پڑھے اور دیر تک بڑے درد او رخشوع وخضوع سے دُعا مانگتے رہے۔

دارالعلوم میں سب سے پہلے مسجد میں داخل ہوئے جہاں جماعتیں اپنے اسباق اور اشغال میں الگ الگ حلقوں میں بٹی ہوئی اپنے اپنے معلم کی ماتحتی میں بیٹھی ہوئی تھیں۔ انتہائی تعلق اور اشتیاق کے باوجود کوئی شخص اپنا کام چھوڑ کر مولانا سے مصافحہ اور آپ کے استقبال کے لئے نہیں اٹھا، مولانا نے سب پر نگاہِ شفقت ڈالی اور امیر جماعت حافظ مقبول حسن صاحب سے مصافحہ اور کلام کیا۔ اور اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔

مولانا سید سلیمان صاحب ندوی مدظلہٗ ایک روز پہلے ہی تشریف لائے تھے اور مولانا کے ساتھ ہی مقیم تھے۔ سید صاحب کو اس سے پہلے چند گھنٹوں کے لئے تھانہ بھون کے اسٹیشن اور تھانہ بھون سے کاندھلہ تک ریل میں معیت اور گفتگو کا اتفاق ہوا تھا، اور آپ نے اگلے روز پھاٹک حبش خاں کے جلسے میں مولانا کی دعوت کی ترجمانی اور اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تھا۔ اس موقعہ پر ۸۔۹ دن شب و روز ساتھ رہا۔

دوسرے روز شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، مولانا منظور صاحب نعمانی اور مدرسہ مظاہر العلوم کے بعض مدرسین حضرات اور مولانا عبد الحق صاحب مدنی تشریف لائے۔

لکھنؤ کے قیام میں تین روز چودھری نعیم اللہ صاحب کی کوٹھی پر اور دو روز شیخ اقبال علی صاحب کی قیام گاہ بھوپال ہاؤس میں عصر کے بعد نشست رہی اور حاضرین کے سامنے اس دعوت کا تعارف اور اس کے مقاصد و اصول کی تشریح کی گئی۔

ان مجلسوں کے علاوہ صبح سے ظہر تک مہمان خانہ میں آنے والوں کے سامنے اس دعوت کے اصول و مقاصد، اور دین کے حقائق کو بے تکلف بیان فرماتے رہتے تھے، اور مشکل سے کوئی جلسہ اور کوئی نشست اس تذکرہ سے اور بلند علوم و معارف سے خالی رہتی۔ ظہر کے بعد دار العلوم کی مسجد میں اجتماع رہتا، اور سلسلۂ کلام عصر تک جاری رہتا۔

لکھنؤ کے قیام میں مولانا عبد الشکور صاحب کے یہاں بھی جانا ہوا، مولانا قطب میاں صاحب فرنگی محلی ملاقات کے لئے تشریف لائے اور آپ بازدید کے لئے فرنگی محل تشریف لے گئے۔ تھوڑی دیر کے لئے ادارۂ تعلیمات اسلام کو بھی مشرف فرمایا۔

آخری روز جمعہ کا دن خاص مصروفیت کا تھا، صبح طلبہ کی جمعیۃ الاصلاح میں ایک مختصر تقریب میں شرکت کے بعد امیر الدولہ اسلامیہ کالج تشریف لے گئے جہاں ایک بڑا اجتماع آپ کے انتظار میں تھا۔ وہاں پہلے مولانا سید سلیمان صاحب

نے ایک پُراثر تقریر کی، آپ کے بعد مولانا نے ارشاد فرمایا۔ وہاں سے فراغت پاکر ماموں بھانجے کی قبر والی مسجد میں جمعہ کی نماز پڑھی، نماز کے بعد مقررین نے لوگوں کو دہلی کی تبلیغی جماعت کے ساتھ کان پور جانے کی ترغیب دی، مولانا مسجد کے اندر دالان میں تشریف رکھتے تھے، سفر کے لئے کوئی تیار نہیں ہوا مولانا جلسے کی اس سرد اور افسردہ فضا کو دیکھکر بے تاب ہو گئے اور دین کی اس دعوت پر (جو مولانا کے نزدیک دین سے تعلق پیدا کرنے اور اس مشغولیت اور بُعد کے زمانہ میں دین سیکھنے اور سکھانے کا واحد ذریعہ تھا) لوگوں کے اس جمود پر بے چین و بے قرار ہو گئے، خود دروازہ جاکر بند کر دیا اور اُس پر پہرہ بٹھا دیا اور مسجد کے بیچ کے در میں کھڑے ہو کر لوگوں کو آمادہ کرنا شروع کیا بعض لوگوں کو کھڑا کر کے پوچھا کہ تمہارا کیا عذر ہے، جب تم دنیا کے لئے سفر کرتے رہتے ہو تو دین کے لئے کیوں نہیں کرتے۔ آپ اس وقت سراپا جوش و اثر تھے، سارا جسم پوری روح اور سارے قویٰ اس کام کی طرف متوجہ تھے، حاجی ولی محمد صاحب کئی روز سے صاحب فراش تھے، بواسیر کی شکایت نے نقاہت پیدا کر دی تھی آپ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا! تم کیوں نہیں چلتے ؟ انھوں نے کہا کہ میں تو مر رہا ہوں! فرمایا مرنا ہی ہے تو کانپور جا کر مرو، وہ سفر پر آمادہ ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے انکا سفر بخیر و عافیت پورا کر دیا، ان کے علاوہ ۸ ۔ ۱۰ آدمی اور تیار ہوئے جن میں اکثر بہت کام کے ثابت ہوئے۔ اور ان کا سفر بہت مبارک رہا۔

رات کی گاڑی سے آپ شیخ الحدیث صاحب اور جناب حافظ فخر الدین صاحب اور بعض دوسرے رفقاء کی معیت میں رائے بریلی تشریف لے گئے۔ تین چار بجے

رات کو قیام گاہ پر پہونچے[1] باوجود رات کو جاگنے اور تھک کر چُور چُور ہونے کے آپ اپنے کام میں مشغول رہے، خاندان کے افراد کے سامنے بڑے حکیمانہ اور مؤثر طریقہ پر اپنی دعوت پیش کی اور دین کی سادات سے مناسبت اور سادات کی دین سے مناسبت پر ایک نہایت لطیف اور موزوں گفتگو کی اور دین کے کام کو لیکر اُٹھنے اُس کو اپنا مشغلۂ زندگی بنانے پر اُبھارا اور فرمایا کہ دین کا کام اگر سادات نہیں کریں گے تو اُس کو وہ ترقی نہیں ہوگی جو اُن کے کرنے سے ہوتی اور اگر سادات دین کو چھوڑ کر کوئی دوسرا کام کریں گے تو ان کو وہ حقیقی چین نصیب نہیں ہوسکتا جو اپنا فطری کام کرنے میں ہوتا ہے۔

دوپہر کی گاڑی سے لکھنؤ واپسی ہوئی اور اسٹیشن ہی سے کانپور روانگی ہوگئی جہاں دو روز قیام فرماکر دہلی تشریف لے آئے۔

---

[1] شہر رائے بریلی سے باہر سئی ندی کے کنارہ ایک مختصر سی بستی ہے جو حضرت سیّد علم اللہ شاہ نقشبندی (خلیفہ حضرت سیّد آدم بنوری) کی آباد کی ہوئی اور ان کے نامور فرزند حضرت سیّد احمد شہیدؒ کا وطن ہے جو سیّد علم اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی چوتھی پشت میں ہیں۔

مرضِ وفات اور زندگی کے آخری حالات

مولانا کی صحت ہمیشہ سے کمزور تھی اور اس پر محنت کی شدت اور تسلسل مشغولیت اور بے آرامی نے اس کو اور بھی کمزور کر دیا تھا۔ آنتوں کی شکایت موروثی اور پیدائشی تھی۔ سفروں کی کثرت اور ان کی وجہ سے بے احتیاطی اور سونے اور کھانے کی بے قاعدگی نے نظامِ جسمانی کو متزلزل کر دیا تھا۔ نومبر ۴۳ء میں آپ کو پیچش ہوئی اور ایسی ہوئی کہ پھر نہ اچھی ہوئی۔ اس زمانے میں دہلی سے جو آتا اس سے معلوم ہوتا کہ مولانا کی شکایت بدستور ہے اور ضعف بڑھ رہا ہے، اپنے کام میں مشغولیت و انہماک بدستور تھا اور جوش و فکرمندی زائد، ۱۳ر جنوری ۴۴ء کو ایک دوست[1] نے دہلی سے لکھا:۔

(۱) "بفضلہ تعالیٰ حضرت کو اب کافی افاقہ ہے مگر ضعف بہت ہے۔ باوجود حکمار کی تاکید کے بولنا بند نہیں کرتے فرماتے ہیں کہ تبلیغ

[1] عبدالجبار صاحب (ضلع گونڈہ)

کے لئے بول کر مرجانا پسند کرتا ہوں بہ نسبت اس کے کہ اس سے
خاموش رہ کر صحت حاصل کردں، فرماتے ہیں کہ میری بیماری
کی خاص وجہ یہی ہے کہ علمار توجہ نہیں کر رہے ہیں، علمار آئیں جو
سمجھنے کے اہل ہیں، اگر اس کے لئے ان کو قرض لینا پڑے تو نہ
گھبرائیں اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔ میری بیماری نعمت ہے اسی
کو سن کر لوگ آئیں مگر لوگ نہیں آتے، اس کی برکتوں کا کھلا
ہوا مشاہدہ کر رہا ہوں، ان کلمات کو فرماتے وقت حضرت کی
وہ حالت تھی کہ میں بیان نہیں کرسکتا خاص کر آخری جملہ۔"

۲۱ر محرم ۱۳۶۳ھ (۷ر جنوری ۱۹۴۴ء) کو لکھنؤ کی ایک جماعت دہلی
کے لئے روانہ ہوئی، شرکائے جماعت میں مولانا حافظ عمران خاں صاحب
مہتمم دارالعلوم ندوۃ العلمار اور حکیم قاسم حسین صاحب بھی تھے، مولانا کو دیکھا
بہت ضعیف ہو رہے تھے مگر چلتے تھے اور نماز اکثر خود پڑھاتے تھے، گفتگو اور
تقریر میں کوئی کمی نہیں تھی۔ البتہ بیٹھ جاتے تو اُٹھنے کے لئے بعض اوقات سہارا
دینا پڑتا، مرض کافی ترقی کرچکا تھا اور خطرے کے آثار تھے، ان دنوں مولانا محمد یوسف
صاحب کشمیری (میرواعظ صاحب) مقیم تھے، اور مولانا پوری طاقت کے ساتھ
علمار کو اس کام کی اہمیت اور عظمت سمجھانے کی طرف متوجہ تھے اور یہی ان
دنوں مولانا کی سب سے بڑی فکر اور موضوعِ سخن تھا، مولانا اس وقت اسکی
بڑی ضرورت محسوس کر رہے تھے کہ اہلِ فہم اور اہلِ بصیرت ان کے قریب رہیں،
صبر و سکون سے ان کی باتیں سنیں اور اس دعوت کے اصول و قواعد کو اخذ کریں

اوراس تحریک کو اپنالیں، علماء کے نام مولانا کا بار بار پیغام تھا کہ یہ تحریک و دعوت آپ ہی کے لائق ہے اور آپ ہی اس کے لائق ہیں اور آپ ہی کے اس کو لیکر کھڑے ہونے سے اسکو صحیح فروغ ہوگا۔ میری مثال محض اس شخص کی سی ہے جس نے کہیں آگ لگی ہوئی دیکھی تو آگ بجھانے کے لئے لوگوں کو پکارنے لگا۔ اس شخص کا کام لوگوں کو پکارنا تھا آگ بجھانے والے دوسرے ہی ہیں۔

دہلی کے تاجروں اور مبلغین کو تاکید فرماتے تھے کہ علماء سے فائدہ اُٹھائیں شہر میں جلسے کریں اور ان کے خیالات سے عوام کو مستفید اور اُن کی تائید و تصدیق سے اپنی دعوت کو تقویت پہونچائیں، چنانچہ ان دنوں جا بجا جلسے ہوئے جن میں جناب مفتی کفایت اللہ صاحب، مولانا عبدالحنان صاحب، مولانا عمران خاں صاحب اور بعض دوسرے اصحاب نے تقریریں کیں جناب مفتی کفایت اللہ صاحب نے بڑی کھل کر اور بڑے جوش کے ساتھ تحریک کی تائید کی، مولانا کو اس سے خاص مسرت ہوئی اور اعتراف و شکر کے کلمے زبان سے نکلے۔

مولانا ان جلسوں کی روداد سننے کے لئے مضطرب و بیتاب رہتے تھے اور جب تک متعدد آدمیوں سے نہیں سُن لیتے تھے سوتے نہیں تھے، اکثر ہم لوگوں کی واپسی جلسہ سے فراغت پاکر دیر رات کو ہوتی، مولانا برابر بیدار رہتے آہٹ پاتے ہی طلب فرماتے اور جلسے کی کیفیت و تفصیلات بڑے شوق و محویت کے ساتھ سُنتے، بعض اوقات مقررین سے اپنے خیال کی ترجمانی میں کوتاہی یا تسامح سنکر زبانِ قال سے کچھ نہ فرماتے مگر زبانِ حال سے کہتے ؎

ہر کسے از ظنِ خود شد یارِ من — وز درونِ من نجست اسرارِ من

صبح کی چائے اور رات کے کھانے کے بعد عموماً گفتگو فرماتے جو بعض اوقات کئی کئی گھنٹے جاری رہتی جس سے ضعف بڑھ جاتا۔ ہم لوگ ادب سے چُپ رہتے ایک روز میر واعظ صاحب نے خوب فرمایا کہ شاید اسی موقع کے لئے ہے (حتیٰ قُلنا لیتہٗ سکت)

اِن ہی دنوں میں صاحب زادہ مولانا محمد یوسف صاحب کی امارت میں گھاٹ میکا کا ایک کامیاب تبلیغی سفر پیش آیا جس میں میوات کے ان جلسوں کی تمام خصوصیات اور مناظر دیکھنے میں آئے جو مولانا کی موجودگی میں دیکھنے میں آتے تھے۔

علماء سے ربط

مولانا کی دعوت کا ایک اہم مقصد یہ تھا کہ امت کے مختلف حلقوں اور طبقوں میں جو بُعد و بیگانگی اور غلط فہمیوں کی بنا پر ایک دوسرے سے جو وحشت و تنفر پیدا ہو گیا ہے وہ دور ہو اور ان میں پھر ربط و اُلفت پیدا ہو اور وہ اسلام کے لئے تعاون اور اشتراکِ عمل کریں۔ ایک دوسرے کی تعظیم اور قدر کرنا جانیں اور ہر ایک کو دوسرے کے محاسن سے فائدہ اُٹھانے کی توفیق ہو۔

مولانا اس سلسلہ میں (جیسا کہ آگے آئیگا) کسی ایسے طبقے اور حلقے کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہتے تھے۔ جو دینی حیثیت سے بہت پست اور بعید ہو، اس لئے عوام اور علماء کی بیگانگی اور ایک دوسرے سے دوری اور وحشت کو کسی طرح دیکھ نہیں سکتے تھے اور اس کو امت کی بہت بڑی بدقسمتی اور اسلام کے مستقبل کے لئے بہت بڑا خطرہ اور الحاد و بے دینی کا پیش خیمہ سمجھتے تھے، مولانا اپنی اس دعوت سے یہ امید رکھتے تھے (اور اس کے آثار ظاہر ہونے لگے تھے) کہ اس میں شریک ہونے سے عوام، اور علماء ایک دوسرے سے قریب

ہو جائیں گے۔ ہر ایک دوسرے کو پہچاننے لگے گا اور اس کی طرف اپنی احتیاج محسوس کرے گا۔

خاکسار نے گھاٹ میکا میں مولانا محمد یوسف صاحب کے حکم سے علمار میوات کے سامنے ایک مختصر سی تقریر کی جس میں عرض کیا کہ اگر علمار نے اس دعوت کے ذریعہ عوام سے اپنا ربط نہ بڑھایا اور ان میں کام نہ کیا تو قوی اندیشہ ہے کہ علمار بھی ملک میں ایک ایسی اچھوت اقلیت اور اجنبی عنصر بنکر رہ جائیں گے جس کی تہذیب و معاشرت سے عوام بالکل بیگانہ ہوں گے زبان و خیالات تک عام طبقے کے لئے نامانوس ہو جائیں گے اور شاید دونوں کے درمیان ترجمان کی ضرورت پیش آئے، مولانا نے جب مولوی یوسف صاحب سے اس تقریر کا خلاصہ سُنا تو بہت پسند فرمایا یہ دراصل مولانا ہی کی گفتگو اور مجلسوں سے اخذ کیا ہوا مضمون تھا۔ جس کی تصدیق اس دعوت و تحریک کے سلسلے میں بارہا ہوئی۔

مولانا ایک طرف علمار کو عوام سے اِس دعوت کے ذریعہ قریب ہونے کی اور ان کا درد اپنے دل میں پیدا کرنے کی تاکید فرماتے تھے۔ دوسری طرف عوام کو علمار کی مرتبہ شناسی، قدر دانی اور ان سے استفادہ کی طرف توجہ دلاتے رہتے تھے۔ ان کو بتاکید اصول کے مطابق علمار کی خدمت میں حاضر ہونے کی فہائش کرتے تھے۔ ان کی ملاقات اور زیارت کا ثواب بیان فرماتے تھے۔ اُن کی خدمت میں حاضر ہونے کے آداب و اصول سمجھاتے تھے۔ ان کو دعوت دینے اور ان سے فائدہ اٹھانے اور ان کو مشغول کرنے کا طریقہ بتاتے

تھے، اُن کی جو باتیں سمجھ میں نہ آئیں اُن کی تاویل اور ان کے ساتھ حسن ظن رکھنے کی عادت ڈالتے، ان کو ان کی خدمت میں بھیجتے تھے، اور پھر ان سے پوچھتے تھے کہ کس طرح گئے اور کیا باتیں ہوئیں؟ پھر ان کی تنقیدوں اور تاثرات کی اصلاح و تصحیح فرماتے تھے، اس طرح عوام تجار اور کاروباری لوگوں کو علماء سے اتنا قریب کر دیا کہ پچھلے برسوں میں (غالباً تحریک خلافت کے بعد) کبھی اتنے قریب نہیں ہوئے۔

بد قسمتی سے شہروں میں سیاسی تحریکات اور مقامی اختلافات کی وجہ سے عوام میں علماء کی طرف سے ایک عام بیزاری پیدا ہونے لگی تھی، اور بغیر کسی استثناء اور تخصیص کے عام حاملینِ دین اور علماء کے خلاف ایک عام جذبۂ عناد پیدا ہونے لگا تھا۔

مولانا کی ان کوششوں اور حکمت عملی سے کم سے کم اس دعوت کے حلقۂ اثر میں یہ بات پیدا ہو گئی کہ سیاسی اختلافات کو عوام دین کے لئے گوارا کرنے لگے اور سیاسی مسلک کے اختلاف کے باوجود علماء حق کی تعظیم اور قدر و اعتراف کی گنجائش نکل آئی۔ بڑے بڑے تاجر جو علماء سے برسوں سے متوحش تھے علماء کی خدمت میں مؤدبانہ حاضر ہونے لگے اور اپنے تبلیغی جلسوں اور تقریبوں میں ادب و احترام کے ساتھ لے جانے لگے۔ مرض وفات کی ابتداء میں مولانا کی اسکی طرف بڑی توجہ تھی اور اس میں خاطر خواہ کامیابی ہوئی۔

مسلمانوں کی مختلف جماعتوں کی طرف توجہ خیالات کے تھوڑے تھوڑے اختلاف سے اور عرصے سے ایک دوسرے سے دور رہنے سے اہلِ سنت کی

مختلف جماعتوں میں ایک دوسرے سے وحشت پیدا ہوگئی تھی، ہر جماعت اپنے دین کی حفاظت اسی میں سمجھتی تھی کہ دوسرے کے سایہ سے بھاگے ایک دوسرے کے محاسن کی بالکل خبر نہیں تھی۔ ایک دوسرے سے نفع اٹھانے کے راستے عرصہ سے بند ہو چکے تھے۔

اِن اختلافات کو زائل کرنے کا طریقہ لوگوں نے صرف مناظرہ ومباحثہ دوسرے کے مسلک کی تردید اور اپنے مسلک کا اثبات اور دلائل وبراہین کو سمجھا، لیکن تجربہ سے ثابت ہوگیا کہ اس سے اختلافات دُور نہیں ہوتے بلکہ اور بڑھتے ہیں۔ ضد اور عناد پیدا ہوتا ہے اور وحشت میں اور ترقی ہوتی ہے۔

مولانا کے نزدیک اس کا طریقہ یہ تھا کہ اخلاق واکرام سے ان کے ذہن کی گرہیں کھولی جائیں اور دل کی سلوٹیں اور شکن دور کئے جائیں۔ تعلق پیدا کیا جائے اور مانوس کیا جائے۔ ایک دوسرے کو قریب سے دیکھنے اور برتنے سے غلط فہمیاں خود بخود رفع ہو جائیں گی، ان کے دین کے صحیح اور اصولی کام میں لگ جانے اور اختلاط وصحبت سے اختلافات میں اعتدال پیدا ہو جائے گا۔ اور افراط وتفریط باقی نہ رہے گی۔

اِس مرضِ وفات میں اس کی طرف خاص توجہ ہوئی، اس کیلئے آپ خاص اصول وہدایات تعلیم فرماتے تھے اور اس سلسلہ میں ایسی نازک باتیں ذہن میں آتی تھیں اور اس کے لئے اتنی دقیق رعایتیں اور وسیع انتظامات اور سلسلے اختیار فرماتے تھے جو شاید اہل سیاست وتدبیر بھی اپنے اہم اور نازک کاموں میں اختیار نہیں کرتے۔

مولانا کی عبادت کے لیئے یا مسجد میں، اُن علمار میں سے جن کی زیادہ آمد ورفت نہیں تھی، اگر کوئی بزرگ تشریف لے آتے تو مولانا ان کی تواضع واکرام میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھتے، ان کی آمد کا اتنا اہتمام اوران کی خاطر ودلجوئی کا اتنا لحاظ کرتے جس سے زائد تصور میں نہیں آتا۔ اوران کو کسی طرح کی بیگانگی واجنبیت اور جماعتی عصبیت کی بُو بھی محسوس نہ ہونے دیتے۔

علالت کا اشتداد | مارچ ۱۹۴۴ء میں ضعف بہت بڑھ چکا تھا نماز بھی پڑھانے سے معذور تھے لیکن جماعت میں دو آدمیوں کے سہارے تشریف لاتے تھے اور کھڑے ہو کر نماز پڑھتے تھے، کئی بار فرمایا کہ میں اس مرض سے جانبر نہیں ہونگا ظاہر اسباب میں صحت نہیں معلوم ہوتی۔ یوں اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔ اہلِ زمانہ کی شکایت فرماتے کہ فروعی اور تکمیلی کاموں اور شاخوں اور پتیوں میں اس قدر مشغول ہیں کہ اصلی اور بنیادی کام کے لیئے وقت نہیں رہا۔ انہی دنوں میں دو نہایت لطیف تقریریں فرمائیں جن میں بند بند لفظوں میں اس کا اظہار تھا کہ وقتِ اخیر کچھ دور نہیں ہے اور اس میں بھی اللہ کے بڑے مصالح ہیں۔

علمار کی آمد | سندھ جانے والی جماعتوں کے ذریعہ مولانا حافظ ہاشم جان صاحب مجددی کو اس تحریک سے دلچسپی اور مولانا کی ذات سے غائبانہ تعلق پیدا ہو گیا تھا۔ مارچ میں وہ دہلی تشریف لے آئے۔ مولانا نے ان کی آمد کا بڑا اہتمام اور اس پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا۔ مولانا اپنے اس کام میں اُن لوگوں کی شرکت سے بیحد مسرور ہوتے تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے خاص دل ودماغ اور خاص جوہر

عطا فرمایا۔ اور ان کے اسلاف سے دین کی بڑی خدمت و ترقی ہوئی۔ حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ سے نسبتِ فرزندی کی وجہ سے مولانا نے مخدوم زادوں کی طرح ان کا اکرام فرمایا۔

مارچ ہی کے مہینہ میں پیر صاحب کی آمد کے چند روز بعد راقم سطور کے برادر محترم ڈاکٹر مولوی سید عبد العلی صاحب کی آمد ہوئی۔ مولانا نے لیٹے لیٹے ان سے معانقہ فرمایا اور ان کی آمد پر مسرت کا اظہار کیا اور فرمایا کہ میں آپ کے آنے کی خوشی سے پہلے سے اچھا ہوں۔ اس بیماری میں یہ معمول رہا کہ کام کے سلسلے میں اگر کوئی خوشی کی بات پیش آتی تو مولانا کی صحت دفعتاً ترقی کر جاتی اور نشاط پیدا ہو جاتی روح کو توانائی پہونچتی جس سے مرض کے کچھ اثرات دب جاتے۔

مولانا نے ان دونوں صاحبوں سے دہلی کے اِن حلقوں میں کام لینا چاہا جہاں کے لوگ ابھی کام سے مانوس نہیں ہوئے تھے اور ان سے زیادہ مانوس تھے۔ مولانا نے اِن کی آمد کو محض ذاتی نہیں رہنے دیا بلکہ کام کے لئے مفید بنانے کی کوشش کی، مولانا اپنے لوگوں سے برابر تقاضا فرماتے رہتے تھے کہ ان کے حسبِ حال اور شایانِ شان اُن سے کام لیا جائے اور ان کی آمد سے وہ خصوصی فائدہ اُٹھایا جائے جو دوسروں سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

بار بار فرماتے تھے کہ ڈاکٹر صاحب کا وقت ضائع ہو رہا ہے، تم ان سے فائدہ نہیں اٹھاتے۔ بار بار کہنے کے بعد ایکبار اُن سے یہ فرمایا کہ کہیں آپ تو یہ نہیں سمجھتے کہ وقت ضائع ہو رہا ہے؟ انھوں نے جواب دیا کہ نہیں"۔ فرمایا بس کہیں آپ بھی میرے بار بار کہنے سے نہ سمجھ لیں کہ واقعی وقت ضائع ہو رہا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کو پرانے تجربہ کار میواتیوں سے ملنے اور ان کے پاس وقت گزارنے کی تاکید فرماتے رہتے تھے۔ آپ کا قیام پیچھے دارالاقامہ کے کمرے میں تھا مگر مولانا کو اس سے خوشی نہ تھی۔ ایک مرتبہ فرمایا کہ جو مسجد سے باہر رہے وہ اپنے کو آیا ہوا نہ سمجھے، ڈاکٹر صاحب نے مسجد ہی میں زیادہ وقت گزارنا شروع کر دیا۔ اور اس کا اعتراف کیا کہ مسجد میں میواتیوں اور مبلغین کے ساتھ وقت گزارنے سے انکو نمایاں فرق معلوم ہوا اور محسوس فائدہ ہوا۔

ایک مرتبہ مولانا کے تقاضے سے مدارس کے علماء اور ارباب اہتمام بھی جمع ہوئے اور اس پر مشورہ کیا کہ ان کے مدارس اس کام میں کیا حصہ لے سکتے ہیں مولانا طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مولانا محمد شفیع صاحب مہتمم مدرسۂ عبدالرب دہلی، مولانا حافظ عبداللطیف صاحب ناظم مدرسۂ مظاہر العلوم سہارنپور، مولانا اعزاز علی صاحب استاد دارالعلوم دیوبند اور شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نے اس مجلس مشاورت میں شرکت کی، مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری بھی نظام الدین تشریف لے آئے، اور نظام الدین کی رونق دو بالا ہوگئی۔

آخر مہینہ میں یہ محفلِ انجم منتشر ہوئی بھائی صاحب رخصت ہونے لگے تو مولانا نے فرمایا۔ ؎

حیف در چشم زدن صحبتِ یار آخر شد

سندھ کو تیسری جماعت | اپریل کی ابتدائی تاریخوں میں ۶۰۔۷۰ آدمیوں کی ایک جماعت حافظ مقبول حسن صاحب کی امارت میں سندھ روانہ ہوئی۔ اس قافلہ

کی پہلی منزل لاہور ہوئی جہاں اس نے دو تین روز ٹھہر کر کام کیا۔ اس جماعت کے پہونچنے کے دوسرے روز پیر ہاشم جان صاحب بھی تشریف لے آئے؛ ایک روز پیر صاحب کی معیت میں حضرت نورالمشائخ صاحب (کابل) کی خدمت میں (جو ان دنوں لاہور میں مقیم تھے) چند اصحاب نے حاضری دی اور مولوی سید رضا حسن صاحب نے اس تحریک کا تعارف کرایا۔

پشاور کی جماعت کی آمد | پشاور میں مولانا کے تذکرے اور تحریک کے تعارف سے متاثر ہو کر دوستوں کی ایک جماعت نے اپریل میں دہلی جانے اور مولانا کی خدمت میں حاضر ہونے کا فیصلہ کیا تھا، مولانا کی خدمت میں لکھا گیا اور اسی خط میں عرض کیا گیا کہ آپ کی زندگی وصحت اسلام کی ملکیت اور مسلمانوں کی ایک دولت ہے۔ آپ اس کے بقا کے لئے خود بھی اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔

مولانا کی طرف سے اس کا حسب ذیل جواب گیا۔

"اپریل میں جماعت کا آنا مبارک ہو، مگر مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ قبل ازیں کہ وہ جماعت یہاں تشریف لادے پہلے پہلے اگر جناب کی زیر نگرانی اصول کی پابندی کرتے ہوئے وہیں پر کچھ دنوں کام کرے اور اس طریق سے کچھ کام سے مناسبت پیدا کرلے تو پھر اپریل میں یہاں آنا بہت زیادہ مفید ہوگا۔ لہٰذا وقت مقررہ سے پہلے اس جماعت سے آپ اپنی نگرانی میں وہاں کام کرالیں۔

میں اپنی تن درستی کے لئے دعا گو ہوں مگر بدیں شرط کہ

میں اپنے اوقات کو نظام الاوقات سے گزار سکوں اور میرے اوقات کا کوئی حصہ لایعنی میں صرف نہ ہو جیسا کہ میری موجودہ حالت اب ہے، جو چیز میرے بغیر نہ ہو سکے اسمیں میں دخیل بنوں ورنہ سب کام کا انصرام جماعت کرے۔ یہ سبق میں نے اپنی بیماری سے حاصل کیا ہے۔ (۱۴ر مارچ ۱۹۴۴ء)

۸ر اپریل کو متعدد تبلیغی گشتوں اور عملی کام شروع کر دینے کے بعد ایک مختصر جماعت پشاور سے دہلی کو روانہ ہوئی۔ جن میں ارشد صاحب، مولانا احسان اللہ صاحب ندوی، مستری عبد القدوس صاحب اور دو بچے تھے۔

۱۰ر اپریل سے ۱۴ر اپریل تک ان کا قیام نظام الدین میں رہا۔

نظام الدین کا نظام اوقات اور ماحول ارشد صاحب نے اس سفر کے مشاہدات و تاثرات قلم بند کر لیئے تھے جو اب ایک تاریخی دستاویز ہے، اس کے کچھ اقتباسات جن سے اس وقت کے حالات و ماحول پر روشنی پڑتی ہے یہاں نقل کئے جاتے ہیں:۔

ایک بجے ایک بچہ پیغام لایا کہ کھانا تیار ہے، مسجد ہی کے ایک کونے میں مولانا کا حجرہ ہے، وہاں داخل ہوئے وہاں کھانا چنا تھا اور چارپائی پر حضرت لحاف اوڑھے تکیوں کے سہارے بیٹھے تھے ان کے سامنے ان کا پرہیزی کھانا رکھا تھا چہرہ سے نور صاف عیاں تھا اور جسم تھا کہ بس ہڈیوں کا پنجر، ان کی چارپائی کے پاس زمین پر اُن کے معالج حکیم صاحب بیٹھے تھے

ہم سب افراد سلام کر کے کھانے پر بیٹھ گئے۔ کوئی بیس۲۰ تیس۳۰ اشخاص ہوں گے، کھانے کے دوران میں حضرت نے مندرجہ ذیل ارشادات فرمائے۔

۱۔ حکیم صاحب! میں تو آپ کے پرہیز کے مطابق عمل کرنا شرعی فرض سمجھتا ہوں، کیا یہ کم ہے کہ میں نماز میں قیام کے ثواب سے محروم ہوں۔

۲۔ بھائیو! خداوند کریم کا اپنے بندوں سے خاص لگاؤ ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ کافروں کے ساتھ بھی یہ لگاؤ موجود ہے، یہ لگاؤ ہی تو تھا جس نے حضرتِ یونسؑ کے حق میں قرآن حکیم کے یہ کلمات کہلوائے۔ "فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ"۔ ملیم کے لفظ پر حضرت نے زور دیا، جب کافروں تک سے خدا کو اتنا لگاؤ ہے تو مومنین سے کیا کم ہوگا، بھائیو! مومنین کی خدمت عبدیت کا اصل مقام ہے، عبدیت کیا ہے؟ مومنین کے لئے ذلیل ہونے کی عزت کو حاصل کرنا، یہی ہماری تحریک کا اولین اصول ہے اور یہ ایک ایسا اصول ہے کہ کوئی اجتہادی (یعنی علماء کرام)، تقلیدی (عوام الناس) یا مادی (جو لوگ ہر کام کو دولت یا دنیا کے حصول کے لئے کرتے ہیں) اس کی تردید نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد مولانا نے کبر اور ریا کی مذمت فرمائی اور مجلس برخاست ہوئی۔

ظہر کے وقت حضرت دو آدمیوں اور ایک لکڑی کے سہارے باہر آئے۔
حضرت ممبر کے سہارے بیٹھ گئے اور فرمایا:۔

۱۔ بھائیو! ہم رسول کریمؐ کے راستے سے صرف بھٹکے ہی نہیں بلکہ بہت زیادہ بھٹک گئے ہیں، کبھی حکومت یا اور کسی قسم کا سیاسی اقتدار مسلمانوں کا مقصد نہیں ہو سکتا۔ رسول کریمؐ کے راستے پر چلتے ہوئے اگر حکومت مل جائے تو اس سے ہمیں ہٹنا نہیں، لیکن یہ ہمارا مقصد ہرگز نہیں۔ بس اس راہ میں ہمیں سب کچھ بلکہ جان تک بھی لٹا دینا ہے۔

۲۔ دوسری بات یہ یاد رکھو کہ مسلمانوں کی برائیوں کا انسداد انکی بُرائیوں کی بُرائی بیان کرنے سے نہیں ہو سکتا، بلکہ چاہیئے کہ ان میں جو ایک آدھ بھی اچھائی موجود ہو اس کی تکثیر کی جائے بُرائیاں خود بخود دُور ہو جائیں گی۔

اس کے بعد نماز کھڑی ہو گئی اور حضرت کو دو آدمیوں نے پکڑ کر کھڑا کیا حیرت ہے کہ جو شخص بغیر دو آدمیوں کی امداد کے اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتا، وہی شخص نماز کی چار رکعتوں میں قیام، رکوع سجدہ، جلسہ، مکمل طور پر کمال اطمینان اور چستی سے کر رہا ہے۔

نماز کے بعد حضرت نے ہمیں مخاطب کر کے کہا، دیکھو! تم لوگ مسند نشینی کے لئے نہیں آئے، اپنا وقت بیکار نہ ہونے دو ہمیشہ ذکر و تعلیم میں مصروف رہو، تم لوگ بہت ہی کم وقت کے

لئے آئے ہو، یہ وقت تو کچھ نہیں پھر نہایت لجاجت سے کہا:۔ بھائی دوسری دفعہ ایک کثیر جماعت لیکر آنا اور کافی عرصہ قیام کرنا یہاں زیادہ سے زیادہ عرصہ قیام کی ضرورت ہے۔

دو آدمیوں کے سہارے نماز کے بعد مولانا حجرہ میں واپس تشریف لے گئے، حاضرین کو دو گروہوں میں منقسم کیا گیا۔ ایک عربی داں طبقہ اور ایک غیر عربی داں۔ غیر عربی داں طبقہ کو تحریک کے متعلق اردو کتابوں کی تعلیم ہوتی رہی اور عربی دان طبقہ کو کتاب الایمان سے چند حدیثیں پڑھ کر سنائی گئیں اور ان پر باہم مذاکرہ رہا۔ معلوم ہوا کہ یہاں کے مقیم حضرات کو اس نصاب کی تکمیل ضروری ہے۔

رات کو پشاور کی جماعت نے دوسری جماعتوں کے ساتھ پہاڑ گنج میں تبلیغ کی اور وہیں رات گزاری۔

دوپہر سے پہلے حدیث کا دورہ رہا اور خوب رہا۔ چائے کے وقت حضرت کی طبیعت اچھی معلوم ہوتی تھی، مجھ سے فرمانے لگے کہ بھائی کثیر جماعت بھیجو، دنیا کا معمولی کام بغیر سیکھے نہیں آتا۔ حتیٰ کہ چوری کے لئے بھی اُستاد کی ضرورت ہے اگر بے سیکھے چوری کروگے تو پکڑے جاؤ گے تو پھر تبلیغ جیسا اہم کام بغیر سیکھے کیوں کر آسکتا ہے۔ پھر نہایت ملائمت سے فرمانے لگے۔ کیوں بھائی جماعت لاؤ گے؟ میں نے عرض کی حضرت اگر پہلے یہاں سے

ایک جماعت پشاور آجائے تو انشاء اللہ پھر پشاور کے لوگ اس کام کی طرف بہ آسانی متوجہ ہو سکتے ہیں!۔

فرمانے لگے بھائی دیکھو ایک کام کرو تم ...... و ...... یا ...... کو خود بھی لکھو اور وہاں کے با اثر لوگوں سے لکھواؤ کہ وہ جماعت لے کر پشاور آئیں۔ ایک تو آپ کے شہر میں جماعت آجائیگی دوسرے یہ لوگ خود بھی اب تک مسند نشینی کر رہے ہیں، عمل کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

آج ظہر کی نماز کے بعد حضرت تبلیغی جماعتوں کی تشکیل اور ان کی روانگی کے متعلق ہدایات فرماتے رہے:۔

ظہر کے بعد حدیث کا دور رہا اور خوب رہا۔ مولانا واصف صاحب نے کتاب الجہاد سے عجیب و غریب حدیثیں سنائیں۔

میلہ اور عُرس کے سلسلے میں مسجد میں لوگ کثرت سے آئے ہوئے ہیں ان میں تبلیغ ہوتی رہی۔

شام کو ۵ بجے تبلیغی جماعت حسب معمول روانہ ہوئی۔

۱۲ اپریل ۱۹۴۴ء۔ آج چائے کے وقت حضرت نے فرمایا جس طرح پہلے پیغمبر شریعت لائے تھے اسی طرح ہمارے سرکار بھی شریعت لائے، حضرت عیسیٰؑ کی انجیل نے تورات کو منسوخ نہیں کیا تھا اس کے احکام میں ترمیمات کی گئی تھیں، لیکن رسول کریمؐ کے قرآن نے پہلی سب کتابوں کو منسوخ

کر دیا۔ اب اُن کا براہ راست اتباع حرام ہے۔

جس چیز میں ہمارے حضورؐ دیگر انبیاء سے ممتاز تھے وہ طریقہ تبلیغ تھا۔ پہلے انبیاء کے بعد سلسلہ نبوّت جاری تھا۔ اس لئے انھیں اس اہتمام کی ضرورت پیش نہ آئی جس اہتمام کو ہمارے حضورؐ نے ملحوظ رکھا، کیونکہ ان کے بعد نبوّت کا سلسلہ ختم تھا اور تبلیغ کا تمام بوجھ ان کی امت کے افراد پر پڑنا تھا۔

آپ جماعتیں بنا بنا کر احکام دین سکھانے کے لئے بھیجتے تھے اب ضرورت ہے کہ اس طریقۂ تبلیغ کا پھر احیا ہو۔

پھر حضرت نے لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقْ کے مسئلہ پر روشنی ڈالی اور فرمایا کہ دنیاوی معاملات حتیٰ کہ مرشدؔ والدین واستاد تک کے تعلقات میں اسے ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہیئے

مولوی احسان اللہ صاحب سے مخاطب ہو کر فرمانے لگے۔

سمجھے مولوی جی! یہ کام قرن اوّل کا ہیرا ہے، اس کے لئے اپنی جانیں قربان کردو، اور اپنا سب کچھ مٹادو، اس کے لئے جتنا زیادہ قربان کروگے اتنا زیادہ پاؤگے۔

یہ سب کچھ جو تم سُن رہے ہو اور لطف اُٹھا رہے ہو یہ یوں ہے جیسے کوئی دوسرے کے باغوں کے میووں کو دیکھکر خوش ہوتا ہے مزہ کی بات تو یہ ہے کہ اپنے باغ کا پھل پیدا کرو اور یہ چیز بغیر محنت اور قربانی کے کیوں کر آسکتی ہے۔

عصر کے وقت بہت زور کی بارش ہونے لگی۔ آج تبلیغ کا ارادہ ملتوی تھا۔ عصر کے وقت جب حضرت باہر نکلے تو ناراضگی کا اظہار فرمایا کہ آج جماعت کیوں گشت کے لئے نہیں گئی، آپ نے میواتیوں کی قربانی اور ایمان کا تذکرہ فرمایا۔ اور کہا کہ یہ لوگ تمہارے محسن ہیں، ان لوگوں نے تمھیں صحیح راستہ بتایا۔ پھر ایک غریب میواتی کو بلا کر اپنے پاس بٹھایا اور کہا کہ جب پہلے پہل میں نے اس سے کہا کہ جاؤ تبلیغ کرو تو یہ مجھ سے کہنے لگا کہ تبلید کیا ہوتی ہے؟ میں نے کہا کہ تم لوگوں کو کلمہ سکھاؤ، اُس نے کہا کلمہ تو حضرت مجھے خود نہیں آتا۔ میں نے کہا جاؤ تم لوگوں سے یہی کہو کہ دیکھو میری یہ عمر ہو گئی ہے اور نہ سیکھنے کی وجہ سے مجھے ابتک کلمہ نہیں آتا، بھائیو تم کسی کے پاس جاکر کلمہ ضرور سیکھو۔

مولانا کی تقریر کے اثر سے سخت بارش میں نماز عصر کے بعد جماعت روانہ ہوئی، خدا کی شان دیکھئے کہ روانہ ہوتے ہی بارش تھم گئی اور موسم نہایت خوشگوار ہو گیا۔ آدھ میل پر ایک گاؤں میں مولانا واصف کے زیر قیادت تبلیغ ہوتی رہی، نماز مغرب پڑھکر واپسی ہوئی۔

یہاں جمعرات کی رات دہلی کے بڑے بڑے لوگ مولانا کی زیارت کو آتے ہیں۔ آج باوجود بارش کے خوب رونق ہے کئی مبارک صورتیں دیکھنے میں آتی ہیں۔

تہجد کے وقت اکثر کو ذکر و تہلیل میں مصروف پایا۔ نماز فجر حضرت مولانا کے حکم سے ہمارے رفیق مولانا احسان اللہ نے پڑھائی۔ چائے کے وقت ۵۰۔۶۰ کا مجمع تھا حضرت نے ارشاد فرمایا:۔

۱۔ نماز میں قرآن شریف کی ایک چھوٹی سی سورۂ فاتحہ کا جتنا ثواب ہے نماز کے باہر تمام قرآن شریف ختم کرنے کا اتنا ثواب نہیں پھر جو جماعت لوگوں میں نماز کی تلقین کرے اس کے اجر کا اندازہ کون کیا لگا سکتا ہے، ہر کام اپنے محل اور موقع پر اپنی خاصیت رکھتا ہے، اس طرح جہاد (دین کے پھیلانے کی کوشش) کے دوران میں ذکر کا ثواب گھر میں بیٹھ کر یا خانقاہ میں ذکر کرنے سے کہیں زیادہ ہے پس دوستو ذکر کی کثرت کرو۔

۲۔ یہ تحریک کیا ہے۔ "اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا" پر عمل کرنا اس نفر میں کوتاہی عذاب الٰہی کو دعوت دینا ہے، دوستو! اس تبلیغ میں اصولوں کی پابندی نہایت ضروری ہے۔ اگر کسی اصول میں ذرا بھی کوتاہی کروگے تو خدا کا وہ عذاب جو شاید بدیر آئے فوراً ہی تمھارے سر پر آموجود ہوگا، اس تحریک کی تاریخ میں دو ایسے واقعات پیش آئے جب یہ تحریک ظاہراً اپنے بام ترقی پر پہونچکر اصول کی غیر پابندی ہی کی وجہ سے پھر نیچے گری پس بھائیو! چھ اصولوں کی سختی سے پابندی کرو۔

۳۔ اسلام کیا ہے؟ حال کا جو حکم ہو اُس کے آگے گردن رکھنا۔ شیطان ہمیں حال کے حکم کی پابندی سے روکتا ہے۔ شیطان دو قسم کے حجابات ہماری آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے۔ ایک تو ظلمانی حجاب یعنی نفس کو بُرے کاموں کی حلاوت دیکر انکے کرنے پر لگا دیتا ہے اور ایک نورانی حجاب، نورانی حجاب یہ ہے کہ ایک افضل کام سے ہٹا کر کم اہم کام پر لگا دیتا ہے۔ فرض کے وقت میں نوافل میں مشغول کر دیتا ہے اور نفس یہ سمجھتا ہے کہ میں تو اچھا کام کر رہا ہوں، حال کا سب سے بڑا فریضہ تبلیغ ہے اور اس میں کوتاہی کا بدل بڑی سے بڑی عبادت نہیں ہو سکتی۔

چائے کے بعد قرار پایا کہ پشاور کی جماعت دہلی کی جماعت کے ساتھ سہارنپور تبلیغ کے لئے کل صبح روانہ ہو۔ ہم حضرت سے رخصت ہونے کے لئے آئے، بچے ساتھ میں نہ تھے، فرمایا بچوں کو کیوں نہیں لائے ہم نے عذر پیش کیا، فرمایا بھئی تم خود تو بچوں کے سمجھانے سے قاصر ہوا در اپنے قصور کو محمول کرتے ہو ان کی ناسمجھی پر، بچوں کے لئے کسی چیز کا سمجھنا ضروری نہیں ہے، ان کے کان میں ڈالنا، انھیں دکھانا، اور احساس دلانا اصل چیز ہے، اگر یہ نہیں تو بچے کے کان میں اذان کا مطلب کیا ہے؟

اسکے بعد بشدت اور بکرات و مرات ذکر کرتے رہنے کی تلقین

فرمائی، فرمایا ذکر حصن کے مانند ہے تاکہ شیطان تم پر حملہ
اور غلبہ نہ حاصل کرے" اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ"
نیز بھائیو اپنے بچوں کو نیک اور اچھی باتیں سناتے رہو۔
آخر وقت تک ذکر کے فضائل اور تاکید فرماتے رہے
سہارنپور میں مولوی عبد الغفار صاحب ندوی (جو دہلی مولانا
سے ملکر ہمارے پاس سہارنپور آئے تھے) ملے، اور ہمارے
نام مولانا کا یہ پیغام لائے "تم لوگ آئے اور چند روز مسند نشینی
کر کے چل دیئے، یاد رکھو اس راہ میں بھوک اور پیاس کی
تکلیفات برداشت کرنے کی ضرورت ہے۔ اس راہ میں اپنا پسینہ
بہاؤ۔ اور خون بہانے کے لئے تیار رہو۔"

دعوت کا انہماک یہاں چند واقعات مولانا محمد منظور صاحب نعمانی مدیر
"الفرقان" کی روایت اور حوالہ سے نقل کئے جاتے ہیں جن سے اس شدت
علالت میں بھی اپنے کام میں مولانا کی یکسوئی اور کامل انہماک و استغراق
کا اندازہ ہوگا۔

"اپریل کے آخری ہفتہ میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری
زیارت اور مزاج پرسی کے لئے تشریف لائے۔ اس سے
دو دن پہلے حضرت پر نہایت سخت دورہ پڑچکا تھا جس کی
وجہ سے ضعف بیحد ہوگیا تھا کہ دو چار منٹ بھی بات کرنے
کی ہمت نہ تھی۔ شاہ صاحب کی خبر سُن کر اس ناچیز

کو طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا مجھے ان سے باتیں ضروری کرنی ہیں لیکن صورت یہ ہوگی کہ تم اپنے کان میرے منہ کے قریب کر دینا اور میں جو کہوں وہ ان سے کہتے جانا۔ چنانچہ جب شاہ صاحب اندر بلائے گئے تو بات شروع تو مجھ ہی سے فرمائی لیکن دو تین ہی منٹ کے بعد اتنی قوت آگئی کہ خود مخاطب ہو گئے اور تقریباً آدھ گھنٹہ مسلسل تقریر فرماتے رہے [۱]

"اسی اپریل کے مہینہ میں جس روز آپ پر وہ شدید دورہ پڑا جس کا ذکر اوپر بھی آچکا ہے اس دن آپ پر قریب دو گھنٹے کے غشی کی سی کیفیت طاری رہی، آنکھیں تک بند تھیں دیر کے بعد یکایک آنکھیں کھولیں اور زبان پر یہ کلمات جاری ہوئے۔

اَلْحَقُّ یَعْلُوْ اَلْحَقُّ یَعْلُوْ، اَلْحَقُّ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی

پھر ایک وجد کی سی کیفیت میں ایک گونہ ترنم کیساتھ (جو عام عادت نہ تھی) تین دفعہ یہ آیت تلاوت فرمائی۔

كَانَ حَقًّا عَلَيْنَا	ایمان والوں کی مدد کرنا ہمارے
نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞	ذمہ حق ہے۔

جس وقت بلند آواز سے آپ نے یہ آیت تلاوت فرمانی شروع کی میں صحن مسجد میں تھا، آواز سنکر حضرت کے حجرے کے

---

[۱] اس موقع پر جو ارشاد فرمایا وہ باب ہشتم میں ملاحظہ ہو۔

دروازہ پر جاکر کھڑا ہوا۔ جو خاص خادم اندر تھے اُن سے میرا نام لیکر ارشاد فرمایا کہ وہ کہاں ہے؟ میں سنتے ہی اندر حاضر ہوگیا۔ ارشاد فرمایا:۔

"مولوی صاحب اللہ کا وعدہ ہے کہ یہ کام ہوگا اور اللہ کی مدد اس کو اتمام تک پہونچائے گی مگر شرط یہ ہے کہ اس کے وعدۂ نصرت پر کامل یقین اور بھروسہ کے ساتھ اس سے نصرت کو مانگتے رہو اور اپنی امکانی کوششوں میں کمی نہ کرو۔"

یہ فرمانے کے بعد پھر آنکھیں بند ہوگئیں، تھوڑی دیر کی گہری خاموشی کے بعد صرف اتنا فرمایا:۔

"کاش علمار اس کام کو سنبھال لیتے اور پھر ہم چلے جاتے"

عجب تماشا تھا اس علالت میں حضرت کی قوت وصحت جوں جوں گرتی تھی احیار دین کی تڑپ اور اعلار کلمۃ اللہ کا جذبہ روز بروز اسی قدر بڑھتا جاتا تھا، ضعف ونقاہت کے لحاظ سے حضرت کی مہینوں وہی حالت رہی جس حالت میں اچھے اچھوں کو سوائے خاموش پڑے رہنے کے اور کچھ گوارا نہیں ہوتا ہے، لیکن اس سارے عرصے میں دیکھنے والوں نے اکثر ان کو تین ہی حالتوں میں دیکھا۔

(۱) یا اس کام (احیار دین) کی سوچ فکر میں ڈوبے ہوتے ہیں

۱۔ یا اس کے لئے دل کی انتہائی شکستگی کے ساتھ دعائیں فرما رہے ہیں، کارکنوں کے لئے اخلاص، ثبات، استقامت اتباع طریقہ، محمدیؐ اور اصولِ مرضیہ کی پابندی اور پھر رضا وقبول اپنے اللہ سے مانگ رہے ہیں اور ایسے سوز کے ساتھ مانگ رہے ہیں کہ بعض اوقات پاس والوں کو رونا آجاتا ہے۔

۲۔ یا اس سلسلہ میں احکام وہدایات دے رہے ہیں۔

حتیٰ کہ علاج کے سلسلہ میں جو طبیب یا ڈاکٹر آتے ان سے پہلے اپنی بات کہتے، اس کے بعد اُن کو دیکھ بھال کا موقع دیتے ایک دن حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب دہلی کے ایک مشہور ڈاکٹر کو لائے، مولانا نے اپنی بات کیسے عجیب انداز میں ان سے کہی۔ فرمایا:۔

ڈاکٹر صاحب! آپ کے پاس ایک فن ہے جس سے مخلوق استفادہ کرتی ہے، لیکن وہ فن وہ ہے جس کو ماند کرنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو چند ظاہری معجزے (اندھوں اور کوڑھیوں کو اچھا کر دینا، مُردوں کو زندہ کر دینا) دے کر بھیجا گیا تھا اور یہ تو آپ جان سکتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو جو روحانی علوم دیئے گئے تھے وہ ان ظاہری معجزوں سے بدرجہا اعلیٰ اور افضل تھے تو مجھے آپ سے یہ کہنا ہے کہ ہمارے حضرت خاتم الانبیاؐ

صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ جو روحانی علوم و احکام بھیجے گئے ہیں وہ وہ ہیں جنھوں نے حضرت عیسٰی علیہ السّلام کے روحانی علوم اور ان کی لائی ہوئی شریعت کو بھی غیر چلن دار کر دیا تو ذرا سوچئے کہ حضورؐ کی لائی ہوئی ان روحانی چیزوں کی طرف توجہ نہ کرنا کتنی بڑی چیز کی ناقدری ہے! لوگوں سے ہم بس یہی کہتے ہیں کہ وہ اس نعمت سے فائدہ اٹھائیں، ورنہ بڑے گھاٹے میں رہیں گے"

اس موضوع (احیاء دین) کے سوا کوئی بات کہنا تو درکنار سننا تک گوارا نہ تھا، اگر کوئی شخص دوسری بات سامنے شروع کر دیتا تو اکثر اوقات برداشت نہ فرما سکتے اور فوراً روک دیتے، خدام میں سے کوئی خیریت مزاج پوچھتا تو فرماتے۔

"بھئی تندرستی بیماری تو انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے اس میں کیا خیریت اور بے خیریت؟ خیریت تو جب ہے کہ جس کام کے لئے پیدا کئے گئے ہیں وہ کام ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مبارک کو چین ہو صحابۂ کرامؓ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس حال میں چھوڑا تھا اس میں ادنیٰ تغیر آنے کو بھی وہ خلافِ خیریت سمجھتے تھے"۔[1]

---

[1] رسالہ "الفرقان" ماہ رجب و شعبان ۱۳۶۳ھ

حاجی عبدالرحمٰن صاحب راوی ہیں کہ مولانا کے وطن کاندھلہ سے آپ کے کچھ اعزہ عیادت کے لئے آئے مولانا نے پوچھا کس لئے آئے؟ کہنے لگے آپ کی خیریت دریافت کرنے کے لئے! فرمایا جو مٹنے کے لئے بنا ہے اسکی خیریت پوچھنے کیلئے کاندھلہ سے یہاں تک آ ؤ۔ اور رسولِ کریم کا دین عزیز مٹنے والا نہیں وہ مٹا جا رہا ہے اور تم اسکی خبر نہیں لیتے[1]

ایک جمعہ کو فجر کی نماز مولانا یوسف صاحب نے پڑھائی اور قنوتِ نازلہ پڑھی، نماز کے بعد ایک میواتی خادم نے آواز دی کہ حضرت یاد فرماتے ہیں مولانا نے ارشاد فرمایا کہ قنوت نازلہ میں دوسرے کفار کے ساتھ ان غیر مسلم فقرا و اہلِ ریاضت کی نیت بھی کرنی چاہیئے جو اپنی قلبی قوت کو اسلام کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ سہارن پور کے اُس مناظرہ کے واقعہ کی طرف اشارہ فرمایا جسمیں ایک ہندو سنیاسی مناظر اسلام کے خلاف اپنی قوتِ قلب استعمال کر رہا تھا اور مسلمان مناظر اظہارِ خیال میں دقت محسوس کر رہا تھا، مولانا خلیل احمد صاحب تشریف رکھتے تھے ان کو توجہ دلائی گئی، آپ نے جب توجہ کی تو سادھو متوحش ہو کر جلسہ سے اُٹھ گیا اور مناظرِ اسلام کی زبان کھل گئی[2]

اس صبح کو خاکسار اور مولانا محمد منظور صاحب نے مختصر تقریریں کیں، مولانا کی تشویشناک علالت اور نازک حالت کو دیکھکر اور یہ یاد کر کے کہ کبھی مولانا اس جگہ سے خطاب فرمایا کرتے تھے لوگوں پر ایک رقت طاری تھی، خصوصاً جب مقرر نے اس جگہ کی طرف اشارہ کر کے کہا "خدا اس محراب و منبر کو آباد رکھے آپ نے یہاں سے کئی بار سنا ہے کہ ...... تو حاضرین کی آنکھیں اشکبار تھیں۔

---

[1] روزنامچہ جماعت تبلیغ پشاور مرتبہ ارشد صاحب۔ [2] تفصیل کیلئے دیکھا جائے "تذکرۃ الخلیل"

جمعہ کی رات کو برسوں کا معمول تھا کہ مولانا مجمع سے تبلیغی گفتگو فرماتے تھے اور مختلف محلوں اور بعض اوقات دوسرے شہروں سے بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوتے تھے، آخری علالت میں یہ مجمع بہت زیادہ ہو جایا کرتا تھا، مولانا خود خطاب فرمانے سے معذور تھے لیکن یہ گوارا نہ تھا کہ یہ لوگ جو اپنے مشاغل اور گھر کی راحتیں چھوڑ کر دین کے لئے یہاں آتے ہیں وہ بیکار وقت گزاریں یا ان کی آمد ایک ذاتی آمد بنکر رہ جائے کہ مزاج پرسی کرکے اور خیریت دریافت کرکے یا ہاتھ پاؤں دبا کر چلے جائیں، مولانا اس کو خیانت سمجھتے تھے کہ ان کی یہ للٰہی محبت اور دینی جذبہ بے محل صرف ہو یا ضائع ہو، اس لیے طبیعت پر سخت تقاضا ہوتا تھا کہ ان کو دینی کام میں مشغول کیا جائے اور ان کے سامنے دین کی وہ خصوصی دعوت جو اس جگہ سے دی جا رہی ہے پیش کر دی جائے اس میں اگر ذرا تاخیر ہوتی تو مولانا کی نازک طبیعت اس کا تحمل نہ کر سکتی۔

ایک روز شب جمعہ کو مغرب کی نماز کے بعد لوگ مسجد کی چھت پر جمع کر دیئے گئے تھے اور خطاب کا حکم ہوا تھا شروع کرنے میں چند منٹ کی تاخیر ہوئی، اس اثنا میں دو تین پیغامبر آئے اور یہ پیغام لائے کہ مولانا فرماتے ہیں کہ جلد شروع کرو مجھ پر ایک ایک منٹ بار ہے، جب خطبۂ مسنونہ شروع ہو گیا اور مولانا کو اس کی اطلاع ہوئی اس وقت اطمینان ہوا۔

آخری مہینہ حالت روز بروز نازک ہوتی جاتی تھی پہلے کھڑے ہو کر نماز پڑھ لیتے تھے، اب اس سے بھی معذوری تھی، چارپائی صف کے کنارے لگا دی جاتی تھی اور آپ جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔

اِن دنوں مولانا ظفر احمد صاحب کا بھی قیام تھا اور وہی گویا علاج کے نگراں و مشیر تھے۔ عام مجالس اور اجتماعات میں عموماً وہی خطاب کرتے اور جلسوں میں وعظ و تقریر فرماتے۔ مولانا ان کے قیام سے بڑی تسکین و اطمینان محسوس کرتے تھے۔

۲۸ر جمادی الثانی (۲۱ر جون) کو شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب بھی تشریف لے آئے۔ ۳۰ر جمادی الثانی ۱۳۶۳ھ (۲۳ر جون ۱۹۴۴ء) کو نوح کے مدرسہ معین الاسلام کا سالانہ جلسہ تھا، یہ غالباً پہلا جلسہ تھا جس میں مولانا کی شرکت نہیں ہو رہی تھی۔

۲۳ر کی صبح کو لاری سے نظام الدین کا قافلہ روانہ ہوا، جماعت نے مولانا یوسف صاحب کو اپنا امیر بنایا۔ مولانا ظفر احمد صاحب، مولانا محمد منظور صاحب، مولانا زکریا صاحب قدوسی، مولوی امیر احمد صاحب، عبد الغنی صاحب پروفیسر مہاراجہ کالج جے پور، عم محترم مولوی سید عزیز الرحمٰن صاحب اور لکھنؤ کی جماعت کے افراد ہمراہ تھے۔ راستہ کچھ ذکر کچھ تذکیر اور کچھ علمی مذاکرہ میں گزرا۔ ۲ بجے کے قریب نوح پہنچے اور اسی وقت جلسہ شروع ہو گیا، مولانا کا لگایا ہوا باغ سامنے تھا اور خوب کھِلا ہوا تھا۔ باغباں ہی نہ تھا اور سب تھے۔

رات کو پھر جلسہ شروع ہوا، جلسہ کے اثنا میں نوح کے انگریزی ہائی اسکول کے دار الاقامہ کی ایک عمارت میں آگ لگ گئی۔ جلسہ آگ بجھانے میں مشغول ہو گیا۔ بڑی مشکل سے آگ پر قابو پا یا گیا۔ عمارت کا بڑا نقصان ہوا۔

آج کی رات مسجد کا وہ گوشہ سونا تھا جس میں ہمیشہ مولانا کی چارپائی ہوتی

تھی اور میوات کے پروانے اس شمع کے گرد جمع رہتے تھے، اخیر جون کی گرمی تھی مگر نوح کی فضا میں اور لوگوں کے دلوں میں وہ حرارت نہ تھی جو مولانا کی گفتگو اور نماز کے بعد کی والہانہ اور خود فراموشی کی دعاؤں اور اس مسلسل اضطراب اور بےچینی سے پیدا ہوتی تھی جو میوات کے قیام اور جلسہ کے ایام میں برابر رہتی تھی۔

نوح سے واپسی پر مولانا نے جلسہ کی روداد سنی، آگ لگنے کا واقعہ سنا تو فرمایا تم نے ذکر میں کمی کی شیاطین کو موقع مل گیا۔

ایک صاحب نے اس پر کچھ مسرت کا اظہار کیا کہ انگریزی کے مدرسہ میں آگ لگ گئی، مولانا نے ان کے سامنے اس وقت تو کچھ نہیں کہا۔ مگر مسلمانوں سے تعلق رکھنے والی چیز کے نقصان پر خوشی مولانا کو بڑی ناگوار ہوئی، دوسرے موقع پر فرمایا کہ مجھے یہ بات بہت ناپسند ہوئی، اس پر خوشی کا کوئی موقع نہ تھا۔

مولوی یوسف صاحب سے فرمایا کہ تبلیغی وفود کی روانگی کا منظر بھی تم نے مولانا ظفر احمد صاحب کو دکھایا انھوں نے کہا نہیں! فرمایا بڑی غلطی کی، یہی تو دیکھنے کی چیز تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مسلمانوں کے وفود کس طرح روانہ ہوتے تھے

خطرہ کا قرب مولانا کو اس کا اچھی طرح احساس تھا کہ خطرہ قریب ہے اور وقت مقرر ٹل نہیں سکتا۔ بعض مواقع پر کسی دینی مصلحت سے یا کام کی سرگرمی بڑھانے کے لئے اس کا اظہار بھی فرمادیا کرتے تھے، مولانا ظفر احمد صاحب ملنے آئے تو فرمایا کہ تم نے مجھے وقت دینے کا وعدہ کیا تھا ابھی تک اپنا وعدہ وفا نہیں کیا مولانا نے کہا کہ آج کل تو گرمی بہت ہے ان شاء اللہ رمضان کی تعطیل میں آؤں گا اور

کچھ وقت صرف کروں گا۔ فرمایا تم رمضان کہتے ہو مجھے شعبان پکڑنے کی بھی اُمید نہیں، مولانا ظفر احمد صاحب نے قیام کا فیصلہ کر لیا۔

چودھری نواز خاں سے فرمایا بھائی تم یہیں پڑے رہو بیس دن کا حساب کتاب ہے اِدھر یا اُدھر ہو جائے گا۔ (اللہ کی شان اس فرمانے سے بیس ہی دن بعد آپ کا وصال ہو گیا۔)

خاکسار سے بھی کئی بار فرمایا۔ مجھے اپنے جانبر ہونے کی امید نہیں اس مرض سے بچنا نظر نہیں آتا یوں اللہ کی قدرت میں سب کچھ ہے کچھ عجب بھی نہیں ہے۔

لیکن کبھی کبھی ایسے فقرے بھی فرما دیتے کہ تیمارداروں کی آس بندھ جاتی اور وہ صحت کی طرف سے پُرامید ہو جاتے۔

علاج کی تبدیلی | ابتدا سے حکیم کریم بخش صاحب (پہاڑ گنج) کا علاج تھا، یونانی علاج تبدیل ہوا تو مولانا ظفر احمد صاحب کے مشورہ سے بایوکیمک علاج شروع ہوا آخر میں دہلی کے مشہور معالج ڈاکٹر عبداللطیف صاحب کا علاج شروع ہوا مرض بہت بڑھ چکا تھا، ڈاکٹر شوکت اللہ صاحب انصاری کی تشخیص شروع سے آنتوں کی دق کی تھی اور وہ تقریباً مایوسی ظاہر کر چکے تھے۔ ڈاکٹر عبداللطیف صاحب کی تشخیص مختلف تھی اس لئے ان کو تجربہ کا موقع دیا گیا۔ انھوں نے غالباً پُرانی پیچش تجویز کی تھی، ان دنوں میں برابر حرارت رہنے لگی تھی۔ آخر میں ڈاکٹر صاحب نے انجکشن تجویز کئے اور بڑی امیدوں اور دعاؤں سے یہ انجکشن دیئے گئے مگر ناکام رہے۔

تیمارداراور خاص خدمت گزار مولوی اکرام الحسن صاحب کاندھلوی (مولانا کے بھانجے) دوا پلانے کے ذمہ دار تھے۔ غذا کے مہتمم مولوی لطیف الرحمٰن صاحب تھے۔ مولانا ظفر احمد صاحب اور مولانا احتشام الحسن صاحب کا عام مشورہ اور نگرانی رہا کرتی تھی، مولوی واصف علی صاحب وضو اور نماز کے منتظم تھے جودھر نواز خاں، نمبردار محراب خاں اور خصوصیت کے ساتھ امید خاں، رحیم خاں رحیم بخش، سلیمان بڑی دل سوزی اور جانفشانی سے خدمت کر رہے تھے۔ محمد یوسف صاحب تاجر کشن گنج گھنٹوں رات کو جاگ کر سر پر مالش کرتے تھے۔ مولانا اپنے سب خدمت گزاروں کے اور مخلصین کے بڑے ممنون تھے، فرماتے تھے کہ میرے خادموں کو خادم نہ سمجھو یہ مخدوم ہیں، ان لوگوں نے حقیقت میں بڑی دولت کمائی۔

دہلی کے تاجر دہلی کے سوداگر اپنے اپنے تعلق کے مطابق مولانا کی اس نازک حالت سے بڑے دل گیر اور رنجیدہ رہتے تھے۔ بہت سے لوگوں نے باریاں مقرر کر لی تھیں، اکثر دو دو تین تین روز کے لئے آکر پڑ جاتے تھے اور حسب مقدور خدمت کی کوشش کرتے تھے۔

محض جسمانی خدمت اور ذاتی تعلق سے خفگی مولانا کو اگر کسی بات سے یہ اندازہ ہوتا کہ کسی شخص کو محض میری ذات سے تعلق ہے تو بہت ناراض ہوتے اور فرماتے کہ دین سے تعلق ہونا چاہیے، کسی ایسے شخص کی خدمت قبول کرنے اور اس سے راحت حاصل کرنے کے روادار نہ تھے جو محض جسمانی خدمت پر اکتفا کرتا — ایک مرتبہ ایک میواتی سر پر تیل کی مالش کر رہے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد اُن پر

نظر پڑی، پہچان لیا، فرمایا تم کبھی تبلیغ میں حصّہ نہیں لیتے میں تم سے کام نہیں لے سکتا چھوڑ دو، ایک پیر مرد ایک مرتبہ آگے بڑھے مولانا محمّد منظور صاحب سے فرمایا کہ ان کو مجھ سے بہت تعلق و محبّت ہے مگر کبھی انھوں نے میری یہ بات نہیں مانی اور میری دعوت قبول نہیں کی، یوں دل و جان سے میری خدمت کے لئے حاضر ہیں آپ ان کو لے جا کر سمجھائیے کہ اس کام میں حصّہ لیں اس کے بغیر مجھے تکلیف ہوتی ہے۔ مولانا الگ لے گئے اور ان سے گفتگو کی انھوں نے کہا میں تو تہیّا کر کے آیا ہوں کہ اب حصّہ لوں گا، مولانا نے جا کر اطلاع کی، آنے کی اجازت دی اور ان کے ہاتھ چوم لئے۔

باہر کام کا فروغ باہر سے جو خطوط آتے تھے ان سے معلوم ہوتا تھا کہ اس زمانہ میں کام بڑے جوش و خروش سے ہو رہا ہے، جن شہروں اور مقامات پر مدت سے افسردگی تھی اور وہاں کام بڑا مشکل معلوم ہوتا تھا وہاں خلافِ توقع آسانیاں پیدا ہو گئی تھیں اور نئی روح پیدا ہو گئی تھی، اس زمانۂ علالت میں بعض نئے مرکزوں میں کام کی داغ بیل پڑی، مولوی عبدالرشید صاحب مسکین کی طلب و خواہش پر بھوپال ایک بڑی جماعت گئی جس میں جناب مفتی کفایت اللّٰہ صاحب بھی تشریف لے گئے۔ مولوی عبدالرشید صاحب نعمانی، اور پروفیسر عبدالغنی صاحب کی تحریک پر دو مرتبہ جماعتیں جیپور گئیں، سب سے زیادہ کام کا جوش نئے مقامات میں سے مرادآباد میں تھا جہاں سے کام کی برابر خبریں آ رہی تھیں اور کئی بار وفود بھی آئے۔

دعوت کی سرگرمی جس قدر وقت موعود قریب آتا جاتا تھا طبیعت کی نزاکت اور بے تابی اور کام کی سرگرمی بڑھتی جا رہی تھی، دعوت کے سوا کسی چیز کے سننے اور دیکھنے

کا تحمل جاتا رہا تھا، انتہائی ضعف و ناطاقتی کے باوجود بستر علالت پر پڑے ہوئے
پورے کام کی خود نگرانی فرما رہے تھے، اور برابر دن رات میں کئی کئی بار بلا کر اس
کے متعلق جزئی ہدایات اور لوگوں کے نام پیغامات دیتے رہتے تھے، اس کا
بھی اندازہ لگاتے تھے اور برابر خیال رکھتے تھے کہ مجلسوں میں، حلقہ درس میں
اور دسترخوان پر تبلیغ و دعوت کے سوا کوئی اور گفتگو تو نہیں ہوتی، اگر کبھی اس کا
علم ہو جاتا تو طبع نازک پر بڑا گراں گزرتا، ذکر و تعلیم و تبلیغ میں مصروف رہنے کی
تاکید فرماتے رہتے اور بجائے زجر و تنبیہ اور ملامت کے وعظ و ترغیب سے
کام لیتے اور اکثر کسی واسطہ اور کنایہ سے فرماتے اور متوجہ کرتے۔ ایک مرتبہ ظہر
کے بعد علماء کی مجلسِ درس میں شرکت میں غفلت ہوگئی نہایت لطیف طریقہ پر
پیغام بھیجا جس سے تنبہ ہوا۔ خواص میں سے ایک عالم اپنی مشغولیت کی وجہ
سے اکثر غیر حاضر رہتے۔ ایک روز بلا کر ارشاد فرمایا کہ اپنی طرف سے ان کے نہ
ہونے پر اظہار تعجب کیجیے، بعض چیزوں کی طرف توجہ دلانے کے لئے یہ طریقہ
اختیار فرماتے کہ ان کے فضائل و ترغیبات بیان کرنے کا حکم دیتے جس سے خود
ان کی اہمیت کا احساس ہوتا۔

جلسوں کی کارروائی اور تبلیغی کام کی روداد کا بے چینی سے انتظار رہتا ایک
رات میرٹھ روڈ کے جلسہ کے بعد سواری نہ مل سکی اور رات کو نظام الدین پہونچنا
نہ ہوا، رات کو کئی بار دریافت فرمایا، صبح جاتے ہی پورا حال سُنا اور اطمینان ہوا۔

ضعف کی وجہ سے طبیعت کی نزاکت اور اپنی چیز کا غلبہ اتنا بڑھ گیا تھا کہ
پہلے جن چیزوں کا تحمل فرما لیتے تھے اب ان کے سننے کی قوت نہیں رہی تھی

غیر موضوع کی بات کا تحمل نہیں ہوسکتا تھا۔ ایک مرتبہ حلقۂ درس میں کوئی تاریخی موضوع چھڑ گیا اور شاہانِ اسلام پر تنقید شروع ہوگئی لوگوں نے اس میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ خدا جانے مولانا کو کس طرح اس کی اطلاع پہونچی، مولوی معین اللہ مخفی پیغام لائے، کہ روئے سخن فوراً بدل دو۔ تقریر کے لئے بھی تاکید تھی کہ اصل پیغام مَا قَلَّ وَدَلَّ کے اصول پر کہو، تقریر کی مقدار زیادہ نہ ہو کیفیت وہ ہو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی، خطبہ دیتے وقت ہوتی تھی کَاَنَّہٗ مُنْذِرُ جَیْشٍ یَقُوْلُ صَبَّحَکُمْ وَمَسَّاکُمْ (معلوم ہوتا تھا کہ کسی لشکر کے خطرہ کا اعلان فرما رہے ہیں اور بتلا رہے ہیں کہ صبح شام سر پر آیا چاہتا ہے) تقریر میں لطائف وقصص اور امثال واشعار سننے کی تاب نہیں تھی، جہاں کسی مقرر نے اپنے بیان میں کچھ وسعت اختیار کی اور خطابت اور وعظ کے طرز پر تنوع اور تکلف کیا اور مولانا کو گرانی شروع ہوئی اور تقاضا فرمایا کہ یا تو مطلب کی بات کہو یا ختم کرو، فرماتے ہمیں وعظ تھوڑی کہلانے ہیں وعظ تو جلسوں اور مدرسوں میں ہوتے ہی ہیں۔ اس وجہ سے تیمار دار اکثر اہتمام کرتے کہ مقرر کی آواز مولانا تک نہ پہونچنے پائے تاکہ وہ اپنی بات پوری کہہ بھی سکے اور مولانا کو کوفت نہ ہو۔

ایک جمعہ کی صبح کو بڑا مجمع تھا، مراد آباد کی جماعت اور کچھ علماء آئے ہوئے تھے کہنے کے لئے اس خاکسار کا انتخاب ہوا، میں نے تقریر، تقریر کے انداز پر شروع کی اور مضمون کو پھیلایا کچھ دیر کے بعد مولانا کا حکم پہنچا کہ اصل موضوع پر آؤ اور پیغام پہنچاؤ۔ چارپائی حجرہ میں پہونچائی گئی اور میں نے اصل بات کہہ کر تقریر ختم کی۔

عصر کو معمولاً مجمع ہوجاتا اور عموماً مولانا حاضرین کے نام کوئی پیغام دیتے جو لوگوں کو

سنا دیا جاتا، اس روز حرارت تیز تھی اور غفلت تھی کچھ فرما نہ سکے. میں صبح کا ڈرا ہوا
تھا، شیخ الحدیث صاحب نے فرمایا بھی مگر میں نے کہا کہ کیا کہوں تقریر تو مقصود
نہیں اور اس وقت کہنے کی کوئی خاص بات معلوم نہیں، ہوش آیا تو فرمایا آج
مجمع سے خطاب کیوں نہیں ہوا؟ وقت کیوں ضائع کر دیا گیا، عرض کیا گیا جناب
نے کچھ کہنے کو فرمایا نہیں، ارشاد ہوا مجھ سے پوچھا کیوں نہیں، جواب دیا جناب کو
تیز حرارت تھی ایسی حالت میں تکلیف دینا مناسب نہ معلوم ہوا، فرمایا تم نے مجھے
دین پر کیوں مقدم رکھا، میری تکلیف کا کیوں خیال کیا. وقت کے نکل جانے پر
بہت افسوس فرماتے رہے.

میری طبیعت کچھ متاثر تھی مغرب کی نماز بڑی بے لطفی میں پڑھی خیالات
اور وساوس کا ہجوم تھا، طبیعت پست ہو رہی تھی، سلام پھیرتے ہی طلبی ہوئی نہایت
شفقت سے ہاتھ سر پر رکھا اور بڑے الطاف فرمائے. فرمایا پست ہمت ہو گئے
تھک گئے، ہمت بلند کرو، پھر فرمایا تمہارا کوئی معین نہیں، پھر فرمایا مولوی واصف
مولوی سعید خاں اور مولوی عبید اللہ ہیں.

خصوصی اہتمام ان دنوں میں چند باتوں کا زندگی بھر سے زیادہ اہتمام رہا. اول اور
سب سے زیادہ علم و ذکر کی ترغیب و تاکید، اس تصور سے کہ یہ کام عام، عصری
تحریکات کی طرح محض ایک بے روح ڈھانچہ، قواعد و ضوابط کا مجموعہ اور ایک
مادی نظام بنکر نہ رہجائے، آپ برابر لرزاں و ترساں رہتے تھے اور طبیعت پر اسکا
ایک بوجھ تھا، بار بار اس سے ڈرلتے تھے، بار بار علم اور ذکر کے اہتمام کی تاکید
فرماتے تھے، بار بار کہتے تھے اور کہلواتے تھے کہ علم و ذکر اس گاڑی کے دو پہیے

ہیں جن کے بغیر یہ گاڑی نہیں چل سکتی، دو بازو ہیں جن کے بغیر اس کی پرواز نہیں علم کے لئے ذکر اور ذکر کے لئے علم کی ضرورت ہے۔ علم بغیر ذکر کے ظلمت ہے ذکر بغیر علم کے فتنہ ہے۔ اور یہ تحریک و نظام ان دونوں کے بغیر سراسر مادیت ہے۔

دوسرے، مسلمانوں کے پست اور جاہل طبقہ پر ترحم و شفقت اور ان کی تعلیم و تبلیغ کی فکر و حرص، بڑے اہتمام سے ایک مکتب سڑک کے کنارے مسجد سے متصل اور ایک مکتب آگے بڑھ کر چوراہہ پر قائم کرایا[1] اس میں حقہ پانی کا اہتمام کرایا۔ اور شہری اور میواتی مبلغین کو تاکید کی کہ وہاں بیٹھیں اور آتے جاتے راہ گیر مسلمانوں کو محبت و شفقت سے بلائیں۔ حقہ پانی سے ان کی تواضع کریں، ان کا کلمہ سنیں اور ان کو کلمۂ خیر سنائیں اور دین سیکھنے کا شوق دلائیں، اس کا مولانا کو اتنا اہتمام تھا کہ آدمیوں کو وہاں بھیجتے تھے۔ وہاں کے حالات کی تفتیش و تجسس رکھتے تھے۔ ان کے حقہ پانی کے اہتمام کی فضیلت اور ثواب بیان کرتے تھے۔ یہ زمانہ اجمیر کے عرس کا تھا۔ ہندوستان کے اکناف و اطراف کے بکثرت غریب مسلمان حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی زیارت کے لئے آتے اور راستہ میں تازہ حقہ، ٹھنڈا پانی اور گھنا سایہ دیکھکر دم لینے کے لئے ٹھہر جاتے اور

---

[1] مکتب کے لفظ سے غلط فہمی میں مبتلا ہو کر ناظرین مروجہ قسم کا کوئی مکتب یا مدرسہ نہ سمجھ لیں۔ اس مکتب کی حقیقت بس یہ ہوتی تھی کہ ٹاٹ کے قسم کا کوئی فرش ایک درخت کے نیچے بچھا دیا گیا اور تبلیغ میں کام کرنیوالوں کی ایک جماعت وہاں صفۂ نبوی کے طرز پر دین سیکھنے اور سکھانے کے کام میں مشغول ہو گئی۔ ساتھ ہی حقہ پانی کے انتظام کے ذریعہ راہ گیر مسلمانوں سے تبلیغی باتیں کرنا اور حسب ضرورت ان کو دین کی تلقین کرنا بھی ان کا کام تھا بلکہ سر راہ کے ان مکتبوں کی یہی اصل غرض و غایت تھی۔ م۔

اتنی دیر میں مبلغین اپنا کام کر جاتے، کبھی ان کو نرمی و ملاطفت سے بلا لاتے اور اپنا پیغام سنا دیتے۔ اس طرح صدہا جاہل مسلمانوں کے کان میں دین کی بات پڑ گئی اور اللہ تعالیٰ ہی کو علم ہے کہ اس کے کتنے بندوں کے لئے راستہ چلتے ہدایت کا سبب بن گئی، بعض اوقات صبح کی نماز سے پہلے بعض علماء کو متھرا جانے والی سڑک پر بھیجتے کہ گاڑی بانوں اور شتربانوں کو تبلیغ کریں۔

تیسرے زکوٰۃ اداکرنے اور راہ خدا میں خرچ کرنے کے صحیح شرعی طریقہ اور آداب کی تلقین، مولانا کو اپنی زندگی میں اس کی طرف خاطر خواہ توجہ کی نوبت نہیں آئی تھی لیکن ان دنوں میں اس کی طرف بڑی توجہ تھی، تجار اور اہل ثروت کا مجمع رہتا تھا۔ مولانا نے یہ مضمون بار بار فرمایا اور دوسروں سے کہلوایا کہ آدمی کو اپنی زکوٰۃ کا اہتمام اپنی عبادت کی طرح کرنا چاہیئے، اس کے مستحقین کو خود تلاش کرنا چاہیئے اس کو ادا کرتے وقت خود ممنون ہونا چاہیئے مولانا ظفر احمد صاحب اور دوسرے حضرات نے اس پر بار بار تقریریں کیں۔

چوتھے ڈاک کا اہتمام، تاکید تھی کہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد آئی ہوئی تبلیغی ڈاک مجمع کو سنائی جائے، حاضرین سے جوابات کے لئے مشورہ لیا جائے وہ مسائل و حالات جو خطوط میں درج ہیں حاضرین کے سامنے پیش کئے جائیں اور ان پر ان سے مشورہ لیا جائے، ڈاک پیش کرنے سے پہلے ایک مختصر تقریر کرنی ہوتی تھی کہ یہ ڈاک اس لئے آپ کے سامنے پیش کی جاتی ہے تاکہ آپ ان حالات و مسائل پر غور کریں اور دینی باتوں پر غور کرنے کی عادت ڈالیں، اپنی قوت فکریہ کو جو ابھی تک دنیا کے امور و مسائل میں صرف ہوتی رہی ہے دین کے امور و مسائل پر بھی صرف کرنیکی ابتدا کریں ان خطوط میں اکثر وہ

باتیں ہوتیں جن پر دہلی اور میوات کے تجربہ کار مبلغین کے مشورہ کی ضرورت ہوتی اور ان کی باہمی گفتگو اور تبادلۂ خیال سے وہ مسائل طے ہوتے، کہیں کام کی مشکلات کا ذکر ہوتا، یہ حضرات اپنے تجربہ سے ان کا حل پیش کرتے، کہیں اپنے طریق کار کی تفصیل ہوتی، اس میں اگر کوئی کوتاہی ہوتی جس کی وجہ سے دقتیں پیش آرہی ہوتیں، تو اس پر متنبہ کرتے، کہیں سے جماعتوں کی فرمائش ہوتی، اس کا امرار جماعت اور منتظمین انتظام کرتے اور اسی مجمع میں اس کی تدبیر کی جاتی۔

ابتدا میں یہ خطوط مولانا کی موجودگی میں پیش کئے جاتے لیکن عموماً مولانا کو بولنا پڑتا جس سے ضعف وتعب بڑھ جاتا اس لئے آخر میں کچھ فاصلہ سے یہ مشورہ ہوتا یہ خدمت اس عاجز کے سپرد تھی، دن میں کسی وقت حاضری کا موقع ہوتا تو دریافت فرماتے کہ آج ڈاک میں کیا تھا اور مجمع نے کیا طے کیا غلطیوں کی اصلاح اور اپنی رائے کا اظہار فرماتے پھر وہ دوسرے روز مجمع کو سنائی جاتی۔

اس طرح گویا مولانا اپنے بعد کام کو جاری رکھنے اور اس کا نشیب و فراز سمجھنے کی مشق کرا رہے تھے اور کوئی شبہ نہیں کہ یہ مشورہ بڑا سبق آموز اور مفید تھا۔

دہلی کے جلسے | مولانا اہلِ دہلی اور تجار سے تقاضا فرماتے رہتے تھے کہ وہ مولانا ظفر احمد صاحب کی موجودگی سے فائدہ اٹھائیں جلسے کریں اور مولانا سے تقریریں کرائیں، ان حضرات کے اہتمام سے شہر میں کئی جلسے ہوئے، آخری چہار شنبہ

کے جامع مسجد والے جلسہ کے علاوہ حوض والی مسجد، کالی مسجد، ترکمان دروازہ بے کی سرائے والی مسجد، قصاب پورہ اور جامعہ ملیہ میں جلسے ہوئے جن میں مولانا ظفر احمد صاحب اور دوسرے مقررین نے تقریریں کیں سب سے زیادہ مولانا کو میر درد روڈ کے اتوار والے جلسہ اور گشت کا اہتمام رہتا جس کو آپ نئی دہلی کا تبلیغی مرکز سمجھتے تھے۔ اکثر اس خاکسار و برادر عزیز مولوی معین اللہ ندوی اور مولوی واصف علی صاحب کے حصہ میں یہ سعادت آتی تھی۔

مجمع کی زیادتی اور ہجوم | مجمع روز افزوں تھا، ایک ایک وقت میں دو دو سو اور تین تین سو آدمی ہوتے جو وہیں کھانا کھاتے اور رات کو سوتے، نظام الدین کی مسجد اور دار الاقامہ کے چپہ چپہ پر آدمی ہی آدمی نظر آتے، ہر طرف حرکت اور چہل پہل رہتی، نمازوں میں اندر باہر صفیں ہوتیں، آدمی ذرا تاخیر کر دے تو جگہ پانی مشکل اور رات کو ذرا غفلت ہو جائے تو سونے کیلئے بھی جگہ ملنی مشکل۔

میں کبھی کبھی اس مجمع کو دیکھتا اور سمجھتا کہ یہ ساری رونق اور بہار اس شخص کے دم سے ہے جو ایک طرف بستر پر پڑا ہوا سب کچھ دیکھ رہا ہے بیسیوں سیکڑوں آدمی اس کے دستر خوان پر کھانا کھا رہے ہیں اور خود اس کے پیٹ میں بہت تھوڑی سی غذا پہونچتی ہے، یہ درس کے حلقے، یہ ذکر کی صدائیں، یہ نورانی شکلیں، یہ رکوع و سجود کی کثرت، یہ پچھلے پہروں کی رونق کب تک ہے، اس ساری بہار کو دیکھتا اور کہتا ع

اللہ رکھے آباداں ساقی تری محفل کو

مولانا عبد القادر صاحب کی آمد | شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب چند دنوں کے

لئے اسباق کا انتظام کرنے سہارن پور تشریف لے گئے تھے۔ اب آئے تو مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری بھی ساتھ تشریف لائے، مولانا اس آمد سے بے حد مسرور ہوئے اور شیخ الحدیث صاحب کا بڑا شکریہ ادا کیا اور دعائیں دیں کہ مولانا کی تشریف آوری کا سبب بنے۔

مولانا کے ساتھ ان کے مخلصین اور اہل ذکر کی ایک جماعت تھی جس سے یہاں کی دینی رونق اور برکت دوبالا ہوگئی۔

غلط خبر مولانا کی علالت کی نزاکت کی اطلاع اہل شہر کو تھی۔ روزانہ بس اور تانگوں سے لوگ آتے جاتے رہتے تھے۔ رات کے رہنے والے صبح کو جاتے تو ان کے دوست احباب خیریت دریافت کرتے، اس اثنا میں خدا جانے کس طرح غلط خبر مشہور ہوگئی اور بجلی کی طرح سارے شہر میں دوڑ گئی، تانگے اور سواریوں کا تانتا لگ گیا، ہر بس سے لوگ اُترتے تھے اور خیریت معلوم کر کے واپس چلے جاتے تھے۔ ٹیلی فون پر لوگ دریافت کر رہے تھے۔ خبر کی تردید کی گئی مگر بروقت مؤثر نہیں ہوئی اور بڑا مجمع ہوگیا۔ یہ سنت بھی ادا ہوگئی، مولانا منظور صاحب نے مسجد کے نیچے درخت کے تلے: "وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ" کے مضمون پر ایک برمحل اور مؤثر تقریر کی، یہ اہل شہر کیلئے ایک تازیانہ اور تنبیہ تھی کہ جن لوگوں نے ابھی تک توجہ نہیں کی ہے اور ان کے مشاغل اور مصروفیتوں نے ان کو اس کی مہلت نہیں دی کہ وہ مولانا کی دعوت کی طرف ان کی زندگی میں متوجہ ہوں وہ اب بھی توجہ کر سکتے ہیں ورنہ آج تو یہ خبر غلط ہے کسی نہ کسی دن سچ ہو کر رہے گی۔ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

أَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ط

آخری ایام | وفات سے دو تین روز پہلے کچھ بارش ہوگئی تھی اور ہوا میں کسی قدر خنکی آجاتی تھی، مولانا کو مرض کے آخری ایام میں گرمی بہت محسوس ہوتی تھی۔ آپ کے اصرار سے دیر تک چارپائی باہر رہتی۔ ان ہی دنوں میں نمونیہ کا حملہ ہوا اور اس کا علم نہ ہوسکا، بہت دیر میں اس کا اندازہ ہوا۔ پلاسٹر لگایا گیا اور احتیاط کی گئی۔

محفل جلد تاریک ہونے والی تھی اس لئے شمع بھڑک بھڑک کر جل رہی تھی، دماغ بڑی تیزی سے کام کر رہا تھا۔ جلد جلد پیغام دے رہے تھے۔

۸ر جولائی کی شب کو ۱۲ بجے رات کے قریب، میں چوراہہ کی طرف ٹہلنے چلا گیا تھا، واپس ہوا تو جو شخص ملا اس نے کہا تمہاری تلاش میں آدمی دوڑ رہے تھے، مولانا نے یاد فرمایا تھا، حاضر ہوا، کان ہونٹوں کے قریب لے گیا تو پہلی دفعہ آواز کا ارتعاش محسوس ہوا، بیچ بیچ میں غوطہ میں ہوجاتے تھے دو دو تین تین مرتبہ بمشکل لفظ ادا کر کے بات پوری کی۔ لوگوں کو ذکر کی تاکید تھی اور مولانا عبدالقادر صاحب کی مجلس میں بیٹھنے کی ہدایت، پوری بات اس وقت یاد نہیں، صبح پھر طلبی ہوئی اور کوئی پیغام کہا۔

۹ر جولائی کو رات کے ایک بجے کے قریب حجرے کے سامنے سے گزرا تو دیکھا کہ مولانا بیدار ہیں۔ اور کچھ تیماردار بھی موجود ہیں جو کسی اہتمام میں ہیں، میں بھی جا کر بیٹھ گیا، کچھ دیر غفلت کے بعد ایک صاحب کا ذکر فرمایا اور ارشاد ہوا کہ کیا وہ اپنے وطن میں جا کر کام شروع کریں گے، عرض کیا انشاء اللہ ضرور اور مزید

خوشی کے لئے یہ بھی عرض کیا کہ الحمد للہ وہ صاحب اثر ہیں انشاء اللہ انکی بات کا اثر ہوگا، فرمایا جی ہاں اہل اللہ کا اثر ہوتا ہی ہے۔ اس کے بعد پھر غفلت ہوگئی تھوڑی دیر کے بعد آنکھیں کھولیں اور فرمایا مولوی محمد طیب (رام پور منہیاران) مولوی ظہیر الحسن صاحب (کاندھلہ) اور حافظ عثمان صاحب پروفیسر اسلامیہ کالج پشاور کی مدد سے اگر باغپت میں جلسہ ہو سکے تو بہت اچھا ہے۔

۱۰ر جولائی کی شام کو غفلت سے ہوشیار ہو کر علماء کو اپنی سطح کے مطابق اشتغال کی تاکید فرمائی۔

۱۱ر جولائی کی صبح کو آب زمزم پیتے ہوئے حضرت عمرؓ کی یہ دعا اللہ سے مانگی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیَ الشَّھَادَۃَ فِیْ سَبِیْلِکَ وَاجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِکَ (اے اللہ مجھے اپنے رستہ میں شہادت نصیب فرما۔ اور میری موت اپنے رسول کے شہر (مدینہ) میں مقدر فرما۔)

اسی دن ایک صاحب کو دیکھ کر فرمایا کہ ان سے دریافت کرو کہ اپنی قوم میں اس دعوت کو پیش کیا؟ اور اس کا کیا انتظام کیا؟ اسی روز حافظ عثمان صاحب آئے، مولانا نے مجھے پیغام بھیجا کہ حافظ عثمان میرے عزیز ہیں ان کا خاص اکرام کیجیے۔

آخری ایام میں ایک دن معالج ڈاکٹر نے کہا کہ ان کے تمام اعضاء ایک ایک کر کے ماؤف ہو چکے ہیں، صرف قلب کی طاقت ہے جو انکو تھامے ہوئے ہے۔ یہ بھی کہا کہ ان کی حالت کو اپنے اوپر قیاس نہ کیجیے یہ جو کچھ آپ دیکھ رہے ہیں جسمانی

طاقت نہیں ہے، یہ روحانی قوت ہے جسکو عام لوگ نہیں سمجھتے۔

۱۲ جولائی چہارشنبہ کے دن شیخ الحدیث صاحب، مولانا عبدالقادر صاحب اور مولانا ظفر احمد صاحب کو یہ پیام پہونچا کہ مجھے اپنے آدمیوں میں سے ان چند پر اعتبار ہے آپ لوگ جسے مناسب سمجھیں اسکے ہاتھ پر ان لوگوں کو بیعت کرادیں جو مجھ سے بیعت ہونا چاہتے ہیں۔ حافظ مقبول حسن صاحب، قاری داؤد صاحب مولوی احتشام الحسن صاحب، مولوی یوسف صاحب، مولوی انعام الحسن صاحب مولوی سید رضا حسن صاحب۔

ان حضرات نے دوبارہ مشورہ کرکے مولانا کی خدمت میں عرض کیا کہ مولوی یوسف صاحب ماشاء اللہ ہر طرح اہل ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے خلافت کے لئے القول الجمیل میں جو شرائط لکھے ہیں وہ سب بحمداللہ ان میں پائے جاتے ہیں۔ عالم ہیں، متورع ہیں اور علوم دینیہ سے اشتغال رکھتے ہیں، فرمایا اگر تم نے یہی انتخاب کیا ہے تو اللہ اسی میں خیر و برکت فرمائے گا مجھے منظور ہے، یہ بھی فرمایا کہ پہلے مجھے بڑا کھٹکا اور بے اطمینانی تھی اب بہت اطمینان ہو گیا ہے۔ امید ہے کہ انشاء اللہ میرے بعد کام چلے گا۔

شام کو فرمایا کہ جس کو مجھ سے بیعت کرنا ہے بیعت کرلے۔ مشورہ ہوا کہ اس وقت تکان بہت ہے۔ کل پر موخر رکھا جائے وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا

آخری شب | رات سے سفر کا اہتمام تھا، پوچھا کہ کیا کل جمعرات ہے؟ عرض کیا گیا جی ہاں! فرمایا میرے کپڑوں کو دیکھ لو، کہیں کوئی نجاست تو نہیں ہے؟ یہ معلوم کرکے کہ نہیں ہے، اطمینان و خوشی ہوئی، چارپائی سے اتر کر وضو کیساتھ

نماز پڑھنے کی خواہش کی، مگر تیمارداروں نے منع کیا، جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز شروع کی مگر تقاضا حاجت کی ضرورت پیش آگئی، بعد میں دوسری جماعت سے حجرہ میں نماز پڑھی، فرمایا آج کی رات دعا اور دم کثرت سے کرادو یہ بھی فرمایا کہ آج میرے پاس ایسے لوگ رہنے چاہئیں جو شیاطین اور ملائکہ کے اثرات میں امتیاز کرسکیں، مولوی انعام الحسن صاحب سے پوچھا کہ وہ دعا کس طرح ہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَکَ؟ انھوں نے پوری دعا یاد دلائی: اَللّٰھُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَکَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُکَ اَرْجیٰ عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ (اے اللہ تیری مغفرت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور مجھے اپنے عمل سے زیادہ تیری رحمت کا آسرا ہے) یہ دعا وردِ زباں رہی۔ فرمایا آج یوں جی چاہتا ہے کہ مجھے غسل کرادو اور نیچے اتار دو دو رکعت نماز پڑھ لوں دیکھو پھر نماز کیا رنگ لاتی ہے۔

۱۲ بجے گھبراہٹ کا ایک دورہ پڑا جس پر ڈاکٹر کو فون کیا گیا، ڈاکٹر آئے اور گولی دی، رات کو بار بار اللہ اکبر اللہ اکبر کی آواز آتی رہی۔ پچھلے پہر مولوی یوسف صاحب اور مولوی اکرام الحسن صاحب کو یاد فرمایا، مولوی یوسف صاحب سے فرمایا "یوسف! آمل لے ہم تو چلے" اور صبح کی اذان سے پہلے جان جانِ آفریں کے سپرد کی، اور عمر بھر کا تھکا مسافر جو شاید کبھی اطمینان کی نیند سویا ہو، منزل پر پہونچکر میٹھی نیند سویا۔ یٰٓاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ

صبح کی نماز کے بعد بہتے ہوئے آنسوؤں کے درمیان مولوی یوسف صاحب کی جانشینی عمل میں آئی اور مولانا کا عمامہ ان کے سر پر باندھا گیا۔

غسل و تجہیز و تکفین اس کے بعد غسل شروع ہوا علماء و فقہاء نے اپنے ہاتھوں سے غسل دیا اور تمام سنن و مستحبات کا التزام کیا گیا۔

مساجد (اعضاء سجود) پر جب خوشبو لگانے لگے تو حاجی عبدالرحمن صاحب نے فرمایا کہ پیشانی پر اچھی طرح خوشبو لگا دیجئے گھنٹوں سجدہ میں ٹکی رہتی تھی۔

شہر میں عام اطلاع ہو گئی تھی، اور لوگوں کی آمد صبح سے شروع ہو گئی تھی۔ تھوڑی دیر میں بڑا مجمع ہو گیا، وہ مجمع جسکو مولانا کبھی فارغ نہیں دیکھ سکتے تھے۔ شیخ الحدیث صاحب اور مولانا محمد یوسف صاحب کا حکم ہوا کہ لوگوں کو نیچے میدان میں جمع کیا جائے اور ان سے خطاب کیا جائے "وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ" کے مضمون سے بڑھکر اس موقع کے لئے تعزیت اور موعظت کیا ہو سکتی تھی، مولانا ظفر احمد صاحب اور مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی لوگوں کو صبر و استقامت کی تلقین کی اور نصائح فرمائے۔

مجمع برابر بڑھ رہا تھا، ظہر کی نماز کے وقت بے اندازہ مجمع تھا، حوض کا پانی وضو کرنے والوں کی کثرت سے نیچا ہو گیا، مسجد کی تمام وسعتیں زیریں و بالائی حصے بالکل بھر گئے۔ جنازہ نماز پڑھنے کے لئے باہر لایا گیا۔ مجمع قابو اور نظم و ضبط سے باہر تھا۔ بلیاں باندھ دی گئی تھیں تاکہ لوگ کاندھا دے سکیں، بمشکل بڑی کشمکش کے بعد جنازہ درختوں کے نیچے لایا گیا۔ شیخ الحدیث صاحب نے نماز پڑھائی اور دفن کے لئے جنازہ واپس ہوا، مسجد کے اندر پہونچنا مشکل تھا۔ بہت سے لوگ رسیاں ڈال ڈال کر اندر پہونچے، مسجد کے جنوبی مشرقی گوشہ میں باپ اور بھائی کے پہلو میں لحد تیار تھی۔ بڑی مشکل اور کشمکش سے جنازہ قبر تک پہونچا، نعش قبر میں

اتاری گئی اور دین کی یہ امانت خاک کے سپرد کی گئی، سورج جب غروب ہوا
تو دین کا یہ آفتاب جس کی تابش سے ہزاروں خاک کے ذرے چمک اٹھے تھے
اور دور دور تک دین کی حرارت پیدا ہو گئی تھی خاک میں اوجھل ہو چکا تھا۔

پسماندگان | مولانا نے صرف ایک صاحبزادہ مولانا محمد یوسف اور ایک صاحبزادی
(اہلیہ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب متع اللہ المسلمین بحیاتہ) چھوڑیں۔ خود
شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب مولانا کے حقیقی بھتیجے، محبوب بھائی کے
فرزند، مولانا کے داماد اور شاگرد، مولانا کے محبوب و معتمد اور انکی یادگار ہیں۔

وما مات من کانت بقایاہ مثلھم، شبابٌ تسامی للعلی وکھولُ

ان حقیقی جانشینوں کے علاوہ وابستگان کا پورا حلقہ اور بالخصوص اہلِ
میوات آپ کی جیتی جاگتی یادگار ہیں۔ انتقال سے پہلے ایک روز فرمایا کہ لوگ
آدمی چھوڑ کر جاتے ہیں، میں اپنے پیچھے الحمد للہ پورا ملک چھوڑ کر جا رہا ہوں۔

حلیہ | رنگ گندمی، قد پستہ، جسم نہایت نحیف مگر نہایت چاق و چست، سستی
کا نام و نشان نہیں تھا۔ ڈاڑھی گھنی اور سیاہ، چند بال سفید جو صرف قریب
سے دیکھے جاتے تھے، صورت سے تفکر، چہرہ سے ریاضت اور مجاہدہ پیشانی سے
عالی ہمتی اور بلند نظری نمایاں تھی، زبان میں کچھ لکنت لیکن آواز میں قوت
اور گفتگو میں جوش تھا۔ اس جوش سے اکثر گفتگو کا سیلِ رواں لکنت کی
رکاوٹوں سے ٹکرا کر ایک آبشار کی سی صورت اختیار کر لیتا تھا۔

باب ہفتم

خصوصی صفات وامتیازات

ایمان واحتساب | مولانارح کی ایک امتیازی صفت جواُن کی عملی زندگی پرحاوی اوران کے اعمال کی روح رواں تھی ایمان و احتساب ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ کو اللہ سمجھتے ہوئے اس کے حکم کو اس کا حکم سمجھتے ہوئے اسکے وعدوں پر پورے یقین و وثوق کے ساتھ اوراس کی رضا اوراس کے موعود اجر وانعام کے شوق وطمع میں کام کیا جائے۔ حدیث میں آیا ہے:۔

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا	جو رمضان کے روزے اللہ کے
وَاحْتِسَابًا غُفِرَلَہٗ مَاتَقَدَّمَ	وعدوں پر یقین کرتے ہوئے اوراسکے
مِنْ ذَنْبِہٖ (بخاری)	اجر وانعام کے شوق میں رکھیگا اسکے
	سب پچھلے گناہ معاف ہوجائینگے۔
مَنْ قَامَ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا	جو شب قدر میں ایماناً واحتساباً
وَاحْتِسَابًا غُفِرَلَہٗ مَاتَقَدَّمَ	شب بیداری کرے گا اسکے سب

مِنْ ذَنْبِہٖ (بخاری) پچھلے گناہ معاف ہوجائیں گے

یہی عمل کی روح ہے جس سے عمل دفعۃً فرش سے عرش تک پہونچ جاتا ہے اور اس کے بغیر بڑے سے بڑا عمل پرواز کی طاقت نہیں رکھتا۔ ایک حدیث سے اس کی مزید توضیح و توثیق ہوتی ہے۔

عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُوْنَ خَصْلَۃً اَعْلَاھَا مَنِیْحَۃُ الْعَنْزِ مَامِنْ عَامِلٍ یَعْمَلُ بِخَصْلَۃٍ مِّنْھَا رَجَاءَ ثَوَابِھَا وَتَصْدِیْقَ مَوْعُوْدِھَا اِلَّا اَدْخَلَہُ اللّٰہُ بِھَا الْجَنَّۃَ (بخاری)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چالیس باتیں ہیں جنمیں چوٹی کی بات یہ ہے کہ بکری کسی کو دیدے کہ اسکے دودھ سے فائدہ اٹھائے پھر واپس کردے جو شخص انمیں سے کسی بات پر بھی اسکے ثواب کی امید میں اور اسپر جو اللہ کا وعدہ ہے اسکے یقین اور تصدیق کیساتھ عمل کریگا اللہ اس کیوجہ سے اسکو جنت میں داخل کریگا۔

مولانا نے اس کی بڑی اہمیت سمجھی اور اس کو زندہ کرنے کی پوری کوشش کی مندرجہ ذیل اقتباسات سے جو ان کے خطوط سے لئے گئے ہیں اندازہ ہوگا کہ انکے ذہن میں اس کی کس قدر اہمیت تھی۔

ا۔ باطنِ مذہب، ایمان و احتساب ہے، بہت سے اعمال میں مصرح ذکر کیا جاتا ہے "ایماناً و احتساباً"، لہٰذا ہر عمل کے بارہ میں جو خطابات وارد ہوئے ہیں ان میں دھیان کرنا اور اس کے ذریعہ

حق تعالیٰ کی عظمت، اس کی بڑائی اور اس کے قرب اور یقین کو بڑھانا اور ان اعمال پر جو دینی و دنیوی مصالح اور انعامات وعطیات کا وعدہ فرمایا گیا ہے ان کو بطور عطا کے نہ بطور معاوضہ کے یقین کرنا یہ باطن ہے۔

۲۔ اعمال اپنی ذات سے کوئی قیمت نہیں رکھتے، ان کے اندر جو قیمت آتی ہے وہ اللہ کے حکم کے امتثال کے ذریعہ اس ذات عالی کی وابستگی سے آتی ہے، تو جس قدر وجوہ وابستگی پر قابو ہوگا اور وہ ملکہ قوی ہوگا اور جتنا بھی عمل زیادہ طمانیت اور دل سے اور قوت سے ہوگا ان اعمال کی اصلی قدر و قیمت اسی قدر ہوگی۔

۳۔ "جناب عالی نے جذبہ اور ولولہ نہ ہونے کا تذکرہ فرمایا ہے، مجھے اس پر بڑا ہی رشک ہے، مؤمن کے لئے اللہ کے امتثال امر کی اصلیت یہ ہے کہ حکم کے یقین اور اس کی عظمت سے اتنا دبا ہوا ہو کہ وہ ولولہ کو دبا دے، ولولہ طبیعت سے پیدا ہوتا ہے۔ ولولہ اگر ہو تو یہ حب طبعی ہوئی اور جب تعمیل حکم کی عظمت سے اور فرضیت کے احساس سے ہو تو یہ حب عقلی اور حب ایمانی ہے۔"

۴۔ بسا اوقات تھوڑے سے کئے ہوئے کو دیکھ کر ان پر خوش ہو جانا باقیوں کی کوتاہیوں کو محسوس ہونے سے حجاب ہو جاتا ہے اور اپنے اس مغالطہ سے بچنے کی بہت زیادہ فکر رکھیں، کرنیوالوں کو دیکھکر ان کی خوشی کا صرف اتنا ہی اثر لیں کہ فطرۃً اپنی غلطی سے

اثرات مرتب ہونے کو جو ہم اپنی کامیابی سمجھتے ہیں وہ نہ ہونی چاہیے اصل کامیابی کوشش میں لگ جاتا ہے نہ کہ ثمرات کا مرتب ہونا، چنانچہ دینی امور کا اصل ثمرہ اجر و ثواب ہے، وہ محض کام میں مشغول ہونے سے تعلق رکھتا ہے، دنیاوی اثرات سے اس کو کیا علاقہ، بہرحال اگر اثرات مرتب ہو رہے ہیں تو ان سے صرف اتنا ہی اثر لیں کہ ہم غلطی سے جن اثرات کو دنیا میں ڈھونڈتے ہیں وہ بھی ہو رہے ہیں، اثرات مرتب نہ ہونے پر بھی کوشش چاہیئے تھی۔ اثرات مرتب ہونے پر بھی کوشش میں کمی کرنا بڑی غلطی ہے، بس اتنا محسوس کر کے اپنی اصل توجّہ کو صرف کوتاہی اور نقصان کے محسوس کرنے میں متوجّہ رکھیں۔

۵۔ "(عبادات و اذکار) کے بارہ میں جو نصوص وارد ہوئے ہیں ان نصوص کو دیکھتے رہنا اور ان کے پڑھنے پر جو وعدہ فرمائے گئے ہیں ان کا یقین کرنا اور اس کی کوشش کرتے ہوئے ان سب اوراد کو نبھانا چاہیئے، بڑی چیز ان وعدوں پر یقین کی کوشش ہو، یہ یقین چونکہ قلب سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا یہ ان عبادات کے قلب کا درجہ رکھتا ہے اور روحانیت کی امید اسی سے وابستہ ہوتی ہے۔"

۶۔ ہر وقت کے لئے ان کے اپنے وقتوں کی عظمت اور حرمت میں آئی ہوئی تعریفیں اور فضیلتیں معلوم کر کے ان کا اعتقاد کرتے ہوئے

کرنا یہی ان کا طریقہ ہے، ہر ایک کی فضیلتیں حدیثوں میں الگ الگ وارد ہیں اور ہر ایک کے الگ الگ برکات ہیں اور انوار ہیں ہم جیسے عامی لوگوں کے لئے بس اتنا کافی ہے کہ ہر وقت کی نماز ادا کرنے کے وقت یہ مانگ لے کہ ہر وقت کے جو برکات اور انوار ہیں انکا اللہ تعالیٰ ہمیں حصہ نصیب کرے۔"

۷۔"جی لگنے اور مزہ آنے کا دھیان نہ کریں، بلکہ اللہ اور رسول کا حکم سمجھتے ہوئے کرتے رہیں اور ان کی اقتدار کو عظیم سمجھیں، فرمان کی تعمیل اور امر کی اقتدا بہت بڑی چیز ہے۔"

مولانا کی پوری تحریک وسعی اسی "ایمان واحتساب" پر مبنی تھی یعنی اسکے ذریعہ سے اللہ کو راضی کرنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع، دلالت علی الخیر (بھلائی کی طرف رہنمائی) کے طویل اور مسلسل اجر وثواب کا مستحق بننا اور مرنے کے بعد کی زندگی کے لئے سامان کرنا۔

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"تبلیغ کا طریقہ کچھ دل سے متعلق ہے کچھ جوارح سے، دل سے جو متعلق ہے وہ چند امور ہیں۔

۱۔ اس کام کے لئے پھرنے میں انبیاء علیہم السلام اور سب نبیوں کے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع اور اس پاک دولت سے اللہ کو راضی کرنا ہے۔

۲۔ اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا

خود عمل کرنے والے کی طرح ہے) کے مضمون کو قوت کے ساتھ دھیان میں رکھتے ہوئے اپنی کوشش سے جتنا بھی کوئی نماز قرآن اور ذکر وغیرہ میں مصروف ہوا ان میں سے ہر ایک کے کئے ہوئے کو اپنے لئے ذخیرۂ آخرت یقین کرنا ہے اور ان میں سے ہر ایک کے تفصیلی ثواب کو دھیان رکھنا ہے۔

۳۔ اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ کی طرف دعا والتجا کی قوت پیدا کرنی، قدم قدم پر اللہ کے فضل اور اُس کے حاضر و ناظر ہونے کو یقین کرتے ہوئے اس کی رضا کو اور تبلیغ کی کامیابی کو مانگتا رہے۔

۴۔ اس کار خیر کے لئے قدم اُٹھانے کو محض غیبی فضل سمجھ کر اس کے شکر کا دھیان رہے۔

۵۔ "مُسلمان کی خوشامد اور اس کے ساتھ تواضع اور نرمی کی دل سے مشق کرنی۔"

ایک دوسرے گرامی نامہ میں فرماتے ہیں:۔

"دین کے کام اس وقت پائیدار اور جاری رہتے ہیں کہ آدمی قیامت کے منظر کو سامنے رکھے اور قیامت میں کام دینے والے ان کارناموں کو جو آدمی نے یہاں کئے ہیں، حضورؐ کی بڑائی کو ذہن نشین کرتے ہوئے اور ان کارناموں کے اس معاوضہ کو جو حضورؐ نے بتلایا ہے (بشرطیکہ اللہ کے یہاں قبول ہو گئے ہوں) اپنے لئے ذخیرہ تصوّر کرے۔

جوں جوں یہ تصور جمیگا حق تعالیٰ شانہ' تصدیق ایمان کی حلاوت نصیب کرے گا۔ اور جوں جوں حلاوت نصیب ہوگی شوق بڑھے گا اور شوق میں برکت ہوگی۔ مثلاً تمہاری وجہ سے جتنے بے نمازی نمازی ہوگئے تلاش کرو کہ شریعت میں اس کا کتنا ثواب ہے' فی نماز جتنا ثواب شریعت نے بتلایا ہے خوب دھیان جماؤ کہ وہ سب ذخیرہ مجھے ملے گا۔

حق سمجھتے ہوئے اور اپنے اوپر ایک آنے والا دن یقین کرتے ہوئے قیامت کا دھیان کیا کرو' پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دل سے تصدیق کیا کرو کہ جو حضورؐ بتلا گئے ہیں وہی آخرت میں کام آنے والا ہے۔"

ایک دوسرے موقع پر تحریر فرمایا:۔

"کلمۃ اللہ کے اعلا اور وحی کے نشر میں سعی اور کوشش خالص اپنے مولیٰ کو مولیٰ سمجھ کر اس کی رضا کے لئے ہو اور موت کے بعد کے سامان کے یقین کے ساتھ ہو' حق تعالیٰ کے یہاں سے فیضانِ موعود اسی زندگی کیساتھ ہے جیسے اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَةَ اللّٰهِ کا حصر زا شاہد ہی نہیں بلکہ ہزارہا آیاتِ قرآنیہ سے مؤیَّد ہے۔

عہ پوری آیت اس طرح پر ہے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَةَ اللّٰهِ (البقرہ) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے ہجرت کی اور اللہ کے راستہ میں کوشش کی کچھ وہی اللہ کی رحمت کی امید کرتے ہیں ۱۲

اپنے نفس کو تجربہ سے ایسا گندہ، ناقص، خود غرض اور کام کا بگاڑ دینے والا دل سے یقین کرے کہ الطافِ خداوندی کا قصہ تو کچھ اور ہے یہ موت تک راست ہوتا نظر نہیں آتا، لہٰذا اس نیت سے سعی کرے اور حضورؐ کی باتیں دوسروں میں پھیلا دے کہ میرے علاوہ اللہ کے سب بندے جو اپنی ذات سے نیک طینت اور پاک نفس ہیں دین کے جس کام کو کریں گے وہ ظاہر و باطن میں اچھا عمل ہوگا، حق تعالیٰ بقاعدہ اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ اپنے الطاف سے ان پاک ہستیوں کی برکت سے مجھے بھی اس سے حصہ عطا فرما دے۔

فکر کی تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

فکر کوئی بڑی چیز نہیں ہے، تنہائیوں میں بیٹھ کر اپنے نفس سے یہ کہنا کہ قطعاً یہ چیز اللہ کو راضی کرنے والی ہے اور موت جو یقیناً ایک آنے والا وقت ہے تیری نفسانی زندگی کو قطعاً درست کرنے والا ہے اور اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ کو سچ سمجھ کر اس نکلنے کی وجہ سے جتنی نیکیاں وجود میں آتی ہیں یا آسکنے والی ہوں ان سب کو جمع کر کے اللہ کی خوشنودی کو ان سے بے تکلف یقین کے ساتھ وابستہ کرنا بس یہی فکر ہے۔"

مولانا یہ چاہتے تھے کہ جو لوگ اللہ کے دین کو لئے ہوئے اللہ کے راستے میں نکلے ہوئے ہوں ان کے اعزہ اور متعلقین بھی اپنی خوش دلی صبر، ہمت افزائی اور قدردانی سے

ان کے اس کام اور اجر و ثواب میں شریک ہوں، مولانا پوری اُمت کے دل میں اس اجر و ثواب کا شوق اور ایمان و احتساب پیدا کرنا چاہتے تھے۔ اس کی ابتدا آپنے اپنے گھر سے کی، حجاز سے آپنے گھر کو حسب ذیل خط لکھا:۔

"تم خیال کر کے دیکھو کہ دنیوی غرض کی وجہ سے لوگ اپنے اہل و عیال کو کتنی طویل مدت کے لئے چھوڑتے ہیں، خیال تو کر کے دیکھو کہ اس وقت بھی کفار کے لشکر میں ہزاروں مسلمان سر بکف جان خطرہ میں محض ایک پیٹ کے کارن ہر وقت سدا کو دنیا سے چلے جانے کے لئے موت کے کنارہ پر ہیں، ایسی کم ہمتی ہر گز نہیں چاہیئے، تم ہمت اور جوانمردی کے ساتھ خوشی سے میرے دین کی خدمت کے لئے ہجر اور فرقت پر راضی ہو کر چھوڑ رکھو تو خوشی کے بقدر اجر و ثواب میں شریک رہو گی دنیا میں غنیمت سمجھو کہ تمھارے گھر والے دین کی خدمت کے لئے تکلیف اٹھا رہے ہیں بشکر کرو اس تکلیف کا جب اجر و ثواب ملے گا تو کبھی ختم نہ ہو گا، ایک ایک صدمہ باغ و بہار ہو کر ملیگا۔"

مولانا کے نزدیک عاجز ضعیف اور مشغول انسان کے لئے اس محدود اور مختصر زندگی میں اپنی مجبوریوں اور کم زوریوں کے ساتھ طویل ترین، کثیر ترین اور مسلسل اجر و ثواب اور ذخیرۂ عمل کی صورت اخلاص و احتساب کے ساتھ اس دلالت علی الخیر اور تبلیغ میں مشغولی کے سوا کچھ نہ تھی، اگر کوئی شخص دن بھر روزہ رکھے اور رات بھر نفلیں پڑھے اور ایک قرآن مجید روزانہ ختم کرے یا لاکھوں رُپے روزانہ

صدقہ و خیرات کرے تو بھی کثرت میں، نورانیت اور قبولیت میں، ان لوگوں کے اجر کو نہیں پہونچ سکتا جنکو ان کی دلالت علی الخیر کی وجہ سے ہزاروں لاکھوں انسانوں کی فرض نمازوں، ارکان اور ایمان کا ثواب رات دن کے ہر لمحہ میں پہونچ رہا ہے اور انکی روح پر اجر و انعام اور انوار و برکات کی صدیوں سے مسلسل بارشیں ہو رہی ہیں، ایک شخص کا عمل، اس کی طاقت اور اس کا اخلاص سیکڑوں آدمیوں کے عمل و طاقت اور اخلاص اور شغف و انہماک کا ہم پلہ نہیں ہو سکتا۔ اسی لئے مولانا شخصی عبادات و نوافل پر ان میں پورے طور پر خود منہمک رہنے اور انکی انتہائی حرص اور شوق رکھنے کے باوجود) اس متعدی خیر اور دلالت علی الخیر کو ترجیح دیتے تھے۔ اور اس کو زیادہ امید کی چیز سمجھتے تھے، ایک بزرگ کو جو اپنی عمر میں بڑے بڑے کام کر چکے تھے اور اب جسمانی انحطاط و تنزل کے دور میں تھے، انکے ایک دوست کے ذریعہ سے اسی کا مشورہ دیا کہ اب آپ میں خود کرنے کی زیادہ طاقت نہیں رہی وقت کم اور کام بہت زیادہ ہے اس لئے مصلحت اندیشی اور وقت شناسی کا تقاضا اور تفقہ اور حکمت دین یہ ہے کہ دوسروں کے اعمال کا ذریعہ بننے کی کوشش کیجئے۔ تقریر و تحریر، خطوط و ترغیب کے ذریعہ اپنے دوستوں اور بات ماننے والوں کو اس دعوت و تبلیغ کی طرف متوجہ کیجئے اور ان کے اجر و ثواب میں شریک ہوجیے۔

یہ تحریک و دعوت تو مولانا کے نزدیک ایمان و احتساب کا سب سے سہل اور قوی ذریعہ تھا۔ یوں عام طور پر بھی آپ پر ایمان و احتساب کا ایسا غلبہ تھا کہ مشکل سے کوئی قدم ثواب کی نیت اور دینی نفع کی توقع کے بغیر اٹھتا ہوگا اور کوئی کام محض

نفس کے تقاضے سے ہوتا ہوگا گویا لَا یَتَکَلَّمُ اِلَّا فِیْمَا رَجَا ثَوَابَهٗ [۱] آپکا حال تھا، انکی ہر نقل وحرکت دلچسپی اور شرکت کا محرک اور باعث، اجر اور دینی نفع کی امید اور طمع تھی، اسی لئے گفتگو فرماتے تھے، اسی لئے تقریبوں میں شرکت کرتے تھے اور اسی بنا پر غصہ آتا تھا اور پھر اسی لئے راضی ہو جاتے تھے، جو چیز اس مقصد اور اس امید سے خالی ہو اس سے ان کو دلچسپی اور تعلق نہیں ہوتا تھا، چھوٹے چھوٹے روزمرہ کے کاموں میں بھی یہی حال تھا بقول مولانا محمد منظور صاحب نعمانی کے شاید بغیر نیت کے ایک چائے کی پیالی بھی نہیں پیتے تھے اور نہ کسی کو پیش کرتے تھے۔

ہر کام میں اور ہر موقع پر اس کے بہترین دینی منافع اور برکات حاصل کرنے کے لئے اور اس کو تقرب الی اللہ کا ذریعہ بنانے کے لئے اس کی خصوصی نیت کرتے اور اس عمل کا رخ بڑی لطافت کیساتھ عادت سے عبادت کی طرف پھیر دیتے، اس بارہ میں ان کی قوت فکریہ اور ذکاوت کتابی علم کی سطح سے اونچی ہوکر حکمت و تفقہ کے بلند درجہ تک پہونچ گئی تھی، وہ اس بارہ میں اتنے باریک بیں اور حاضر دماغ تھے کہ ایک ہی کام میں الگ الگ نیتوں کے ذریعہ ہر شخص کی سطح کے مطابق خصوصی فائدہ اور اجر و ثواب کی رہنمائی کرتے تھے۔ مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے ایک لطیف واقعہ لکھا ہے جس سے اس کا اندازہ ہوگا۔

اخیر زمانہ علالت ہی میں جب کہ حضرت اُٹھ بیٹھ نہیں سکتے تھے ایک روز دوپہر میں نظام الدین پہونچا، ظہر کی نماز کے لئے

---

[۱] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اسی معاملہ پر گفتگو فرماتے جسمیں آپ کو ثواب کی امید ہوتی۔ (ی)

بعض میواتی خدام حضرت کو وضو کرا رہے تھے، اس وقت مجھ پر حضرت کی نظر پڑی اشارہ سے بلایا اور فرمایا:۔

"مولوی صاحب! حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نے باوجودیکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو برسوں وضو فرماتے ہوئے دیکھا تھا اور ایسے ہی حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو بھی دیکھا تھا پھر بھی وہ متعلمانہ طور پر حضرت علیؓ کو وضو فرماتے ہوئے دیکھتے تھے۔

حضرتؒ کا یہ ارشاد سننے کے بعد جب اس نظر سے میں نے حضرتؒ کو وضو فرماتے ہوئے دیکھا تو محسوس کیا کہ فی الحقیقت ایسی بیماری کی حالت میں وضو کے لئے ہمیں حضرت کے وضو سے بہت کچھ سبق حاصل ہو سکتا ہے۔

حضرت کو جو تین چار خادم وضو کرا رہے تھے یہ سب میواتی تھے ان کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

"یہ بیچارے مجھے وضو کراتے ہیں میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ تم لوگ اللہ کے لئے مجھ سے محبت اور میری خدمت کرتے ہو اور تمہارا یہ گمان ہے کہ میں نماز اچھی پڑھتا ہوں جیسی تم نہیں پڑھ سکتے، لہٰذا مجھے وضو اس نیت سے کرایا کرو کہ میری نماز کے اجر میں تمہارا حصہ ہو جائے اور اللہ سے یوں عرض کیا کرو کہ اے اللہ

ہمارا گمان ہے کہ تیرے اس بندہ کی نماز اچھی ہوتی ہے
جیسی کہ ہماری نہیں ہوتی اس لئے ہم اس کے وضو میں
مدد دیتے ہیں تاکہ تو اس کی نماز کے اجر میں ہمارا بھی
حصّہ کردے۔

اور میں یہ دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ تیرے یہ سادے
اور بھولے بندے میرے متعلق ایسا گمان کرتے ہیں، ان
کے گمان کی لاج رکھ لے اور میری نماز کو قبول فرماکر
انھیں بھی اس میں شریک فرمادے۔

فرمایا اگر میں سمجھنے لگوں کہ میری نماز ان سے اچھی ہوتی
ہے تو اللہ کے یہاں مردود ہو جاؤں، میں تو یہی سمجھتا ہوں
کہ اللہ پاک اپنے ان سادہ دل بندوں ہی کی وجہ سے
میری نمازوں کو رد نہ فرمائے گا۔

دیکھئے اس ایک وضو میں مختلف احوال کے تین فریقوں کے لئے محض ایک نیت سے دولتِ دین حاصل کرنے کے کیسے راستے کھول دیئے۔ مولانا منظور صاحب کے لئے تعلم کی مستقل فضیلت سنتوں کا تتبع اور اس ذریعہ سے اپنے وضو کی تکمیل و ترقی کی نیت کا مستقل ثواب، میواتیوں کے لئے درجۂ احسان کی نماز کے ثواب و قبولیت میں شرکت اور خود اپنے لئے ان کے حسنِ ظن کے ذریعہ نماز کی مقبولیت۔

ان مختلف نیتوں اور ایمان و احتساب کے بغیر یہ ایک روزمرہ کا وضو تھا۔

ایک شخص وضو کر رہا تھا چند آدمی خادمانہ حیثیت سے وضو کرا رہے تھے. ایک شخص بغیر کسی دھیان اور مقصد کے دیکھ رہا تھا۔

احسانی کیفیت حدیث میں صفت احسان کی حقیقت یہ بیان کی گئی ہے کہ "اَنْ تَعْبُدُ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ (وفی روایۃ) "اَنْ تَخْشَی اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ الخ (یعنی اللہ کی عبادت واطاعت اور اُس کا خوف ایسا ہو کہ گویا وہ آنکھوں کے سامنے ہے) حضرت مولانا محمد الیاس علیہ الرحمۃ اس کا مجسم نمونہ تھے. جلوت میں بھی اکثر حالت ایسی رہتی تھی کہ گویا وہ اللہ کے حضور میں ہیں. مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بالکل صحیح لکھا ہے اور خاکسار کا بھی مشاہدہ ہے کہ :-

اللہ کی تسبیح وتحمید، توحید وتمجید اور توبہ واستغفار واستغاثہ کا جامع کلمہ " سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ" (جو اکثر وردِ زبان رہتا تھا) بعض اوقات ایسے حال اور ایسے انداز سے کہتے کہ گویا اللہ پاک کے عرشِ جلال کے سامنے حاضر ہو کر عرض کر رہے ہیں۔

قیامت کا استحضار اور آخرت کا تمثل اسی قبیل کی ایک چیز یہ تھی کہ قیامت کا استحضار اور آخرت کا تمثل (آنکھوں کے سامنے تصویر کی طرح رہنا) ایسا بڑھا ہوا تھا کہ اکثر حضرت حسن بصریؒ کا یہ قول یاد آجاتا تھا کَاَنَّھُمْ رَاْیُ عَیْنٍ (صحابہ کرامؓ کے سامنے آخرت ایسی رہتی تھی گویا آنکھوں دیکھی چیز ہے) ایک مرتبہ ایک میواتی سے

دریافت فرمایا کہ دہلی کیوں آئے، سادہ دل میواتی نے جواب دیا کہ دہلی دیکھنے کیلئے۔ پھر مولانا کے انداز سے اس کو اپنی غلطی محسوس ہوئی، فوراً کہا کہ جامع مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے، پھر بدل کر کہا کہ آپ کی زیارت کے لئے' اس پر مولانا نے فرمایا کہ دہلی اور جامع مسجد کی جنت کے سامنے کیا حقیقت ہے۔ اور میں کیا ہوں جس کی زیارت کے لئے تم آئے۔ سڑگل جانے والا ایک جسم' پھر جنت کا جو ذکر کرنا شروع کیا تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ جنت سامنے ہے۔

اس زندگی کی ناپائیداری اور آخرت کی زندگی کے جاوداں اور اصلی ہونے کا یقین اس طرح طبیعت بن گیا تھا کہ روزمرہ کی باتوں اور خطوط سے صاف عیاں ہوتا تھا۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں لکھا کہ مولانا عبدالقادر صاحب سے کہو کہ "اس آتی جاتی دنیا میں ایک آٹھ دن کیلئے تو نظام الدین تشریف لے آئیں"۔

ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا کہ لکھنؤ میں ملاقات ہوگی پھر فرمایا کہ حضرت سفر میں کیا ملنا، انشاء اللہ آخرت میں ملیں گے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ریل کا ایک مسافر دوسرے مسافر سے کہتا ہے کہ گاڑی کی ملاقات کیا' گھر پر ملیں گے' وہی یقین' وہی سادگی،

مولانا سید طلحہ صاحب سے ان کی اہلیہ کی تعزیت کرتے ہوئے فرمایا "دنیا کی زندگی کی اس سے زیادہ بساط نہیں کہ کسی دروازہ کا ایک پٹ پہلے بند کیا پھر دوسرا پٹ' اسی طرح انسان آگے پیچھے دنیا سے جاتا ہے۔

کامل یکسوئی اور انہاک | مولانا نے اپنے کام اور اپنی دعوت کے لئے برسوں سے

اپنے کو کامل طور پر یکسو کر لیا تھا اور خلافِ مقصد اور غیر متعلق چیزوں سے کوئی تعلق نہیں رکھا تھا۔

بہت عرصہ پہلے شیخ الحدیث کو ایک خط میں تحریر فرمایا تھا:۔

"میرے دل کی تمنا ہے کہ کم سے کم میرا دماغ اور خیال اور وقت اور قوت اس امر کے سوا ہر چیز سے فارغ رہے۔"

فرماتے تھے کہ "میرے لئے کسی دوسری چیز سے اشتغال کب جائز ہے جب کہ میں دیکھتا ہوں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو (مسلمانوں کی موجودہ حالت اور دین کے ضعف و تنزل اور کفر کے غلبہ سے) اذیت ہے۔"

ایک روز ایک خادم نے شکایت کی کہ جو شفقت اور نظرِ خاص پہلے تھی اس میں کمی معلوم ہوتی ہے فرمایا "میں مشغول بہت ہوں، میں محسوس کر رہا ہوں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت ہے، میں کسی اور چیز کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتا۔" کبھی اپنی مثال اس سپاہی سے دیتے جو چوراہے پر کھڑا سواریوں اور گاڑیوں کو قابو میں رکھتا ہے اور ان کو چلنے اور رکنے کے اشارے کرتا ہے۔ فرماتے کہ دوسرے کام بھی اہم اور مفید ہیں مگر اس کے لئے اپنی جگہ سے ہٹنا ممنوع اور خطرناک ہے۔ دوسری چیزوں سے ایسی توجہ ہٹالی تھی اور اپنے کام میں ایسے مشغول ہو گئے تھے کہ ماحول کی بہت سی چیزوں کی طرف توجہ کا موقع نہیں ملتا تھا۔ نئی دہلی سے گزرتے وقت محب مکرم مولانا محمد ناظم صاحب ندوی نے ایک مرتبہ ایک اہم عمارت کو دریافت فرمایا، فرمایا مولانا میرے یہ علوم معدوم ہیں۔

مجلسوں میں جب تک مولانا کو اپنی دعوت کے پیش کرنے کا موقع ملنے کی امید نہ ہوتی ان میں شرکت پسند نہ کرتے، محض رسماً و اخلاقاً شرکت بہت گراں گزرتی، فرماتے تھے "کہیں جاؤ تو اپنی بات لیکر جاؤ اور اس کو پیش کرو اپنی دعوت کو غالب رکھو" ایک مرتبہ میں نے مولانا سید سلیمان صاحب کا ایک فقرہ سنایا جو انھوں نے ایک جلسہ سے واپس آکر فرمایا تھا کہ اپنی ایک بات کہنے جاؤ تو دوسروں کی دس باتیں (مروۃً) سننی پڑتی ہیں، مولانا دیر تک اس کا لطف لیتے رہے اور فرمایا کہ بڑے درد سے کہا۔

خلافِ موضوع اور بے مقصد بات کا دیر تک سننا طبیعت پر بہت بار ہوتا تھا۔ بعض اوقات بے تکلف آدمی کو منع فرما دیتے اور کبھی اکراماً و مروۃً طبیعت پر جبر کرکے سنتے رہتے۔ لیکن جاننے والا جانتا کہ کیسا مجاہدہ فرما رہے ہیں، ریل کے ایک سفر میں مولانا کے ایک عزیز رفیق نے دوسرے رفیق سے کوئی بات چھیڑ دی اور سلسلۂ گفتگو شروع ہوا، فرمایا کہیں اور بیٹھکر باتیں کرو۔ اہلِ مجلس اور رات دن کے آنے جانے والے اس بات سے واقف تھے اور حتی الامکان اس کا لحاظ رکھتے تھے۔ لیکن نئے آنے والوں اور بالخصوص علماء کیلئے سب کچھ جائز تھا اور اس کا کشادہ پیشانی سے تحمل فرماتے۔

وطنِ عزیز کاندھلہ کے سفر اور عزیزوں سے ملنے میں بھی اپنی دعوت اور بات کو کبھی نہ بھولتے اور کوئی سفر اور کوئی مجلس شاید اس سے خالی ہوتی لیکن اس کے لئے بڑی مناسب اور لطیف تقریب پیدا کر لیتے اور اکثر کسی مناسبت ہی سے اپنی بات چھیڑتے جو اہل مجلس پر گراں نہ گزرتی۔ اور نکتہ داں لطف لیتے۔

ایک دفعہ دلی کے کسی مخلص کے یہاں شادی میں آپ کو شرکت کرنی پڑی، آپ نے شادی کی خاص مجلس میں بھرے مجمع میں فریقین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ آج آپ کے یہاں وہ خوشی کا دن ہے۔ جس دن میں کمینوں تک کو خوش کیا جاتا ہے۔ گوارا نہیں ہوتا کہ گھر کی بھنگن بھی ناخوش رہے۔ بتلائیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خوش کرنے کی بھی کوئی فکر آپ لوگوں کو ہے۔ پھر آپ نے تبلیغ اور حضور کے لائے ہوئے دین کو سرسبز کرنے کی کوشش کو حضور کی خوشی کا سب سے بڑا ذریعہ بتلاتے ہوئے اس کے لئے حاضرین کو دعوت دی۔

مولانا اول تو کسی کو دعوت و تبلیغ کے سوا کسی اور ضرورت سے شاذ و نادر ہی خط لکھتے، پھر اگر لکھتے تو پہلے اپنی بات لکھتے پھر کوئی دوسری بات، ایک مرتبہ میرے سامنے ایک میواتی طالب علم نے درخواست کی کہ اس کے لئے مولانا محمد طیب صاحب (مہتمم دارالعلوم دیوبند) کو سفارش کا ایک خط لکھ دیا جائے۔ مولانا نے وہ خط لکھوایا، سارا تبلیغ کا ذکر تھا آخر میں ایک دو سطر و نہیں اسکی سفارش تھی

خاکسار کبھی اپنے بعض عزیزوں سے ملنے جاتا تو واپسی پر پوچھتے کہ اپنی بات بھی اُن سے کہی تھی اور ان کو اس کام کی دعوت بھی دی تھی؟ میں نفی میں جواب دیتا تو فرماتے "مولانا تعلقات جب تک محمد علیہ السلام کے قدم کے نیچے نہ آئیں مُردہ ہیں" (یعنی جب تک ان کو دین کی تقویت و دعوت کا سبب نہ بنایا جائے۔ ان میں خیر و برکت اور روح نہیں)

تقریبات میں شرکت و دعوت کو صرف اسی مقصد کے لئے درست سمجھتے تھے اور آپ کے نزدیک ان کا یہی فائدہ تھا خود اپنے گھر کی ایک مجلس عقد کی

اطلاع اس طرح دیتے ہیں: "اس دور انحطاط میں بندہ ایسے موقعوں کے اجتماع کو مسلمانوں کی بیحسی سمجھتا ہے مگر چونکہ اپنے بزرگ علماء و مشائخ تشریف لا رہے ہیں اس لئے اطلاعاً تحریر ہے تاکہ جملہ احباب تشریف لاکر سعادت دارین حاصل کریں اور بندہ کو اپنے تبلیغی نظام کے پیش کرنے کا موقع دیں۔"

لایعنی (جو بات دینی حیثیت سے کچھ مفید اور دنیاوی حیثیت سے ضروری نہ ہو) سے بڑی نفرت اور اجتناب تھا اور اس کی دوسروں کو بھی وصیت فرماتے اور تبلیغ میں نکلنے والوں کو بالخصوص تاکید فرماتے۔ فرماتے تھے "لایعنی میں اشتغال کام کی رونق کو کھو دیتا ہے۔" جس بات میں دین کا فائدہ نہ دیکھتے اسکو تضیع اوقات سمجھتے ایک مرتبہ میں چبوترہ کے پاس کھڑا ہوا۔ ذوق و شوق کے ساتھ مولوی سید رضا حسن صاحب سے کوئی پرانا واقعہ اور کسی تبلیغی سفر کی روداد سن رہا تھا۔ مولانا نے سنا اور فرمایا کہ یہ تو تاریخ ہوئی کچھ کام کی بات کیجئے۔

وقت کی بڑی قدر کرتے تھے اور اس کو اپنا سرمایہ سمجھتے تھے۔ اس کو بیکار صرف کرنے سے بڑا درد ہوتا تھا۔

ایک مرتبہ نئے خطوط دیکھے جا رہے تھے ایک پرانا لفافہ ملا جو پڑھا جا چکا تھا، کچھ منٹ اس کی تحقیق میں صرف ہوئے پھر معلوم ہوا کہ وہ پڑھا جا چکا ہے، فرمایا اس کو پھاڑ ڈالو ورنہ یہ پھر وقت ضائع کرے گا۔ پھر فرمایا یہی وقت تو ہمارا سرمایہ ہے۔

اس سرمایہ کو مولانا نے جس طرح دیکھ بھال کر صرف کیا اور اس کی جیسی قدر و قیمت پہچانی وہ ان کے اس عظیم الشان اور عہد آفریں کام سے ظاہر ہے

جو اس وقت دنیا کے سامنے ہے۔ اتنا بڑا کام اسی وقت انجام پا سکتا تھا کہ وقت بالکل ضائع نہ کیا جائے اور کسی خلافِ مقصد اور غیر مفید مطلب بات میں اس کا کوئی حصہ صرف نہ ہو۔

مقصد کا عشق مولانا نے ایک مرتبہ عشق کی یہ تعریف کی تھی کہ "آدمی کی لذتیں اور دل چسپیاں جو دنیا کی بہت سی چیزوں میں بٹی ہوئی ہیں، سب سے نکل کر کسی ایک چیز میں سمٹ آئیں یہی عشق ہے۔" مولانا کی یہ تعریف دین کے بارہ میں خود ان پر صادق تھی، اس سے ان کی روح کو عشق ہو گیا تھا جس کے سامنے تمام حسی لذتیں اور تاثرات ماند پڑ گئے تھے اور یہ روحی لذت ان کے لئے بالکل حسی اور طبعی لذت بن گئی تھی، اس سے ان کو وہ قوت اور توانائی اور وہ نشاط و تازگی حاصل ہوتی تھی جو لوگوں کو غذا اور دوا سے حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ ایک کارکن کو جنھوں نے خانہ نشینی کی حالت میں اپنی بے چینی کی شکایت لکھی تھی، جواب میں یہی حقیقت لکھی ہے جو کسی اور کے متعلق صحیح ہو یا نہ ہو ان کے متعلق بالکل صحیح تھی۔

میرے محترم یہ تبلیغی کام درحقیقت انسان کی روح کی غذا ہے حق تعالیٰ نے اپنے فضل سے آپ کو اس غذا سے بہرہ ور فرمایا اب اس کے عارضی فقدان یا کمی پر بے چینی لازمی شے ہے آپ اس سے پریشان خاطر نہ ہوں۔"

بارہا ایسا ہوا کہ کسی خوش خبری کو سن کر یا کسی ایسے آدمی سے مل کر جس کو وہ اپنی دعوت کے لئے مفید سمجھتے تھے وہ اپنی بیماری بھول گئے طبیعت کو ایسی قوت حاصل ہوئی کہ وہ مرض پر غالب آ گئی۔ دفعۃً صحت ترقی کر گئی، اس کے

برعکس کسی تشویش یا فکر سے ان کی صحت گر گئی۔ ان کی تمام فکریں اسی ایک فکر میں گم ہوگئی تھیں جیسا کہ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"طبیعت میں سوائے تبلیغی درد کے اور خیریت ہے۔"

ان کی ذکاوتِ حس سب طرف سے منتقل ہوکر اسی ایک چیز میں مرکوز ہوگئی تھی، بعض اوقات فرمایا مجھے مشغولیت کی وجہ سے بھوک کا احساس نہیں ہوتا سب کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں یا کھانے کا وقت آتا ہے تو کھا لیتا ہوں۔

تبلیغی اطلاعات کے خطوط سے ان کو وہ خوشی اور تقویت حاصل ہوتی تھی جو حقیقتاً عاشق کو مژدۂ وصال اور نامۂ دلبر سے ہوتی ہے۔ ایک کارکن کو جو کبھی تبلیغ کی روداد لکھا کرتے تھے تحریر فرماتے ہیں:۔

"تمہارے خطوط کا خیال ہی گویا زندگی اور روح رواں کی جگہ ہے، میری یہ بات اگر پوری صحیح نہیں تو پوری غلط بھی نہیں، اور میں اپنے عقیدہ میں اس خیال کو جان سے زیادہ سمجھنا فرض سمجھتا ہوں، تم میرے دل کی تسلی سمجھ کر خطوط بھیجنے میں کمی مت کیا کرو۔"

مبلغین کی آمد کا انتظار عید کے چاند کے انتظار سے کم نہیں تھا ایک کارکن کو جو ایک جماعت لانے والے تھے لکھتے ہیں:۔

"جمنا کے کنارہ کنارہ جو مبلغین کی جماعت آوے گی اس کا مجھے ایسا ہی انتظار ہے جیسے عید کے چاند کا ہوتا ہے بہت اہتمام سے اس جماعت کو لاؤ۔"

آخری علالت میں ضعف کی وجہ سے بعض مرتبہ ایسی کسی خوشی کا تحمل نہ ہوتا جنوری ۱۹۴۴ء میں جب لکھنؤ کی جماعت گئی تو ایک دن صبح کی نماز کے بعد مولانا نے مجھ سے فرمایا کہ میرے آنے کے بعد تو کان پور میں کام ختم ہوگیا ہوگا (اس قسم کی اطلاعات غالباً مولانا کو پہونچی تھیں) میں نے عرض کیا کہ لکھنؤ سے ایک جماعت گئی تھی اور الحمد للہ کام پھر شروع ہوگیا ہے، حاجی ولی محمد صاحب کی طرف میں نے اشارہ کیا کہ یہ بھی اس جماعت میں تھے، مولانا نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھائے اور ان کے ہاتھ چوم لئے اور فرمایا کہ میرا خوشی سے سر دکھ گیا مجھے اب بہت خوش بھی نہ کیا کیجئے۔ مجھ میں خوشی کا تحمل نہیں رہا ہے۔

اسی طرح بعض اوقات جماعتوں کی کسی بے اصولی اور کوتاہی کا ایسا اثر پڑتا کہ بیمار ہو جاتے۔ ایک مرتبہ حاضر ہوا تو فرمایا کہ میں تو سہارنپور سے آکر بیمار ہوگیا! میں نے عرض کیا کیا سبب ہوا؟ فرمایا باہر سے جو جماعتیں آئی تھیں انھوں نے اصول کی پابندی نہیں کی، لایعنی سے احتراز نہیں کیا اور شہر میں سیر و تفریح کرتے رہے۔

مولانا کے اس جذبہ اور جوش کا اندازہ مندرجۂ ذیل اقتباسات سے ہوگا:۔

"اس کے اوپر جان و مال کو قربان اور وقف کر کے اس میں اپنی عمروں کو گنوانے والے پیدا کرنے چاہئیں بے پس و پیش اس میں اپنی جان گنوا دینی ضروری ہے۔" [1]

---

[1] بنام ابوالحسن علی

"ہر کوشش کو اس کے درجہ میں رکھتے ہوئے اور لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ پر ایمان رکھتے ہوئے بے چون وچرا اپنے اس معاملہ میں جنونی ہونے اور کہلائے جانے کی تمنا رکھتے ہوئے ان کوششوں میں اپنے فنا میں اپنا بقا سمجھتے تو ان کوششوں میں دنیا ہی میں جنت کا مزہ پاتے" ؎

مولانا کی کیفیت یہی تھی کہ ان کوششوں میں ان کو جنت کا مزہ آتا تھا اس راستہ میں گرم لو ان کے لئے نسیم سحری سے زیادہ خوشگوار اور فرحت بخش تھی، ایک مرتبہ مئی کی کسی آخری تاریخ میں مولانا رحمۃ اللہ علیہ، شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، مولوی اکرام الحسن صاحب، اور یہ خاکسار ایک کار پر قطب صاحب گئے! لو کے سخت جھونکے آرہے تھے، مولانا نے فرمایا "لو آرہی ہے کھڑکیاں بند کر دو" شیخ الحدیث صاحب نے فرمایا جی ہاں! اس وقت لو معلوم ہو رہی ہے کوئی تبلیغی سفر ہوتا تو یہ ہوا گرم نہ معلوم ہوتی، فرمایا، بے شک!

اسی عشق کا نتیجہ تھا کہ جب کسی میں کوئی خوبی، کمال، جودتِ طبع ذہانت یا مہارت ملاحظہ فرماتے تو فوراً ذہن دین کی خدمت کی طرف منتقل ہوتا اور یہ تمنا ہوتی کہ یہ کمال، یہ دولت، دین کے راستہ میں صرف ہوتی اور اپنا رنگ لاتی۔

حجاز سے شیخ الحدیث کے نام ایک خط میں فرماتے ہیں:۔

؎ بنام ابوالحسن علی

"حکیم رشید کا خط آیا ان کے خط سے ان کی جودتِ طبع کو دیکھ کر
بہت ہی جی للچایا، کہ اللہ نے ہمارے خاندان کو کیسی مکارمِ
اخلاق والی طبیعتیں نصیب فرمائی ہیں اور کیسا صالح معدن بنایا
ہے کاش یہ طبائع استقلال کیساتھ جہاں کے لئے پیدا ہوئی ہیں،
اس میں لگ جائیں تو اللہ چاہے دین میں سبقت کرنے والے پر
سابق ہوں، یہی مضمون میاں فراغت کی نظم پر سمجھو" ؎۱

ڈاکٹر ذاکر حسین خاں فرماتے ہیں کہ علالت کے زمانہ میں ایک مرتبہ پشت پر کچھ نجاست لگ گئی، دھلانے میں خطرہ تھا کہ بدن بھیگ جائے اور سردی لگ جائے، کسی کے سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ بغیر نہلائے کس طرح صفائی ہوسکتی ہے، مولوی یوسف صاحب نے لوٹے کی ٹونٹی سے اس طرح پانی بہایا کہ نجاست دور ہوگئی اور پیٹھ بھیگنے نہیں پائی، نہایت خوش ہوئے دعائیں دیں اور فرمایا کہ :- "یہ ذہانت اور سلیقہ دین کی خدمت میں صرف ہونا چاہیے"

درد و بے قراری مولانا کا سا درد اور بیقراری دیکھنے میں نہیں آئی، جس شخص نے نہیں دیکھا وہ تصور نہیں کر سکتا، بعض اوقات ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے، آہیں بھرتے اور فرماتے "میرے اللہ میں کیا کروں کچھ ہوتا نہیں" کبھی کبھی دین کے اس درد اور اس فکر میں بستر پر کروٹیں بدلتے اور بے چینی بڑھتی تو اٹھ اٹھ کر ٹہلنے لگتے، ایک رات والدۂ مولانا یوسف صاحب نے پوچھا کہ آخر کیا بات ہے کہ نیند نہیں آتی، فرمایا کیا بتلاؤں، اگر تم کو وہ بات معلوم ہو جائے تو جاگنے والا

؎۱ ۲۹ ذی الحجہ ۵۰ھ ہجری

ایک نہ رہے دو ہو جائیں"۔ بعض اوقات دیکھنے والوں کو ترس آتا اور تسکین دیتے، بعض مرتبہ اس جوش کے ساتھ گفتگو کرتے کہ معلوم ہوتا سینہ میں تنور گرم ہے۔ حمیتِ اسلامی اور جذبات کا ایک طوفان برپا ہے۔ زبان ساتھ نہیں دیتی اور الفاظ مساعدت نہیں کرتے۔ بعض مرتبہ پورا درد دل کہنے کے بعد غالب کے مشہور شعر کو بڑی لطیف ترنم کے ساتھ پڑھتے:۔

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا\
کچھ تو سمجھے خدا کرے کوئی

کبھی سامعین کے اضطراب اور وحشت کا خیال کر کے خاموش ہو جاتے لیکن یہ شعر (جو حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے بہت سے خطوط کے آخر میں بار بار لکھا ہے) حسب حال ہوتا ہے

اندکے پیشِ تو گفتم غمِ دل ترسیدم — کہ تو آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

اس کیفیت کو دیکھ کر اندازہ ہوتا کہ انبیاء علیہم السلام کو ان کے زمانہ کے لوگ مجنوں کیوں کہتے تھے اور لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ[1] کی تنبیہ کی بار بار ضرورت کیوں پیش آتی تھی، اس درد و بیقراری سے عہدِ سلف کے اولوالعزم اور دردمند انسانوں کے سوز و اضطراب کا اندازہ ہوتا تھا کہ دین کے انحطاط و تنزل اور اپنے زمانہ کی دینی ویرانی کا ان کو کیسا احساس تھا اور دین کی وہ کیا غیرت و حمیت تھی جس نے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے قلم سے بار بار یہ شعر لکھوایا:۔

---

[1] شاید تم اپنی جان کھو دو گے اس فکر و غم میں کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

انچہ من گم کردہ ام گراز سلیماں گم شدے
ہم سلیماں ہم پری ہم اہرمن بگریستے

اور یہ الفاظ ان کے قلم سے نکلے "وا دیلاہ وا حزناہ وا مصیبتاہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ محبوب رب العالمین است اتباع او ذلیل وخوار اند ودشمنان او با عزت واعتبار۔"

مولانا رح پوری کوشش کے بعد بھی جب اس کام کی ضرورت اور تحریک کی حقانیت کے مقابلہ میں ان مساعی کو دیکھتے تھے جو دین کے فروغ کے لئے عمل میں لائی جارہی ہیں تو ان کو بہت ناکافی سمجھتے تھے اور ادائے حق میں تقصیر و کوتاہی پر مواخذہ کا خوف طاری ہو جاتا تھا اور یہی ان کے درد و بے قراری کا سبب تھا۔ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"جس قدر حق تعالیٰ نے مجھ پر اس بارہ میں حق کا وضوح فرمادیا ہے اس کے مقابلے میں اپنی مساعی، اپنے درد، اور اپنی آواز کی کچھ نسبت نہیں پاتا، لہٰذا کرم ہو تو اس کے شایان شان ہو۔ اور اگر عدل ہو تو کوئی صورت نجات کی نہیں۔" [1]

اس زمانہ کے فتنوں کی تیز رفتاری، لادینیت کے سیلاب اور ملحدانہ اثرات کی طاقت کو دیکھتے اور اس کے مقابلہ میں دینی کوششوں کی سست رفتاری کو دیکھتے تو طبیعت پر افسردگی طاری ہو جاتی اور کام کی خوش کن خبریں خوش نہ کرسکتیں، ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

---

[1] بنام ابو الحسن علی

کئی روز ہوئے گرامی نامہ پہونچا، چاہیئے تھا کہ دل کو بڑی
زندگی اور چین بخشے، لیکن میرے بزرگ دوست، ایمان سوز،
جذبات کش، فتن مظلمہ مدلہمہ کی رفتار ڈاک گاڑی سے بھی زیادہ
تیز ہے اور اس کا مقابل (یہ تبلیغی تحریک) جو صرف وہی ظلمت
کو نور سے بدلنے والی ہے، اس کی رفتار چیونٹی سے بھی زیادہ
ضعیف ہے، فتنہ کی روانی دیکھ کر یہ مقداریں کچھ پیاس کے
بجھانے کے لئے کافی نہیں ہیں" [1]

میوات کی جماعتیں اور قافلے باہر نکلتے، لوگ ان کی تعداد اور ہمّت دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے، مگر مولانا کا پُرسوز اور مضطرب دل کچھ اور چاہتا، آپ کی متجسّس نگاہیں ان کا دل ٹٹولتیں، اگر ان کے جذبات میں ذرا بھی خامی اور ان کے پائے ثبات میں کچھ لغزش اور گھروں کو لوٹنے کا شوق و تقاضا دیکھتے تو دل بجھ جاتا اور مسرّت حسرت سے بدل جاتی۔

ایک خط میں چند تبلیغی خوش خبریوں کے جواب میں لکھتے ہیں:۔

(آپ کے خط میں) تبلیغ کی سرگرمیوں کا ذکر ہے اس میں ذکر ہے
کہ اسّی آدمی یہاں تبلیغ کے لئے آئے اور ۲۵ آدمیوں کی جماعت
تیار ہے، پہلی خبر الحمد للہ ثم الحمد للہ اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل و کرم و
احسان اور نعمت جلیلہ ہے کہ اُس نے اسّی آدمیوں کی مقدار
ایسے نازک زمانہ میں کہ جہاں اس عمل کو حقارت سے

---

[1] بنام مولانا عبدالغفار صاحب مجددی ندوی

دیکھا جا رہا ہے اور اس کی ناقدری کی جاری ہے ایسے زمانہ میں دین کے فروغ دینے کے لئے گھر سے نکلے، مگر میرے عزیز اللہ کا شکر بجالانے کے بعد اپنی کوتاہی پر بھی ندامت کے ساتھ ایک گہری نظر ڈالنی چاہیئے کہ پندرہ سالہ کوشش کے بعد تبلیغ کے یہ انوارات یہ برکات اور یہ عزت اور یہ دنیا کے اندر نام آوری اور یہ ہر طرح کی نورانیت اور بہبودی، کھلی آنکھوں محسوس کرتے ہوئے پھر کل (۸۰) آدمیوں کی مقدار نکلی تو اتنے لاکھ مقدار میں کتنی قلیل ہے۔ اور پھر نکل لینے کے بعد گھر کے واپس جانے کو ایسے بیقرار کہ ان کا تھامنا مشکل، تو گھر سے نکلیں تو مشکل سے اور نکلنے کے بعد یہ ختم ہونے والا گھر اپنی طرف کھینچتا رہے تو یہ دین کا گھر کس طرح آباد ہوگا، جب تک گھروں پر رہنا اتنا دشوار نہ ہونے لگے جیسا اسوقت تبلیغ میں رہتا ہے اور جب تک تبلیغ سے واپس جانا اتنا طبیعتوں پر دشوار نہ ہونے لگے جیسا اس وقت تبلیغ کے لئے نکلنا دشوار ہے اور جبتک تبلیغ کے لئے چار چار مہینے ملک در ملک پھرنے کو اپنی قوم میں جزو زندگی بنانے کی کوشش کے لئے پورے اہتمام کیساتھ آپ لوگ کھڑے نہیں ہوں گے اس وقت تک قومیت صحیح دینداری کا مزہ نہیں چکھے گی اور حقیقی ایمان کا ذائقہ کبھی نصیب نہیں ہوگا۔" [1]

---

[1] بنام میاں محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

انھیں مکتوب الیہ کو ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"عزیز دوست میں اس دُکھ کا کیا ذکر کروں کہ سالہا سال کی کوششوں کے بعد نکلتے ہیں اور مہینوں بھی نہیں ٹکتے۔ دینی کوشش کے اندر چند مہینے بھی نہیں گزار سکتے۔

میرا مقصد یہ ہے کہ جب تک فی گھر ایک آدمی ہمیشہ باہر دین کا گھر بنانے کے اہتمام کو یعنی تبلیغ میں باری باری سے نکلنے کو لازمی نہیں کرے گا اس وقت تک دین کے ساتھ انس اور پائیداری پیدا نہیں ہو سکتی۔

عیسیٰ تم غور تو کرو دنیا فانی میں کام کے لئے تو گھر کے سارے افراد ہوں اور اس کے لئے صرف ایک آدمی کو کہا جاوے اور اس پر بھی نباہ نہ ہو تو آخرت کو دنیا سے گھٹایا یا نہیں گھٹایا، وہ جماعتیں تمھیں دیکھ لو کہ خط لکھے ہوئے کئی دن ہوئے وہ سب واپس ہی ہو گئے، جماعتوں کے نکلنے پر خوش نہیں ہونے پاتا کہ واپسی کی آوازیں آجاتی ہیں۔" [1]

کبھی کسی دقیق مضمون کو الفاظ میں ادا نہ کر سکتے اور جو بات کہنا چاہتے تھے اس کے لئے لفظ نہ ملتے تو اس سے ایک بےچینی پیدا ہوتی، ایک خط میں فرماتے ہیں:۔

"بندۂ ناچیز اس تبلیغ کے سلسلہ میں ایک تحیر کی حالت میں ہے،

---

[1] بنام میاں محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

اپنے میں مغز کی بات ادا کرنے کی اہلیت بھی نہیں، عمل تو درکنار، اور عادات خداوندیہ اٹل، ان کی نصرت اور رحمت اسی راستہ میں ہے۔"

ایک خط میں یہ مضمون لکھاتے ہوئے کہ "دین کو فروغ دینے کی کوشش میں لگنا ہی بلاؤں کو ٹال سکتا ہے اور مقاصد کو ترو تازہ کرسکتا ہے، اور اس طرز زندگی سے غافل ہوتے ہوئے بہبودی کا انتظار اور بلاؤں کے کم ہونے کا وہم ایک مجنونانہ اور غلط خیال ہے" بے اختیار خط ان الفاظ پر ختم کر دیتے ہیں۔

"یہ مضمون لکھاتے ہوئے طبیعت بے چین ہوگئی ہے لہٰذا اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔"

دل کی اس تپش اور حرارت کے ساتھ اور طبیعت کی اس بے چینی اور بیقراری کے ساتھ یہ انھیں کا ظرف و ضبط تھا کہ ہنستے بولتے بھی تھے، لوگوں کا اکرام بھی کرتے تھے اور دنیا کے سب کام کرتے تھے، ورنہ یہ شعلۂ جانسوز جس کو برسوں سے سینہ میں لیے ہوئے تھے کسی اور کام کا نہ رکھتا تو تعجب نہ تھا اور بالآخر اسکے سوز سے شمع کی طرح پگھلتے پگھلتے شب عمر سحر کر دی۔

ہمچو شبنم دیدۂ گریاں شدم تا امینِ آتشِ پنہاں شدم
شمع را سوزِ عیاں آموختم خود نہاں از چشمِ عالم سوختم
شعلہ ہا آخر ز ہر مویم دمید از رگِ اندیشہ ام آتش چکید

جہد و مشقت دین کی دعوت اور تبلیغ و ہدایت کیلئے زبان و قلم سے زیادہ سے زیادہ کام لینے کا دستور دنیا میں تھا لیکن اس مقصد کیلئے محنت و مشقت اور دوڑ

دھوپ کو زیادہ اہمیت دینا اور اس کی مقدار کو زبان و قلم کی حرکت کی مقدار سے بڑھانے کو ضروری سمجھنا اس زمانہ میں مولانا کا امتیاز تھا اور اللہ تعالیٰ نے یہ علم آپ کے قلب پر بڑی قوت سے منکشف کیا تھا، آپ اپنے رفقاء کو اس اصول پر مضبوطی سے قائم رہنے کے لئے ہدایتیں فرماتے تھے، خود دعائیں کرتے تھے اور اللہ کے دوسرے مقبول بندوں سے خاص اس مقصد کے لئے دعائیں کرانا چاہتے تھے، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

> "میں بہت ہی دل و ایمان سے متمنی ہوں کہ بہت ہی اہتمام کے ساتھ ہمت کو لگا کر یہ دعا کریں کہ میری یہ تحریک سراسر عمل ہو، اقوال کی کثرت اس کے عمل کو مکدر نہ کرے بلکہ قول اور تقریر قدرِ ضرورت اعانت کے درجہ میں رہے۔
> وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔"

فرمایا کرتے تھے کہ "دین کے فروغ کے لئے جان دینے کے شوق کو زندہ کرنا اور جان کو بے قیمت کر دینا ہماری تحریک کا مقصود اور خلاصہ ہے۔"

طبعی ضعف اور لاغری کے باوجود آپ نے ابتدا سے میوات کے دوروں اور تبلیغی سفروں میں ایسی محنت کی جو اچھے جفاکش و توانا آدمیوں کیلئے مشکل ہے، اپنے مقصد کے پیچھے اپنا آرام۔ کھانا پینا بھول جاتے تھے، خلافِ عادت ۲۴، ۲۴ میل پیدل چلے، خلافِ طبیعت کھانا کھایا اور کئی کئی وقت بھوکے رہے کبھی کھانا موجود ہونے کے باوجود بھی ۳۶، ۳۶۔ اور ۴۸، ۴۸ گھنٹے کھانا کھانے

کی نوبت نہ آتی، کئی بار ایسا ہوا کہ جمعہ کی شب کو یا جمعہ کی صبح کو نظام الدین سے کھانا کھا کر روانہ ہوئے اور اتوار کو نظام الدین واپس آکر کھانا کھایا، راتوں کو جاگے پہاڑیاں عبور کیں، دشوار سے دشوار گزار راستے طے کیے، مئی جون کی قاتل لُو اور پھر میوات کے ریگستانی علاقہ کی گرم لُو کے جھونکے اور دسمبر و جنوری میں کھلے میدان کی زمستانی ہوا کے سرد جھونکے یکساں برداشت کئے۔ اور ساتھیوں سے یہ کہکر ان کا دل بڑھاتے رہے کہ "جبل جہد (محنت و تکلیف) کے پرلی طرف خدا ہے جس کا جی چاہے مل لے"۔

بعض مرتبہ میوات کا سفر گرمی کی ایسی شدت اور صحت کی ایسی کمزوری کی حالت میں کیا ہے کہ زندگی کا اطمینان کم اور موت کا خطرہ زیادہ تھا مگر راہِ خدا کے اس سفر کو سفرِ جہاد اور میوات کی زمین کو میدانِ کارزار سمجھتے ہوئے تکالیف و خطرات سے بے پرواہو کر قدم اٹھایا۔

۱۶ رمئی ۳۶ء کو ایک سفرِ میوات کے موقع پر شیخ الحدیث مولٰنا محمد زکریا اور صاحبزادہ مولانا محمد یوسف کو تحریر فرمایا:۔

"اس قدر ضعف ہے کہ خلافِ طبع الجھی ہوئی بات سے اختلاج اور خفقان ہوتا ہے اور آرام کے ساتھ موٹر کی دہلی تک کی سواری سے بخار آتا ہے، اس پر الحمد للہ ثم الحمد للہ ایک مہینہ کی مسافت کے لئے میوات کی سخت ترین باد سموم اور نہایت جہال کی باتوں کے الجھاؤ کا نشانہ بنکر موت کے لئے اپنی جان کو پیش کرنیکی نیت سے اس سفر کو کارزار کا میدان تصوّر کرتے ہوئے مصمم

ارادۂ سفر ہے، گویا یہ سفرِ جہاد ہے۔ مگر اپنے ضعف سے اور اپنی
عمر بہ کم ہمتی سے نہایت خوف ہے کسی جگہ یہ نفس شریر کرب و
شدائد کے مقابلہ سے فرار کر کے نامردی سے واپس ہوگا، دُعا
کرو کہ جان کے جانے تک تحمل حق تعالیٰ شانہٗ شدائد و کرب کا
نصیب کریں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز اور یا کام کو پورا کرکے
سلامتی کے ساتھ بغنیمت عود نصیب فرما دیں۔ اپنے اس سفر
کو اہم فریضہ اور صحت کی رعایت کو سنگین ترین معصیت سمجھکر
اپنی زندگی سے مایوس ہو کر سفر کر رہا ہوں۔"

کلتاج پور میں پہاڑ کی چڑھائی تھی، بیل گاڑی کا سفر تھا، گاڑی راستہ میں الٹ گئی، لوگوں کو چوٹ آئی، خدا خدا کر کے لوگ اوپر پہونچے لیکن نہایت خستہ، گرد آلود، بعض وہ علماء بھی ساتھ تھے جو تکلیفوں کے عادی نہیں تھے۔ لیکن قبل اس کے کہ لوگ تکان اور تکلیف اور خستگی کی شکایت کریں، مولانا نے یہ کہکر ان کی طبیعت کا رخ بدل دیا کہ دوستو! ساری عمر میں آج ایک دن تم کو جو حرا کی سی چڑھائی پیش آئی، بتاؤ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے بار پیش آئی تھی، ہمیں اپنی اس محرومی اور کوتاہی پر شرمندہ ہونا چاہیے۔ اب کون تھا کہ حرفِ شکایت زبان پر لاتا۔

مولانا جب کسی کام کا عزم فرما لیتے تھے تو پھر کسی زحمت کا خیال مانع نہیں ہوتا تھا، مولانا کے نزدیک دنیا کی بہت تھوڑی چیزیں ناممکن تھیں، یاس و ناامیدی کا ان کے یہاں بہت کم گزر تھا جسوقت جس بات کا خیال آتا فوراً

اس کا ارادہ فرمالیتے ایسا ہوا کہ نوحؔ کے لوگوں سے کوئی بات کہنا ضروری معلوم ہوئی، رات کو ۳ بجے نظام الدین سے پیدل روانہ ہوگئے، دھلی میں حاجی نسیم صاحب کے یہاں پہونچکر کار لی۔ اور سحر کے وقت نوح پہنچے سب کو سوتا پایا، مقصد و مدعا کہا، پھر فجر کی نماز پڑھتے ہی واپس آگئے، کبھی ایسا ہوا کہ بارش کا پانی جمع ہے اور سڑک پر نالہ بہہ رہا ہے، میوات کا سفر ہے کسی مقام کا قصد فرما لیا۔ لوگوں نے کہا تانگہ لے آئیں، فرمایا ضرورت نہیں اور گھٹنوں گھٹنوں پانی میں چلدیئے۔

مولانا محمد منظور صاحب نعمانی نے بالکل صحیح لکھا ہے:۔

"جسمانی لحاظ سے اگرچہ نہایت نحیف و ناتوان تھے۔ مگر اس مقدس مقصد کے لئے ایسی اَن تھک اور اس قدر بے پناہ جد وجہد کر کے دکھا گئے کہ میرا اندازہ ہے کہ اگر بالفرض کسی شخص کے سامنے جنت اپنی ساری نعمتوں اور دل فریبیوں کے ساتھ اور جہنم اپنی ساری ہولناکیوں سمیت منکشف کر دی جائے اور اس سے کہا جائے کہ اگر یہ کام کر دگے تو یہ جنت ملے گی اور نہیں کروگے تو اس جہنم میں ڈالے جاؤگے تو شاید اس کی سعی و جہد اس سے زیادہ نہ ہو سکے گی جو مولنا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کی بالخصوص آخری زمانہ میں تھی[1]

اس کے باوجود رفقار کی راحت و عافیت کا بہت اہتمام فرماتے، ان کو

---

[1] میری زندگی کے تجربے، از مولنا محمد منظور صاحب نعمانی

خواہ مخواہ تکلیف میں نہ ڈالتے ان کے لئے ضروری راحت کی تدبیریں سوچتے اوراس کا سامان بڑی کوشش سے بہم پہنچاتے۔ لیکن ان کو جدوجہد کے لئے تیار کرتے۔

ایک مرتبہ میوات کے ایک سفر میں چند رفیقوں سے جو آپ کے بعد میوات میں کچھ دن رہنے والے تھے فرمایا آپ جہد کو تلاش کیجیے گا، اور میواتی رفقاء سے فرمایا آپ ان کو راحت پہنچانے کی کوشش کیجیے گا، پھر ان مہمانوں سے فرمایا اگر آپ کے حصہ میں صرف راحت آئی تو آپ ہارے، خود بھی اللہ کے دیئے ہوئے سامانِ راحت کو نہ ٹھکراتے اور اس کی ناقدری نہ کرتے بلکہ اللہ کا عطیہ اور نعمت سمجھتے، اپنے لئے نہ اس کی فکر میں رہتے نہ ملتا ہوا رد کرتے۔ لَا یَتَکَلَّفُ غَائِبًا وَلَا یَرُدُّ مَوْجُوْدًا اصول تھا۔

طبیعت میں خواہ مخواہ کی مشکل پسندی اور دشوار طلبی نہ تھی البتہ دین کے لئے حوصلوں کے بلند کرنے کی ترغیب دیتے رہتے۔ میواتی مبلغین کو باہر جاتے ہوئے وصیت فرماتے کہ اپنی سادگی اور جفاکشی کی خو نہ چھوڑیں کہ یہ ان کا بڑا جوہر ہے اور شہریوں کی راحت پسندی اور تکلفات کو اختیار نہ کریں کہ یہ ان کا بڑا مرض ہے، سادہ کھانا کھائیں، زمین پر سوئیں اور مشقت برداشت کرنے کے عادی رہیں، اس سے ڈرتے رہتے تھے کہ یہ شہروں میں جاکر شہریوں کے عادات و اطوار اختیار نہ کرلیں اور ان کی پُرراحت اور پُرتکلف زندگی کا ان کو چسکہ نہ لگ جائے۔

مولٰنا فرماتے تھے کہ انسان کے لئے مشقت فطری امر ہے

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ، اگر وہ دین کے کام میں مشقت نہ برداشت کریگا تو دنیا کے بے ثواب کاموں میں مشقت کرے گا جیسا کہ اس وقت ہو رہا ہے۔ جہاں دنیا اپنے موہوم مقاصد کے لئے اور دنیاوی زندگی کی حقیر چیزوں کے لئے مجنونانہ محنتیں کر رہی ہے وہاں دین جیسی قیمتی اور ثوابِ آخرت جیسی یقینی چیز کیلئے تھوڑی سی تکلیف برداشت کر لینا کیا وقعت رکھتا ہے۔ ایک صاحب کی بیماری کے متعلق فرمایا :-

"ایسے زمانہ میں کہ ردیٹوں کے واسطے جانیں جا رہی ہوں دین کی کوشش میں بخار کا آجانا کچھ بڑی بات نہیں"

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :-

"دنیاوی معیشت کے اندر کے اسباب کی کوشش اور سعی کو جب تک دین کے درست کرنے والی چیز دینی کوششوں اور سعی سے مغلوب نہیں کیا جاوے گا اُس وقت تک غیرتِ خداوندی دین کی دولت سے مالا مال نہیں کر سکتی"۔[1]

ایک دوسرے مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں :-

"عاداتِ خداوندی عموماً دین میں اپنی جد وجہد کی مقدار کے ساتھ وابستہ ہیں۔ آدمی کسی مقصد کے لئے جتنا اپنے آپکو ذلیل کرتا ہے اور تکالیف کو جھیلنے کے ذریعہ اپنے حالات، جوارح قلب اور قوتوں کی شکستگی اور تعب و انکسار کو پہونچاتا ہے

---

[1] مکتوب بنام محمد عیسیٰ خاں صاحب (فیروز پور نمک)

اتنا ہی حق تعالیٰ کی رحمت کے نزول کا سبب ہوتا ہے" اَنَا
عِنْدَ الْمُنْكَسِرَةِ قُلُوْبُهُمْ" وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا
لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا"

"کسی راہ کی ذلت کو اٹھائے بغیر اسکی عزت کو پہونچنا عادتاً ہوتا نہیں"

لیکن اس زمانہ کے بعد اور اہلِ زمانہ کی پست ہمتی کو دیکھتے ہوئے اگر کوئی اس راستہ میں ایک قدم بھی اٹھاتا تو اس کی بڑی قدر فرماتے اور کوئی اس راستہ میں ذرا سی بھی تکلیف گوارا کرتا تو اس کو بہت محسوس کرتے اور بڑے شکر گزار ہوتے احسان مندی اور قدر افزائی کا یہی شیوہ تھا جس سے پست ہمت اور تن آسان رفتار کار کے حوصلے بھی بلند تھے اور وہ افتاں و خیزاں اس راستہ پر چلے جا رہے تھے، اس نیاز مند کو اس کی ایک علالت میں (جو ایک تبلیغی سفر میں پیش آئی تھی) تحریر فرماتے ہیں:۔

"میرا تو جی چاہتا ہے کہ اس پر مبارکباد دوں کہ اس چودھویں صدی میں محض جہد فی سبیل اللہ والا سفر مرض کا سبب ہوا۔

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللهِ مَا لَقِيْتِ

صورۃً یہ بیماری اس سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی کہ دُنیا میں جیسے ہزاروں کو بخار آتے ہیں ایک آپ کو بھی آگیا لیکن یہ بخار اس نسبت میں روئے زمین پر غالباً ممتاز ہوگا کہ بظاہر اسکا سبب ایک ایسی چیز کے لئے قدم اٹھانا ہے کہ وہ طرز زندگی اگر رائج ہو جائے اور جانیں جا کر بھی یہ راستہ کھل جائے تو امت محمدی کے

نہایت مشغول رہنے والے اور اپنے مشاغل سے فارغ نہ ہو سکنے
والے افراد کو رشد و ہدایت سے پورا پورا حصہ ملنے کا مژدہ طریق
زندہ اور پائیدار ہو جائے گا۔

ایک دوسرے گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"جس مذہب کے لئے ہزاروں جانوں کا طیبِ خاطر سے
پیش کر دینا اس کی قیمت کے لئے کافی نہیں ہو سکتا اور جس
مذہب کی اصلی قیمت سوزشِ جگر اور خونِ دیدہ بہانا تھی اسکے
لئے ہمارا یہ برائے نام قدموں کا اٹھانا اور اس قدر ضعیف
اور کم مقدار اپنی محنتوں کا وابستہ رکھنا اصلی قرینہ سے کچھ نسبت
نہیں رکھتا، لیکن خدائے پاک کی ذرہ نوازی اور مراحمِ خسروانہ
اور اس اخیر زمانہ والوں کے لئے ان کی مساعی پر صحابہؓ کے
پچاس کے برابر اجر و ثواب کے ملنے کی خوش خبریاں اور سچے
وعدے اور لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا کی جیسی بشارتیں
ہماری ان مساعی کے بارہ میں بڑی امیدیں دلا رہی ہیں۔"

تحریض اور تالیف قلب دونوں کو مولانا نے جمع کر رکھا تھا، تحریض
و دعوت کے وقت انتہائی بات فرماتے لیکن کم سے کم عمل کو بھی شکریہ کے
ساتھ قبول فرما لیتے اور اس کی انتہائی قدردانی فرماتے مگر سامنے بلند منتہا رہی
رکھتے جس کو دیکھ دیکھ کر عمل کرنے والا اپنے عمل پر اترا نہ سکتا اور اسکو کمال نہ سمجھتا

علوِ ہمت | مولانا کی زندگی کا خاص جوہر اور ان کی امتیازی صفت بلند ہمتی

اور عالی حوصلگی تھی جس کی شہادت ان کی پوری زندگی، ان کے خطوط اور انکے ارشادات ہیں، انھوں نے جس کام کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا تھا، اور جس کی دعوت دی تھی وہ ان کے ماحول سے بالکل مناسبت نہیں رکھتا تھا اور اس زمانہ اور گردو پیش کی سطح سے بہت بلند تھا۔ اس لئے اپنے بلند عزائم اور اپنے دلی حوصلوں کا اظہار بہت کم کرتے تھے۔ "کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ" اور "اِسْتَعِیْنُوْا عَلٰی اُمُوْرِکُمْ بِالْکِتْمَانِ" پر عمل تھا۔ پھر بھی کبھی کبھی اس کا ترشح ہو جاتا تھا، ایک مرتبہ اپنے عزیز مولوی ظہیر الحسن صاحب (ایم، اے علیگ) سے فرمایا جو ایک وسیع النظر عالم ہیں۔

"ظہیر الحسن میرا مدعا کوئی پاتا نہیں، لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک صلاۃ ہے۔ میں قسم سے کہتا ہوں کہ یہ ہرگز تحریکِ صلاۃ نہیں" ایک روز بڑی حسرت سے فرمایا کہ: "میاں ظہیر الحسن ایک نئی قوم پیدا کرنی ہے۔"

مولانا دین کی اس دعوت کو ایک وقتی اور ہنگامی تحریک نہیں سمجھتے تھے، اور اپنی عالی ہمتی اور بلند حوصلگی سے اس پر بھی قانع نہیں تھے کہ دوچار صدیوں تک اس کا اثر رہے، وہ اس کے ایک لازوال تجدید دین ہونے کی اللہ سے تمنا رکھتے تھے، ان کی اس بلند ہمتی کا اندازہ مندرجۂ ذیل اقتباس سے ہوگا۔

خاکسار کے نام ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

"گرامی نامۂ عالی بہت خوشیوں کو لئے ہوئے آرائشِ مجلس ہوا

لیکن خبروں کو اللہ واقعات پر منتج فرمادیں اور ان خبروں اور واقعات کو اپنی اس قدرت سے کہ جس پر تن تنہا بلا کسی اور سہارے کے یہ ساتوں زمین آسمان ٹکے ہوئے ہیں اپنے فضل سے اور رحمت سے اپنی ذاتی قدرت کے ساتھ ایسا پائیدار بنادیں کہ یہ (تحریک) مدتوں چلنے والی ہو یہ (محض ایک) اُبال اور سطحی نہ رہے کہ جو دو چار صدیوں میں ختم ہوجائے۔ بِنا کے محکم ہونیکی بہت ہی دعا فرماتے رہیں۔

منشی نصراللہ صاحب راوی ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ مجددِ وقت ہیں۔ فرمایا تم سے کون کہتا تھا؟ میں نے کہا لوگوں میں چرچا ہے! فرمایا نہیں میری جماعت مجدد ہے [1]

مولانا کی آرزو تھی کہ اس تحریک و دعوت میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جسکی وجہ سے وہ ان کی ذات اور ان کے دَور کے ساتھ مخصوص سمجھ لی جائے! اور ان کے بعد عام مسلمان کو اس میں جد وجہد کرنے کی ہمت نہ ہو۔ اسی بنا پر اس کی نسبت اپنی طرف پسند نہیں کرتے تھے اور چاہتے تھے کہ یہ مسلمانوں کی عمومی اور مشترک دعوت ہو جو ان کے ساتھ مخصوص نہ سمجھی جائے۔ اسی لئے تمام علماء کو اس میں شرکت کی دعوت دیتے تھے تاکہ وہ صرف انھیں کی تحریک نہ کہلائے۔ اسی سلسلہ کی یہ بات ہے کہ ایک مرتبہ فرمایا میں نے اللہ سے دعا کی ہے کہ ہماری یہ تحریک کرامتوں سے نہ چلے۔ ایک صاحب کے

---

[1] یعنی اس دور کے علماء صالحین کی وہ جماعت جس سے مولانا کا تعلق تھا۔ م۔

استفسار پر ایک رفیق نے اس کی مصلحت بتلاتے ہوئے عرض کیا "تاکہ لوگوں کو ہر زمانہ میں اس کو چلانے کی ہمت ہو اور اس میں جد و جہد کریں، اگر کرامتوں سے چلے گی تو لوگ ایک ذات اور ایک دَور کی خصوصیت سمجھ لیں گے" مولانا نے اس کی تصویب فرمائی۔

مولانا کے نزدیک چند سو آدمیوں کا تبلیغ اور علم دین حاصل کرنے کیلئے گھر سے باہر نکلنا اور شہر شہر پھرنا کوئی بڑی بات نہ تھی ان کی بلند ہمتی تو چاہتی تھی کہ:۔

"کاش ایسا وقت ہو جائے کہ قوم کے لاکھوں آدمی باہر گئے ہوں، قوم کے لاکھوں آدمیوں کا باہر پھرتے رہنا جزوِ زندگی بنا دیا جائے" [1]

ان کے نزدیک میوات کے اخلاق و عادات کا بدل جانا کافی نہ تھا وہ ملک کی زبان تک بدل دینا چاہتے تھے، ان کی خواہش تھی کہ سارے ملک میوات کی زبان عربی ہو جائے۔ اور ان کے نزدیک اللہ کی مدد اور انسان کی (اللہ کی توفیق سے) کوشش کے سامنے دنیا کی کوئی چیز بھی ناممکن نہ تھی۔ ان کی خواہش تھی کہ کم سے کم عربی مدارس کے حلقہ میں ضرور عربی زبان کا احیا ہو۔ خاکسار کے نام ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"بندۂ ناچیز کے دماغ میں کچھ ایسے ایسے خیالات ہیں کہ قبل از وقت ہونے کی بنا پر زبان سے نکالنے کو جی نہیں

---

[1] بنام میاں محمد عیسیٰ (فیروز پور نمک)

چاہتا، اگر اس زمانۂ تبلیغ میں طلبار کی باہمی گفتگو کے عربی ہونے
کے لازمی ہونے کا اہتمام اور التزام چل سکتا ہو تو اس پر بھی نظرِ
غائر فرمالیں۔"

اور جب اس کی اطلاع دی گئی کہ اس پر عمل ہوا تو نہایت
مسرور ہو کر تحریر فرمایا:۔

"زبان عربی کی احیار سنت سے مسرت ہوئی، حق تعالےٰ
دیگر اہلِ مدارس کی توجہ کے میلان کا ذریعہ بنائیں۔"

مولانا کی ہمتِ عالی اس کام کو صرف ہندوستان کے حدود کے اندر
محصور و محدود دیکھنے پر راضی نہ تھی، وہ اپنے ذہن میں اس پیغام اور نظامِ
عمل کو ساری دنیا میں اور بالخصوص تمام ممالکِ اسلامیہ اور بالاخص ممالک
عربیہ میں پہونچانے کا پورا نقشہ رکھتے تھے اور کبھی کبھی اس آرزو کا بڑے جوش
اور درد سے اظہار کرتے تھے۔ ان کے اس کام کے سلسلے میں اسکے اثرات و
برکات اور نتائج کے متعلق بڑے بڑے حوصلے اور خیالات تھے، انکے یہاں
ناممکنات و محالات کی فہرست اتنی طویل نہ تھی جتنی کوتاہ ہمت فرضی طور پر بنالیتے
ہیں، وہ دل کھول کر پورے وثوق اور یقین کے ساتھ کوشش کرتے اور دل
کھول کر پورے وثوق اور یقین کے ساتھ اللہ سے مانگتے اور کسی چیز کو بھی اسکی
رحمت، قدرت اور نصرت سے بعید نہ سمجھتے۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا
صاحب کو ایک خط میں بڑے جذبہ اور درد سے لکھتے ہیں:۔

"بہت لجاجت اور عزم کے ساتھ میں آپ پر خدا اور رسول

کا واسطہ دیکر عرض کرتا ہوں کہ اس امر کے ساتھ اس کے دشوار
ہونے اور ناممکن الوجود ہونے کے اپنے خیال کو بہ نظر
اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اور بہ نظر قدرتِ الٰہیہ نہایت سہولت
کے ساتھ ہونے والی چیز ہونے کے خیال سے اپنے اس خیال
کو ضرور بالضرور بدل دیجئے، میرے دوستو خدا اور زمانہ اور خالق
اور مخلوق کے درمیان دائر ہونے والے امر میں خالق کی قدرت
پر نظر کرنے کی بجائے زمانہ پر نظر کرنا اور ہاتھ توڑ کر بیٹھ رہنے
والے اسباب پر نظر کر کے ہمت بڑھانے والے خطاباتِ خداوندی
پر نظر نہ کرنا اولو الابصار کی بصیرت کے شایانِ شان نہیں ہے۔
خدائے قدوس جل مجدہٗ کے قوانینِ ازلیہ بہ بانگ دہل صدائے
بلند دے رہے ہیں کہ اللہ سے جو کچھ مانگو گے اور جس چیز کی
امید کروگے وہی حاصل ہوگا، پھر کیوں نہ تم جیسے فہیم جذبات
محمدیہ کے اوپر نظر لڑا کر دربار خداوندیہ میں اَڑ بیٹھو ؎

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
کچھ تو سمجھے خُدا کرے کوئی

مجھے اپنے غلبۂ جنوں میں آسمانِ منزلت بزرگوں کے منصب
بھی نظر میں نہیں رہتے امید ہے کہ عفو کو کار فرما کر دُعائے خیر
سے امداد فرمائیں۔"
لیکن جو ہمت و وسعتِ نظر بادشاہوں اور فاتحین کے یہاں مؤرخین

کی زبان میں "عزم ملوکانہ" اور "ہمتِ جہاں کشا" کے الفاظ سے تعبیر کی جاتی ہے افسوس ایک درویشِ بے نوا کے یہاں جذب وحال کہہ کر اسکی اہمیت گھٹا دی جاتی ہے ع

چوں نہ دیدند حقیقت رہِ افسانہ زدند

دینی حمیت | مولانا کی فطرت میں دین کی حمیت وغیرہ کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ ان کی اس دعوت کی ایک بڑی محرک طاقت اوران کی اس سوز و دردمندی اور بیقراری کی ایک بڑی وجہ جوان کو کسی کل اور کسی پل چین نہیں لینے دیتی تھی دین کا یہی بڑھتا ہوا تنزل وانحطاط اور کفر کا روز افزوں غلبہ و اقتدار تھا جس کو ان کی حساس اور بیدار فطرت اوران کا غیور مزاج ایک لمحہ کے لیئے برداشت نہیں کرسکتا تھا، مگر اللہ کی توفیق اور دین کی گہری نظر کی بنا پر انھوں نے دین کے کام کی جو ترتیب اپنے ذہن میں قائم کرلی تھی اس میں کسی فوری تاثر اور جذبہ کیوجہ سے وہ ترمیم اور تغیر نہیں کرنا چاہتے تھے اور اپنی عالی ظرفی اور خدا داد ضبط و تحمل سے دوسری چیزوں کو اس طرح برداشت کرتے تھے کہ گویا ان کو اس کی طرف توجہ ہی نہیں یا انکا سرے سے علم نہیں، لیکن کبھی کبھی پیمانۂ ضبط سے کچھ قطرے چھلک کر گرتے اور دل کی انگیٹھی کے کچھ شرارے بھڑک کر اُٹھتے تو پاس والوں کو بھی محسوس ہوتا کہ دینی حمیت کے کس طوفان کو مولانا نے دل کے کوزہ میں بند کر رکھا ہے۔

ایک مرتبہ خاکسار راقم نے لال قلعہ کے پاس سے گزرتے ہوئے پوچھا کہ کبھی جناب نے لال قلعہ بھی دیکھا ہے؟ فرمایا میں لال قلعہ کی سیر کو بے حمیتی سمجھتا ہوں، ہاں میں نے بچپن میں اس وقت دیکھا ہے جب دکھانے والے رو رو کر دکھاتے تھے!

غیر مسلم اہلِ شوکت کی شان و شوکت کے مقامات و مرکزوں کے متعلق فرماتے تھے کہ اگر کوئی شخص ان جگہوں سے قنوتِ نازلہ پڑھے بغیر گزرے تو سلبِ ایمان کا خطرہ ہے۔

مولانا کو سرکاری یونیورسٹیوں کے مشرقی امتحانات سے بڑی کوفت تھی فرماتے تھے، کہ اس سے نسبت بدل جاتی ہے، یعنی علم دین کا تعلق اللہ کے بجائے دنیا اور مادیت سے قائم ہو جاتا ہے اور برکت و نورانیت ختم ہو جاتی ہے۔

مولانا پر یہ بہت گراں تھا کہ عربی زبان اور دینی علوم میں بھی مسلمان غیروں کے دستِ نگر اور ان کے ماتحت ہوں، غالباً مولانا حافظ عبداللطیف صاحب کو ایک خط میں لکھتے ہیں:۔

"حافظ صاحب! مجھے بڑی غیرت آتی ہے کہ مسلمانوں کی عربیت کے جانچ کرنے والے کفار ہوں۔"

مولانا اپنے بعض نامور معاصرین کو جو "اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ" کا مظہر ہیں اَلْبُغْضُ لِلّٰهِ کے فن کا امام سمجھتے تھے ان کی فضیلت کے قائل تھے اور فرماتے تھے کہ یہ چیز ان سے سیکھنے کی ہے۔

کسی حکم شرعی کو نہ ماننا یا احکام شریعت میں سے کسی کا معیوب سمجھنا مولانا کی برداشت سے باہر تھا، بے اختیار ان کی رگِ صدیقی اس دینی قطع برید پر حرکت میں آجاتی[1] اور بعض اوقات کوئی مصلحت اس کے انکار اور

---

[1] حضرت ابوبکرؓ کے اس جملہ کی طرف اشارہ ہے جو انھوں نے مانعین زکوٰۃ کے لئے فرمایا اَيُنْقَصُ الدِّيْنُ وَاَنَا حَيٌّ کیا میرے ہوتے ہوئے دین میں قطع برید ہو سکتی ہے مولانا نسبتاً صدیقی تھے اس موقع پر حضرت مجددؒ کا جملہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے "بے اختیار رگِ فاروقیم درحرکت می آید"

مذمت سے مانع نہ ہوتی۔

مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کو ایک ایسے ہی موقع پر میوات کے لئے تحریر فرماتے ہیں:۔

"زیادہ زور اس امر پر دیا جائے کہ قوم اپنی پنچایتیں اور اپنے سب کاروبار اور سب فیصلے شریعت کے موافق کرنے ہی کو اسلام سمجھے ورنہ اسلام نہایت ناقص ہے بلکہ بسا اوقات احکام شرعیہ کی بے وقعتی اور بے رُخی اور توہین کی بدولت اسلام جاتا رہتا ہے اور یقیناً کفر ہو جاتا ہے۔

اسی میں سے باہمی نکاح کا استنکاف[1] ہے جسکو پہلے تو سنا ہے کہ حرام اور کفر سمجھتے تھے اب زبان سے تو حلال اور جائز کہتے ہیں مگر معاملہ وہی ہے۔ چنانچہ موضع اٹاوڑ تحصیل نوح کے ایک مرد و عورت نے باہمی راضی رضا ہو کر اس خیال سے کہ اگر یہاں نکاح ہو گیا تو قوم سخت ناراض ہوگی ملک سے نکل کر نکاح کر لیا اور ضلع گوڑگانوہ میں بود و باش اختیار کر لی تھی مگر افسوس کہ جاہل قوم نے دولھا کو (جس کا نکاح رمضان المبارک کے اخیر جمعہ کو ہوا تھا) عید کے تیسرے دن جمعہ کے روز قتل کر کے ہاتھ پیر توڑ کر مٹی کے تیل سے جلا کر راکھ کو کسی دریا میں بہا دیا، یہ مضمون بہت زور سے بیان کرنے کے قابل ہے کہ کفر کو شرک کو زنا کو

---

[1] معیوب سمجھنا اور اس سے عار آنا۔

اور کسی اکبر الکبائر کو ایسا معیوب اور قبیح نہ سمجھیں اور اللہ کے حلال کردہ کو اس قدر معیوب سمجھیں آپ ضرور بیان فرمادیں کہ کس طرح ایمان ان کا باقی رہا اور کیا سبیل ان کے ایمان کے باقی رہنے کی ہو سکتی ہے۔"

اسی دینی حمیت کی بنا پر آپ نے ابتدا میں حکومت کی جبری تعلیم کی سخت مخالفت کی اور علماء کو اس کی طرف متوجہ کیا، شدھی سنگھٹن کے زمانہ میں تحریکِ ارتداد کی طرف پوری طرح متوجہ ہوئے اور وہ میوات میں کامیاب نہیں ہونے پائی۔

اتباعِ سنت | مولانا کو اتباعِ سنت کا جیسا اہتمام تھا اس کی نظیر اس زمانہ میں ملنی مشکل ہے انکے اس اہتمام اور التزام سے ائمہ سلف کی یاد تازہ ہوتی تھی، چھوٹی چھوٹی سنتوں کی تلاش اور تتبع، پھر ان کی پابندی اور اشاعت کا شوق، چھوٹی اور جزئی سنت کو بھی عملاً بڑا اور اہم سمجھنا مولانا کا طبعی ذوق تھا، آخری دن جو زندگی کا مصروف ترین دن ہوتا ہے، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو بلاکر بڑے اہتمام سے فرمایا کہ "میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ احادیث سے حضورؐ کے واقعات و عادات و اخلاق کا تتبع کرکے ان کے پھیلانے کی جتنی سعی کر سکتے ہو کرتے رہو۔"

بعض خدام جو حاضر نہیں تھے۔ حاجی عبدالرحمٰن صاحب کے ذریعہ ان کو وصیت فرمائی اور ان کے نام پیغام چھوڑا جس میں سب سے زیادہ تاکید اتباعِ سنت کی تھی اور یہ کہ فقہا کی اصطلاحیں اور تقسیم برحق بجائے خود صحیح ہے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جس چیز کی نسبت ہو اس کو عملاً ضروری ہی سمجھنا چاہیئے۔

محبت و اتباع کے غلبہ نے عبادات کے علاوہ عام عادات پر بھی اثر کیا تھا، عادات وطبعی امور میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہت کو انکا جی چاہتا تھا، مرض وفات کے درمیانی زمانہ میں دو آدمیوں کی مدد سے مسجد میں نماز کے لئے آتے، چاہتے تھے کہ اس میں بھی وہی مسنون کیفیت ہو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضِ وفات میں مسجد میں آنے کی احادیث میں بیان کی گئی ہے۔ فَقَامَ یُهَادٰی بَیْنَ رَجُلَیْنِ وَرِجْلَاہُ تَخُطَّانِ فِی الْاَرْضِ دو آدمیوں کے سہارے تشریف لائے اور پاؤں پر زور نہیں دے سکتے تھے، کبھی اگر اسکے خلاف کیفیت ہوتی تو گرانی ہوتی[1]

اتباعِ سنت کا ایک دقیق، نہایت لطیف اور بلند درجہ یہ ہے کہ عام انسانی حالات و حوادث سے حدودِ شریعت کے اندر طبعی طور پر متاثر ہوا جائے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان واقعات پر جو بشری طور پر رنج و حزن کا باعث ہیں طبعی طور پر حزن بھی ہوتا تھا اور سرور کے مواقع پر سرور اور شکر کی کیفیت بھی پیدا ہوتی تھی۔ بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ سلوک و تصوف اور کمال و ترقی یہ ہے کہ انسانی احساسات اور بشری تاثرات و کیفیات سے انسان بالکل آزاد ہو جائے۔ نہ اسپر حزن کبھی طاری ہو نہ کوئی چیز سرور پیدا کر سکے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک کامل بزرگ کے اس واقعہ پر تنقید کی ہے کہ جب ان کو فرزند کے انتقال کی خبر دی گئی تو انھوں نے بہت بے اعتنائی کے ساتھ اپنے عدم تاثر کا اظہار کیا اور ذرا بھی رنج کا اظہار نہیں کیا

---

[1] روایت قاری سید رضا حسن صاحب

مجدد صاحبؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند حضرت ابراہیم کا انتقال ہوا تو آپ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ سنے گئے۔

تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا — آنکھو میں نم ہیں دل میں غم ہے مگر زبان سے وہی نکلے گا جو چاہے

يُرْضِىْ رَبَّنَا وَاَنَا بِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ ۝ — رب کو پسند ہے اور ہمیں اے ابراہیم تمہارا بہت ہی رنج ہے۔

غالباً مولانا کی نظر سے مجدد صاحبؒ کی یہ تنقید کبھی نہیں گزری ہوگی لیکن ایک بچہ کے حادثہ پر اسکے والد کو بالکل یہی مضمون لکھا جو کمالِ اتباع، فہم شریعت اور تحقیق کا نتیجہ ہے۔

"آپ نے یوسف کو تحریر لکھی، اس سے آپ کے رنج کا نہونا ٹپکتا ہے یہ شرعاً منکر ہے، رنج کی باتوں سے واقعی رنجیدہ ہونا یہ انشاء اللہ تمہیں ضرور ہوگا لیکن رنج سے متاثر ہونے کا اظہار بھی ضروری ہے۔ حق تعالیٰ جیسے حالات بھیجیں ان کے مناسب تاثر اور اس کا اظہار آپ بھی خوب سمجھتے ہیں کہ ضروری ہے۔"

اسی طرح ایک بچہ کی ولادت کے موقع پر انھیں بزرگ عالم کو لکھوایا۔

"یہ حق تعالیٰ شانہ کی ایک نعمت عظمیٰ ہے جس پر دل سے خوش ہونا چاہیئے اور اگر حقیقی اور قلبی خوشی نہ ہو تو کم سے کم اظہار خوشی اگرچہ مصنوعی ہو، ہونی چاہیئے اور شکرانہ میں بطور خوشی آنا چاہیئے۔

حلم و بردباری حد درجہ کی ذکاوتِ حس ولطافت جس کے باوجود بڑے ضابط و حلیم تھے، اپنے مذاق اور مقصد کے خلاف سننا اور دیکھنا ان کے لئے بڑا سخت

مجاہدہ تھا، مگر کام کی مخصوص ساخت اور اس وجہ سے کہ اس کا تعلق دعوت اور اختلاط سے ہے، یہ مجاہدہ ان کو دن رات کرنا پڑتا تھا، آخر زمانہ میں اپنے مقصد کے خلاف بات سننا طبیعت کی نزاکت اور مقصد کے غلبہ کی وجہ سے برداشت سے باہر ہوگیا تھا لیکن ساری عمر یہ مجاہدہ کرتے ہی گزری۔

ایک سفر میں ایک صاحب جو ذی علم بھی تھے راستہ بھر بے عنوانیاں کرتے رہے اور مولانا بڑے ضبط و تحمل سے دیکھتے اور سنتے رہے آخر میں فرمایا کہ: "تم سمجھتے ہو کہ میرا غصہ اتنا بے قیمت ہے کہ تم پر غصہ کروں گا میں ہرگز تم پر غصہ نہیں کروں گا۔" [1]

گلاؤٹھی تبلیغی جماعت گئی ہوئی تھی، مولانا مسجد میں تھے، جماعت گشت کرکے واپس ہوئی تو اپنے ساتھ ایک نوجوان کو لائی، مولانا مسجد سے نکل رہے تھے، جماعت کے لوگوں نے کہا کہ حضرت یہ شخص ایک وقت کی بھی نماز نہیں پڑھتا اور اس کے تمسخر و استہزا کی شکایت کی وہ مولانا کو دیکھکر بجائے احترام کے زور سے ہنسا، مولانا نے اس کی ٹھوڑی پر ہاتھ رکھکر فرمایا "اللہ تجھے ہنستا ہی رہے" اور بڑی سادگی سے نماز کی نصیحت کی، اس نے فوراً اقرار کرلیا اور لوگ اسے مسجد میں لے گئے۔ [2]

ایک مرتبہ دوران تبلیغ میں آپ نے ایک شخص پر ہاتھ رکھ دیا، وہ آگ بگولہ ہوگیا اور کہنے لگا کہ اگر اب کی تم نے ہاتھ لگایا تو میں لٹھ ماروں گا، آپ نے فوراً اس کے پاؤں پکڑ لئے اور فرمایا کہ "پاؤں کو تو نہیں کہا تھا" اس کا غصہ کافور

---

[1] روایت مولانا انعام الحسن صاحب [2] روایت منشی محمد احمد صاحب خوشنویس دہلوی۔

ہوگیا، اور فوراً نرم پڑگیا [1]

ایک سفر میں بیل گاڑی کی سواری تھی، لاری کے اڈہ پر پہونچنا تھا، لاری کے چھوٹنے کا وقت قریب تھا اور لوگ روکنے کے لئے گئے ہوئے تھے گاڑی بان سے ہر چند کہا گیا کہ تیز چلا موٹر چھوٹ جائے گی مگر بار بار کے تقاضوں اور منت پر بھی اس نے بیل نہیں ہانکے۔ اور بڑی مستقل مزاجی کے ساتھ آہستہ رفتار سے چلاتا رہا، یہاں تک کہ لاری چھوٹ گئی، بعض رفقاء سفر نے گاڑی بان کو سخت زجر و توبیخ کی، اور بعض نے فرط غضب میں خلاف عادت سخت سست کہا، مولانا نے صرف اتنا فرمایا کہ بھائی اگر تو ان صاحبوں کی بات مان لیتا تو تیرا کیا نقصان تھا؟ [2]

ایک مرتبہ ایک صاحب جو کسی ملازمت کے سلسلہ میں کسی مسلمان افسر بالا کے زخم خوردہ اور بیروزگاری سے اتنے دل شکستہ تھے کہ توازن دماغی کھو چکے تھے، مولانا کی خدمت میں آئے اور اس آشفتہ خاطری میں ایسی ناہمواری اور گستاخانہ باتیں کرتے رہے جنکو کوئی مسلمان برداشت نہیں کرسکتا، مولانا نے فرمایا کہ یہ اس وقت معذور ہے، ایسے وقت میں دعا و وظیفہ بتلانا بھی مفید نہیں آپنے انسے کہا کہ چند دن قیام کیجئے اور مطمئن ہو کر رہیئے، چنانچہ وہ رہے مولانا نے بڑی خاطر اور دلجوئی کی اور ایک ہی دو دن میں انکی یہ کیفیت جاتی رہی، مولانا کبھی کبھی اپنے کام کے سلسلہ میں ان لوگوں پر جنکے خلوص و تعلق پر اعتماد ہوتا تھا سخت غصہ بھی ہونے تھے، ان لوگوں کو زار و قطار روتے ہوئے

---

[1] از مولانا احتشام الحسن صاحب کاندھلوی [2] مولانا انعام الحسن صاحب کاندھلوی

دیکھا گیا ہے مگر ان کے تعلق میں اور اضافہ ہوگیا، مولانا فرماتے تھے کہ "میں نے اپنے اللہ سے دعا کی ہے کہ میں جس پر غصہ کروں اس کے حق میں میرا غصہ باعثِ رحمت ہو"۔

رعایتِ حقوق | مولانا کو مسلمانوں کے حقوق کا اور پھر ان میں درجہ بدرجہ اہلِ علم، اہلِ دین اور اہلِ شرف کے حقوق کا جیسا اہتمام رہا کرتا تھا اور اس بارہ میں ان کی نگاہ جیسی باریک بیں اور دقیقہ شناس اور ان کا ذہن جیسا رسا اور مجتہد واقع ہوا تھا اس کی شہادت اس کتاب کے صفحات پر جا بجا موجود ہے، جسکو مولانا کے ساتھ چند روز بھی رہنے کا اتفاق ہوا ہے اور وہ فطرۃً احساس و ادراک کی دولت سے محروم نہیں ہے وہ شہادت دیگا کہ مولانا اس فن کے مجتہدین میں سے تھے اور اس آخر زمانہ میں اس شعبہ کے امام اور حکیم تھے، ان کے معاملات حالات و اقوال سے اس کا پتہ چلتا ہے کہ ان کا آدھا سلوک و تصوف معرفتِ حقوق و ادارِ حقوق میں مضمر تھا اور اس کو وہ اہم ترین فرائض میں سمجھتے تھے، ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"ایک دوسرے کے ساتھ عزت و حرمت و محبت کو ہر چیز سے بہتر سمجھتے رہیں، ہزار مسائلِ حقہ کی حمایتوں سے اس ایک حق کی نگہداشت اور اس پر پختہ ہونا افضل و اعلیٰ اور موجبِ رضائے خداوندی ہے"۔

ان خصوصی حقوق کے علاوہ جنکا بیحد اہتمام رہا کرتا تھا حقوقِ عامہ اور عام انسانی حقوق کا بھی بڑا اہتمام تھا، وہ ہر انسان یہاں تک کہ کفار و غیر مسلمین تک

کی حق تلفی کو گوارا نہیں کر سکتے تھے اور سفر و حضر میں ان حقوقِ عامہ کی نگہداشت سے غافل نہیں رہتے تھے۔

ریل گاڑی میں ایک مرتبہ ایک رفیقِ سفر نے بے ضرورت سیٹ پر زیادہ جگہ گھیر لی، فرمایا یہ حقوق عامہ میں سے ہے، اس جگہ دوسرے مسافروں کا حق ہے۔

مغرب کے نوافل پڑھتے وقت ایک رفیق نے ریل میں مسافرونکو سامنے سے گزرنے سے روکنے کا انتظام کیا، آپ نے منع فرمایا اور کہا کہ یہ حقوق عامہ ہیں تم دوسروں کو گزرنے سے نہ روکو بلکہ سُترہ کا انتظام کرو۔

ایک مرتبہ موٹر ٹھیرا کر نماز پڑھی، بعض ساتھیوں نے نوافل کی نیت باندھ لی فرمایا بھائی ان سواریوں کا زیادہ حق ہے۔

بعض مرتبہ کسی دعوت میں مہمان شوربہ پینے لگتے تو آپ منع فرماتے اور کہتے کہ یہ دیانت کے خلاف ہے۔ صاحبِ دعوت نے اس کی اجازت نہیں دی،

کاندھلہ کے سفر میں ایک مرتبہ کثرتِ ہجوم کیوجہ سے آپ سیکنڈ کلاس میں بیٹھے اور خیال کیا کہ ٹکٹ چیک کرنے والا آئے گا تو ٹکٹ بنوالیا جائے گا وہ آیا تو اس نے ایسی بے ڈھنگی گفتگو کی کہ مولانا کو غصہ آگیا اور اس کو ڈانٹ دیا ٹکٹ بنانے کے بعد وہ چلا گیا تو مولوی انعام الحسن صاحب نے جو ساتھ تھے کہا کہ حضرت اس کو تو کہنے کا حق تھا اِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا[1] (جس کا حق آتا ہو وہ کہنے سننے کا مجاز ہے) مولانا نے فوراً ہی اپنی غلطی کا اعتراف فرمالیا اور واپسی میں اسٹیشن سے اُتر کر اس ٹی ٹی آئی سے معذرت کی اور معافی مانگ لی۔

---

[1] حدیث نبوی

اخلاق و تواضع | اخلاق و ظاہرداری کی جنس اس بازار میں نایاب نہیں لیکن اگر یہ شرط لگا دی جائے کہ اخلاق و مدارات ایمان و احتساب کے ماتحت ہو، شریعت کے اصول کے مطابق ہو اور سنت کے موافق تو یہ جنس کمیاب ضرور ہو جاتی ہے۔

مولانا کا اخلاق کے متعلق نظریہ تھا کہ اخلاق جب تک جناب محمد علیہ السلام کے قدموں کے نیچے نہ آئیں وہ اخلاق نہیں، کئی بار یہ واقعہ سنایا کہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ مالٹا سے رہا ہو کر تشریف لائے تھے، ایک دعوت میں میں بھی تھا، اور حضرت کے پاس بیٹھا تھا، صاحب دعوت دیر تک کسی انگریز افسر کی خوش اخلاقی کا تذکرہ اور اس کے حسن اخلاق کی تعریف بڑے ذوق و محویت کے ساتھ کرتے رہے۔ مولانا نے دیر تک صبر و ضبط کے ساتھ سنا مگر طبیعت پر بہت گرانی ہوئی۔ مجھ سے آہستہ سے فرمایا کیا کافر کے بھی اخلاق ہوتے ہیں؟

حدیث پر نظر ہونے کے بعد مولانا کی خدمت میں رہ کر اس کا اندازہ ہو سکتا تھا کہ کن اخلاقی باریکیوں پر مولانا کی نظر ہے اور روزمرہ کے سلوک و معاملہ اور نشست و برخاست میں کس قدر ان کی رعایت ہے، اس خاکسار نے اپنے مدرسہ کے چند طلباء کو جو مولانا کی خدمت میں ٹھہرے ہوئے تھے ایک مرتبہ لکھا تھا کہ آپ لوگوں نے حدیث پڑھی ہے۔ اب غور سے دیکھئے کہ اخلاق و معاملت کی حدیثوں پر کس طرح عمل ہوتا ہے۔"

مولانا نے ایک دوست کو ایک خط میں لکھا تھا:۔

"مسلمان کتنے ہی کم درجہ کا ہو عظمت سے اُس کی طرف
نگاہ کی مشق کرو۔"

یہ مشق مولانا کی اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ بے عمل سے بے عمل اور پست سے پست درجہ کا مسلمان ان کی نگاہوں میں معظم و محترم تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مولانا اس کو اپنے سے افضل اور اللہ کے یہاں زیادہ مقبول سمجھتے ہیں، ہر مسلمان سے ملتے وقت ان کی نگاہ ہمیشہ اسکی صفت اسلام اور ذرۂ ایمان پر ہوتی تھی اور اس کے سارے عیوب اور کمزوریوں کا احساس اور مشاہدہ اس ایمان کی توقیر واحترام سے ہمیشہ مغلوب ہوجایا کرتا تھا۔ ان کی یہ قوت تمیز اس بارہ میں اتنی بڑھ گئی تھی کہ وہ آسانی سے ایک آدمی میں خیر و شر کے شعبوں کو ممتاز کر لیتے اور اپنی نگاہ، خیر کے شعبہ پر مرکوز کر کے اس کی توقیر واحترام کرتے ایک مرتبہ ایک شخص سے ملنے کے بعد فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ اس شخص نے ایک دینی جماعت اور ادارہ کو سخت نقصان پہنچایا ہے جس کا مجھے سخت درد ہے لیکن میں اس کے علم سے بھی واقف ہوں اور میں نے صرف اسکے علم کی تعظیم کی ہے۔

مولانا کا "آتِ کُلِّ ذِی حَقٍّ حَقَّہٗ"[1] اور "اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَھُمْ"[2] پر بڑا عمل تھا، اہلِ فضل اور اہلِ علم کی حد درجہ توقیر فرماتے، اور "مَنْ لَّمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا وَلَمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا فَلَیْسَ مِنَّا" کے ماتحت ان کے اکرام واعزاز کی بڑی تاکید فرماتے، ان کو اُن کے مراتب کے مطابق شایانِ شان جگہ پر بٹھاتے، عام فرش کے باوجود ان کے بیٹھنے کے لئے خاص طور پر کپڑا بچھا دیتے اور کوئی امتیازی سلوک ضرور فرماتے، ان کے سامنے اتنی تواضع فرماتے کہ ناواقف آدمی کو

---

[1] ہر حقدار کا حق ادا کرو۔ [2] لوگوں سے ان کے درجات کے مطابق سلوک کرو۔

پہچاننا مشکل ہوجاتا۔ باہر سے بڑی بڑی جماعتیں آتیں لیکن مولانا اپنی نگاہِ مَرد شناس اور ذکاوتِ حس سے آنے والوں کی حیثیتوں اور فرق مراتب کا احساس کر لیتے یا کسی ذریعہ سے اس کا اندازہ ہوجاتا اور ہر ایک کے ساتھ اسکے شایانِ شان معاملہ فرماتے بہت کم لوگوں کو اس کی شکایت ہوتی کہ ان کی طرف التفات نہیں ہوا اس چیز کا اتنا اہتمام تھا کہ آخری علالت میں کہ دل و دماغ اپنے کام کی فکروں میں اور جسم بیماریوں اور اس کی تکلیفوں میں مشغول تھا اور کھانے پینے کا بھی پورا حس باقی نہیں تھا اس بات سے غفلت نہ تھی۔

حافظ محمد حسین صاحب (اجراڑا والے) ایک معذور سے بزرگ ہیں اور مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خدام میں سے ہیں، وہ بیماری سُنکر تشریف لائے ہوئے تھے اور اکثر روزانہ حجرہ میں آکر دم کرتے تھے۔ مولانا کو چارپائی کے ہلنے سے تکلیف ہوتی تھی اور اکثر جب نمازوں کے بعد لوگ دم کرنے کے لئے آتے تھے تو دو ایک آدمی چارپائی کے پاس کھڑے ہوجاتے تھے کہ اسکو دھکا نہ لگے اور حرکت نہ ہو بایں ہمہ مولانا، حافظ صاحب کو اپنی چارپائی پر بٹھا لیتے تھے اور لوگ تعجب کرتے تھے کہ یہ کون بزرگ ہیں جو چارپائی پر مولانا کے پاس بیٹھے ہیں۔

ایک مرتبہ باہر حوض کے قریب دسترخوان بچھا تھا، حافظ صاحب بھی کھانے میں شریک تھے۔ مولانا کی چارپائی صحن میں تھی، حافظ صاحب ذرا فصل سے جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے، ایک آدمی شیخ الحدیث صاحب کے نام پیغام لائے کہ مولانا فرماتے ہیں کہ حافظ صاحب کو اپنے اور مولانا عبدالقادر صاحب

کے درمیان بٹھاؤ۔

میرے ایک بزرگ عزیز تشریف لائے ہوئے تھے ان کو بڑی خواہش تھی کہ مولانا سے گفتگو اور کچھ عرض کرنے کا موقع ملے۔ لیکن ہجوم کی کثرت اور ضعف کی وجہ سے موقع نہ مل سکا، وہ چلنے لگے تو انھوں نے اس تمنا کا پھر اظہار کیا۔ میں نے مولوی یوسف صاحب سے عرض کیا انھوں نے مولانا سے کہکر بلا لیا مولانا نے ان کا بڑا ہی اکرام فرمایا ان کے ہاتھ لیکر اپنے سارے بدن پر پھیرے۔ پھر سادات کے متعلق اور اس کام کے متعلق فرماتے رہے اور وہ روتے رہے، رخصت ہوئے تو صاحبزادہ سے فرمایا کہ میری ذاتی رقم میں سے دس روپیئے آپ کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر پیش کر دو۔

نومبر ۱۹۴۴ء میں مولانا سید طلحہ صاحب ٹونک سے تشریف لائے تو بیحد اکرام فرمایا ان کی اہلیہ (میری پھوپی مرحومہ) کی نہایت عمدہ الفاظ میں تعزیت کی۔ کھانے کا خصوصی اہتمام فرمایا، خود اپنے ہاتھ سے روٹی گرم کرکر کے دیتے تھے۔ دوسرے روز صبح حضرت سید صاحبؒ کے فضائل و مناقب میں تقریر کی اور اس خاندان کے ایک فرد کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار فرمایا۔ اس کے بعد میوات کا ایک سفر پیش آیا، مولانا طلحہ صاحب بھی ساتھ تھے ہر جگہ ان کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرتے رہتے۔

اس خصوصی اکرام و مدارات کے علاوہ عمومیت بھی ایسی تھی کہ ہر شخص کو خصوصیت معلوم ہوتی تھی اور حدیث لَا یَحْسَبُ جَلِیْسُہٗ اَنَّ اَحَدًا اَکْرَمُ عَلَیْہِ مِنْہُ (کوئی ہم نشین یہ نہیں سمجھتا کہ کوئی اور شخص بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی نگاہ میں اس سے زیادہ عزیز ہے) کا مضمون تھا، ہر شخص اپنے واقعات یاد کرکے کہتا تھا کہ جو معاملہ میرے ساتھ تھا وہ شاید کسی کے ساتھ نہ تھا۔

سفر و حضر میں مخصوص رفقاء کے ساتھ مساوات کا پورا اہتمام رہتا اور امتیاز و تشخص پسند نہ فرماتے۔ ایک سفر میں چارپائیاں اس طرح بچھائی گئیں کہ مولانا کی چارپائی کا پتیانہ ایک رفیق کے سرہانے کی طرف تھا۔ بڑی ناراضگی ظاہر فرمائی اور ساتھ رہنے والوں سے فرمایا کہ تم اتنے دن سے ساتھ رہتے ہو مگر تم کو ابھی تک ان چیزوں کی حس نہیں۔

ایک رفیق نے ایک مرتبہ چلتے وقت جوتا ہاتھ میں اٹھالیا۔ اس سے جوتا لے لیا اور اس کے ہاتھ چوم لئے، مہمانوں کی، بالخصوص تبلیغ میں آنیوالوں اور علماء کی خاطر مدارات اپنے ذمہ فرض سمجھتے اور اس میں طبیعت کو کسی طرح سیری نہ ہوتی۔ فرماتے حدیث میں عام مہمان کے اکرام اور خاطر کی بڑی تاکید ہے۔ فَکَیْفَ بِاَضْیَافِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ

مولوی معین اللہ ندوی راوی ہیں کہ میں بیمار تھا۔ رمضان کا زمانہ تھا میرا کھانا جانے لگا مولانا نفل کے لئے کھڑے ہوئے تھے لڑکے سے کہا کہ کھانا رکھ دو میں لیجاؤں گا، وہ سمجھا نہیں، کھانا کوٹھے پر پہونچادیا۔ نماز پڑھکر تشریف لائے اور فرمایا کہ میں نے بچہ سے کہا تھا کہ کھانا میں لے جاؤں گا یہ خود لے آیا پھر میرے پاس بیٹھے ہوئے دیر تک شفقت و محبت اور دل جوئی کی باتیں کرتے رہے۔

اکرام اور خصوصی برتاؤ کرنے میں بھی بڑا لطیف طریقہ اختیار فرماتے

جس سے دوسرے شرکار حال کو کوئی شکایت اور احساس نہ ہوتا۔

ایک مرتبہ شبِ عرفہ کو سحور کے وقت ایک پیالی چائے لیکر بالاخانہ پر تشریف لائے ندوہ کے طلبار کی جماعت کے ۱۲-۱۳ افراد تھے اور پیالی ایک تھی، فرمایا بھائی اپنی جماعت میں سے کسی ایک کو منتخب کر لیجئے، میں یہ پیالی اس کو پیش کر دوں۔ طلبہ نے خاکسار کی طرف اشارہ کیا اور مولانا نے وہ پیالی بڑھا دی۔

لکھنؤ کی تشریف آوری کے موقع پر اسٹیشن سے روانہ ہوکر قیصر باغ میں ایک سبزہ زار پر نوافل پڑھے اور دعا فرمائی ایک رومال بچھا دیا تھا جس پر مولٰنا نے نماز پڑھی، جماعت کے دوسرے افراد قریب کھڑے تھے، مولانا نے جناب حافظ فخر الدین صاحب کو رومال پر بٹھایا اس کے بعد فرمایا کہ بھائی اہلِ لکھنؤ کا بھی ایک نمائندہ ہونا چاہیئے۔ جماعت میں لکھنؤ کا میں ہی تھا اور میری ہی طرف اشارہ تھا، میں نے اتنے معززین کی موجودگی میں خصوصیت کی جگہ بیٹھنے میں تکلف کیا تو فوراً فرمایا کہ یہ رومال حضرت سہارن پوری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ آپ برکت کے لئے بیٹھئے، اس طرح مجھے بھی ہمت ہوئی اور ارشاد کی تعمیل کی۔

ایک مرتبہ قریشی صاحب اور ان کے رفیق کار ملک صاحب کی خواہش واصرار پر خلافِ عادت ایک سفر میں سکنڈ کلاس میں بیٹھ گئے۔ فرماتے تھے کہ مجھے وہاں بیٹھ کر تکلیف ہوئی اور دل گھبرایا، اتنے میں ان صاحبوں نے کہا کہ حضرت کچھ تکلیف تو نہیں ہوئی، راحت ملی؟ فرماتے تھے میں نے سوچا کہ

اگر کہوں تکلیف ہوئی تو ان کو تکلیف ہوگی اور ان کو افسوس ہوگا کہ ہم نے آرام پہونچانے کے لئے اتنا خرچ کیا اور اس کو تکلیف ہوئی اور اگر کہتا ہوں کہ نہیں حضرت بڑا آرام ملا، تو خلافِ واقعہ ہے، میں نے کہا! ہمارے بیٹھنے سے آپکو خوشی اور راحت ہوئی؟ انھوں نے کہا کیوں نہیں، بہت میں نے کہا بس آپکی خوشی اور آرام سے ہم کو بھی آرام ہے۔

تواضع کی بات یہ تھی کہ مولنا اپنے کو حقیقتاً کسی عزت کا مستحق نہیں سمجھتے تھے، اپنے عالم، شیخ اور اتنی بڑی جماعت کے مقتدیٰ ہونے کا احساس بالکل نہیں تھا۔

ایک خط میں ایک مرتبہ اس خاکسار کو تحریر فرمایا تھا:۔

"بندہ ناچیز کے بارہ میں جناب مشورہ قبول فرمالیں تو دلی تمنا ہے کہ معمولی نام سے زائد کسی لفظ کا اطلاق الفاظ کی بیقدری ہے۔"

طبیعت کا یہ رنگ ان کے خطوط سے بے تکلف جھلکتا ہے، شیخ الحدیث مولنا محمد زکریا صاحب، عمر میں چھوٹے، رشتہ میں بھتیجے اور آپ کے شاگرد بھی ہیں، ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

گرامی نامہ موجب مسرت وعزت ہوا، آنعزیز کی تشریف آوری کا بیحد اشتیاق ہے، اگر بقول آپ کے میں حضرت ہوں تو آپ ماشاء اللہ حضرت گر ہیں، مجھ نکمے اور ناکارہ کو کون پوچھتا اگر آپکی توجہ اور کرم نہ ہوتا، حضرت رحمۃ اللہ علیہ[1] کے بعد سب سے پہلے آپ

---

[1] حضرت مولنا خلیل احمد صاحب سہارن پوری

ہی نے الطاف و اکرام فرمایا، یا پھر شیخ جی[1] نے اظہارِ تعلق کیے اور یہ سب آپ ہی حضرات کا طفیل ہے۔

آپ کی تشریف آوری کا جس قدر اشتیاق ہے اسی قدر خیال ہے کہ سامنے ہونے سے میری گندگیاں اور ظاہر ہوں گی مگر اسی امید پر جی چاہتا ہے کہ آپ جیسوں کی مجالست اور ہم نشینی سے شاید اپنی بھی کچھ اصلاح ہو جائے۔

ایک دوسرے خط میں موصوف کو تحریر فرماتے ہیں:۔

رمضان المبارک کی دل بستگی اور اس پاک ماہ کی برکات و انوارات سے استفاضہ اہلِ دل کو مبارک ہو، حق تعالیٰ شانہ، آنعزیز کو مزید توفیق، کمالاتِ رضا سے کامیاب و فائز المرام کریں اور روزافزوں ترقیاتِ قرب سے بہرہ اندوز رکھیں۔ ہم جیسے ضعفا کا کچھ حال نہ پوچھو بس جوانانِ تیز رفتار کی دعاؤں سے حق تعالیٰ اس ضعیف و مسکین کا بھی بیڑہ پار فرمائیں۔

چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی ؎ بیاد آر حریفانِ بادہ پیمار را

آپ نے آخری وقت تک اپنی طرف سے اطمینان نہیں کیا اور نفس کے محاسبہ اور نگرانی سے غافل نہیں ہوئے، بلکہ جس قدر لوگوں کا رجوع بڑھتا رہا اپنی طرف سے زیادہ غیر مطمئن اور خائف ہوتے گئے اور احتسابِ نفس کا کام بڑھاتے رہے، بعض اوقات اہلِ حق اور اہلِ بصیرت کو بڑی لجاجت سے

---

[1] حاجی شیخ رشید احمد صاحب

اس طرف متوجہ فرماتے کہ وہ آپ پر نظر رکھیں اور اگر کہیں عجب و کبر کا شائبہ نظر آئے تو متنبہ کریں۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا اور مولانا حافظ عبد اللطیف ناظم مدرسہ مظاہر العلوم کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"عزیز محترم حضرت شیخ الحدیث و حضرۃ المحترم جناب ناظم صاحب دامت برکاتکم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، امید ہے کہ مزاج سامی بعافیت ہوں گے ایک مضمون جس کا قبل از رمضان مجھے بہت زیادہ اہتمام تھا، اپنی قوتِ بشریہ کے ضعف و ضعف ایمانی کی بنا پر بالکل نسیاً منسیا ہو گیا۔

وہ یہ کہ حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ کام اتنا وسیع ہو گیا ہے کہ اب اس کی روز افزوں ترقی و مقبولیت کو دیکھکر میں اپنے نفس سے بالکل مامون نہیں ہوں کہ وہ کہیں عُجب و کبر میں مبتلا نہ ہو جائے لہٰذا آپ جیسے اہلِ حق کی نگرانی کا میں سخت محتاج ہوں اور اپنی نگرانی کا آپ حضرات مجھے ہر وقت محتاج خیال کریں کہ اس میں کی خیر پر مجھے جمنے کی تاکید فرمادیں اور اس میں کی شر سے مجھے جھنجھلاہٹ سے منع کر دیں۔"

۲۲ رمضان سنہ ۶۲ھ (۲۳ ستمبر سنہ ۴۳ء)

مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہٗ مولانا رحؒ کے تذکرہ (معارف اعظم گڈھ بابت ماہ نومبر سنہ ۱۹۴۴ء) میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"لکھنؤ کے قیام میں ایک دفعہ ایک دوست کے یہاں عصر کے وقت چار کی دعوت تھی، پاس کوئی مسجد نہ تھی ان کی کوٹھی ہی میں نماز باجماعت کا سامان ہوا، خود کھڑے ہو کر اذان دی اذان کے بعد مجھے ارشاد ہوا کہ نماز پڑھاؤ، میں نے معذرت کی تو نماز پڑھائی، نماز کے بعد مقتدیوں کی طرف رُخ کر کے فرمایا:۔ بھائیو! میں ایک ابتلا میں گرفتار ہوں، دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس سے نکالیں، جب سے میں یہ دعوت لیکر کھڑا ہوا ہوں، لوگ مجھ سے محبّت کرنے لگے ہیں، مجھے یہ خطرہ ہونے لگا ہے کہ مجھ میں اعجابِ نفس نہ پیدا ہو جائے، میں بھی اپنے کو بزرگ نہ سمجھنے لگوں، میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اس ابتلا سے بسلامت نکال لیں، آپ بھی میرے حق میں دعا فرمائیں۔"

ایک مرتبہ ایک صاحب نے ایک قالین ہدیہ کیا۔ مولاناؒ کی طبیعت پر یہ قیمتی قالین بڑا بار رہا، اس پر ایک بڑی لطیف تقریر فرمائی اور شہر کے ایک بڑے عالم کی خدمت میں یہ کہکر اس کو پیش کر دیا۔ ہدیہ کرنے والے نے مجھے عالم سمجھ کر پیش کیا تھا میں جسکو عالم سمجھتا ہوں اس کی خدمت میں پیش کر کے سبکدوش ہو جاتا ہوں۔"

مولانا کو ہٹو بچو سے بڑی نفرت تھی، فرماتے تھے کہ ہٹو بچو فرعون و ہامان کی سنّت ہے، چاہتے تھے کہ بے تکلف رہیں اور چلیں پھریں۔ کوئی ہٹو بچو

نہ کہے۔ میوات کے سفروں اور جلسوں کے موقع پر بھی جہاں ہزاروں آدمیوں کا مجمع ہوتا تھا اور مولانا ہی مرکز توجہ ہوتے تھے اسی کا اہتمام رکھتے تھے کہ کوئی پابندی اور اہتمام نہ ہو۔ آخری علالت میں بھی اس کو پسند نہیں کرتے تھے کہ لوگوں کو روکا اور ہٹایا جائے۔

آخری علالت کے آخری ایام میں جب کہ زائرین کی کثرت ہوتی تھی، اور حالت کی نزاکت کی وجہ سے مصافحہ سے آپ کو روک دیا گیا تھا۔ ایک اجنبی شخص ایک دن ملنے آئے اور حاضرین مجلس کے اوپر سے پھلانگتے ہوئے مصافحہ کے لئے بڑھے۔ ایک میواتی خادم نے بڑھ کر ان کو ہاتھ سے روک دیا جس سے وہ بہت غضبناک ہوئے اور علماء اور مولویوں کو برا بھلا کہتے ہوئے چل دئے۔ حضرت مولانا نے اس میواتی خادم کو اشارہ سے قریب بلا کے بہت تنبیہ کی اور فرمایا کسی مسلمان کا دل دکھانا اللہ کے یہاں بہت مبغوض ہے، جاؤ اس شخص سے معافی چاہو اور اس کو راضی کر کے واپس آؤ۔ چنانچہ اس بیچارہ نے ایسا ہی کیا اور راقم سطور نے بھی مسجد سے باہر یہ تماشہ دیکھا کہ وہ صاحب بے تکان گالیاں دے رہے ہیں اور وہ بیچارہ میواتی ہاتھ جوڑے سامنے کھڑا ہے اور صرف یہ کہتا ہے کہ میں نے آپ کا دل دکھایا ہے یا تو مجھے اس کی سزا دیکر یا ویسے ہی اللہ واسطے معاف کر دیجیے۔

وسعت قلب ہندوستان میں مدت سے دین و علم کے چھوٹے چھوٹے دائرے اور خانے بن گئے ہیں، ہر حلقہ اور ہر جماعت کے لوگوں نے علم و دین کو اپنے اپنے دائرے میں ایسا محصور سمجھ لیا ہے کہ اس کے باہر وہ علم و دین کا تصور نہیں

کرسکتے۔ دوسرے دائرہ کے لوگوں کے علم وفضل اور دینداری وتقوے کا اعتراف کرنا مشکل ہوتا ہے اور ان سے مل کر وہ قلبی انبساط اور انشراح نہیں ہوتا جو اہلِ دین اور ہم مذاق لوگوں سے ملکر ہونا چاہیئے۔ یہ بات بڑھتے بڑھتے یہاں تک پہونچ گئی ہے کہ ایک ہی جماعت اور حلقہ کے ایسے دو افراد کیساتھ محبّت وعقیدت رکھنا بعض لوگوں کے نزدیک ناممکن ہوگیا ہے۔ جن کے مذاق طبیعت یا سیاسی خیالات یا مشاغل میں اختلاف ہے اور ان کو ایک قلب میں جمع کرنا جمع بین الاضداد نظر آنے لگا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ افادہ اور استفادہ کا دائرہ برابر محدود ہوتا چلا جارہا ہے۔ بیگانگی اور بُعد بڑھ رہا ہے اور اہلِ دین اور اہل حق کے درمیان دیواریں کھڑی ہوتی چلی جارہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مولٰنا کو وسعتِ قلب کی بڑی دولت عطا فرمائی تھی اور بڑا وسیع ظرف بخشا تھا، جس میں تمام دینی جماعتوں اور ہر قسم کے اختلافات و خصوصیات کے ساتھ تمام اہل حق کی بیک وقت گنجائش تھی، ہر شخص کے لئے مرتبہ اور شخصیت کے لحاظ سے الگ خانہ تھا۔ اور قلب میں خاص جگہ تھی عربی شاعر کے بقول ؎

لِکُلِّ امْرِئٍ شِعْبٌ مِّنَ الْقَلْبِ فَارِغٌ وَمَوْضَعُ نَجْوٰی لَا یُرَامُ اِطِّلَاعُھَا

مولانا کے نزدیک مسلمانوں کا کوئی طبقہ جوہر اور مسلمانوں کا کوئی فرد ہنر سے خالی نہیں۔ ہر طبقہ میں کوئی نہ کوئی ایسی صفت ہے جو دوسرے میں نہیں لہٰذا ہر طبقہ کو دوسرے سے اس صفت میں استفادہ کرنا چاہیئے۔ مولانا ان تمام طبقوں کی ان امتیازی صفتوں سے اپنی تحریک ودعوت میں استفادہ

کرنا چاہتے تھے اور اللہ تعالےٰ نے اس کا خاص ملکہ عطا فرمایا تھا کہ ان صلاحیتوں سے وہ اپنے کام میں فائدہ اٹھا لیتے تھے۔

خصوصاً جن لوگوں یا طبقوں کو اللہ تعالیٰ نے خاص جوہر یا فطری صلاحیتیں اور دین سے مناسبت عطا فرمائی ہے ان کو دین میں مشغول کرنے اور انکی اس نجابت وصلاحیت سے استفادہ کرنے اور اس کو دین کے فروغ اور ترقی کا ذریعہ بنانے کا بڑا اشتیاق رکھتے تھے۔

ایک بزرگ کو ایک کارکن کے متعلق لکھتے ہیں:۔

"سادات کے متوجہ کرنے کی طرف توجہ دلاتے رہیں، تعلیم میں بھی اور تبلیغ میں بھی اور یہ یاد رکھیں اور سمجھتے رہیں کہ جو لوگ جس قدر زیادہ اہل ہیں ان کے اصلی مرکز تک پہونچنے میں نزاکتیں بھی بہت زیادہ ہیں"

ایک روز میں نے عرض کیا کہ حضرت ندوہ کے لوگوں نے اہلِ دین کی طرف ہمیشہ عقیدت کا ہاتھ بڑھایا مگر اُن کیطرف اسکے جواب میں محبت کا ہاتھ نہ بڑھا۔ اُن کو ہمیشہ بیگانگی اور غیریت کی نگاہ سے دیکھا گیا۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ نے ہمارے سر پہ شفقت کا ہاتھ رکھا اور ہمارے ساتھ یگانگت کا معاملہ کیا، مولانا کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور فرمایا آپ کیا فرماتے ہیں آپ کی جماعت تو اہل دین کی جماعت ہے۔ میں تو علی گڑھ والوں کو بھی چھوڑنے کا قائل نہیں۔ ان سے بھی بُعد اور وحشت صحیح نہیں"

اسی کا نتیجہ تھا کہ اس دعوت وتحریک میں مظاہر العلوم سہارنپور، دار العلوم

دیوبند، دارالعلوم ندوۃ العلماء، جامعہ ملیہ اور ان کے ساتھ انگریزی کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلبہ اور اساتذہ اور تجارت پیشہ، ملازمت پیشہ اور ہر طرح کے کاروباری مسلمان دوش بدوش ہیں اور کوئی دوسرے سے متوحش نہیں، مولانا ہر ایک کے امتیاز خصوصی کی خصوصی داد دیتے تھے اور تعریف کرتے تھے۔ کسی کی دینداری کی، کسی کی سلیقہ مندی کی، کسی کی حاضر دماغی اور تجربہ کاری کی، ہاں ان کے نزدیک ہر فطری صلاحیت دین کے کام میں لگنی چاہیے تھی، اس کو کسی اور مصرف میں صَرف ہوتے دیکھ کر ان کو بڑا درد ہوتا۔ ان کے نزدیک جن لوگوں کو اللہ نے اچھا دل و دماغ، جستی اور مستعدی اور بلند ہمتی دی ہے ان کی توجہ کا دین، دنیا سے زیادہ مستحق ہے اور ان کی توجہ اور دلچسپی سے دین کا کام بڑی تیزی اور قوت سے ہو سکتا ہے ایک دیندار معاملہ فہم کامیاب تاجر کو لکھتے ہیں:۔

> "میں آپ جیسے سب احباب اور بزرگوں سے طالب رہا کہ آپ میرے معین اور مددگار بلکہ اس کے اندر ایسی ہمتِ مردانہ سے کھڑے ہوں کہ آپ ہی اصل ہوں کیوں کہ آپ کی ہمت آپ کا حوصلہ، آپ کی قوت، آپ کی طبیعت، آپ کا دماغ اس قابل تھا اور اسکی اہلیت رکھتا ہے کہ کسی جاندار کام کو آپ اٹھالیں جاندار کام کے لئے جاندار ہی اہل ہیں۔"

تمام افراد اور جماعتوں کے متعلق مولانا کا یہی خیال تھا۔

اداروں کے علاوہ روحانی سلسلوں اور مشائخ طریقت کے منتسبین کے

متعلق بھی مولانا کی وسعتِ قلب کا یہی حال تھا۔ کسی شیخ طریقت کے منتسبین اس کام کی طرف توجہ کرتے تو بیحد خوش ہوتے اور ان کا بڑا اکرام کرتے، میں نے مجددی طریقہ اور کبھی حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ سے تعلق رکھنے والوں کا تعارف کرایا تو بہت مسرور ہوئے اور ان کا بڑا اکرام کیا اور فرمایا کہ میں بچپن سے اپنے بزرگوں سے سن رہا ہوں، کہ اس زمانہ کے دو قطب تھے، پچھم میں حضرت گنگوہیؒ اور پورب میں حضرت مولٰینا فضل رحمٰن صاحبؒ۔ میری بڑی آرزو ہے کہ مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے لوگ اس طرف متوجہ ہوں، ایک مرتبہ حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحبؒ کے اہل تعلق میں سے ایک مشہور ہستی کے متعلق (جنکو دنیاوی وجاہت اور ریاست بھی حاصل ہے اور جن کے دینی و علمی کمالات کے لئے ان کی امارت پردہ بن گئی ہے) فرمایا کہ میں ان کو اہل اللہ میں سے سمجھتا ہوں اور مجھے بار بار اس کام کی طرف ان کی توجہات منعطف کرانے کی طرف متوجہ فرمایا۔

نامور معاصرین اور اہلِ فضل کے متعلق کبھی اظہار خیال فرماتے تو انکے اعلیٰ درجہ کی مرتبہ شناسی بالغ نظری اور دقیقہ رسی کا اندازہ ہوتا۔

اس وسعتِ قلب اور وسعتِ نظر کا یہ نتیجہ تھا کہ انھوں نے ایسے لوگوں سے کام لے لیا اور دین اور اہلِ دین سے ان کا تعلق پیدا کرا دیا اور پھر رفتہ رفتہ ان کی زندگی میں تبدیلی پیدا کر دی جن کے متعلق عام نگاہوں کا فیصلہ یہی ہوتا کہ ان کو قطعاً اس کام سے مناسبت نہیں، اور یہ کبھی بھی دین سے قریب نہیں ہو سکتے، برابر یہ تماشہ نظر آتا رہتا تھا کہ جن لوگوں کے علم مناسبت کا قلب

فیصلہ کرتا وہ تھوڑے دنوں میں بڑے کارآمد آدمی بن جاتے، وہ ہر شخص سے ایک ہی درجہ اور ایک ہی مقدار کا کام کرنے کا مطالبہ اور اس کا اصرار نہ کرتے ہر شخص کے حسب حال اور اس کی سطح اور اس کے مخصوص حالات اور صلاحیتوں کے مطابق اس سے دین کی نصرت و تائید کا کام لینے اور اس کے اس کام پر اتنے ہی شکر گزار ہوتے جتنے دوسروں کی انتہائی جد وجہد اور محنت شاقہ پر اس کے کام کی قیمت کا فراخ دلی سے اعتراف کرتے اور اس کی قدر و قیمت کو بیان کرکے اس کا دل بڑھاتے اور عملی کام کی ہمت دلاتے۔

استقامت | مولانا نے اس زمانہ میں (جسمیں استقامت سے زیادہ کوئی چیز عنقا نہیں) اپنی استقامت سے سلف کبار کی یاد تازہ کردی چھوٹی چھوٹی سنتوں پر ایسی استقامت تھی جو اس زمانہ میں فرائض و واجبات پر ہو تو محل شکر ہے۔

آخری علالت کا زمانہ ان کی بے نظیر استقامت کا بہترین شاہد ہے اس چھ مہینے کی علالت میں (جس میں قوت میں برابر انحطاط اور ضعف میں روز افزوں ترقی تھی، اور ضعف اور سقوطِ قوت کا یہ عالم تھا کہ بعض دن لبوں پر کان رکھے بغیر آواز سُننی مشکل تھی) نماز باجماعت کا وہ اہتمام تھا کہ اس پوری علالت میں غالباً کوئی نماز بے جماعت نہیں پڑھی۔ آخری عشاء کی نماز میں نماز کے اندر قضاء حاجت کی ضرورت پیش آگئی تو حجرہ میں دوسری جماعت کیساتھ نماز پڑھی۔ وفات سے تقریباً دو مہینے پہلے تک یہ عجیب و غریب منظر

پانچوں وقت نظر آتا تھا کہ خود اٹھنے بیٹھنے کی طاقت نہیں، بیٹھ جاتے تو کھڑے نہیں ہوسکتے تھے، دو آدمی پکڑ کر صف میں کھڑا کر دیتے ہیں۔ پھر امام کے اللہ اکبر کہتے ہی ایسی طاقت آجاتی کہ پورے سکون و طمانیت کے ساتھ رکوع و سجود اور فجر کی نماز کا قیام (جو نسبتاً طویل ہوتا ہے) کرتے ہیں اور جہاں امام نے سلام پھیرا پھر طاقت گویا سلب ہوگئی کہ خود کھڑے نہیں ہوسکتے پھر دو آدمیوں کے سہارے اپنی جگہ پہنچتے ہیں، سنتوں میں ایک آدمی رکوع و سجود کرا دیتا ہے، لیکن وتر کی نیت باندھتے ہی از خود رکوع و سجود کرتے اور کسی کی امداد قبول نہ کرتے۔ کھڑے ہونے سے بالکل معذور ہوگئے تو بیٹھ کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے، اطباء اور علماء کی سخت ممانعت تھی ورنہ کھڑے ہونے کی ہمت رکھتے تھے اور اگر لوگ اجازت دیدیتے تو کھڑے ہوکر ہی نماز پڑھتے۔ بیٹھنے سے بھی جب سخت ضعف اور تعب ہونے لگا لیٹے لیٹے نماز پڑھنے لگتے، چارپائی صف کیساتھ لگادی جاتی اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے۔ لیکن وضو و مسواک کا وہی اہتمام رہا جو زندگی میں تھا پورے آداب و سنن و اذکار کے ساتھ وضو کرتے، علما اور میواتیوں کی ایک جماعت اس خدمت کے لئے مخصوص تھی وہ نہایت اہتمام کے ساتھ وضو کراتی، پانی کا استعمال بھی جب مضر ہونے لگا تو علماء کے فتوے اور اطباء کی تاکید سے تیمم کرنا شروع کیا۔ لیکن اس طرح کہ سہل انکاری اور سہولت پسندی کو اس میں قطعاً دخل نہ تھا بلکہ اللہ کی نعمت سمجھتے ہوئے اور اس نیت کیساتھ کہ اللہ کی رخصت پر اس کے صحیح موقع پر عمل کرنا

بھی عزیمت ہے اور اس کو ٹھکرانا کفرانِ نعمت۔

سفر و حضر میں اذان و اقامت اور جماعت کا پورا اہتمام رہتا، مجھے اس عرصہ میں کہ بارہا ریل، لاری اور گاڑیوں کے سفر میں ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا کبھی بے اذان و اقامت اور بے جماعت نماز پڑھنا یاد نہیں، ریل میں خواہ کیسا ہی ہجوم ہو اذان دیتے اور اقامت و جماعت کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھتے۔ اذان سنتے ہی لوگ جگہ دے دیتے اور مولانا اپنے رفقا کو قاعدے کے ساتھ کھڑا کر کے نماز ادا کرتے۔

ایک مرتبہ میں ایک سفر سے آیا میرے ساتھ ایک رفیق اور تھے جن کو ریل پر ہجوم کی وجہ سے نماز پڑھنے کی نوبت نہیں آئی تھی۔ ملتے ہی دریافت فرمایا۔ نماز پڑھ لی۔ عرض کیا میں نے تو پڑھ لی۔ میرے رفیق پڑھ رہے ہیں بڑا افسوس کیا اور اس سلسلہ میں فرمایا کہ میں جب سے اس کام سے لگا ہوں (تقریباً بیس سال سے) ریل پر کوئی نماز جماعت کے بغیر نہیں پڑھی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے تراویح بھی پڑھوا دی۔ اگرچہ بعض اوقات تراویح دو ہی رکعت پڑھنے کی نوبت آئی لیکن کلیتہً ترک نہیں ہوئی۔

مولانا امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے بارے میں خاص اصول اور ترتیب و تدریج کے قائل[1] تھے لیکن جب کھلا ہوا منکر پیش آجاتا تو قطعاً کوئی مداہنت اور رواداری گوارا نہ کرتے فَاِذَا تُعُدِّیَ الْحَقُّ لَمْ یَقُمْ لِغَضَبِہٖ شَیْءٌ[2] پھر اس استقامت اور تورع کا اظہار فرماتے جو ان کے اسلاف کرام، مشائخ

---

[1] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو باب ہشتم [2] جب کوئی بات حق کے خلاف ہوتی تو رسول اللہ صلعم کے غصہ کو کوئی چیز نہ روک سکتی۔

اور علمائے راسخین کا شیوہ ہے۔

۵۰ھ کے آخری حج میں کراچی میں دو جہازوں میں مقابلہ ہو گیا ایک جہاز نے ۵۵ روپیہ کرایہ کر دیا اس جہاز کے مسافروں کو ایک عورت انجکشن لگا رہی تھی مولانا نے غصہ میں فرمایا کہ فریضہ ادا کرنے جا رہے ہیں اور حرام کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ میں غیر محرم عورت کے ہاتھ سے ٹیکہ نہیں لگوا سکتا لوگوں نے کہا کہ اگر عجلت نہ کی گئی اور اس سے ٹیکہ لگوا کر اس جہاز پر نہ بیٹھ گئے تو ۵۵ کا ٹکٹ ۱۸۲ کا ہو جائے گا۔ فرمایا چاہے جتنے کا ہو جائے۔ مولانا نے انکار کر دیا اور جماعت ساری ٹھہر گئی، فون پر فون کیا گیا اور ڈاکٹر جھنجھلاتا ہوا آیا اور کہا کہ وہ پیر صاحب کہاں ہیں جو لیڈی ڈاکٹر سے ٹیکہ نہیں لگواتے؟ مولانا نے اس ڈاکٹر سے ٹیکہ لگوایا اور رفقاء نے بھی ٹیکہ لیا، اور ٹکٹ بھی ۵۵ ہی کا ملا مولانا نے فرمایا کہ آج تک غیر محرم نے میرے جسم کو مس نہیں کیا صرف ایک مرتبہ ایک عورت بیمار تھی میں گیا تو نزع کی سی کیفیت تھی اس نے جلدی میں میرے ہاتھ میں ہاتھ دینا چاہے میں نے ہاتھ کھینچ لئے۔ صرف میرے پورو سے اس کا ہاتھ لگ گیا[1]

دعا و انابت الی اللہ | اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع و انابت، تضرع و دعا اور ذکر کی کثرت مولانا کی زندگی کی روح رواں اور ان کے نزدیک ان کی اس دعوت و تحریک کا قلب تھا، ایک مرتبہ ارشاد فرمایا:۔

"ہماری اس تحریک کی صحیح ترتیب یہ ہے کہ اس میں سب سے

---

[1] روایت مولوی نور محمد صاحب رفیق حج

زیادہ کام دل کا ہو (یعنی اللہ پاک کے سامنے تفرع، اور اُس کی نصرت پر کامل اعتماد کے ساتھ اس سے استعانت اور دنیا و مافیہا سے بالکل منقطع ہو کر اس کی طرف انابت) اس کے بعد دوسرے درجہ میں جوارح کا کام ہو (یعنی اللہ کی مرضیات کے فروغ کے لئے دوڑ دھوپ اور محنت و مشقت) اور تیسرے درجہ میں زبان کا کام ہو (مطلب یہ کہ سب سے کم مقدار تقریر کی ہو اس سے زیادہ مقدار سعی و جہد کی ہو اور سب سے زیادہ مقدار دل کے کام کی ہو، یعنی اللہ کی طرف انابت اور اس سے استغاثہ و استعانت [1])

اسی پر مولانا کا عمل تھا اور اسی کی دوسروں کو تاکید و وصیت، اس خاکسار کو ایک گرامی نامہ میں تحریر فرمایا:۔

"یہ بات ہمیشہ پیش نظر رہے اور کبھی نظر خطا نہ کرے کہ مقصود دین کی ہر چیز کا محض قوتِ دُعا کا بڑھانا ہے، اس میں ہر وقت بہت ہی زیادہ سعی کی جاوے، اگر جوارح کے کام میں مشغول ہونے کے وقت قلب قوت کے ساتھ دعا میں مشغول رہنے کی برداشت کر سکے تو اس میں بہت کوشش فرمادیں ورنہ اس امر کے لئے مکتوبات [2] اور سحرا اور اس امر کے لئے نکلنے کے اطراف [3] اور درمیان کے خالی اوقات کو دعا سے آباد رکھیں۔"

---

[1] "نصرت دین و اصلاح مسلمین کی ایک کوشش" از مولانا محمد منظور صاحب نعمانی [2] یعنی فرض نماز کے بعد [3] یعنی تبلیغ کے لئے نکلنے اور واپس آنے کے وقت۔

نیابت انبیاء کے اس عظیم و جلیل، نازک و لطیف کام کے لئے جس کا طبیعت پر بیحد بوجھ رہا کرتا تھا، اہل دل سے مضطر و بیقرار ہوکر دعا کی درخواست فرماتے اور اسی کو سب سے بڑی تدبیر تصوّر فرماتے، شیخ الحدیث کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"شعبان کے سارے مہینے کے ہر جمعہ کو میوات جانا ہوا میرے جو خیال میں ایک بات ہے وہ میری قابلیت، میری حیثیت سے اونچی بہت ہے عمل میں لانا تو درکنار فہم و ذکا کی رسائی سے بھی بہت عالی ہے لیکن بایں ہمہ میری طبیعت اس امر میں کوشش کرنے سے اور اس خیال میں رہنے سے ہٹتی نہیں ہے اس لئے بوجہ نہایت فوق الطاقہ ہونے کے اپنے نہایت اعلیٰ اور نازک اور لطیف اور دین کی اشاعت اور ترقی کا محض واحد مدار ہونے کے باعث آپ جیسوں کی ہمت اور توجہ اور دُعا کا نہایت مستحق ہے۔ اس لئے اپنی پوری دعوات سے میری مدد فرمانے میں دریغ نہ فرمادیں حق تعالیٰ شانہٗ کے بارگاہ سے کسی مطلوب کا ملنا عزیز و بعید نہیں ہے، آپ دعا ہمت اور توجہ کیساتھ طلب میں کمی نہ فرمادیں۔ میرے دل کی تمنا ہے کہ کم سے کم میرا دماغ اور خیال اور وقت اور قوت اس امر کے سوا ہر چیز سے فارغ رہے، خیر بس زیادہ کیا لکھوں مطلب یہ کہ آپ بھی دعا سے مدد فرمادیں اور یہی سب بزرگوں کے یہاں جہاں تک

ہوسکے ان سے دعائیں کرانے اور ہمت کو متوجہ کر کے آپ
وسیلہ اور شفیع وساعی بنیں۔"

حضرت شیخ ہی کے نام ایک دوسرے خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"میرے عزیز اس تبلیغ کے بوجھ کو بھاری سمجھتے ہوئے بطور اضطرار
کے آپ کی خدمت میں دعا اور ہمت کا سائل ہو کر یہ خط لکھ رہا ہوں۔
میرے عزیز اس میں شک نہیں کہ آپ کی ہر طرح کی ہمت
اور ہر طرح کی شرکت اس کے فروغ کا سبب ہے۔ اللہ جل شانہٗ
نے یہ جیسی تبلیغ کی نہایت فائدہ بخش اور اصولِ اسلام کو
حاوی، نہایت سہل اور نہایت عظیم صورت اس ناچیز کو
عنایت فرمائی ہے یہ ناچیز اس نعمت عظیمہ جلیلہ کی قدردانی
اور شکرگزاری اور تواضع میں اپنے نفس کو بہت ہی کم زور
پاکر اس نعمت کے کفرانِ نعمت سے بہت خائف ہے، نیز
تمہاری اس ہمت کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ بندۂ ناچیز
کو اس تبلیغ کے اصول قرار دینے میں آپ کی صحبت کو بہت
زیادہ دخل ہے حق تعالیٰ مجھے آپ کے شکر کی توفیق بخشیں،
اللہ کو منظور ہوا اور جیسے کہ آثار ہیں یہ تبلیغ فروغ پرستی۔
انشاء اللہ تمہاری تصانیف اور فیوض ہندوستان ہی میں
نہیں بلکہ عرب وعجم کو سیراب کریں گے، اللہ تعالیٰ تمہیں جزاء
خیر دیں میری اسمیں دعا سے ضرور ہی مدد کیجواور میں بھی دعا کرتا ہوں"

ایک تیسرے گرامی نامہ میں موصوف کو لکھتے ہیں:۔

"اس نازک زمانہ میں دلوں سے نکل چکنے والے قدرے گرے ہوئے، آنکھوں میں حقارت سمائے ہوئے دین کی بابت کسی آواز کا کسی کان تک پہونچنا، رتی اور ذرہ برابر کسی دل کے اندر اترنے کی امید رکھنا محال اور باد بدست آوردن کے برابر ہے۔ جتنی ضرورت ہے اس وقت اس کا استحالہ برابر دوش بدوش چل رہا ہے۔ فضول خیالات میں عمر گنوا دینا نہایت مرغوب و مستحسن نظر آرہا ہے، تھوڑے سے تھوڑا وقت سلف کے طریقہ میں گزار دینے میں اور پھر اس کے ساتھ ساتھ اپنے اندرونی جذبۂ ہمت کا ضعف اور اپنا عجز، عقل و فہم کا فتور، اس طرف چھوٹی سے چھوٹی حرکت کرنے سے روکتا ہے۔ بایں ہمہ حق جل وعلاشانہ کے فرمان عالی کی حقانیت اور اس کے مواعید کی عظمت اور اس کے اوامر عظیمہ پر کی نظر بیٹھنے بھی نہیں دیتی، طرفین کی کشاکش سے ضعیف طبع پر اضمحلال اور حیرانی رہتی ہے اس نازک مقام پر کیا کیا جائے

میرا مقصد اس تحریر سے یہ ہے کہ آپ جیسے باہمت اہل دل اصحاب، موقعہ کی نزاکت کے بقدر اور حیثیت کے موافق حق تعالیٰ کے جناب عالی میں تضرع اور زاری کیساتھ دست بدعا ہوں اور دوسرے دوستوں کو کریں کہ یہ کام اہل

زمانہ میں ہم جیسوں کی طاقت سے بہت اونچا ہے، چھوڑنا اور
بے التفاتی بھی خطرناک ہے اور قدم اٹھانے کا بھی یارا نہیں
اللہ ہی بڑا سہارا ہے۔"

اہم مواقع پر (اور مولانا کے نزدیک ہر تبلیغی موقع کی اہمیت تھی) خود
بھی دعا کی طرف متوجہ ہوتے اور اہلِ دعا کو بھی بڑے اضطرار کے ساتھ دعا کی
طرف متوجہ فرماتے۔

۸ جنوری ۳۹ء کو شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"اس جمعہ کو طرفین کے میوؤں میں خاص تبلیغی غرض کے لئے
پہاڑ گنج کی جماعتوں کی طرف سے انعقاد جلسہ قرار پاکر نہایت
فضل عظیم یہ ہے کہ اس کی پہلی شب میں مولانا حسین احمد صاحب
مبلغ محرک محرض قرار پائے ہیں، خدا جانے کیوں میرے دل
پر ان کے اس مقصد کے لئے تشریف آوری پہلی مرتبہ اور انوکھی
ہونے کی بنا پر اثرِ عظیم کر رہی ہے، اسی اثر کی بنا پر سائل طالب
عاجز ہو کر آپ کی بارگاہ کی طرف ملتجی ہوں کہ اس جلسہ کے
مقررین و سامعین کے باستقلال و طمانیت تامہ اس کام
پر جمنے اور نہایت جمنے اور چالو ہونے کے لئے بارگاہِ ایزدی
میں ملتجی و داعی بخشوع و خضوع بہت استقلال سے رہیں
اور اس کے لئے پوری طرح صرفِ ہمت فرما دیں اور بھی جسکو
آپ مناسب سمجھیں اور موقعہ ہو تو اس کی کامیابی

کی دُعا وصرفِ ہمت میں مشغول رکھیں، نیز ظاہری کوئی تدبیر اس کی تثبیت و تنشیط کی ذہن میں آوے اسمیں سعی کریں۔"

مولانا بڑی دیر تک اور بڑی بیقراری اور اضطرار کی کیفیت کے ساتھ دعا فرماتے تھے اور دعا کی حالت میں اکثر ان پر خود فراموشی کی سی کیفیت طاری ہو جاتی اور عجیب عجیب مضامین کا ورود ہوتا۔ پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد خصوصاً میوات کے سفروں میں بڑی پُراثر دعائیں فرماتے اور اکثر وہ مستقل تقریریں ہوتیں، وہ اللہ سے دل کھول کر مانگتے۔ اور مانگتے وقت اپنی طرف سے کمی نہ کرتے، تقریروں کے درمیان یہ فقرہ ابھی تک سننے والوں کے کانوں میں گونج رہا ہے، "مانگو اللہ سے"۔

ادعیۂ ماثورہ میں سے یہ دعائیں اکثر (خصوصاً اس کام کے سلسلہ میں) وردِ زبان رہتیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا	اے اللہ ہمارے دل ہماری پیشانیوں
وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا	کے بال اور ہمارے قویٰ و جوارح سب
مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ	تیرے ہاتھ میں ہیں تو نے ان میں سے
ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا	کچھ بھی ہمارے اختیار میں نہیں دیا ہے
وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَاءِ السَّبِيْلِ	اور جب تو نے ایسا کیا ہے تو تو ہی

ہمارا کارساز ہو جا اور ہم کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دے۔

اَللّٰهُمَّ اصْنَعْ بِنَا مَا اَنْتَ	اے اللہ ہمارے ساتھ اپنے شایانِ
اَهْلُهٗ وَلَا تَصْنَعْ بِنَا	شان سلوک فرما۔ اور ہمارے

مَا نَحْنُ اَهْلَهُ	شایانِ شان سلوک نہ فرما۔
اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا	اے اللہ آسان وہی ہے جسکو
جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَّاَنْتَ	تو آسان کر دے اور تو دشوار کو
تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا	بھی آسان کر دیتا ہے جب تو
اِذَا شِئْتَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	چاہے اللہ حلیم وکریم کے سوا کوئی
الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ۔	معبود نہیں۔

اور یہ دعا تو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ہمیشہ وردِ زبان رہتی :۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ	اے وہ جو زندہ ہے اور جسکے سہارے
اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ	زمین وآسمان تھمے ہوئے ہیں تیری رحمت
كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ	سے داد خواہ ہوں میری ساری حالتیں
طَرْفَةَ عَيْنٍ فَاِنَّكَ اِنْ	درست کر دے اور مجھے پل بھر بھی اپنے نفس
تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ اِلٰى	کے حوالہ نہ کر اسلئے کہ اگر تو مجھے اپنے
ضَعْفٍ وَّعَوْرَةٍ وَّذَنْبٍ	نفس کے حوالہ کر دیگا تو کمزوری، عیب، گناہ
وَّخَطِيْئَةٍ اَنَّهُ لَا يَغْفِرُ	اور جرم کے حوالہ کریگا۔ گناہوں کا
الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ	بخشنے والا تو ہی ہے۔

تبلیغی سفر کے وقت سفر کے تمام اذکار وادعیۂ ماثورہ کا التزام کرتے اور دعا وذکر کی بڑی کثرت کرتے، بعض لوگوں کو مستقل دعا اور سورۂ یٰسین کے ختم کی ہدایت کرتے اور بہت ہی اضطرار اور انابت الی اللہ کی کیفیت ہوتی گویا سفر جہاد ہے اور اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

تُفْلِحُوْنَ کا موقع ہے

اللہ سے تعلق اور اس کی طرف رجوع و انابت اور اس کی رحمت پر اعتماد کا نتیجہ تھا کہ اللہ پر پورا بھروسہ تھا اور بڑی سے بڑی اور مشکل سے مشکل بات کیلئے اطمینان تھا کہ ہو سکتی ہے، ایک روز اپنے ایک عزیز د رفیق سے فرمایا کہ اگر تم کو اصلاح کے سلسلہ میں مکاتب اور مدارس ہی پر اعتماد ہے تو میوات میں ایک ہزار مکتبوں کا نظام بناؤ اور اپنی ذمہ داری پر اس کام کو اٹھاؤ۔ اگر تم اس کے لئے تیار ہو جاؤ تو میں تمہارے جواب دینے سے دو دن کے بعد ایک ہزار مکتبوں کا ایک سال کا پورا خرچ (چھ لاکھ روپیہ) تم کو دیدوں گا مگر یہ شرط ہے کہ میں اس پر اپنا وقت، اور اپنا فکر بالکل صرف نہیں کروں گا، تم ہی کو ذمہ داری سنبھالنی ہوگی۔ میں اسی طرح اپنے کام میں لگا رہوں گا۔ پھر فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ میرے پاس شاید چھ روپیہ بھی نہ نکلیں لیکن مجھے یقین ہے کہ جس دن اللہ کے کسی کام کا ارادہ کر لیا جائے گا اسکے بقدر روپیہ تو اللہ تعالیٰ ایک دن میں مہیا کر دے گا۔

ایک روز چندہ کی پیش کش کرنے والے ایک صاحب سے بڑے استغنا اور اعتماد علی اللہ کے ساتھ فرمایا کہ مجھے یقین ہے کہ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا کام کروں گا تو اللہ اس عمارت کو (دارالاقامۃ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا) سونے چاندی کی بنا دے گا۔

سفروں میں خواہ کیسے ہی تھک کر چور ہو گئے ہوں نوافل کے لئے تازگی اور توانائی پیدا ہو جاتی، فرماتے تھے میرا تکان نماز سے دور ہوتا ہے،

اکثر ایسا ہوا ہے کہ پہاڑ کی چڑھائی عبور کر کے اوپر پہونچے ہیں، لوگ بیدم ہو کر آرام کے لئے پڑ گئے اور مولانا نے نفل کی نیت باندھ لی۔ دن بھر کے تھکے ہوئے اور رات کے جگے ہوئے ہیں۔ مغرب کے بعد دیکھئے تو اوابین پڑھ رہے ہیں اور کئی کئی پارے اس نشاط کے ساتھ پڑھ رہے ہیں گویا تازہ دم ہیں۔

باب ہشتم

مولانا کی دعوت کا ذہنی پس منظر

اس کے اصول و مبادی اور اسکی دینی و فکری اسلس

مسلمانوں میں ایمان و یقین کے تنزل کا احساس

جس مبارک دینی ماحول میں مولانا محمد الیاس صاحبؒ کی عمر کا ابتدائی حصہ گذرا تھا، اس کی مخصوص دینی و روحانی فضا کی وجہ سے بمشکل اس بات کا احساس ہو سکتا تھا کہ مسلمانوں سے ایمان و یقین کی دولت سرعت کے ساتھ نکلتی جا رہی ہے، دین کی طلب اور قدر سے تیزی کے ساتھ دل خالی ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ اس ماحول میں چونکہ صرف خواص اہلِ دین اور اہلِ طلب سے واسطہ پڑتا تھا، اس لئے مسلمانوں کی دین سے بڑھتی ہوئی بے نیازی، اور اس کی ناقدری بلکہ اس کی تحقیر کا کوئی عملی تجربہ اور احساس نہ ہونا بے موقع نہ تھا۔ وہاں رہ کر یہی تصور ہو سکتا تھا کہ مسلمانوں کی زندگی کی دعوت و تبلیغ اور دین کی ابتدائی جد وجہد کی منزل سے آگے بڑھ چکی ہے اور اب صرف

مدنی زندگی کے تکمیلی مشاغل کی ضرورت ہے۔ اس لئے وہاں رہ کر مدارس دینیہ کے قیام واہتمام، کتاب وسنت کی اشاعت، درسِ حدیث، دینی تصنیف و تالیف، قضا وافتا، ردِّ بدعات، اہلِ باطل سے مناظرہ واحقاقِ حق اور سلوک وتربیتِ باطنی کے علاوہ کسی اور طرف ذہن کا منتقل ہونا بہت مشکل تھا، وہاں کام کی نوعیت یہ تھی کہ گویا زمین ہموار وتیار ہے اس پر پودے لگانا اور درخت بٹھانا ہے، اور یہ بات وہاں کے حالات کے لحاظ سے کچھ غلط نہ تھی کہ اس محدود حلقہ میں بزرگانِ دین کی صدیوں کی کوششوں سے یقیناً زمین تیار ہوچکی تھی اور دین کے باغات سرسبز تھے۔

اس ماحول کا طبعی تقاضہ یہ تھا کہ آپ بھی انھیں شعبوں میں سے کسی شعبہ کی طرف متوجہ ہوتے اور اپنی خداداد استعداد وصلاحیت سے اس میں کمال پیدا کرتے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس بارہ میں آپ کی خاص رہنمائی فرمائی اور آپکی بصیرت پر یہ حقیقت منکشف کی کہ جس سرمایہ کے اعتماد پر یہ سارا جمع خرچ ہے وہ سرمایہ ہی مسلمانوں کے ہاتھ سے نکلا جارہا ہے۔ جس زمین پر دین کے یہ درخت نصب کرنے ہیں وہ زمین ریت کیطرح پاؤں کے نیچے سے کھسکتی جارہی ہے۔ اُمہاتِ عقائد میں ضعف پیدا ہوگیا ہے اور بڑھتا جارہا ہے۔ اور خود مولانا کے گہرے الفاظ میں "اُمہاتِ عقائد میں اُمہات ہونے کی شان نہیں رہی، ان میں بنات عقائد (ضمنی وفروعی عقائد) کی تربیت وپرورش کی طاقت نہیں رہی" خدا کی خدائی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا یقین کمزور ہوتا چلا جارہا ہے۔ آخرت کی اہمیت کم ہوتی جارہی ہے، خدا کی بات کا وقار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا

وزن اور دین و شریعت کا احترام کم ہو رہا ہے۔ اجر و ثواب کا شوق (ایمان و احتساب) دل سے اُٹھتا جا رہا ہے۔

زندگی کے رُخ کی تبدیلی یہ انکشاف اور ادراک اس وضاحت اور قوت کیساتھ ہوا کہ اس سے مولانا کی زندگی کا رُخ بالکل ہی تبدیل ہو گیا اور طریق کار اصولی طور پر بدل گیا، آپ کی زندگی بھر کی جد و جہد اور دعوت و تحریک کی بنیاد در اصل اسی امرِ واقعی کا ادراک تھا کہ مسلمانوں میں دین کی بنیاد تزلزل میں ہے اور اصل کام اسی کا استحکام ہے۔ آپ کی ساری جد و جہد کا محور و مرکز یہی خیال تھا جس نے آپ کی توجہ و دلچسپی کو ہر رُخ سے ہٹا کر اسی ایک نقطہ پر مرکوز کر دیا۔

مولانا حسین احمد صاحب مدنی کو ایک خط میں اپنی اس تحریک کا مقصد اس طرح تحریر فرماتے ہیں:-

> "نماز، روزہ، قرآن، انقیادِ مذہب اور اتباعِ سنت کا نام لینے اور ان چیزوں کا تذکرہ کرنے سے ان چیزوں کیساتھ عالمِ اسلام میں تمسخر اور مضحکہ اور استخفاف کا کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رہتا امور مذکورہ کی حرمت و عظمت کی طرف دعوت دینے ہی پر اس تبلیغ کی تحریک کا مدار ہے اور یہی اسکی بنیاد ہے کہ استخفاف سے تعظیم کی طرف فضاءِ عالم کے انقلاب کی کوشش کیجائے۔

مسلمانوں میں دینی طلب اور قدر کا فقدان آپ نے یہ اچھی طرح محسوس کر لیا کہ ایسی حالت میں کہ مسلمانوں میں ایمان و یقین روبہ تنزل ہیں، دین کی قدر و عظمت دلوں سے اٹھتی جا رہی ہے عام مسلمان دین کی ابتدائی اور بنیادی چیزوں سے محروم

ہوتے جا رہے ہیں، لہٰذا ان تکمیلی شعبوں کا قیام جو دین کے جڑ پکڑ جانے کے بعد کی چیزیں ہیں، ذرا قبل از وقت باتیں ہیں۔ طبائع در رجحانات کے سیلاب کے رُخ کو خداداد فراست و بصیرت سے پہچان کر آپ نے اچھّی طرح محسوس کر لیا کہ نئے دینی اداروں کا قیام تو الگ رہا، پرانے اداروں اور دینی مرکزوں کی زندگی بھی ایسی حالت میں خطرہ سے باہر نہیں، اس لئے کہ وہ رگیں اور شرائیں جن سے ان میں خونِ زندگی آتا تھا، مسلمانوں کے جسم میں برابر خشک ہوتی جا رہی ہیں، ان کی طلب اور اُن کی ضرورت کا احساس اور ان کے قائم ہو جانے کے بعد انکی قدر اور انکے خدمت گزاروں کی خدمات کا اعتراف ختم ہو رہا ہے، شیخ حاجی رشید احمد صاحب کے نام (جو متعدد مرکزی دینی مدارس کے معاون اور رکن ہیں) ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :-

"اب سے پندرہ برس پہلے اپنی کوتاہ نظر سے لیکن اللہ کی دی ہوئی بصیرت سے میں نے اہلِ دفا کے طبائع کے سیل کو بھانپ لیا تھا اور یہ اندازہ لگا چکا تھا کہ یہ رفتار مکاتب اور مدارس کی جو چل رہی ہے یعنی لوگوں کا میلان اور ان کی رغبت (جسکی وجہ سے مکتبوں اور مدرسوں میں مخلصانہ کوشش کرنے والے کھڑے ہوتے ہیں اور چندہ دینے والے چندہ دیتے ہیں) یہ عنقریب ختم ہونے والی ہے۔ اور آگے چلکر راستہ ان کا مسدود ہے۔"

آپ نے ان دینی مدارس کے عین مرکزوں میں رہ کر اپنی ذکاوتِ حس اور فراستِ ایمانی سے یہ بھی محسوس کر لیا تھا کہ علوم دینیہ دنیا طلبی کیوجہ سے اور

ایمان داجر طلبی کی کمی کی وجہ سے ان طلبہ کے لئے غیر نافع بلکہ ان کے لئے
وبال اور حجت بنتے جارہے ہیں اور دوسری طرف عام مسلمانوں کی عدمِ
توقیر اور احترام اور ناقدردانی کی وجہ سے وہ علوم ضائع اور ان کے لئے قہر کا
باعث ہوتے جارہے ہیں۔ ایسی حالت میں ان مدارس کا نفع اور ان علوم
کی برکت و تاثیر بھی روز بروز اٹھتی جارہی ہے۔

اسی مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں :۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ علوم جن اغراض کے لئے اور جن
اثرات و منافع کے لئے حاصل کئے جاتے ہیں ان علوم کے
ساتھ وہ اغراض وابستہ نہ رہنے کے باعث علوم بیکار ہوتے
چلے جاتے ہیں اب علوم سے وہ منافع اور اغراض حاصل نہیں
ہوتے جنکی وجہ سے علوم کی توقیر اور تحصیل تھی۔ ان دو باتوں پر
نظر کرتے ہوئے میں نے اس طرز کی طرف اپنی توجہ کو متوجہ کیا۔"

مولانا مدارسِ دینیہ کے وجود کو مسلمانوں کے لئے نہایت ضروری سمجھتے
تھے۔ اور اس سایۂ رحمت کے مسلمانوں کے سروں سے اٹھ جانے کو موجبِ وبال
اور قہر سمجھتے تھے، لوگوں کی ناقدردانی اور غفلت سے دینی مدارس اور مکاتب
کی ایک بڑی تعداد میوات میں معطل ہو گئی تھی، حاجی صاحب کو اسی خط
میں اس کے متعلق تحریر فرماتے ہیں :۔

"لوگوں کو یہ بات ذہن نشین کرنے میں آپ ہمت فرمادیں کہ
سیکڑوں مدرسوں کا شکست پڑ جانا یا بند ہو جانا اہل زمانہ کے

لئے نہایت وبال اور نہایت باز پرس کا خطرہ رکھتا ہے کہ قرآن دنیا سے مٹتا چلا جائے اور ہمارے بچوں میں اس کا کوئی حصہ اور ہمارے دلوں میں اس کا کوئی درد نہ ہو، یہ سب باتیں خطرناک ہیں"

لیکن مولانا سمجھتے تھے کہ ان مدارس کا وجود و قیام اس زمین پر ہے جو ہمارے اسلاف تیار کر گئے تھے، اصل دین کی تبلیغ اور جد و جہد کی بدولت مسلمانوں میں دین کی جو طلب اور قدر پیدا ہو گئی تھی، اس کا نتیجہ یہ تھا کہ اس دین کو اپنی نئی نسل میں پیدا کرنے کے لئے اور اس کو دنیا میں قائم و باقی رکھنے کے لئے دیندار مسلمانوں نے جا بجا یہ مکاتب اور مدارس قائم کئے اور ان کی خدمت کو اپنی سعادت سمجھا، اس بچی کھچی طلب اور قدر کا نتیجہ ہے کہ ابھی تک یہ مدارس چل رہے ہیں اور ان کو طالب علم مل رہے ہیں، لیکن اس سرمایۂ طلب میں برابر کمی آرہی ہے اور اضافہ نہیں ہو رہا ہے۔ یہ صورتِ حال دین کے مستقبل اور دینی اداروں کے وجود و بقا کے لئے سخت تشویشناک ہے۔ جس ذخیرہ اور اندوختہ میں برابر کمی ہو اور اضافہ کبھی نہ ہو (خواہ کمی روزانہ ایک قطرہ کی ہو) وہ اگر سمندر بھی ہو تو ایک روز خشک ہو جائے گا،

طلب و احساس کی تبلیغ

مولانا کو اس کا پوری شدت سے احساس ہوا کہ اسوقت سب سے مقدم اور ضروری کام، طلب کی تبلیغ اور مسلمانوں میں اپنے مسلمان ہونیکا احساس پیدا کرنا ہے اور یہ کہ دین سیکھے بغیر نہیں آتا اور دنیاوی ہنر دں سے زیادہ اس کے سیکھنے کی ضرورت ہے، یہ احساس اور طلب اگر پیدا ہو گئی تو باقی مراحل و منازل خود طے ہو جائیں گے۔ اسوقت کے مسلمانوں کا عمومی

مرض بے حسی اور بے طلبی ہے، لوگوں نے غلط فہمی سے سمجھ لیا ہے کہ ایمان موجود ہی ہے، اس لئے ایمان کے بعد جن چیزوں کا درجہ ہے ان میں مشغول ہو گئے حالانکہ سرے سے ایمان پیدا کرنے ہی کی ضرورت باقی ہے۔

قرون اولیٰ کے مقابلہ میں تعلیم و تبلیغ اور ارشاد و اصلاح میں ایک عظیم تغیر یہ ہوا کہ ان کا دائرہ طالبین کے لئے محدود ہو کر رہ گیا۔ اہل طلب کیلئے تعلیم و اصلاح اور ہدایت و ارشاد کا پورا انتظام اور اہتمام تھا، لیکن جن کو اپنے مرض کا احساس ہی سرے سے نہیں اور جو طلب سے خالی ہیں ان کی طرف سے توجہ بالکل ہٹ گئی، حالانکہ ان میں طلب کی تبلیغ کی ضرورت تھی انبیاء علیہم السلام کی بعثت کے وقت سارا عالم مستغنی اور سود و زیاں سے بے پرواہ ہوتا ہے، یہ حضرات انھیں میں طالب پیدا کرتے ہیں اور کام کے آدمی حاصل کر لیتے ہیں، بے طلبوں، اور بے حسوں میں طلب و احساس پیدا کرنا ہی اصل تبلیغ ہے۔

طریق کار اس احساس و طلبِ دین، اور اسلام کے اصول و مبادی کی تلقین کا ذریعہ کیا ہے؟

اسلام کا کلمہ طیبہ ہی اللہ کی رسی کا وہ سرا ہے جو ہر مسلمان کے ہاتھ میں ہے، اسی سرے کو پکڑ کر آپ اسے پورے دین کی طرف کھینچ سکتے ہیں، وہ کش مکش نہیں کر سکتا۔ مسلمان جب تک اس کلمہ کا اقرار کرتا ہے اس کو دین کی طرف لے آنے کا موقع باقی ہے، اس موقعہ کے (خدانخواستہ) نکل جانے سے پہلے اس سے فائدہ اٹھا لینا چاہیئے۔

اب مسلمانوں کی اس وسیع اور منتشر آبادی میں دین کا احساس وطلب پیدا کرنے کا ذریعہ یہی ہے کہ ان سے اس کلمہ ہی کے ذریعہ تقریب پیدا کی جائے اور اسی کے ذریعہ خطاب کیا جائے، کلمہ یاد نہ ہو تو کلمہ یاد کرایا جائے غلط ہو تو اس کی تصحیح کی جائے، کلمہ کے معنی ومفہوم بتائے جائیں اور سمجھا یا جائے کہ خدا کی بندگی وغلامی اور رسول کی تابعداری کا اقرار ان سے کیا مطالبہ کرتا ہے، اس طرح ان کو اللہ ورسول کے احکام کی پابندی پر لایا جائے جن میں سے سب سے عمومی سب سے مقدم اور سب سے اہم نماز ہے جس میں اللہ نے یہ قابلیت رکھی ہے کہ وہ سارے دین کی استعداد وقوت پیدا کر دیتی ہے۔ جس بندگی کا کلمہ میں اقرار تھا اس کا یہ پہلا اور سب سے کھلا ثبوت ہے، پھر اس شخص کی مزید ترقی اور استحکام کے لئے اس کو اللہ سے تعلق پیدا کرنے اور اس تعلق کو بڑھانے کی طرف متوجہ کیا جائے اور اللہ کو زیادہ سے زیادہ یاد کرنے کی ترغیب دیجائے، نیز یہ بات اس کے ذہن نشین کی جائے کہ مسلمانوں کی طرح زندگی گزارنے کے لئے اللہ کی مرضی و منشا اور اس کے احکام وفرائض معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا کا کوئی ہنر اور کوئی فن بے سیکھے اور کچھ وقت صرف کئے بغیر نہیں آتا، دین بھی بے طلب کے نہیں آتا۔ اور اس کو آیا ہوا سمجھنا غلطی ہے، اس کے لئے اپنے مشاغل سے وقت نکالنا ضروری ہے۔

یہ کام اتنا بڑا اور اتنا پھیلا ہوا ہے کہ اس کے لئے چند افراد اور چند جماعتیں کافی نہیں، اس کے لئے عام مسلمانوں کی مسلمانوں میں کوشش کرنے

کی ضرورت ہے۔ اس لئے کہ بقول مولانا محمد الیاس صاحبؒ "اگر کروڑوں کے واسطے لاکھوں نہیں اٹھیں گے تو کس طرح کام ہوگا۔ نہ جاننے والے جتنے کروڑ ہیں، جاننے والے اتنے لاکھ نہیں"۔

مولانا کے نزدیک اس کے لئے عالم اسلام میں ایک عمومی اور دائمی حرکت و جنبش کی ضرورت ہے، اور یہ حرکت و جنبش مسلمانوں کی زندگی میں اصل اور مستقل ہے، سکون و وقوف اور دنیا کا اشتغال عارضی ہے، دین کے لئے اسی حرکت و جنبش پر مسلمانوں کی جماعت کی بنیاد رکھی گئی اور یہی ان کے ظہور کی غرض و غایت ہے (کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ) ورنہ دنیا کے سکون و دنیاوی انہماک، کاروبار کی مصروفیت اور شہری زندگی کے کسی ضروری شعبہ میں کوئی ایسی کمی نہ تھی جس کی تکمیل کیلئے ایک نئی امت کی ضرورت ہو۔

مسلمانوں نے جب سے اس جماعتی زندگی اور اصل کام کو چھوڑ دیا یا ثانوی درجہ دیدیا اس وقت سے ان کا انحطاط شروع ہوگیا اور جب سے ان کی زندگی میں سکون و استقرار اور پرسکون و مصروف شہری زندگی کی کیفیات و خصوصیات پیدا ہوگئیں۔ ان کا وہ روحانی زوال اور اندرونی ضعف شروع ہوگیا جسکا عنوان خلافت راشدہ کا خاتمہ ہے۔ مولانا محمد الیاس صاحبؒ فرماتے ہیں اور تاریخ ان کے لفظ لفظ کی تائید کرتی ہے اور انکے ہر دعوے پر شہادتیں پیش کرتی ہے۔

ہم نے جماعتیں بنا کر دین کی باتوں کے لیے نکلنا چھوڑ دیا حالانکہ

یہی بنیادی اصل تھی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود پھرا کرتے تھے اور جس نے ہاتھ میں ہاتھ دیا وہ بھی مجنونانہ پھرا کرتا تھا۔ مکہ کے زمانہ میں مسلمین کی مقدار افراد کے درجہ میں تھی تو ہر فرد مسلم ہونے کے بعد بطور فردیت و شخصیت کے منفرداً دوسروں پر حق پیش کرنے کے لئے کوشش کرتا رہا۔ مدینہ میں اجتماعی اور متمدن زندگی تھی، وہاں پہنچتے ہی آپ نے چہار طرف جماعتیں روانہ کرنی شروع کردیں اور جو بڑھتے گئے وہ عسکریت کی طرف بڑھتے گئے، سکونی زندگی صرف انھیں کو حاصل تھی جو پھرنے والوں کے لئے فیۂ (مرجع) اور پھرتے رہنے کا ذریعہ بن سکیں، غرض پھرنا اور دین کے لئے جد وجہد اور نقل و حرکت میں رہنا اصل تھا جب یہ چھوٹ گیا جب ہی خلافت ختم ہوگئی۔"

نظامِ کار اس کام کے لئے جب مسلمانوں کی جماعتیں نقل و حرکت میں آجائیں تو ان کے کام کا نظام کیا ہوگا۔ اور ترکیب کیا ہوگی؟ کس چیز کی اور کتنی چیزوں کی دعوت دی جائے گی؟ اس کا جواب مولانا ہی کے الفاظ میں سنئے:۔

"اصل تبلیغ صرف دو امر کی ہے باقی اس کی صورت گری اور تشکیل ہے، ان دو چیزوں میں ایک مادی ہے اور ایک رُوحانی مادی سے مراد جوارح سے تعلق رکھنے والی سو وہ تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی باتوں کو پھیلانے کے لئے ملک بہ ملک اور اقلیم بہ اقلیم جماعتیں بنا کر پھرنے کی سنّت

کو زندہ کر کے فروغ دینا اور پائیدار کرنا ہے، روحانی سے مراد جذبات کی تبلیغ یعنی حق تعالیٰ کے حکم پر جان دینے کا رواج ڈالنا جس کو اس آیت میں ارشاد فرمایا ۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ	قسم ہے آپ کے رب کی یہ لوگ ایمان
حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ	دار نہ ہوں گے جب تک یہ بات نہ ہو
بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا	کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو
فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا	اس میں یہ لوگ آپ سے تصفیہ کرادیں
قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝	پھر آپ کے تصفیہ سے اپنے دلوں میں
(النساء ع۹)	تنگی نہ پاویں اور پورا پورا تسلیم کرلیں
وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ	اور میں نے جن وانس کو اسی واسطے پیدا
إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ۝ (الذاریات ع۳)	کیا ہے کہ میری عبادت کریں ۔

یعنی اللہ کی باتوں اور اوامر خداوندی میں جان کا بے قیمت اور نفس کا ذلیل ہو جانا ۔

نکلنے کے وقت حضورؐ کی لائی ہوئی چیزوں میں جو چیز جتنی زیادہ اہم ہے اس میں اسی کی حیثیت سے کوشش کرنا اس وقت بدقسمتی سے ہم کلمہ تک سے ناآشنا ہو رہے ہیں اس لئے سب سے پہلے اسی کلمۂ طیبہ کی تبلیغ ہے جو کہ خدا کی خدائی کا اقرار نامہ ہے یعنی اللہ کے حکم پر جان دینے کے علاوہ درحقیقت ہمارا کوئی بھی مشغلہ نہیں ہو گا ۔

۲. کلمہ کے لفظوں کی تصحیح کرنے کے بعد نماز کے اندر کی چیزوں کی تصحیح کرنے اور نمازوں کو حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نماز جیسی نماز بنانے کی کوشش میں لگے رہنا۔

۳. تین وقتوں کو (صبح وشام اور کچھ حصہ شب کا) اپنی حیثیت کے مناسب تحصیل علم و ذکر میں مشغول رکھنا۔

۴. ان چیزوں کو پھیلانے کے لئے اصل فریضۂ محمدی سمجھکر نکلنا یعنی ملک بہ ملک رواج دینا۔

۵. اس پھرنے میں خُلق کی مشق کرنے کی نیت رکھنا، اپنے فرائض (خواہ خالق کے ساتھ متعلق ہوں یا خلق کے ساتھ) کی ادائیگی کی سرگرمی، کیونکہ ہر شخص سے اپنے ہی متعلق سوال ہوگا

۶. تصحیح نیت یعنی ہر عمل کے بارہ میں اللہ نے جو وعدے وعید فرمائے ہیں ان کے موافق اس امر کی تعمیل کے ذریعہ اللہ کی رضا اور موت کے بعد والی زندگی کی درستی کی کوشش کرنا۔"

اس زمانہ کا ایک بڑا فتنہ جو ہزاروں خرابیوں اور فسادات کا سرچشمہ ہے اور جس نے ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کی خوبیوں سے محروم اور اسلام کو مسلمانوں کی مجموعی خوبیوں اور کمالات سے بہت کچھ محروم کر دیا ہے مسلمان کی تحقیر ہے، ہر مسلمان نے گویا ایک کلیہ کے طور پر طے کر رکھا ہے کہ اس کی ذات مجموعۂ محاسن اور دوسرے مسلمان کی ذات مجموعۂ معائب ہے اس لئے وہ خود لائقِ تسلیم و تعظیم اور دوسرا لائقِ تنقید و تحقیر ہے، یہ ذہنیت یا طرزِ عمل ان تمام فتنوں کا اصلی

سبب ہے جو مسلمانوں کی اجتماعی اور مذہبی زندگی میں رونما ہوئے اور جن سے آج مسلمان پریشان ہیں۔

یہ خدا کی بڑی توفیق اور دستگیری تھی کہ اُس نے اس بارہ میں مولانا کو خاص توفیق بخشی، انھوں نے اکرامِ مسلم کو اپنی تحریک کے اصول و ارکان میں خاص جگہ دی۔ اس تحریک کی نوعیت اور ساخت ایسی ہے ہر قسم کے مسلمانوں سے اس سلسلہ میں اتنا سابقہ اور معاملہ پڑتا ہے اور اتنے دشوار مرحلے پیش آتے ہیں کہ اگر اس اصول کی پابندی نہ ہو اور اس کے مطابق ذہنی اور اخلاقی تربیت نہ ہوئی ہو تو ہزاروں فتنے اس سے اٹھ سکتے ہیں اور خود مولانا کے قول کے مطابق جو فتنے صدیوں میں آتے اس تحریک کو بے اصولی کے ساتھ لیکر کھڑے ہونے اور خلافِ اصول کام کرنے سے ہفتوں اور دنوں میں پیش آجائیں گے۔

مولاناؒ نے اس ترتیب کو کہ "اپنی ذات کو آدمی مجموعۂ محاسن، اور دوسرے کی ذات کو مجموعۂ معائب سمجھے" (جس کا اس زمانہ میں رواج ہے) اس طرح بدل دیا ہے کہ "اپنے عیوب اور کوتاہیوں پر نظر رکھے اور دوسرے کے محاسن اور ہنر پر، اس کے ان محاسن سے منتفع ہونے کی کوشش کرے اس کے عیوب اگر کچھ نظر آئیں تو ان کی پردہ پوشی کرے اور اسکے محاسن کو ان عیوب پر غالب اور فتح مند کرنے کی کوشش کرے"۔ یہ تمام فتنوں کا سدِ باب اور تمام امراض کا علاج ہے۔ اپنے ایک گرامی نامہ میں ایک مرتبہ تحریر فرمایا۔

"کوئی شخص اور کوئی مسلم ہرگز ایسا نہیں کہ کچھ خوبیاں اور کچھ

خرابیوں سے خالی ہو، ہر شخص میں یقیناً کچھ خوبیاں اور کچھ خرابیاں
ہوتی ہیں، اگر خرابیوں کے ساتھ نظر اندازی اور ستر (پردہ پوشی)
کا اور خوبیوں کی پسندیدگی اور ان کے اکرام کا ہم مسلمانوں میں
رواج ہو جائے تو بہت سے فتنے اور بہت سی خرابیاں اپنے
آپ دنیا سے اُٹھ جائیں اور ہزاروں خوبیوں کی اپنے آپ بنیاد
پڑ جاوے۔ مگر دستور اس کے خلاف ہے۔"

مولانا رحؒ نے نظری طور پر نہیں بلکہ عملی طور پر اور سب سے پہلے اپنے عمل سے میواتیوں اور تبلیغی کارکنوں کے دل میں کلمہ کی اتنی توقیر اور کلمہ گو کا ایسا احترام بٹھا دیا کہ اکرام مسلم ان کی زندگی کا جزو اور ان کی طبیعت بن گیا۔ مولانا نے ان کو اس کا عادی بنا دیا کہ ہر فاسق و فاجر مسلمان سے معاملہ کرتے وقت اور عین تبلیغ کے موقع پر ایمان کی اس چنگاری پر نظر رکھیں جو ہر مسلمان کے دل کی خاکستر میں دبی ہوئی ہے اور اس کو مشتعل کرنے کی کوشش کریں، اس کے اُمتی ہونے کی اس نسبت کا لحاظ کریں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قائم ہے۔

مولانا رحؒ نے گویا ان کو وہ خوردبین عطا کر دی جس سے وہ ذرۂ ایمان کو بھی بڑی جسامت کے ساتھ دیکھ سکیں۔

اس رکن کے اضافہ سے یہ تحریک بہت سے فتنوں اور ان شرور و آفات سے محفوظ ہو گئی جو حریف برادریوں میں پھرنے۔ اور نئے نئے شہروں اور مجمعوں میں جانے اور اپنی بات پیش کرنے سے پیش آسکتی تھیں۔

ذکر کی پابندی، علم میں اشتغال، لایعنی و بیکار باتوں سے اجتناب امیر کی اطاعت اور جماعتی نظام کے ساتھ اس کام کو کرنے کی تاکید نے ان دوسرے فتنوں اور خرابیوں سے محفوظ کر دیا جو ان شرائط و اوصاف کے بغیر دوسروں کی "اصلاح و تادیب" اور "ارشاد و تبلیغ" کا کام کرنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔

دینی کاموں کے لئے زمین ہموار کرنیکی ضرورت

مولانا کے نزدیک زمینِ مذہب، ایمان اور اصولِ دین ہیں اور ان کی تبلیغ اور ان کو مسلمانوں میں پیدا کرنے کے لئے نقل و حرکت ملک بہ ملک پھرنا اور ان کو عمومی رواج دینے کے لئے جد و جہد (جس کا طریق کار اوپر بیان ہوا) زمین ہموار کرنے اور اس کو سیراب کرنے کے مرادف ہے۔ باقی دینی ادارے، دین کے شعبے اور مسلمانوں کی دینی زندگی کے دوسرے مظاہر و مناظر یہ سب باغات کا حکم رکھتے ہیں جو اس زمین پر لگائے جا سکتے ہیں۔ اور اس زمین کی زرخیزی و شادابی اور خدمت و جد و جہد کے بقدر سرسبز اور بار آور ہوں گے۔ اس لئے پہلی اور سب سے بڑی ضرورت زمین ہموار اور تیار کرنے کی ہے۔

مولانا نے میوات کے چند دین داروں کے نام ایک خط تحریر فرمایا تھا جس میں اس حقیقت کی وضاحت فرمائی تھی۔

"دین کے ادارے اور جتنے بھی ضرورت کے امور ہیں ان سب (دینی امور) کے لئے تبلیغ (صحیح اصول کے ساتھ ملک بہ ملک پھرتے ہوئے کوشش کرنا) بمنزلہ زمین ہموار

کرنے کے ہے اور بمنزلہ بارش کے ہے اور دیگر جتنے بھی امور ہیں وہ اس زمینِ مذہب کے اوپر بمنزلہ باغات کی پرورش کرنے کے ہیں، باغات کے ہزاروں اقسام ہیں کوئی کھجوروں کا ہے کوئی اناروں کا ہے، کوئی سیبوں کا، کسی میں کیلے ہیں اور کوئی پھلواریوں کا باغ ہے۔ باغ ہزاروں چیزوں کے ہو سکتے ہیں لیکن کوئی باغ دو چیزوں کے اندر پوری پوری کوشش کرنے کے بغیر نہیں ہو سکتا، پہلی چیز زمین کا ہموار اور درست ہونا۔ زمین کے ہموار کرنے میں کوشش کے بغیر یا زمین میں کوشش کرکے خود ان باغات کی مستقل پرورش کئے بغیر کسی طرح باغات پرورش نہیں پا سکتے، سو دین میں تبلیغی امور کی کوشش یہ تو زمینِ مذہب ہے اور سب ادارے باغ ہیں اب تک زمینِ مذہب ایسی ناہموار اور ہر طرح کی پیداوار اور باغات سے اس قدر نامناسب واقع ہو رہی ہے کہ کوئی باغ اس پر نہیں لگتا۔"

مولانا کے نزدیک اس زمین کی درستی اور اس بنیاد کے استحکام سے پہلے کسی بعد کی چیز میں مشغول ہو جانا اور اس میں اپنی قوت و ہمت کو صرف کرنا اور اس سے اچھے نتائج کی امید کرنا غلطی تھی۔

ایک گرامی نامہ میں اپنے اس خیال کو اس طرح ظاہر فرماتے ہیں:-

"جس قوم کی پستی کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کے لفظوں سے بھی

گر چکی ہو وہ ابتدا سے درستی کیے بغیر انتہائی کی درستی کے
کب قابل ہو سکتی ہے، انتہا ابتدا کے درست ہوئے بغیر
نہیں ہو سکتی اس لیے میں نے درمیانی اور انتہائی خیالات
بالکل نکال دیئے، ابتدا درست ہو کر راستہ پر پڑ جائیں گے تو
انتہا پر خود بھی پہونچ جائیں گے اور ابتدا کے بگڑے ہوئے
انتہا کی درستی کا خیال ہوس اور بوالہوسی کے سوا کچھ نہیں۔"

ایک زمانہ میں میوات میں بعض اختلافی مسائل پر مناظروں کا سلسلہ
شروع ہوا۔ اور لوگ بڑے ذوق وشوق سے ان کی طرف متوجہ ہوئے۔
اس موقعہ پر مولانا نے اہلِ میوات کو ایک خط لکھا جس میں ہدایت فرمائی:۔

"تمام ملک کی جامع مسجدوں اور مجمعوں میں اس مضمون
کی اشاعت کا اہتمام کر لیا جائے کہ جو قوم کلمۂ طیبہ اور نماز کے
اندر کی چیزوں کی تصحیح اور کلمۂ شہادت کے مضمون پر اب تک
پوری طرح سے مطلع نہ ہوئی ہو جو اسلام کی بنیادی چیز ہے تو
بنیادی چیز کو چھوڑ کر اوپر کی چیز میں مشغول ہونا سخت غلطی ہے
اوپر کی چیز بغیر بنیادی چیز کے صحیح ہوئے درست نہیں ہوا کرتی[1]

تحریک ایمان اسی بنا پر آپ اپنی اس دعوت و تبلیغ کو (جو مسلمانوں میں ایمان
پیدا کرنے اور اصولِ دین کا رواج دینے کے لیے تھی) "تحریکِ ایمان" سے
موسوم کرتے تھے۔ اور مذہب کے بقا کے لیے اس کو ایسا ضروری سمجھتے تھے

---

[1] مکتوب بنام جناب حکیم رشید احمد و مولوی نور محمد صاحبان۔

کہ اس کے لئے ہر قربانی اور ہر طرح کی قدر دانی کو صحیح سمجھتے تھے۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"ہماری یہ تحریکِ ایمان جس کی حقانیت کو اہل جہان تسلیم کر چکے ہیں اس کے عمل میں آنے کی صورت بجز اس کے کہ ہر آدمی لاکھ جان کے ساتھ قربان ہونے کو تیار ہو اور کوئی ذہن میں نہیں آتی"۔ لہ

"وہ مضمون یعنی مضمون تبلیغ بعنوان دیگر اس خاص طریق کے ساتھ اشاعتِ اسلام کے لئے جہاد فی سبیل اللہ کا ایک ضروری ولازمی فریضہ ہے جس کی طرف مسلمانوں کو توجہ کرنی فرض اور لازمی ہے اور جو بے شک وشبہ دیگر طرقِ مروجہ کی نسبت اصلی طریقۂ نبوی کے زیادہ اشبہ واقرب ہے"۔ ٢ه

غافلوں اور بے طلبوں کو دعوت اور یہی سمجھتے ہوئے کہ ایمان اور اصولِ دین سے وابستگی ہی زمین مذہب ہے جس پر اس کے سارے باغات، اور عمارتوں کا دار ومدار ہے اور دین کی طلب وقدر ہی وہ پونجی، اور راس المال ہے جو تمام منافع اور ترقیوں کی اصل ہے، آپ نے اپنی توجہ دین کے تمام بعد کے شعبوں اور تکمیلی کاموں سے ہٹا کر بالآخر اسی بنیادی اور اصلی کام پر مرکوز کرلی، اور اسمیں کامل یکسوئی پیدا کرلی آپ کو ان شعبوں کے سراسر خیر اور حق ہونے میں ذرہ برابر کلام نہیں تھا اور ان کی خدمت کرنے والوں کی دل میں بڑی قدر اور عظمت تھی

لہ مکتوب بنام مولوی سلیمان صاحب، میواتی۔ ٢ه مکتوب دیگر۔

اور اُن کے لئے دعا گو رہا کرتے تھے۔ لیکن تجربہ کے بعد اپنے متعلق طے کر چکے تھے کہ اب صرف اسی کام سے اشتغال رکھیں گے اور بقول خود اپنے سرمایۂ درد، سرمایۂ فکر اور خدا کی دی ہوئی قوت کو اس کے سوا کہیں اور صرف نہیں کریں گے۔

آخری مرض ہی میں ایک روز مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری سے آپ نے فرمایا:۔

"شاہ صاحب! میں نے شروع میں مدرسہ پڑھایا (یعنی مدرسہ میں درس دیا)، تو طلبہ کا ہجوم ہوا اور اچھے اچھے صاحبِ استعداد طلبہ کثرت سے آنے لگے، میں نے سوچا کہ ان کیساتھ میری محنت کا نتیجہ اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ جو لوگ عالم مولوی بننے ہی کے لئے مدرسہ میں آتے ہیں، مجھ سے پڑھنے کے بعد بھی وہ عالم مولوی ہی بن جائیں گے اور پھر ان کے مشاغل وہی ہوں گے جو آج کل عام طور سے اختیار کئے جاتے ہیں کوئی طب پڑھ کر مطب کرے گا، کوئی یونیورسٹی کا امتحان دیکر اسکول کالج میں نوکری کرے گا، کوئی مدرسہ میں بیٹھ کر پڑھاتا ہی رہے گا اس سے زیادہ اور کچھ نہ ہوگا۔ یہ سوچ کر مدرسہ میں پڑھانے سے میرا دل ہٹ گیا۔

اس کے بعد ایک وقت آیا جب کہ میرے حضرت نے مجھ کو اجازت دیدی تھی تو میں نے طالبین کو ذکر کی تلقین

شروع کی اور ادھر میری توجہ زیادہ ہوئی۔ اللہ کا کرنا آنیوالوں پر اتنی جلدی کیفیات اور احوال کا ورود شروع ہوا اور اتنی تیزی کے ساتھ حالات میں ترقی ہوئی کہ خود مجھے حیرت ہوئی اور میں سوچنے لگا کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور اس کام میں لگے رہنے کا نتیجہ کیا نکلے گا، زیادہ سے زیادہ یہی کہ کچھ اصحابِ احوال اور ذاکر شاغل لوگ پیدا ہو جائیں۔ پھر لوگوں میں انکی شہرت ہو جائے تو کوئی مقدمہ جیتنے کی دعا کے لئے آئے، کوئی اولاد کے لئے تعویذ کی درخواست کرے، کوئی تجارت اور کاروبار میں ترقی کی دعا کرائے۔ اور زیادہ سے زیادہ ان کے ذریعہ بھی آگے کو چند طالبین میں ذکر و تلقین کا سلسلہ چلے یہ سوچکر اُدھر سے بھی میری توجہ ہٹ گئی اور میں نے یہ طے کیا کہ اللہ نے ظاہر و باطن کی جو قوتیں بخشی ہیں ان کا صحیح مصرف یہی ہے کہ ان کو اسی کام میں لگایا جائے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوتیں صرف فرمائیں، اور وہ کام ہے اللہ کے بندوں کو اور خاص طور سے غافلوں بے طلبوں کو اللہ کی طرف لانا اور اللہ کی باتوں کو فروغ دینے کے لئے جان کو بے قیمت کرنے کا رواج دینا، بس ہماری تحریک یہی ہے اور یہی ہم سب سے کہتے ہیں۔ یہ کام اگر ہونے لگے تو اب سے ہزاروں گنے زیادہ مدرسے اور ہزاروں گنی ہی

زیادہ خانقاہیں قائم ہو جائیں۔ بلکہ ہر مسلمان مجسم مدرسہ اور خانقاہ ہو جائے اور حضورؐ کی لائی ہوئی نعمت اس عمومی انداز سے بٹنے لگے جو اس کے شایانِ شان ہے [1]

آخر دور میں کبھی کبھی حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا یہ مقولہ نقل کرتے تھے جو امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے مکتوبات میں نقل کیا ہے:۔

اگر من شیخی کنم ہیچ شیخ درعالم	اگر میں پیری مریدی کروں تو کسی پیر کو
مرید نیابد اما مرا کارِ دیگر فرمودہ اند	دنیا میں مرید نہ ملے لیکن میرے سپرد
وآں ترویج شریعت وتائید	ایک دوسرا ہی کام ہے اور وہ شریعت
وملت است ۔	کو رواج دینا اور دین کو قوت بخشنا ہے ۔

مجدد صاحب اس کی تفصیل فرماتے ہیں:۔

لاجرم بصحبت سلاطین می رفتند	چنانچہ آپ بادشاہوں کی صحبت میں
وبتصرف خود ایشاں را منقاد	تشریف لے جاتے اور اپنے اثر سے
می ساختند وبتوسل ایشاں	اُن کو مُطیع بناتے اور اُن کے ذریعہ
ترویج شریعت می فرمودند	شریعت کو رواج دیتے ۔
(مکتوب شصت وپنجم)	(مکتوب ۶۵)

مولانا نے اپنے کو اس کام کے لئے اتنا یکسو کر لیا کہ اگر کسی نے کسی اور بات کی فرمائش کی یا مشغول کرنا چاہا تو معذرت کی، ایک دوست کو

---

[1] رسالہ الفرقان ماہ رجب وشعبان ۱۳۶۳ھ ۔

جنہوں نے تعویذ کی فرمائش کی تھی تحریر فرمایا:۔

"بھائی، اللہ تمہیں خوش رکھے، میں تعویذ گنڈے جھاڑ پھونک نہیں جانتا، میں نے نہیں سیکھے، مجھ سے اگر مذہب پر مضبوط ہونے کے واسطے تبلیغ سیکھو تو سب سے زیادہ مفید ہے۔ دنیا کی زندگی کو سہل کردے اور مرنے کے بعد کی زندگی کو تر و تازہ رکھے۔ تبلیغ میں مشغول رہنا چاہتا ہوں۔ جانتا یہ بھی نہیں۔

ایک دوسرے خط میں ایک دوسرے طالب کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"تعویذ گنڈہ کچھ نہیں جانتا، میرے یہاں ہر درد کا مرہم تبلیغ ہے، دین کے فروغ سے اللہ راضی ہوتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو روضۂ اقدس میں ٹھنڈک ہوگی تو اللہ ہر چیز کو خود بخود درست فرمائیں گے۔"

ایک تیسرے خط میں لکھتے ہیں:۔

"میرے دوست! نہ میں عامل ہوں نہ میں تعویذوں سے واقف ہوں نہ میں گنڈوں سے آشنا ہوں، ایک مسجد میں پڑا ہوا ناواقف آدمی ہوں، اللہ کے فضل سے اور اس کی رحمت سے اور اس کے کرم نے مرنے کے بعد کی زندگی درست کرنیکی کوشش کرنے والا ہوں، اللہ تعالیٰ مجھے بھی اس مخلوق میں شامل کردیں جو حضورؐ جیسی نعمتِ عظمیٰ سے فائدہ اٹھاوے بس اسی چیز

میں لگا رہتا ہوں۔ اگر آپ کو یا آپ کے دوستوں کو اس چیز کی ضرورت ہو تو آپ توجہ کریں، شاید کوئی بات ہاتھ لگ جائے اور پلّے پڑ جائے۔"

دین کی جڑ کی طرف توجہ کرنیکی ضرورت

آپ نے اس چیز کو اچھی طرح پالیا تھا کہ دین کی جڑ کے خشک ہونے کی وجہ سے اس کی شاخیں اور پتیاں مرجھائی جا رہی ہیں ارکان و فرائضِ دین کے اضمحلال کی وجہ سے نوافل، طاعات کی رونق و تازگی و شادابی رخصت ہو رہی ہے، اعمال کی نورانیت و مقبولیت کم ہو رہی ہے، دعاؤں اور اذکار و وظائف کی طاقت و تاثیر اٹھتی جا رہی ہے، اس حقیقت کا اظہار اس طرح فرماتے ہیں:۔

"میرے حضرت! یہ وظیفہ و ظائف اور یہ اللہ کی بارگاہ میں دعائیں اور دین کی لائن کی ہر چیز درحقیقت ایمان کی پگڈنڈیاں اور اس کے پھول پتے ہیں جو نسا درخت اپنی جڑ سے سوکھ چکا ہو، اس کے پھول پتوں میں شادابی کہاں سے ہو سکتی ہے، اس واسطے اس بندۂ ناچیز کے نزدیک اس زمانہ میں نہ دعا کارگر ہے نہ کوئی عمل نہ وظیفہ یارآور ہے اور نہ کسی کی توجہ اور ہمت کارآمد ہے، حدیث شریف میں ہے کہ جس وقت دین کے فروغ کی کوشش ترک ہو چکی ہو گی جس کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کہتے ہیں اس وقت دعاؤں میں راتیں رو کر گزارنے والوں کی دعا مقبول نہیں ہونے کی، ابواب رحمت

بند ہو چکے ہوں گے۔ ابوابِ رحمت کھلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی، مسلم کا فروغ، اسلام کے فروغ کی کوشش میں لگنے کے اندر کے علاوہ ہرگز متصور نہیں، حق عزوجل نے مومن کے ساتھ رحمت کے ساتھ توجہ کرنے اور کرم و الطاف کے ساتھ برتاؤ کرنے کا ارادہ صرف اسی وقت فرما رکھا ہے کہ جب وہ اسلام کے فروغ میں ہو، اسلام کے فروغ میں اپنی سعی مصروف کر رہا ہو۔"

دین کے اس روز افزوں انحطاط، ہندوستان میں اسلام کے زوال، عقائد و ارکانِ دین کے ضعف و اضمحلال اور مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی لادینیت اور مادہ پرستی نے مولانا کی حساس اور غیور طبیعت پر ایسا اثر کیا کہ ساری عمر وہ اس درد سے بے چین رہے، آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مبارک کو امت کی اس حالت سے جو اذیت پہونچ رہی ہے اس کو مولانا گویا حسّی طور پر اپنے قلب میں محسوس کرتے تھے اور اس کی وجہ سے ایک نہ مٹنے والی بے کلی اور خلش رہتی تھی۔

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :۔

"میں جناب محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح پاک کو اپنی اس اسکیم کے زندہ ہوئے بغیر بےچین پا رہا ہوں اور اس وقت دنیا میں مذہب کی تازگی اور تمام دنیا کی اسلامی مخلوق کی بلاؤں اور آفات کا دفعیہ مجھے کھلی آنکھوں اپنی اس تحریک کی تازگی میں منحصر نظر آرہا ہے اور کچھ اللہ جل جلالہ عم نوالہ کی طرف سے اسکی

نصرت اور تائید کی کھلی آیات نظر آرہی ہیں اور امیدیں بہت اچھی کامیابی کی سرسبزیوں سے شاداب ہیں، میں اس امر میں مبادرت و مسابقت کرنے والوں کے لئے خوش نصیبی اور سعادت کا بہت ہی بڑا حصہ نمایاں دیکھ رہا ہوں، لیکن کھلی رغبت کے ساتھ مبادرت و مسابقت کرنے والے بہت ہی کم ہیں۔"

دین کے درد کو مولانا ہر مسلمان کے لئے نہایت ضروری سمجھتے تھے، دین کے فروغ سے غفلت اور خالص دنیاوی انہماک سے ان کے نزدیک اللہ سے بُعد اور آخرت کی روسیاہی اور شرمندگی کا قوی خطرہ تھا دوستوں کو خط میں لکھتے تھے:۔

"اس بات کا ضرور یقین کرنا چاہیئے کہ جو شخص اسلام کے مٹنے کا درد لئے ہوئے بغیر مرے گا، اس کی موت بدترین موت ہے، مذہب کے فروغ سے غفلت والا اور اپنی ہی لذّت اور دنیاوی زندگی میں مست رہنے والا قیامت کے دن روسیاہ اٹھے گا۔

میرے دستو! دین کی کوشش میں لگا ہوا شخص مرنیکے وقت تروتازہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سُرخ روئی سے منہ کرسکے گا۔ اور محمدی دین سے غفلت میں مرنیوالا روسیاہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے منہ نہ کرنے کے قابل اور بری موت مریگا۔ دین کے اندر کی کوشش حضور صلی اللہ علیہ وسلم

کے درد کا مرہم ہے۔ اتنی بڑی ہستی کے مرہم کا فکر نہ کرنا بڑی جہالت اور سخت بڑی بات ہے۔"

اور دین کے فروغ اور اعلاء کلمۃ اللہ کی کوشش اور اس کے لئے مناسب چیزوں میں حصہ لینے سے مولانا کو قیامت میں بڑی بڑی توقعات تھیں اور بڑے بڑے منظر ان کو دکھائی دیتے تھے، میوات کے ایک جلسہ کے موقع پر تحریر فرماتے ہیں:۔

جلسہ کی کامیابی کی کوشش کرنے والوں کو مژدہ سنادو کہ انشاء اللہ ثم انشاء اللہ جب کہ باہمی جدال کے منظر کو اعلاء کلمۃ اللہ کی مجلس سے بدلنے کی کوشش کی ہے تو انشاء اللہ قیامت کے دن اس بڑے مجمع میں جس میں اولین وآخرین جن وانس اور سب مخلوق، انبیاء وملائکہ کی جماعتیں ہوں گی تو یہ کارنامہ انشاء اللہ برسر منبر مذکور ہوگا، اللہ اس دن کی نیک نامی کیلئے ہمیں جانوں کا دینا اور مرمٹنا نصیب فرمادیں۔"

سیاست سے پہلے دعوت مولانا دین کے تمام کاموں میں ایمان اور مذہب کے اصول وارکان کے لئے جد وجہد اور تبلیغ ودعوت کو مقدم رکھتے تھے اور ان کے نزدیک انھیں چیزوں سے پورے دین کے اخذ کرنے اور پوری شریعت پر عمل کرنے کی قابلیت وقوت ابھرتی ہے اسی طرح عبادات کی درستی اور کمال سے اخلاق اور معاملات ومعاشرت کی درستی اور حکومت کی قابلیت پیدا ہوتی ہے اور دین کی دعوت کی کامیابی اور اس میں پوری

جدوجہد سے سیاست کی قابلیت ابھرتی ہے، جس سیاست کی بنیاد دعوت پر نہیں ہے وہ سیاست بے بنیاد اور متزلزل عمارت ہے۔

سیاست سے یہاں ہماری مراد کسی کام کو قوت اور اقتدار سے اور کسی ضابطہ اور نظام کے ذریعہ کرانا ہے اور دعوت سے مراد محض تشویق وترغیب اور کسی چیز کے منافع اور فضائل بتا کر اس پر شوق سے آمادہ کرنا ہے۔

مولانا کا ایک مستقل نظریہ بلکہ اسلامی تاریخ کا مولانا کے ذہن میں ایک خلاصہ تھا کہ امت سے صدیوں سے سیاست کی قوت واہلیت سلب ہوچکی ہے، اب مدتوں پورے صبر وضبط کے ساتھ دعوت کے اصول پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد مسلمانوں میں نظم واطاعت کی قابلیت، اپنے نفس کے خواہشات اور اپنے مصالح ومنافع کے برخلاف کسی ضابطہ اور قانون کی پابندی میں کام کرنے کی قوت پیدا ہوگی، سیاست کی تھوڑی سی مقدار کے لئے دعوت کی بہت بڑی مقدار چاہیئے، دعوت میں جسقدر کمزوری ہوگی اور جس قدر اس مرحلہ میں عجلت وتیز رفتاری سے کام لیا جائے گا سیاست میں اسی قدر خامی، جھول اور بھراؤ ہوگا۔ یا تو وہ سیاست وجود میں آسکے گی یا وجود میں آنے کے بعد اس کی عمارت زمین پر آرہے گی۔

واقعہ بھی یہی ہے، خلافت راشدہ کی قوت امر ونظم اور مسلمانوں کا ضبط ونظام اور تعمیل حکم کی قوت نتیجہ تھی اس طویل دعوت کا جو نبوت کے پہلے سال سے شروع ہوکر خلافت راشدہ تک قائم رہی اور بعد کا ضعف اور جماعتی زوال نتیجہ تھا دعوت سے اس تغافل کا جو خلافت بنی امیہ اور بنی عباس

میں پیدا ہو گیا تھا۔

مولانا، حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا ایک فقرہ اکثر دہراتے تھے جو آپ نے حضرت حسین رضؓ سے بطریق وصیت فرمایا تھا کہ اب اس امت کا کام بطریق دعوت ہو گا۔

مولانا نے کسی ایسی جماعت میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا جس کا کام محض ضابطہ و سیاست اور افسری و ماتحتی کے اصول سے ہو اور آپ کے نزدیک موجودہ اختلافات، انتشار اور خرابیوں کا سبب ہی یہ تھا کہ دعوت سے پہلے سیاست شروع کر دی گئی ہے اور دینی کام کو مغربی سیاست و تنظیم کے طریق سے کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اصلاح کے لئے ماحول اور فضا کی تبدیلی ضروری ہے

مولانا نے جس مبارک ماحول میں ابھی تک پرورش پائی تھی وہاں کی دینی غیرت و حمیت، عشق سنت اور جذبۂ حفاظت شریعت اس کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ کسی منکر کو زندہ رہنے کی فرصت دی جائے اور کسی چھوٹے سے چھوٹے معروف کی ترویج میں بھی انتظار و تاخیر سے کام لیا جائے، اور حق یہ ہے کہ اسی دینی تصلب اور استقامت ہی کا نتیجہ ہے کہ اس دینی حلقہ کے اندر بیسیوں معروفات کا رواج ہو گیا۔ بیسیوں منکرات دب گئے اور متعدد مردہ سنتیں ان حضرات کی جد و جہد اور قربانیوں سے زندہ ہو گئیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنِ الْإِسْلَامِ خَيْرَ الْجَزَاءِ

یہ حمیت دینی اور یہ عشق سنت مولانا کے خمیر میں تھا اور اس ماحول میں اس کی مزید پرورش اور استحکام ہوا۔

مگر اس ماحول سے بالکل مختلف اللہ تعالیٰ نے مولانا کی بصیرت پر یہ نکتہ منکشف فرمایا کہ منکرات کے مٹانے کا یہ طریقہ نہیں کہ ایک ایک منکر کے مٹانے کے درپے ہوا جائے، ایک منکر کے مٹانے کے لئے بعض اوقات عمریں گذرجاتی ہیں اور وہ پھر بھی نہیں مٹتا، اگر وہ مٹ بھی جاتا ہے تو صرف ایک مقامی اصلاح ہوتی ہے اور بعض اوقات ایک دوسرا منکر پیدا ہو جاتا ہے، دنیا میں اس وقت صدہا منکرات ہیں۔ عمریں ختم ہو جائیں تو بھی وہ سب نہیں مٹ سکتے۔

مولانا کے نزدیک صحیح طریقہ یہ تھا کہ ان منکرات سے بحالاتِ موجودہ براہِ راست تعرض نہ کیا جائے بلکہ ایمانی شعور اور دینی احساس کو بیدار کیا جائے اور معروفات کی تکثیر و ترویج کی جائے۔

مولانا مقامی و جزئی اصلاح کے قائل نہ تھے، وہ فرماتے تھے کہ دُور سے فضا بدلتے ہوئے اور معروفات پھیلاتے ہوئے آؤ، یہ منکرات آپ اپنی جگہ پر بغیر کسی جھگڑے کے مضمحل ہو جائیں گے۔ معروفات کو جتنا فروغ ہوگا، منکرات کو زوال ہوگا۔

ایک سلیم الفطرت میواتی[1] نے جو مولانا کے خاص تربیت یافتہ ہیں مجھ سے کہا کہ ایک دن میں چھڑ کا ؤ کر رہا تھا، سب طرف چھڑکاؤ کیا اور جہاں کھڑا تھا وہ جگہ خشک رہ گئی، سب طرف سے ٹھنڈی ہوائیں آئیں تو وہ جگہ خود بخود ٹھنڈی ہو گئی۔ اس وقت یہ نکتہ میری سمجھ میں آیا کہ اگر میں نے اس جگہ

---

[1] میاں جی داؤد۔

چھڑکاؤ کیا ہوتا اور اس کے گرد و پیش خشک رہتا تو وہ جگہ بھی ٹھنڈی نہ ہوتی اس وقت مولانا کا یہ اصول پورے طور پر سمجھ میں آیا۔

ایک گاؤں میں جہاں دین کے اثرات نہیں تھے، دین کے اثرات اور دین کی دعوت قبول کرنے کی صلاحیت پیدا ہونے کے لئے اسی طریقہ کے اختیار کرنے کی ایک خط میں ہدایت فرماتے ہیں:۔

"ان کو براہِ راست خطاب کرنا جبکہ خطاب کی ناقدری شروع کر دی ہے، ٹھیک نہیں، اس کے پاس دو دو چار چار کوس کے جو جو گاؤں ہیں ان سب جگہوں کے میانجی صاحبان اور ٹھونڈوں (سربرآوردہ لوگوں) کے حالات تحقیق کر کے انکو جماعتیں بیجانے کی تاکید کریں اور اس عمومی کوشش سے انداز دیکھتے رہو، اس طرح ان کے اندر صلاحیت پیدا ہو جاوے گی اور پھر خطاب مفید ہوگا ورنہ پہلے سے بھی زیادہ خطرہ ہے۔

ہمیشہ آدمی ماحول کا اثر لیا کرتا ہے۔ یہ ہماری تبلیغ کا خلاصہ ہے۔ عام ہوا کا اور اپنے ماحول کا ہمیشہ آدمی اثر لیا کرتا ہے، اپنے ماحول کے خلاف جما دینا بڑا مشکل ہے، اس لئے زیادہ تر کوشش عام ہوا کے بدلنے میں رکھنی چاہیئے۔" [1]

مولانا اصل دین کی کوشش اور دین کے متفق علیہ اجزار کی اشاعت و ترویج کو اس زمانہ کے تمام فتنوں اور امراض کا علاج، سنتوں کے فروغ اور

---

[1] بنام میاں محمد عیسٰی صاحب (فیروز پور نمک)

ہر دینی خیر و برکت کے پھیلنے کا سبب سمجھتے تھے آپ کے نزدیک صحیح ترتیب یہ تھی کہ مسلمانوں کی پوری زندگی کو ایمان اور دین کے سایہ کے نیچے لانیکی کوشش کی جائے۔ اسی سے اس کی زندگی کی چول بیٹھے گی،

ایک دوست کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"ہمت کو اصل دین کے لئے بلند رکھو، ہمت کو پست کرو۔ حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک اس قدر سرسبز ہو گی کہ خیال و گمان وہاں تک نہیں پہنچ سکتا اور اللہ چاہے ایسی کھلی ترقی دیکھو گے کہ کوئی طاقت اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔"

ایک دوسرے گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"میرے دوستو اس میں کوشش کرنے سے سیکڑوں حضورؐ کی سنتیں زندہ ہوں گی اور ہر ہر سنت پر سو شہیدوں کا ثواب ملے گا تم تو دیکھو کہ ایک شہید کا کتنا بڑا رتبہ ہے۔"

ایک دوست کو جو غالباً مسلمانِ اہلِ حرفہ واہلِ صنعت کی دینی اصلاح و ترقی کے خواہشمند تھے۔ تحریر فرمایا۔

"اس بندۂ ناچیز کی نظر کے اندر وہ تبلیغ جسکے لئے آپ کو بھی بلایا تھا اور خود بھی کوشاں ہے اس کا منتہا دنیا کے مسلمانوں میں صنعت و حرفت، زراعت و تجارت کو شریعت کے ماتحت اور شریعت کے مطابق کرنا ہے، تبلیغ کی ابجد اور الف با تا

عبادات سے ہے اور عبادات کے کمال کے بغیر ہرگز معاشرت اور معاملات تک اسلامی امور کی پابندی نہیں پہونچ سکتی سو مخلصین کی صحیح اسکیم یہ ہونی چاہیے کہ تبلیغ کی ابجد الف، با، تا یعنی عبادات کو دنیا میں پھیلانے ہی اسکیم شروع کرکے اس کے منتہا پر پہونچانے کی کوشش میں لگ جائیں۔ معاملات و معاشرت اور باہمی اخلاق کی اصلاح و درستی کے ذریعہ سیاستِ تامہ تک رسائی ہوگی، اس کے سوا کسی جزئیات میں پڑ جانا، اپنے سرمایہ درد کو شیطان کے حوالہ کر دینے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے ؎

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی
کیں راہ کہ می روی بترکستان است

ذکر و تعلّم کا عمومی طریق اس تحریک کے اصول و ارکان میں ذکر و علم کے لفظ بار بار آئے ہیں، مولانا مسلمانوں کو اُن کی عام دعوت دیتے تھے، لیکن مولانا کی تحقیق و اصطلاح میں ذکر و علم کے خاص معنی ہیں، اس لئے ان کی مستقل تشریح کی ضرورت ہے کہ مولانا کی اصلاحی و تجدیدی دعوت کا یہ بہت اہم شعبہ ہے۔

سارے ہندوستان اور پورے عالم اسلام میں مدّت سے ذکر و تعلّم کی دو خاص اصطلاحیں اور ان کے دو اصطلاحی طریقے رائج ہیں، ذکر کے لئے مقرر اوراد و وظائف اور علم کے لئے کتابوں اور مدارس کا ایک مخصوص نظام ہے جس میں متعدد سال صرف کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ذکر و حصول علم کو رفتہ رفتہ ان دونوں دائروں میں اس طرح محدود کر دیا گیا کہ ان دونوں طریق

نظام کے بغیر ذکر و علم کا حصول مستبعد اور تقریباً خارقِ عادت سمجھا جانے لگا۔

مولانا کی دعوت و تحریک کا دوسرا انقلابی و تجدیدی جزو یہ ہے کہ یہ دونوں طریقے اور نظام بہت ضروری اور بڑی خیر و برکت کا باعث ہیں۔ لیکن یہ تکمیلی اور خصوصی درجہ ہے جس سے خواصِ امت اور عالی ہمت اہلِ طلب ہی اپنی تکمیل و ترقی کر سکتے ہیں، لیکن امت کے لئے یہ عمومی طریق نہیں ہے اور اس راستے سے امت کے مشغول اور عام افراد اور اس کا سواد اعظم ذکر و علم کے منافع و ثمرات اور اس کے مقاصد تھوڑے وقت میں حاصل نہیں کر سکتا، امت کا اصلی اور طبعی طریق حصولِ علم و ذکر وہی ہے جو قرونِ اول میں تھا۔

مولانا نے قرنِ اول کے مسلمانوں کے طریقِ زندگی کا بڑی غائر نظر سے مطالعہ کیا تھا، آخر وقت تک صحابہ کرامؓ کے حالات و سیر اور اخلاق و شمائل کا مذاکرہ اور دور رہا اور ان کے حالات پڑھوا کر سنتے رہے۔ صحابہ کرامؓ کے خصائص و امتیازات اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور جزئیات پر جتنی عمیق نظر تھی اس وقت تک کہیں دیکھنے میں نہیں آئی۔ مولانا کا اصلی درد یہی تھا کہ اسی طرز زندگی اور اسی طریقِ ذکر و تعلّم کو زندہ کیا جائے۔ ذکر کے متعلق مولانا کا فرمانا یہ تھا کہ غفلت تو حرام ہے۔ لیکن ذکر، ذکر لسانی اور ذکر لفظی میں محدود نہیں، زندگی کے مختلف احوال اور اعمال و اشغال کے بارہ میں جو احکام وارد ہوئے ہیں دھیان کرتے ہوئے ان کے مطابق ان اعمال اور اشغال کو انجام دینا ذکر ہے۔ اس طرح پوری معاشرت اور پوری زندگی ذکر میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ پھر اس سلسلہ میں "ایمان و احتساب" کی صفت کو زندہ کرنا اصلی اور اعلیٰ کام ہے۔ مسلمانوں میں اعمال و

عبادات کی اتنی کمی نہیں جتنی ایمان واحتساب کی ہے۔

ذکرِ لسانی ونفلی کو بھی مولانا کے نزدیک دین کی جد وجہد اور حرکت و سعی کے ساتھ ضم کرنے کی خاص ضرورت ہے۔

یہی صحابہ کرامؓ کی زندگی کی ساخت تھی کہ وہ دین کی دعوت وجہاد اور دین کے فروغ کے لئے سعی وعمل کے ساتھ ذکر کو ضم کرتے تھے اور یہی اب بھی ہونا چاہیئے۔

ایک خط میں فرماتے ہیں :۔

"حق تعالیٰ کے قرب اور اس کی کامل رضا کا سہل اور اقویٰ وسیلہ سمجھ کر ذکر میں مشغول ہوتے ہوئے اور سربسجود ہو کر دعاؤں کی کثرت کرتے ہوئے آپ اس کام کو کرتے رہیں، اور اسی طرح کرنے کی سب کو تعلیم دیتے رہیں، ذکر اور دعا کی کثرت اس کا پہیا ہے اور اس کی روح ہے۔"

ایک کارکن کو تحریر فرماتے ہیں :۔

"ذکر سے اپنی خلوتوں کو اور خلوص کے ساتھ اللہ کی نہایت عظمت لیتے ہوئے دعوت الی الحق سے اپنی جلوتوں کو مشغول رکھو، ہاری تھکی طبیعتیں مت رکھو، ہشاش بشاش چلتا پھرتا آدمی اللہ کو نہایت محبوب ہے اور اسی کے مقابل آخرت کی فکر میں ملول بھی اللہ کو پسند ہے حضورؐ کی غالب عادت رنجیدہ رہنے کی تھی۔"

ایک دوسرے خط میں فرماتے ہیں :-

"ہر وقت کے لئے ان کے اپنے وقتوں کی عظمت اور حرمت میں آئی ہوئی تعریفیں اور فضیلتیں معلوم کرکے ان کا اعتقاد کرتے ہوئے کرنا یہی ان کا طریقہ ہے، ہر ایک کی فضیلتیں حدیثوں میں الگ الگ وارد ہیں اور ہر ایک کے الگ الگ برکات اور انوار ہیں۔ ہم جیسے عامی لوگوں کے لئے بس اتنا کافی ہے کہ ہر وقت کی نماز ادا کرنے کے وقت یہ مانگ لے کہ ہر وقت کے جو برکات اور انوار ہیں انکا اللہ تعالیٰ ہمیں حصہ نصیب کرے"۔

علم کے متعلق بھی مولانا کی تحقیق یہ تھی کہ دین کے تعلیم و تعلّم کو کتابوں کے نقوش اور مدارس کے حدود میں محدود کر دینا قرونِ متاخرہ کا طریقہ اور اُمت کے بڑے طبقہ کو اس دولت سے محروم کر دینے کے مرادف ہے۔ اس طرح امت کا بہت مختصر طبقہ دین کے علم سے منتفع ہوگا اور وہ بھی اکثر محض نظری اور ذہنی طور پر، دین کے تعلیم و تعلّم کا فطری اور عمومی طریقہ جس سے لاکھوں افراد بلا کسی ساز و سامان کے تھوڑے وقت میں علم دین، نہیں بلکہ نفسِ دین حاصل کر سکتے ہیں وہ اختلاط و اجتماع، صحبت، سعی و عمل میں رفاقت اور اپنے ماحول سے نکلنا ہے۔ جس طرح زبان و تہذیب اہلِ زبان اور مہذّب و شائستہ لوگوں کی صحبت و اختلاط سے حاصل کی جاتی ہے۔ اور یہی ان کے سیکھنے کا فطری طریقہ ہے، اسی طرح دین کا صحیح علم اہلِ دین کی صحبت و اختلاط، رفاقت و اجتماع سے حاصل ہو سکتا ہے اور یہی اس کے

حصول کا فطری طریق ہے کہ اس کے بہت سے اجزا ایسے ہیں جو قلم کی گرفت سے باہر ہیں، دین ایک جاندار اور متحرک شے ہے، کتابوں کے نقوش جامد ہیں۔ جامد سے متحرک کا حاصل ہونا قانونِ فطرت کے خلاف ہے، دین کا کچھ حصہ جوارح سے تعلق رکھتا ہے وہ جوارح کی حرکت ہی سے حاصل ہوگا۔ کچھ حصہ قلب سے تعلق رکھتا ہے وہ قلب سے قلب میں منتقل ہوسکتا ہے، کچھ حصہ ذہن سے، وہ بیشک کتابوں کے صفحات سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اسی مضمون کو ایک مرتبہ اس طرح بیان فرمایا:۔

"انسان کا ہر عضو ایک خاص وظیفہ کے لئے مخصوص ہے۔ آنکھ سے دیکھنے کا کام لیتے ہیں اور اس کام کے لئے وہ مجبور ہے اس سے سننے کا کام نہیں لیا جاسکتا، اسی طرح بیرونی ماحول کا احساس دل کا کام ہے، دل جس چیز کا احساس کرتا ہو دماغ کا کام اس کی تشکیل کرنا ہے۔ دماغ دل کے ماتحت ہے اور دل میں احساس ماحول سے پیدا ہوتا ہے، دماغ کی تشکیل کا نام علم ہے۔ دماغ اسی وقت صحیح تشکیل کرے گا یعنی علم حاصل کریگا جب دل صحیح احساس رکھتا ہو اور یہہ احساس جامد کتابوں کی صحبت سے نہیں پیدا ہوسکتا۔ یہ تو عمل سے ہوگا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ مدرسے بند کر دیے جائیں، مدرسے تعلیم کی تکمیل کے لئے ہیں لیکن ابتدا کے لئے موزوں نہیں[1]

---

[1] ارشد صاحب کا روزنامچہ وسفرنامہ

یہ علم و تعلیم کے متعلق ایک ایسا علمی مدلل اور محققانہ بیان اور ایک ایسی گہری تقریر ہے جس کو علمی طور پر اہلِ علم کو اپنے بحث و نظر اور تلاش و تحقیق کا موضوع بنانا چاہیئے۔ مولانا کی دعوت کا یہ تعلیمی جز ایسا اہم اور ایک ایسا انقلاب آفریں نظریۂ تعلیم ہے جس پر ہمارے تعلیمی اداروں اور اہلِ علم کو سنجیدگی کے ساتھ غور و فکر کرنا چاہیئے تھا اور اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے تھا لیکن مولانا کی دعوت کے سلسلہ میں سب سے کم اسی جزو کو سمجھنے کی کوشش اور سب سے کم اسی کی طرف توجہ کی گئی۔

علم کی ترقی کے لئے مولانا کے نزدیک دوسری شرط یہ تھی:۔

"یاد رکھو کوئی عالم علم میں ترقی نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ جو کچھ سیکھ چکا ہے دوسروں تک نہ پہنچائے جو اس سے کم علم رکھتے ہیں اور خصوصاً اُن تک جو کفر کی حد تک پہونچے ہوئے ہیں، میرا یہ کہنا حضورؐ کی اس حدیث سے ماخوذ ہے۔ مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ بر دیگراں پاش کہ حق بر تو پاشد، کفر کی حد تک پہونچے ہوؤں تک علم پہونچانا اصل علم کی تکمیل اور ہمارا فریضہ ہے اور جاہل مسلمانوں تک علم پہونچانا مرض کا علاج ہے"[1]

مولانا نے اس نکتہ کو خوب سمجھ لیا تھا کہ جس طرح ہر زمانہ کا ایک خاص فتنہ اور مرض تھا، اس زمانہ کا خاص فتنہ اور مرض اپنی دینی حالت پر قناعت و سکون اور دنیا میں شدتِ انہماک اور مشغولیت ہے۔ جس نے دین کے حصول

---

[1] ارشد صاحب کا روزنامچہ و سفرنامہ

کے لئے زندگی میں فرصت کا کوئی لمحہ نہیں چھوڑا، یہ مشاغل اور تعلقات اس زمانہ کے "اربابٌ مِّن دُونِ اللہ" اور "بتانِ نو" ہیں جو اپنی موجودگی میں کسی اور طرف توجہ کرنے اور اس کے اثرات قبول کرنے کے روادار نہیں، مولانا نے بڑی قوت کے ساتھ اس بات کی دعوت دی کہ دین سیکھنے کے لئے اور دین کے اثرات کو جذب کرنے کے لئے اپنے ماحول سے (عارضی طور پر) نکلنے اور ان بتوں کی گرفتاری سے آزاد ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ مشاغل و تعلقات قلب سے اتنے چسپاں ہو چکے ہیں کہ کلمۂ دین کی حقیقتیں اور اعمال کے اثرات قلب میں داخل ہونے کے لئے کوئی چھوٹے سے چھوٹا دریچہ بھی نہیں پاتے اور اس کی بالائی سطح سے ہی ٹکرا کر رہ جاتے ہیں۔

مولانا کے نزدیک مسلمانوں کے ہر طبقہ کو دین سیکھنے اور اپنی زندگی میں حقیقی دین داری پیدا کرنے کے لئے نیز دین داروں اور علم دین رکھنے والوں کو اپنی سطح سے ترقی کرنے کے لئے اپنے مشاغل سے کچھ وقت نکالنے اور اپنے کو اس وقت کے لئے فارغ کر لینے کی ضرورت ہے۔

مولانا کے نزدیک علم دین حاصل کرنا اور دین سے تعلق پیدا کرنا مسلمانوں کی زندگی کا اہم جزء ہے جس کے بغیر مسلمان کی زندگی اس ساخت کے مخالف ہے جس پر مسلمان کی زندگی بنائی گئی ہے، محض کمانا کھانا اور دین سے جاہل و غافل رہنا حقیقتہً مسلمانوں کی زندگی نہیں۔ اسی طرح مسلمان کی زندگی تبلیغ اور دین کے لئے جد و جہد سے یکسر خالی نہیں ہو سکتی، اس کی زندگی میں لازماً تبلیغ اور دین کے لئے حرکت و سعی اور عملی جد و جہد کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور ہونا چاہیئے

صحابہؓ کرامؓ کی زندگی میں یہ چار چیزیں عموماً جمع رہتی تھیں تعلم۔ ذکر۔ تبلیغ و خدمتِ دین۔ معاش، اب پہلی تین چیزوں کی جگہ بھی چوتھی چیز (معاش) نے لے لی ہے، اور زندگی کی پوری وسعت اس طرح گھیر لی ہے کہ کسی چیز کیلئے قطعاً کوئی گنجائش نہیں رہی ہے۔

مگر اس صورتِ حال کی اصلاح کی شکل یہ نہیں ہے کہ ان کو ان چھوٹے ہوئے کاموں کے لئے اپنے تمام مشاغل ترک کر دینے اور اپنے کو ہمہ تن وقف کر دینے کی دعوت دی جائے، بلکہ صحیح طریق کار یہ ہے کہ صحابہؓ کرامؓ ہی کے طرز زندگی کے دوبارہ زندہ کرنے کی کوشش کیجائے کہ وہی سب سے سہل اور سب سے اعلیٰ اور معیاری درجہ ہے۔ ان کو اپنے مشاغل کلیتہً ترک کر دینے پر مجبور نہ کر دیا جائے بلکہ ان مشاغل میں سے دین کے لئے وقت نکالنے کی ترغیب دی جائے اور اس وقت کو زیادہ سے زیادہ کارآمد بنایا جائے اور اس سے حتی الامکان ان نتائج کے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے جو دینی تعلیم کا مقصود ہیں۔

اس کی صورت یہ ہے کہ یہ وقت اہلِ طلب اور اہلِ دین کے ساتھ گزارا جائے کچھ سیکھا جائے کچھ سکھایا جائے۔ دین کو اس دینی ماحول میں آنکھوں کانوں اور اپنے حس و ادراک کی دوسری طاقتوں کے ذریعہ سے پورے طور پر اخذ کیا جائے۔ دین کا اور اہلِ دین کا اس طرح مطالعہ کیا جائے جس طرح کسی اجنبی ملک کی ہر چیز کا غور سے مطالعہ کیا جاتا ہے اور اس کے اثرات کو اپنے میں اس طرح جذب کیا جائے جس طرح ہوا اور پانی کے ذریعہ کسی زمین کے

اثرات قبول کیے جاتے ہیں۔ وہاں دین کے کسی ایک جز کا مطالعہ نہ ہو، بلکہ اس کے پورے اجزا کا مطالعہ ہو، صرف عبادات و فرائض ہی کے احکام و آداب نہ سیکھے جائیں بلکہ معاشرت، تہذیب و اخلاق، معاملہ و گفتگو، سلوک و حسن خدمت اور رفاقت و صحبت کا شرعی طریق اور اس کے آداب و ضوابط اور سونے کھانے، اٹھنے بیٹھنے کے آداب و مسائل سیکھے جائیں، سیکھے بھی جائیں اور ان کو برتا بھی جائے۔ اسی کے ساتھ دین کے جذبات اور امنگیں اور دین کی روح بھی پیدا کی جائے۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ اہل دین اور اہلِ علم اور کم سے کم اہل طلب کی رفاقت ہو جو سب اس مقصد کے لئے جمع ہوئے ہوں، سابق ماحول کے اثرات و خیالات سے حتی الامکان دور اور آزاد ہوں اور اتنا وقت گزرے کہ بہت سے وہ منازل و مراحل پیش آجائیں جو انسانی زندگی کے ضروری منازل ہیں اور ان سے متعلق شرعی احکام و آداب بر وقت و برموقع معلوم ہوں۔

دوسری ضرورت یہ ہے کہ اس وقت میں فضائل و مسائل کا مذاکرہ ہو، فضائل دینی زندگی کی روح اور اس کی قوت محرکہ ہیں، مسائل ان کے ضوابط و احکام ہیں، اور دونوں ضروری ہیں، لیکن دونوں میں وہی فرق ہے جو روح اور جسم میں۔

اسی طرح صحابہ کرامؓ کے ان حالات و واقعات کا بھی مذاکرہ رہے جن سے دین کے جذبات اور ولولے پیدا ہوں، اور ان کی اقتدا کا شوق ہو۔

مولانا نے تبلیغی سفر میں ان تمام خصوصیات کو جمع کر دیا! ان کی آرزو تھی کہ دین کے تعلیم و تعلم کا یہ عام راستہ جس سے مدارس کے شاہانہ مصارف اور وسیع انتظامات کے بغیر، امت کے ہزاروں لاکھوں مشغول افراد، دین کی ضروری تعلیم اور دینی تعلیم و تربیت کے اعلےٰ نتائج (جن کا اب مدارس میں بھی حصول مشتبہ ہو گیا ہے) حاصل کر سکتے ہیں، عام طور پر کھل جائے اور اس کا رواج پڑ جائے۔ ایک گرامی نامہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"وہ طرزِ زندگی اگر رائج ہو جائے اور جانیں جا کر بھی اگر یہ راستہ کھل جائے تو امتِ محمدی کے نہایت مشغول رہنے والے اور اپنے مشاغل سے فارغ نہ ہو سکنے والے افراد کو رشد و ہدایت سے پورا پورا حصہ ملنے کا مُردہ طریق زندہ اور پائیدار ہو جائے گا۔"

دوسرے گرامی نامہ میں فرماتے ہیں:۔

"جس طرح مدارس میں تعلیم اور دین سیکھنے کے لئے مستقل عمریں اس کے لئے خرچ کی جاتی ہیں۔ اسی طرح بڑے استقلال سے اس طرز سے دین محمدی کی تعلیم کے لئے وقتوں کے فارغ کرنے کی اپنے سے ابتدا کریں اور دوسروں کو دعوت دیں۔ اس کے لئے حوصلوں کو بلند کرنے کی بڑی سخت ضرورت ہے۔"

حقیقت یہ ہے کہ اس مشغول زمانہ کے لئے جو غالباً پوری انسانی تاریخ

میں اپنے انہماک اور شدتِ مشغولیت کے اعتبار سے ممتاز ہے۔ دین کے سیکھنے کے لیے اس سے زیادہ عام اور قابلِ عمل طریقہ نظر نہیں آتا کہ پابندی سے یا وقتاً فوقتاً اپنے مشاغل سے وقت نکال کر اور اپنے کو کچھ وقت کے لیے فارغ کر کے ایسے اجتماعات و ماحول میں یا ایسے تبلیغی قافلوں کے ساتھ رہا جائے جو اصول کے مطابق تعلیم و تعلم ذکر اور تبلیغ میں مشغول ہوں۔

ایسے سفر میں جو دینی برکات، علمی فوائد، اخلاقی تربیت، اصلاحِ نفس اور قلب و دماغ پر جو اچھے اثرات ہوتے ہیں، ان کو تحریر میں لانا مشکل ہے۔ کیفیات و جذبات تو قطعاً تحریر میں نہیں آسکتے۔ ایثار، رفقار کی خدمت، ادارِ حقوق، حسنِ معاشرت، امارت اور دوسری خدمات کے فرائض کی ادائیگی، ذمہ داری کا احساس، مستعدی اور حاضر دماغی مختلف طبیعتوں اور مزاجوں کے ساتھ گزر، یہ سب اسلامی زندگی کے وہ شعبے ہیں جنکے احکام ہم صرف قرآن و حدیث اور فقہ کی کتابوں میں اور ان کے واقعات صرف سیرت اور تاریخ کے اوراق میں پڑھتے ہیں، لیکن مدتوں سے ہماری شہری زندگی کی ساخت ایسی بن گئی ہے کہ ان میں سے بعض بعض چیزوں کی عمر بھر نوبت نہیں آتی، ہمیں ان کا کوئی عملی تجربہ نہیں اور بعض اوقات جب ان کا کوئی موقع آجاتا ہے تو ہم ان کے بارہ میں ناکام رہتے ہیں، بسا اوقات ایک تبلیغی سفر میں ان میں سے اکثر یا سب چیزوں کی نوبت آجاتی ہے اور ان کی عملی تعلیم ہو جاتی ہے۔

پھر دین کو عملی طور پر برتنے، مختلف لوگوں کے ساتھ معاملہ کرنے

خوش سلیقہ دین داروں اور اہلِ علم کے ساتھ رہنے اور سیرتِ نبوی اور صحابہؓ کے حالات کا مطالعہ کرنے سے دین کی حکمت اور سلیقہ کے ساتھ عام عقل اور سلیقہ بھی پیدا ہوتا ہے اور آدمی کا فہم اور ذکاوتِ حس بھی ترقی کرتی ہے۔ بعض دوستوں کو اپنے رفقا میں اس ترقی کا احساس ہوا ہے اور انھوں نے خطوط میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

جن اصحاب کو کسی ایسے سفر میں شرکت کا کبھی موقع نہیں ملا، ان کے لئے اس کے اثرات کا پورا اندازہ کرنا بہت مشکل ہے۔ ایک سرسری اور معمولی سے اندازہ کے لئے ایک معمول سے تبلیغی سفر کی مختصر سی روداد پیش کی جاتی ہے، جو ایک گریجویٹ دوست کے خط سے ماخوذ ہے۔ اشخاص کے نام قصداً حذف کر دئے گئے ہیں:۔

"۴ نومبر ہفتہ کے روز ۳ بجے دوپہر جماعت کھڑک پور روانہ ہوئی، امیر جماعت...... صاحب منتخب ہوئے جماعت ۲۲ افراد پر مشتمل تھی، جس میں سوائے ایک جماعت کے باقی تمام علاقہ دار جماعتوں کے نمائندے شامل تھے، اس جماعت میں ۱۰ افراد تو ایسے تھے جو پہلے (ایک تبلیغی) سفر اختیار کر چکے تھے اور باقی ۱۲۔ اصحاب کا یہ پہلا تجربہ تھا۔

کھڑک پور کلکتہ سے ۷۰ میل دور ہے۔ تھرڈ کلاس اور وہ بھی بمبئی میل کی تھرڈ کلاس میں تمام جماعت کا اور جنگ کے زمانہ میں، نہ صرف سما جانا بلکہ نہایت اطمینان سے سب کو جگہ کا

مل جانا، اس کام کی خاص برکات سے ہے۔

مغرب سے کچھ قبل کھڑک پور پہونچے۔ پلیٹ فارم پر نماز مغرب باجماعت ادا کی گئی۔ نماز کے بعد جماعت شہر کی طرف روانہ ہوئی شہر میں داخل ہونے سے قبل حسب دستور دعا مانگی گئی، جامع مسجد میں قیام کی اجازت مسجد کے انتظامی انجمن کے صدر صاحب سے حاصل کی جا چکی تھی، کھانے کا بند وبست..... کے سپرد تھا، تمام جماعت نے اکٹھا کھانا کھایا، نماز عشا کے بعد ۱۰ا ۱۵ منٹ تک مختصر الفاظ میں جماعت کا مقصد بیان ہوا اور حاضرین سے گشت میں شمولیت کی استدعا کی گئی، سونے سے پہلے تمام جماعت نے "حکایات صحابہؓ" میں سے چند صفحے سُنے۔

تہجد کی نماز میں اکثر افراد شامل ہوئے، وظائف اور اشراق سے فارغ ہوکر جماعت نے مل کر ناشتہ کھایا۔ ناشتہ کے بعد ½۱۲ بجے تک مسلسل تعلیم کا سلسلہ رہا۔ اول میں نے "الفرقان" سے مولانا منظور احمد نعمانی کا وہ مضمون جو جمادین میں چھپا تھا پڑھ کر سُنایا، یہ مضمون تحریک کے تعارف اور جماعت کے لئے ضروری ہدایات کا کافی مسالہ رکھتا تھا[1]

پھر "حکایاتِ صحابہؓ" سے کچھ پڑھکر سُنایا گیا۔ اسکے بعد ہمارے ساتھ

---

[1] یہ مضمون نظر ثانی اور کافی اضافہ و ترمیم کے بعد مستقل رسالہ کی شکل میں شائع ہوچکا ہے۔ اس کا نام ہے "نصرتِ دین و اصلاحِ مسلمین کی ایک کوشش"

.... کے ایک قاری صاحب تھے انھوں نے ہر ایک سے سورۂ فاتحہ سنی اور تصحیح فرمائی۔ پھر فقہ کی کتاب سے وضو کے فرائض، سنن اور مستحبات یاد کرائے گئے اور سمجھائے گئے اس کے بعد باری باری چند افراد سے جماعت کے چھ نمبر (اصول) سنے گئے اور ضروری تشریح کی گئی، بعد ازاں میں نے اور امیر صاحب نے اپنے سفر دہلی اور میوات کے حالات بیان کئے، اس تمام پروگرام میں تقریباً ۲/۱ ۲ گھنٹے صرف ہوئے۔ پروگرام کے ختم ہوتے ہی کھانے کا وقت ہو گیا تھا۔

کھانے کے بعد نماز ظہر پڑھ کر مسجد میں اچھا خاصہ اجتماع ہو گیا تھا۔ ان کے سامنے ایک مختصر تقریر میں میں نے گشت کے اصولوں کی تشریح کی اور جماعت گشت کے لئے روانہ ہوئی۔ تولیت کلام[1] میرے، امیر صاحب اور ...... صاحب کے سپرد ہوئی جماعت کے علاوہ مقامی اصحاب کی کافی تعداد تھی، ہر جگہ تبلیغ الحمد للہ توقع سے بڑھ کر کامیاب ہوئی تمام مسلمانوں نے نہایت اطمینان سے ہماری گزارشات سنیں گشت کرتے ہوئے ایک دوسرے محلہ میں پہونچ گئے عصر کی نماز وہاں کی مسجد میں پڑھی، نماز کے بعد مختصر تقریر میں انھیں میوات کے انقلاب سے خبردار کیا گیا اور وہاں کے امام صاحب

[1] جماعت میں سے تبلیغی گفتگو کرنے والا ایک یا متعدد معین اشخاص ہوتے ہیں جن کو امیر جماعت مقرر کرتا ہے ان کو "متولی کلام" کہا جاتا ہے۔

کے تعاون سے جماعت تشکیل پذیر ہوئی، اس جماعت کو تبلیغ کا نمونہ دکھاتے ہوئے مغرب کی نماز کے وقت تک جامع مسجد میں پہونچ گئے، مغرب کی نماز میں حاضرین کی کثیر تعداد تھی، خصوصاً ان بھائیوں کو دیکھ کر بہت مسرت ہوئی تھی جن سے گشت کے دوران میں درخواست کی گئی تھی، وہ نہا دھو کر اُجلے کپڑے پہنے اپنی نئی زندگی شروع کرنے والے تھے۔ اللہ تعالیٰ انھیں استقامت بخشے، آمین! نماز کے بعد امیر صاحب نے مجھے تقریر کرنے کو کہا، میں نہیں سمجھ سکا کہ خدا نے مجھ سے کیا کیا کہلوایا لیکن اس کے فضل سے توقع سے بڑھ کر اثر ہوا اور خوب جوش پھیلا اور تقریر کے بعد بغیر کسی مزید تحریک کے ۲۵، اصحاب نے اپنے نام تبلیغی جماعت کے لئے پیش کئے انجمن کے صدر صاحب نے بھی اپنا نام پیش کیا اور امیر جماعت منتخب ہوئے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

چونکہ .... آج کل یہیں مقیم ہیں۔ انھیں جماعت کو کام پر لگانے اور اصولوں کے مطابق کام کی نگرانی کے لئے مقرر کیا گیا۔ اجتماع کے بعد دیر تک ملاقاتیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ خداوند کریم ان کے ولولے کو برقرار رکھے اور انکے ارادہ میں استقامت اور برکت دے آمین!

کھانے سے فارغ ہو کر جماعت اپنا اپنا سامان اٹھا کر اسٹیشن پر آئی اور وہیں پڑ کر سو رہے۔ ۲½ بجے گاڑی آئی، الحمدللہ اس تنگی کے زمانہ میں بھی ایک ایسا ڈبہ مل گیا جہاں تمام جماعت نہایت اطمینان سے سما گئی اور ۴۔۵ کم عمر افراد کے تو سونے کی بھی جگہ نکل آئی، فجر کی نماز ریل میں سب نے ادا کی اور خداوند کریم نے اس کیلئے تمام سہولتیں مہیا کر دیں۔ پونے آٹھ بجے صبح پیر کے روز واپس پہونچے۔ پلیٹ فارم پر دعا کرنے کے بعد ایک دوسرے سے معانقہ کے بعد جماعت کے افراد اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔

اس سفر کے خاص تاثرات:۔

(۱)..... صاحب نے امارت کے فرائض اس خوبی سے سرانجام دیئے کہ دل باغ باغ ہو گیا، میں اب تک جتنی جماعتوں میں شامل ہو چکا ہوں ان سے بڑھ کر کسی امیر جماعت کو مستعد نہیں پایا۔ ریل کے سفر میں ہر فرد کے آرام کا خیال کرنا باوجود بزرگی کے اپنے سامان کے علاوہ ہر فرد سے اس کا سامان چھیننا، کھانا کھاتے وقت گلاس بھر بھر کر پانی پلانا اور جبتک سب اطمینان سے بیٹھ نہ جائیں، کھانے پر نہ بیٹھنا۔ ریل میں نماز کے وقت اپنے ہاتھ سے سب کو وضو کرانا، وضو کرتے وقت انگلیوں کے خلال اور دیگر سنن اور مستحبات کیطرف توجہ دلانا ہونیوالی

کی حفاظت کا خیال کرنا، ذکر کی کثرت کی تلقین کرتے رہنا غرض کیا کیا شمار کروں، خدمت کا ایسا معیار ..... صاحب نے پیش کیا کہ اس معیار پر کسی اور (ہم میں سے) کا پورا اترنا بہت مشکل معلوم ہوتا ہے' اور اس سفر کا سب سے بڑا تاثر دنیوی اور مالی اور عمر کی حیثیت سے ہم میں سے سب سے بڑے فرد کا اس طرح اپنے آپکو سب کا خادم ثابت کرنے کی سعی کرنا تھا۔ اللہ تعالیٰ اس جذبۂ خدمت کی وجہ سے ان پر اپنی خاص رحمتیں نازل فرمائے۔

(۲) امیر صاحب کے بعد ...... صاحب نے اپنی شخصیت سے ہم کو متاثر کیا، ہر وقت کے کھانے چائے ٹکٹ وغیرہ کا سب انتظام آپ نے نہایت بہترین طریق پر کیا۔ سب اخراجات اپنی طرف سے کئے اور سفر کے بعد ہر ایک صاحب کو اس کا مفصل بل ٹرام کا بھاڑا، ریل کا ٹکٹ، چائے کھانے وغیرہ کا خرچ، اس کے حساب کے مطابق پیش کیا اور رقم وصول فرمائی وہ جیتی، طاقت اور انتظامی امور کی اہلیت کی جیتی جاگتی تصویر ہیں اللہ تعالیٰ ان کے جذبہ میں مزید ترقی فرمائے۔

(۳) جو اصحاب پہلے سے کسی سفر میں شامل نہیں ہوئے تھے بیک زبان کہہ رہے ہیں یہ اوقات ان کی زندگی کے بہترین اوقات تھے اور ایسی صحبت اور ایسی خوشی انھیں اپنی عمر میں کبھی نصیب نہیں ہوئی "

اس تعلیم و تعلّم کے خاکہ میں ترقی کی بڑی گنجائش ہے، مولانا اس کو اتنا مکمل اور جامع دیکھنا چاہتے تھے کہ ہر دینی و علمی سطح کے لوگوں کو اپنی تقویت و ترقی کا پورا موقع مل سکے، ان کے ذہن میں اہلِ علم کے لیے الگ خاکہ تھا، جو ان کے مناسب حال اور ان کی علمی سطح کے مطابق ہو، ایک گرامی نامہ میں فرماتے ہیں۔

> اہلِ علم کے لیے عربیت، صحابہؓ کے کلام، اعتصام بالکتاب والسنت اور نشرِ دین کی تحریص کے مضامین جمع کرنے کی خصوصی اور بہت اہتمام سے غور کی ضرورت ہے، علمی طبقہ کے لیے اس کے تیار ہونے کی بہت شدید ضرورت ہے۔ اس کے بغیر اس تحریک میں لگنے میں علمی ٹھیس اور ناقابلِ انجبار شکستگی اور کسر کا قوی خطرہ ہے اور اسی کی خوبی اور کمی پر علمی طبقہ نہوض اور قعود پر مبنی ہے، اس لائن میں بندۂ ناچیز کے دماغ میں کچھ ایسے ایسے خیالات ہیں کہ قبل از وقت ہونے کی بنا پر زبان سے نکالنے کو جی نہیں چاہتا۔"

حقیقت میں اس پورے نظامِ دعوت و تعلّم میں بڑی ترقی و تنظیم کی گنجائش ہے اور اس میں زمانہ کے ساتھ چلنے اور مخالفِ دین تحریکات اور دعوتوں کا مقابلہ کرنے اور عوام کے لیے ان کا بدل بننے کی بہترین صلاحیت ہے۔ اہلِ نظر جانتے ہیں کہ اس وقت کی لادینی تحریکات کی سب سے بڑی قوت یہ ہے کہ وہ عوام سے براہ راست رابطہ پیدا کرتی ہیں انکی اپنے اصول پر

تربیت کرتی ہیں۔ ان کے داعی عملی لوگ ہیں۔ سرگرم و متحرک ہیں۔ ایثار و قربانی
کی روح رکھتے ہیں، اپنے مقاصد کی خاطر ہر قسم کی مشقتیں برداشت کرتے ہیں۔
ان کے پاس عوام کو مشغول رکھنے کے لئے کام ہے۔ یہ تمام پہلو اس وقت
کی مضطرب و بے چین طبیعتوں کے لئے مقناطیس کی سی کشش رکھتے ہیں۔
ان لادینی تحریکات کا مقابلہ کرنے کے لئے نہ محض نظری فلسفے موزوں ہیں،
نہ کاغذی خاکے، نہ محض دلائل و براہین، اور نہ محض وہ دعوتیں جو خواص
کے دائرہ میں محدود ہیں اور عوام کو خطاب کرنے اور ان کو کام میں لگانے کیلئے
ان کے پاس کچھ نہیں، یہ لادینی (یا کم سے کم خالص مادی) تحریکیں تمام دنیا میں
آگ کی طرح پھیل رہی ہیں اور ان کی سرنگیں تمام دنیا میں بچھی ہوئی ہیں، ان
تحریکات کا مقابلہ صرف وہ دینی تحریک کر سکتی ہے جو عوام سے ربط و تعلق
پیدا کرنا ضروری سمجھتی ہو، اس کے کارکن کسی طبقہ کو نظرانداز نہ کریں، وہ غریب کا
کوئی جھونپڑا، کسان کا کوئی کھلیان نہ چھوڑیں، کارگاہوں میں جائیں، جھگیوں
اور چوپالوں میں بھی اپنا خطاب کریں۔ ان میں سرگرمی و حرکت، جفاکشی اور
سخت جانی، کسی لادینی دعوت و تحریک کے پرجوش کارکنوں سے کم نہ ہو اور
خیرخواہی و دلجوئی اور سوز و دردمندی ان سے کہیں زائد ہو، اس لئے کہ وہ
صرف ان کی معاشی حالت بلند کرنا چاہتے ہیں اور ان کو صرف ان کی ظاہری
پست حالی کا درد ہے لیکن اس دینی دعوت کے کارکنوں کا کام اس سے
کہیں زیادہ بلند اور وسیع ہے، ان کو ان کی اس خدا فراموش بہیمانہ زندگی
کا درد ہے جس میں اللہ کی یہ مخلوق پڑی ہوئی ہے، ان کو ان کی دینی، اخلاقی

روحانی اور ذہنی سطح بلند کرنی ہے، ان میں انسانیت اسلامی شائستگی، اور علم کا شوق پیدا کرنا ہے۔ وہ بالکل بے غرض قسم کے انسان ہوں جو اپنا بار خود اٹھائیں اور کسی پر بار نہ ہوں ان کے پاس تہذیب و شائستگی، اخلاق اور تعلیم کے مقاصد و نتائج پیدا کرنے کے لئے زیادہ سہل اور قابلِ عمل طریقے ہوں، جو بغیر کسی صرف کے زیادہ بہتر نتائج و اثرات پیدا کر سکیں۔ پھر وہ ان کو وہ کام سپرد کریں جوان کو مشغول کرے اور کبھی ختم ہونے والا نہ ہو، یعنی دوسروں میں اسی کی کوشش کرنا جو دوسروں نے ان میں کی، ان کے پاس ایسا کام اور نظام ہو جو امت کے مختلف طبقات میں ربط و تعاون پیدا کرے مقصد کا اشتراک۔ ایک جگہ کا اجتماع، سفروں کی رفاقت، باہمی خدمت و اعانت، ایک دوسرے کے لئے ایثار، ان میں الفت و محبت پیدا کرے۔ کوئی ایسا راستہ ہو جس میں نوجوان اپنی قوتِ عمل صرف کر سکیں کہ یہ ان کے لئے فطری طور پر ضروری ہے۔ اگر ان کو صحیح کام نہ ملا تو وہ غلط راستہ پر پڑ جائیں گے۔

مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ نے جو چیز پیش کی ہے اس میں یہ تمام خصوصیات موجود ہیں اور اس کے خاکہ میں اس سے زیادہ گنجائش ہے۔ وہ کوئی وحی و تنزیل نہیں ہے۔ قرآن و حدیث کے فہم، سیرت اور صحابۂ کرامؓ کے حالات و واقعات کے علم۔ اصولِ دین سے گہری واقفیت اور خداداد بصیرت و حکمتِ دین کے ماتحت انھوں نے اس زمانہ میں کام کا ایک طرز پیش کیا اور قرآن و حدیث کے گہرے مطالعہ اور اپنے طویل تجربہ کی بنا پر اس کے کچھ اصول و ضوابط مقرر کئے جو سب قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں اور

تجربہ کے بعد معلوم ہوا ہے کہ صدہا مصلحتوں پر مبنی ہیں، اب ضرورت صرف اس کی ہے کہ اللہ نے جن لوگوں کو علم دین، خلوص، اور عقل وفہم کی دولت بخشی ہے اور اس زمانہ سے بھی بےخبر نہیں ہیں وہ اس کی طرف توجہ فرمائیں اور اپنے جوشِ عمل۔ قوتِ تنظیم، سلیقہ خداداد اصول کی پابندی اور اللہ سے ربط و تعلق کے ذریعہ اس کو ترقی دیں۔

خطرات سامنے ہیں، لادینی تحریکات جس سرعت و قوت کے ساتھ پھیل رہی ہیں اور جو وسعت و عمومیت اختیار کر رہی ہیں اور مذہب و اہلِ مذہب کے لئے ان کی طرف سے جو خطرہ ہے وہ اب کسی کے لئے راز نہیں، اگرچہ ہمارے دینی و علمی حلقوں میں ابھی اس خطرہ کا پورا احساس نہیں اور عمومی دعوت، عمومی تعلیم و تربیت اور عمومی حرکت و جد و جہد کی طرف پوری توجہ نہیں۔

جو راز میکدہ میں ہے اک اک زبان پر
افسوس مدرسہ میں ہے بالکل نہاں ہنوز

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ط
أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ وَأُولَٰئِكَ
هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝

ادارۂ اشاعتِ دینیات (پرائیویٹ) لمیٹڈ

۱۶۸/۲۔ جھابا ہاؤس حضرت نظام الدینؒ نئی دہلی ۱۱۰۰۱۳ (انڈیا)

(تاریخ کتابت عکسی ۱۲ اپریل ۱۹۸۰ء) (کتبہ ایس۔ آصف علی دہلوی ۶۸۰)